اَحد ع ایک و یکتا و کاذن اوسکو نام خدا تعالے کا جو ہے

الف با خاے

اُخوند فا استاد و معلم تعلیم دینے والا علم پڑھانیوالا۔
اُخدود ع گڑھا کھائی زمین و کوہ جو دراز ہون

الف با رے

آرد فا آٹا گندم وغیرہ کا جسکے روٹیان پکاتے ہین۔
آراد فا پچیسوین تاریخ ہر مہینہ شمسی کی۔
اُرمزد فا نام ستارہ مشتری روز اول ہر ماہ شمسی کا
آرد فا قہر و خشم و غضب و اشتعال طبیعت کا۔
اُرد فا مانند و نظیر و مثل چنانچہ ارد شیر یعنی مانند شیر
اِرد فا پچیسوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی
اَرونَد فا نام کوہ جسکو الوند بھی کہتے ہین یہ بڑا پہاڑ ہے
اِرتداد ع ردہونا دین سے پھر جانا مرتد ہونا۔

اَزمدہ صاحب مدد جسکے آنکھین دکھتی ہون آشوب چشم
اَرشد مرد سیدھے راستہ پر چلنے والا ارشاد دینے والا
اِرتیاد مرد ڈھونڈنا اور طلب کرنا جستجو کرنا۔
اِرشاد مرد حکم دینا ہدایت کرنا خدا کے راہ پر لیجانا۔
اَرچند ف ہر چند اس لفظ مین ہ الف کے تبدیل ہے

الف با رای

آزاد ف جو شخص کسیکا غلام نہو اور نام و ننگ جسکو عار کہتے ہین اور جو جان مین ہوتا ہے اوسکے پیچ زر سونے ہین مجرد و بے عیب و کامل اور سرو کو آزاد اس لئے کہتے ہین کہ اسکے برگ خزان مین بھی محفوظ رہے۔
آزرودہ بہت کھانا پیٹ بھر کر کھانا زیادہ ہونا کھانے سے
اِزدیاد مرد زیادہ ہونا بڑھ جانا پہلے حالت سے ترقی کرنا
اِزدراد مرد کہا جانا گلے سے اوتار لینا نگلنا لقمہ کو

الف با سین

اِسپہبد ف سالار فوج و لشکر کا افسر پہلوان سرگروہ
اِستبداد مرد ضد کرنا ماخوذ لفظ بد سے اور رد کے معنے ضد کے ہین
اُستاد ف تعلیم دینے والا علم پڑھانیوالا ہنر سکھلانیوالا
اِستعداد مرد آمادگی و قابلیت جو کسیکو حاصل ہو
اِستطراد مرد اجرای کار و روانگی اور چلاؤ ہر چیز کا
اِستعاد مرد دوری چاہنا الگ ہونیکی درخواست کرنا
اِستشہاد مرد گواہی چاہنا کسی گواہ سے جو اوسکے حالات سے واقف ہو
اِستمداد مرد مدد مانگنا یاری چاہنا شکایت کے چاہنا
اِستسعاد مرد نیک بختی مانگنا سعادت چاہنا نیک طلب کرنا
اِستعباد مرد بندگی کرنا عبادت کرنا بندہ بننا۔
اِستیلاد مرد ولادت چاہنا اولاد مانگنا نسل چاہنا

الف با سین

اِسعاد مرد یاری دینا کسب و سعادت دینا خوبی
اُسود مرد جمع اسد بہت سے شیر جو مشہور جانور ہے
اَسود مرد ہر چیز سیاہ رنگ و سیاہ اور کالے رات
اِسناد مرد وہ چیز جسپر تکیہ و حصر ہو یعنے جائے پناہ
اَسناد جمع سند یعنے بہت سے سند ین۔
اَسد مرد شیر درندہ جو مشہور جانور ہے۔
اِسترداد مرد واپس لینا کسے چیز کا جو دی ہوئے ہو۔

الف با شین

اِستہاد مرد گواہی دینا جو حال معلوم ہو بیان کرنا۔
اَشد مرد سخت مضبوط نہایت مستحکم چیز۔
اِشتداد مرد سختی و سخت گیری و سخت مزاجی و سدت
اِشک داؤد ف ایک مہرہ کا نام ہے جو سرخ و صاف ہوتا ہے
اَشتاد مرد سخت او چھیسو بن تارے شمسے ہین

الف با صاد

اَصفاد مرد بہت سے زنجرین اور قید اور بخشیش
اِصطیاد مرد شکار کرنا شکار کھیلنا۔
اَضداد مرد جمع ضد کے یعنے بہت سے ضدین۔

الف با طاء

اِطراد مرد سیدھا ہونا ایک دو چیز کے پیچھے ہونا ایک دوسری چیز کا پیروی کرنا
اِطراد مرد چلانا روان کرنا جاری کرنا کام کا۔

الف با عین

اِعتداد مرد اعتبار و شمار مین لانا حساب مین لانا۔
اِعداد مرد آمادہ کرنا مستعد کرنا تیار کرنا۔
اَعداد جمع عدد یعنے حساب و شمار۔
اِعتضاد مرد یاری کرنا قوت دینا مدد کرنا۔
اِعتماد مرد اعتبار کرنا تکیہ کرنا بھروسا کرنا کسے پر

اِعتقاد ع سخت پکڑنا محکم پکڑنا کسے بات کو دل میں۔
اِعتیاد ع عود کرنا پھر آنا بازگشت کرنا۔

الف با غین

اَغاید ع جمع اغید معشوقان نازک بدن وغیرہ بصورت

الف با فا

اِفتقاد ع گم کرنا نابود کرنا مہربانے کرنا مہربان ہونا
اَفتاد ف اتفاق کسی بات کا جو پڑ جائے۔
اَفراد ع فرد کے جمع ہے یعنے ایک ایک الگ الگ
اِفساد ع فساد کرنا فتنہ برپا کرنا شور و غوغا کرنا۔
اَفساد ع بربادیاں ہنسے فتنے و فساد و شور۔

الف با قاف

اِقلید ع معرب کلید یعنی تالی جس سے قفل کھولیں
اِقتصاد ع میانہ روی میانہ چال اعتدال ہر ایک بات میں

الف با کاف

اَکراد ع نام قوم صحرانشین جو کرد کہلاتے ہے اور کردستان انکا ملک ہے۔
اَکید ع محکم و استوار و مضبوط و مستقل

الف با لام

اَلوند ف نام کوہ جسکو اروند بھی کہتے ہیں
اَلد ع سخت خصومت کرنیوالا نہایت عداوت کرنیوالا

الف با میم

اِمداد ع مدد کرنا یاری دینا حمایت کرنا مشکل کے وقت میں
اِمتداد ع دراز ملی و درازائی جو کسے چیز میں ہو۔
اَمجد ع بزرگتر یعنے بڑا بزرگ صاحب عزت۔
اَمجاد ع بزرگان یعنی بڑی بزرگ صاحب اقتدار
اَماجد ع بزرگان جوہر تنہ میں بزرگ ہوں
اَمرد ع بے ریش امارد جمع اسکی ہے وہ لوگ جو ڈاڑھی کتنی ہوں

اُمید و اُمید مشہور لفظ ہے کسی طمع رکھنا۔
اُمّ ولد ع کنیز جسنے اپنے مالک سے لڑکا جنا ہو اور مالک کے وفات کے بعد وہ آزاد متصور ہو۔

الف با نون

اِنقیاد ع فرمانبرداری فروتنی و خاکساری عجز
اَنقیاد ع تصدیق لینا اور گواہی کو دانے سے جدا کرنا غلہ صاف کرنا
اِنعقاد ع باندھا جانا اور جمع ہونا یکجا ہونا فراہم ہونا۔
اِنشاد ع شعر پڑھنا شعر خوانی کرنا۔
اِنسداد ع بند ہونا رستہ کا جو پہلے جاری تھا دیوار بننا
اِنفراد ع تنہا ہونا فرد فرد ہونا اکیلے ہونا۔
انبان باد ف آہنگروں کے کہالیں جس سے آگ روشن کرتے ہیں

الف با واو

اَوتاد ع میخیں جمع وتد اور اولیا جو تمام جہان میں چار رہتے ہیں اور مدار زمانہ کا اونپر ہے
اَوراد ع وظیفے جو ہر روز پڑھے جائیں اور وہ ذکر جو ہر روز کیا جائے۔
اَولاد ع بیٹے بیٹیاں پوتے پوتا دہوتے دہوتا دکے جمع ہے
اُولاد ع نام دیو جو مازندران میں رہتا تھا۔
اَورمزد ف ستارہ مشتری جو قاضی فلک ہے اور حکومت اوسکے متعلق ہے۔
اَورند ف سخت و فروشکوہ و مکر و حیلہ و دغا و فریب
اَوحد ع یگانہ ایک جسکے ساتھہ کا کوئی نہو۔
آوند ف برتن پانی پینے کا اور ہر ایک برتن۔
آوره ف لایا ضد برد کے و جنگ پیکار و فساد و فتنہ۔

الف با یا

اِیجاد ع وجود میں لانا پیدا کرنا موجود کرنا کسے چیز کو۔
اِیثار ع نیچے لانا دار و کرنا اوتارنا کسے چیز کو۔

اَیزد ف نام حقتعالیٰ جلشانہ کا ہے۔
اَیلاد ع زائیدن سے جننا عورت کا بچہ کو۔
اَیزیاد ع زیادہ ہونا مگر خلاف قیاس ہے۔

دوسری فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کی اول حرف با اور اخیر مین دال ہے

بابا الف

باد ف ہوا و کلام سخن و مدح و آہ و نالہ و تحوت غرور و کلید عالم و نام فرشتہ نام بیمار کہ صدمہ ضرب۔
بآرد ع سرد کرنیوالا ناخوش پیزہ و مردہ بے شہوت۔
باد آور ف نام خزانہ خسرو پرویز نام درخت خارا ف نام سرو
بامداد ف صبح کا وقت طلوع آفتاب سے پہلے۔
باد جود ف تسبیر ہے فلان شخص کے ہوتے ہوئے۔
بار بُد ف نام مطرب جو مغربان خسرو پرویز سے تھا اور گانے مین اوستاد تھا۔
باسعود ع کنیت خواجہ ابوالحسن حرقانی جو ایک مقبول شیخ تھے
بارہ بند ف ایک زیور کا نام ہے جو بازو پر باندھتے ہین
باغ مراد ف شہر ہرات مین ایک باغ کا نام ہے جسکو شاہ مراد نے بنایا تھا۔

بابا خاے

بخرد ف دانا و ہوشیار صاحب عقل و ہوش و لیقی۔
بخت سفید ف طالعمند جسکے منجب ہم ہون۔
بخت بلند ف صاحب طالع امیر دار دولتمند۔

بابا دال

بدرع چارہ و علاج و چارہ جوئی جو کسے مشکل امر مین کیجاے

بدف مخفف بود و صاحب خداوند مثل سپہبد وغیرہ۔
بَدف مخالف نیک یعنے برا آدمی برے کرنیوالا۔
بدرود ف وداع کرنا رخصت کرنا علیحدہ کرنا کسیکو
بدید ف ظاہر و آشکار و عیان و برملا۔

بابا رائے

برخورد ف ملاقات اور ملاقات کیا گیا آپسمین ملا اکیدوسرے
برخوردف پہل کہا ہے ملاقات کرنیوالا ہونیکی حاصل کرنیوالا ہو
برد ع سرد ہمیشہ ہونا قایم کرنا ٹھہرے رہنا۔
بُرد ف ایک قسم کا مخطط کپڑا و قصیدہ بردہ جو مشہور ہے
برد ع ژالہ و تگرگ جو بادل سے برسین۔
برد ع جو چیز سرد ہو مثل برف و یخ وغیرہ۔
برگ بید ف قسم تیز و خنجر جو بید کے پتی کیطرح ہوتا ہے۔
برید ع قاصد و نامہ بر او ر ردم کتا گھوڑا۔
بزجند ف نام ایک قلعہ کا جو خراسان مین ہے
برّہ بند ف تجربہ کار اور نام قوم جو قوچ پالتے ہین۔
برازد ف می زید یعنی یہ بات اچھے معلوم ہوتے ہے
برومند ف بار ور و برخوردار و کامیاب و صاحب نصیب

بابا سین

بسند ف کافی اور کافی ہونا بس ہونا۔
بُسدت مرجان یعنی مونگا جو ایک قسم کا جواہر ہے
بُسدت مرجان یعنی مونگا جو سمندر مین پیدا ہوتا ہے

بابا شین

بشن بد ھ نام ایک راگ کا جو ہند مین گاتے ہین

بابا عین

بُعد ع دوری یعنے دور ہونا کسی مقام سے کسی مقام تک
بَعید ع دور یعنی وہ شخص جو کسے مقام سے دور ہو۔
بُعد آ بعد ع نام ایک برج جو تمام فلک سے بلندی اور جو نہایت دور ہے

با با عین

بغداد ع نام شہر جو مشہور ہے اور حضرت غوث الاعظم کا وہان مزار ہے اور ائمہ کے بھی وہان مزار ہین۔

با با لام

بلید ع کند ذہن آدمی جسکو علم پڑہنے کا مادہ نہو۔
بلند ف عظیم الشان بزرگ دراز اور دہلیز کے اوپر کے لکڑی اور چھت لمبی جاتی ہے اور کوہ ہو جاہی نیچی کو مثل زلف بلند وغیرہ

با با نون

بند ف قید و کرد تدبیر و فریب حیلہ و پیوند عضو اور زنجیر فصل و بند قبا و دوال تیغ اور بند پانی کا و عہد و پیمان و خیال بنا بیرو ف کلمہ قسم ہے اسکی معنے قسم ہے خدا کے۔

با با واو

بوزید ع نام ایک ولی کامل کا جو بسطام شہر مین قیام پذیر تہا۔
بوسعید ع نام مرشد حضرت غوث الاعظم گیلانی بغداد کے قدس سرہ کا ہے

با با ہے

بہزاد ف نام نقاش جو ہم عہد شاہ اسمٰعیل صفوی تہا اور اپنے کام مین کمال اوستاد تہا۔

با با یا

بید ع جمع بید یعنے بیابان و پیوند و جوڑ ہر چیز کا۔
بید ف نام درخت جو پہل نہین رکہتا و یعنے شعور آگاہی
و بیہودہ و نام دیو و نام کرم جو قالین و پشمینہ کو کہاتا ہے
و نام کتاب ہنود جو چار بید مشہور ہے۔
بیہودہ ع بے فایدہ۔
بیداد ف ظلم و ظالم و جور جفا کار و ستم و ستمگار۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول با ہے فارسی اور اخیر مین دال ہے

با با الف

پایدف قایم رہی پایدار رہی ہمیشہ رہے۔
پای مردف مدد گار و کرنیوالا حمایت کرنیوالا۔
پازندف دست پناہ آگ پکڑ بیٹہا اور نام کتاب مجوس۔
پای بندف قید اور قبے جو قید مین ہو۔

با با رے

پرندف حریر سادہ ابریشمی و جوہر تیغ و پروین یعنی ثریا ستارہ ہے آسمانے۔
پلیدف نجس و خراب و مکروہ بخلاف پاک کے یعنی جو چیز ناپاک ہو۔

با با نون

پندف نصیحت جو کسی شخص کو بدی سے باز رکہنے کے لئے کیجاے

با با واو

پودف وہ سوت جو کپڑے کے عرض مین بنتے ہین جسکو بانا اور پیٹا کہتے ہین۔
پولادف ایک قسم کا بیش قیمت لوہا ہوتا ہے جس سے قبضے تلوار بناتے ہین۔

با با یا

پیل بندف بازی شطرنج مین ایک کہیل کا طریق ہے۔
پیش خوردف چاشنی طعام اور تہوڑا کہانا بطور نا شتے کے
پیش آمدف سلوک و رعایت جو کسے سے کیجاے۔
پیش نہادف ارادہ و منظور خاطر و عزم و قصد جو کیا جاے

چوتہی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین دال ہے

تا با الف

تالدؔ مال کہنہ پرانا مال اور پرانا اسباب۔
تابیدؔ ہمیشہ کرنا ابد تک کرتے رہنا کسے کام کو
تاشکندؔ توران مین ایک شہر مشہور ہے۔
تاکیدؔ بار بار کہنا مضبوط کرنا بار بار کہنا اور کرنا
تائیدؔ مدد کرنا دستگیری کسے مشکل کام مین۔
تار و پود تانا بانا کپڑے کا سوت کپڑا بننے کا

تا با با و

تبرزدؔ قند سفید دنبات نشفانع نہایت تحفہ ہوتا ہے
تبلدؔ گندہ ہنی وکم فہمی وکج فہمی وکم عقلی۔
تباعدؔ دوری یعنے فاصلہ پر ہونا دور ہونا کسے مقام سے

تا با تا

تجاہدؔ کوشش کرنا سے کرنا کسے کام مین دل لگانا۔
تجدیدؔ نئی سر سے کام کرنا دوبارہ وہی کام آغاز سے کرنا
تجریدؔ برہنہ کرنا اکیلا کرنا اور نام ایک کتاب کا۔
تجویدؔ نیکو کرنا سرہ کرنا حروف کو مخارج ادا کرنا۔
تجردؔ اکیلا ہونا مجرد ہونا برہنہ ہونا مارکر نیا ہونا فقیر ہونا
تجلدؔ جلدی اور جالاکی کرنا جلدی سے کام کرنا۔

تا با جاو

تحمیدؔ تعریف کرنا سراسر انہا حمد پڑہنا خدا کے خطاب مین
تحدیدؔ حد مقرر کرنا تیز کرنا آمادہ کرنا کسے کو۔

تا با خاو

تختہ بند قید و محبس اور وہ لکڑیا جس مین شکستہ عضو باندہتے ہین
تختہ نرد وہ تختہ جس پر نرد کھیلین اور نرد نام ایک کھیل کا ہے جسکو نرد کے ذریعہ سے کھیلتے ہین۔

تا با رائے

ترددؔ نام دو دانے مہرہ جسکو نرد کہتے ہین اور کھیلنے کی چیز
تردیدؔ رد کرنا پھیرلانا پھیر دینا اور کرنا رد کی کا۔
تردّدؔ پہنا چلنا آنا جانا محنت کرنا زحمت کرنا۔
ترصدؔ امیدوار ہونا کسی سے امید رکھنا طمع رکھنا۔
ترکی تمام شدؔ لاجواب ہوا بات ختم ہوئی تقریر رکھی۔
ترجیع بندؔ یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعون کے بعد بار بار وہی دو مصرع لاتے ہین۔
ترکیب بندؔ یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعے ایک قافیہ و ردیف کے لکھکر دو مصرعے اور مختلف قافیہ و ردیف کے لاتے ہین۔

تا با رائے

ترازیدؔ بڑہنا زیادہ ہونا ترقی پانا پہلے حالت سے
ترازیدؔ بہت سے چین اور شکن جو کسے چیز مین ہون

تا با سین

تسافدؔ جماع کرنا چار پایون کا خصوصاً گھوڑے ہونا نر کا مادہ سے
تسدیدؔ درست و درست و مضبوط کرنا قایم کرنا کسے چیز کو
تسویدؔ سیاہ کرنا اور لکھنا مسودہ کرنا۔

تا با شین

تشدیدؔ سختی کرنا استوار کرنا مضبوط کرنا سخت پکڑنا کسیکو
تشدّدؔ سخت کرنا سختی سے پیش آنا سخت گیری کرنا
تشہدؔ گواہی دینا کلمہ شہادت پڑہنا۔
تشاہدؔ باہم گواہی کرنا کسے کاغذ یا سند پر۔
تشییدؔ بلند کرنا مضبوط کرنا دیوار کا چونہ اور گچ سے
تشحیذؔ تیز کرنا پھرے و تلوار کا پتھر وغیرہ پر۔

تا با صاد

تصعید ع اونچی مکان پر چڑھنا بلند ہونا صعود کرنا۔
تصاعد ع اونچی جانا بلند مکان پر چڑھنا دشمند ہونا
تصید ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔

تا با عین

تعداد ع شمار کرنا گننا حساب کرنا کسے چیز کا۔
تعقید ع پوشیدہ سخن کہنا آہستہ بولنا کانا پھوسی کرنا
تعدید ع شمار کرنا گننا حساب کرنا۔
تعنید ع عناد و دشمنی کرنا عداوت رکھنا کسے سے
تعہد ع ذمہ دار ہونا ضامن ہونا عہد کرنا کسے سے
تعبد ع بندگی کرنا عبادت کرنا تابعداری کرنا۔
تعود ع عادت پکڑنا خوگیر ہونا کسے بات پر

تا با فاء

تفقد ع دلجوئی کرنا گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا خبر لینا کرنا
تفرد ع یگانہ ہونا الگ ہونا اکیلا ہونا فرد ہونا۔
تفرید ع یگانہ کرنا اکیلا کرنا فرد کرنا کسے کو
تضعید ع نسبت دینا کسی کو تہمت ضعف رائے اور کم عقلی کے

تا با قاف

تقید ع قید کرنا بند میں رکھنا محبوس کہنا کسے کو۔
تقدیر ع اندازہ کرنا قائم و استوار کرنا کسے کو کسے پر یا تدبیر
تقلد ع پیروی کرنا متابعت کرنا حلقہ گلے میں ڈالنا
تقاعد ع باز رہنا کسی کام سے سست جانا۔
تقلید ع پیروی کرنا گلو بند گلے میں ڈالنا متابعت کرنا۔

تا با میم

تبجید ع بزرگ جاننا بزرگ کے ساتھ نسبت دینا کسے کو۔
تمہید ع بچھانا ہموار کرنا درست کرنا آراستہ کرنا۔
تمرد ع سرکشی کرنا سر پھیرنا نافرمانی کرنا۔
تمدد ع دراز دستی کرنا کسے چیز میں ہو۔

تا با نون

تند ف تیز اور سخت بوا اور ہوا وغیرہ۔
تنومند ف قوی جسم فربہ جسم زور آور پہلوان آدمی
تناد ع مذاکرنا اور یوم التناد روز قیامت کا نام ہے کہ اور سرود ہر ایک شخص حساب و کتاب کے لئے بولایا جائیگا۔

تا با واو

توکید ع محکم و استوار کرنا مضبوط و استحکام و پائیداری
تولد ع پیدا ہونا اولاد یعنے پسر و دختر کا
تولید ع جننا کسے لڑکی یا لڑکا کا
توالد ع اولاد پیدا کرنا لڑکے لڑکا جننا۔
توحد ع اکیلا ہونا تنہا ہونا فرد ہونا گانہ ہونا۔
توحید ع اکیلا ہونا تنہا ہونا خدا کو ایک جاننا۔
توقد ع روشن ہونا آگ کا بتیوں نے ایدھن کے۔
تودد ع دوستی پیدا کرنا باہم دوست ہونا پیار کرنا۔
توارد ع دو شخصوں کا ایک جگہ پر اترنا اور نکلنا ایک صبح دو شاعروں کے طبیعت سے سرزد ہونا۔

تا با ہا

تہجد ع رات کو بیدار ہونا نماز پڑھنا رات کا۔
تہدید ع ڈرانا خوف دلانا دہشت دلانا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ثا اور خیر مین دال ہے

ثا با رے

ثرید ع ٹکڑے روٹی کے شوربا مین بھیگے ہوئے

ثا با میم

ثمد ع آب کی تھوڑا پانی جو کسے تالاب یا حوض میں ہو
ثمود ع صالح پیغمبر کے قوم کا نام ہی جو حضرت صالح کی اونٹنی کے کہنے سے دعا کے اور ایک اونٹنی معہ بچہ کے پہاڑ سے بحکم اعجاز نکل آئے تھے وہ منکر رہے اور اونٹنی کو مار ڈالا اسپر اون پر عذاب نازل ہوا اور وہ سب اوس عذاب سے مارے گئے۔

چھٹا فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف جیم اور اخیر میں دال ہے

جیم با الف

جاداد فا اسباب سامان وغیرہ سامان خانہ داری۔
جائد ع جما ہوا اور لفظ جو معدد نہو ہم جا اوسکو کہتے ہیں
جاوید ف ہمیشہ علی الدوام جو بات ہوتے رہو۔
جاحد ع وہ شخص جو جان بوجھ کر منکر ہو۔

جیم با حا ء

جحد ع عمداً انکار کرنا جان بوجھ کر منکر ہونا۔
جحود ع دیدہ و دانستہ انکار کرنا سچ بات سے منکر ہونا۔

جیم با دال

جدید ع نئی چیز نئی بات جو نئے سے ہو۔
جدد ع زمین ہموار اور صاف میدان کہدا صحن
جدد ع جمع جدہ یعنی بہت سے راستے بہت سے طریق۔
جدت ع بخت و نصیب برگ و نوا نگری دبدبہ دولت و بدرباد یعنے دادا فرمانا
جدع کوشش و پرورش و محنت جس سے کار برآئے ہو

جیم با را ء

جرادع ملخ یعنے ٹڈی جو ایک مشہور پرند ہے۔
جریدع قاصد و جاسوس و بیک راستہ چلنے والا۔
جرائد ع بہت سے دفتر اور بہت سے کاغذات۔
جرومدع قبض وابط کہلا اور بند۔

جیم با سین

جسد ع تن جسم خاص آدمی کا انسان کا وجود۔

جیم با عین

جعد ع موی مرغول مجازاً زلفین انسان کے

جیم با کاف

جگر بند فارسی ع جگر و شش و دل وغیرہ مجازاً فرزند بیٹے بیٹی۔

جیم با لام

جلید ع برف جو آسمان سے گرتے ہے برفستان میں۔
جلد ع تازیانہ لگانا چست چالاک تیز دشتاب۔
جلد ع پوست حیوان یا انسان کے بدن کے کہال
جلود ع حیوانوں کے چمڑے بدن کے کہالیں جمع جلد ہے
جلمد ع سخت پتھر جو اور پتھروں سے سخت ہے
جلاد ع وہ مارنیوالا پوست کھینچنے والا قتل کرنیوالا جو حکم بادشاہ کے
جلمود ع سخت پتھر جو نہایت سخت ہو۔

جیم با میم

جماد ع جو چیز ذی جان نہو اور زمین بلند جسپر پانی نہ ٹھہرے
جمود ع جم جانا پتھر کا اور افسردہ ہونا۔
جمود ع جما ہوا اور بندھا ہوا پانی یا کوئی اور چیز
جمد ع یخ و برف جو پہاڑ پر گرتے ہے۔
جمشید ف نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا ہے۔

جیم با نون

جند ع لشکر و سپاہ اور نام دوا جو خایہ سگ کا ہوتا ہے

جنود ع بہت سے لشکر اور بہت سے فوجین -

جنید ع نام ایک ولی بغداد کے کا جو نہایت کامل گزرا ہے

جیم با واو

جود ع نیک چیزین اچھی اشیاء مطبوع طبع -

جود ع بخشش و سخاوت جو سخی کرتے ہین -

جوانمرد ف بہادر سخی پہلوان نیکو کار آدمی -

جوہر فرد ع چیز دلا تجزے جو قابل قسمت نہو -

جواد ع بہت بخشش کرنیوالا اور نام خدا تعالی جل شانہ

جیم با ہاے

جہد ع طاقت و کوشش و جستجو و تلاش و انسانے -

جہد ع رنج و مشقت و تکلیف جو کسے کام مین ہو -

جہد جہید ع بہت کوشش نہایت کمال جستجو -

جہاد ع کفار کی ساتھہ لڑنا دین کے ترقے کے لئے لڑنا

جیم با یاے

جید ع خوب و نیک اور بہت اچھا و پسند و مضبوط -

جید ع گردن و عنق انسان کے

جیاد ع جمع جید خوب و نیک اور اگر جمع جود تصور کیا جاے تو اسپان تیز رفتار و جمع جید گردنین

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول جیم فارسی اور اخیر مین دال ہے

جیم با الف

چار بند ف قید خانہ محبس مجازاً دنیا باعتبار چار طرف کے

جیم با راے

چرند ف جو پایہ حیوان جو پانو سے چلتا ہو بخلاف پرند کے

جیم با ثاین

چشم زدن ف طرفۃ العین آنکھہ کا اشارہ ایک لمحہ اور ڈرانا

چشم بندن ف وہ منتر جسے پھونکہ باندھ دیتے ہین اور جسپر وہ منتر کیا جاتا ہے اوسکو نیند نہین آتے -

چشم بد ف کسیکے بد نظر جو اوسکو اتر کر جاتے ہے -

جیم با عین

چغد ف بوم یعنی اُلو یا ایک جانور منحوس جو اُلو سے چھوٹا ہوتا ہے

جیم با قاف

چقندر ایک ترکاری کا نام جسکو پکاکر کھاتے ہین

جیم با کاف

چکاد ف پیشانی آدمے کا ماتھا -

جیم با لام

چلقد ف جامہ انسان کے پہننے کا جو جنگ مین پہنتے ہین

جیم با نون

چند ف یہ لفظ کبھی استفہام کے لیے آتا ہے اور کبھی واسطے خبر دینے کے

جیم با یاء

چیرہ بند ف وہ شخص جو دستار نہین باندھتا ہے اور وہ کوچہ جو کہ بند ہو

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین دال ہے

حا با الف

حاد ع تیز و تند جاہے کسی چیز ہو -

حاسد ع حسد کرنیوالا دوسرے شخص کا زوال نعمت چاہنے والا

حامد ع تعریف کرنیوالا احد کے حمد کرنے والا شخص

حافد ع یار و دوست خادم رفیق نیکخواہ پیارا

حا با جیم

حجر الاسود م سنگ سیاہ جو مکہ مین کہا ہی اور حجاج اوسکو بوسہ دیتے ہین

حا با دال

حد ع کنارہ ہر چیز کا اور مارنا گنہگار کو شریعت کے حکم موجب
حدود ع جمع حد کے بہت سے کنارے اور بہت سے سزا شریعت کے
حداد ع آہنگر یعنے لوہار لوہے کے کام بنانیوالا۔
حدید ع لوہا اور ہر چیز جسکو تیز کیا گیا ہو مثل خنجر وغیرہ کے

حا با سین

حسد ع کسیکے نعمت کا زوال چاہنا دیکھ کر جلنا
حسن مقید ع حسن مخلوقات کا اور حسن عالم ایجاد کا۔
حسود ع بدخواہ اور بہت حسد کرنے والا۔
حسود ع جمع حاسد یعنے بہت سے حسد کرنیوالے لوگ۔

حا با صاد

حصد ع کاٹنا زراعت اور خشک گھاس کا اور محکم کرنا
حصاد م زراعت کا کاٹنا خشک گھاس کا کاٹنا۔

حا با فار

حفد ع خدمت کرنا شتاب کرنا جلدی کرنا۔
حفید ع خدمت کیا گیا شتاب کیا گیا جلدی کیا گیا

حا با قاف

حقد م کینہ وعناد و بغض جو دل مین ہووے۔

حا با لام

حل و عقد ع کھولنا باندہنا انتظام کرنا بندوبست کرنا
حلوای مبدود ف میوہ ہائی شیرین اور لذیذ مجازاً

حا با میم

حمید ع تعریف کیا گیا سراہا گیا صفت کیا گیا۔
حمد ع ستایش کرنا جناب باری کا تعریف کرنا خدا کی
حمائد ع نیک خصلتین اور نیک خاصیتین نیک خوئین

نوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کی اول حرف خا اور اخیر مین دال ہے

خا با الف

خاوند ف مخفف خداوند صاحب و مالک و شوہر عورت کا۔
خاربند ف کہتے ہین باڑ جو چار طرف بنائے جائے۔
خالد ع ہمیشہ رہنے والا اور نام اصحاب محمد صلعم کا۔
خانہ خورشید ف برج اسد جو سورج کا گھر ہے۔
خاکزاد ف آدمی انسان جو خاک سے پیدا ہوا۔
خانہ زاد ف گھر جم یعنے اپنے غلام کا ترزند۔

خا با با

خبث الحدید ع لوہے کا میل جو مشہور چیز ہے۔

خا با جیم

خجستہ بنیاد ف لقب شہر اور رنگ آباد کا جو دکن مین ہے
خجند ف ماوراالنہر مین ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے

خا با دال

خداوند ف صاحب و مالک و آقا و ولی نعمت
خدم رخسارہ انسان کے گال۔

خا با رے

خردمند ف دانا ہوشیار عقلمند لئیق۔
خرد ف عقل ہوش دانائی انسان کے۔
خرداد ف اسارہ کا مہینہ اور چھٹا روز ہر ماہ کا
خرسند ف خوش و رضامند صاحب فرحت و آرام
خراد ع لکڑے کو چرخ پر چڑھا کر درست کرنا۔
خرائد ع زنان بکر و شرمگین اور موتے ناسفتہ

خرد و مُرد ف ریزہ ریزہ پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔
خُرد ف چھوٹا صند بزرگ کے ورزیدہ ہر چیز کا۔
خُرشید ف سورج روشن یعنے خورسورج اور شید روشن۔

خا با شین

خُشنود ف خوش وخاطر جمع ف رضامند وخوش دل۔

خا با لام

خُلد م بقا ہمیشگی ف نام بہشت اور ایک قسم سوسن کو بھی کہتے ہین
خُلود ہمیشگی اور بقا یعنے ہمیشہ رہنا ہمیشہ جینا۔

خا با میم

خُمود م آگ کا بجھنا بیہوش ہونا آرام پکڑنا سوجانا۔

خا با واو

خورداد ف نام ایک ماہ شمسے کا منجملہ بارہ مہینون کے۔
خویشاوند ف رشتہ دار قریبی یک جدی لوگ۔
خورد ف طعام وچھوٹا ولایق اور کہایا اور متصل ہونا۔
خوشید ف خشک ہوا آبے راب ہوا۔
خُود ف لوہے کے ٹوپے جو جنگ مین سر پر رکھتے ہین
خودبخود ف آپ سے آپ بلا دخل کسے دوسرے کے۔
خواب صیاد ف غفلت ومکر وفریب اور دغا۔
خوشنود ف خوش وخورم وخوشدل بخلاف غمگین کے
خورشید ف سورج روشن یعنی خورسورج اور شید روشن
خوید وخید سبز جارہ اور سبز گھاس جو پیشے کے چرنے کا

خا با یا ے

خیر باد ف کلمہ رخصت بوقت رخصت کرنے کسے دوست کے بولا جاتا ہے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف دال اور اخیر مین بے دال ہے

دال با الف

داد ف عدل وانصاف وعطا بخشش ومہربانی۔
داؤد م ایک پیغمبر کا نام ہی جو سلیمان پیغمبر کا باپ تہا۔
دارالجہاد م شہر جہان جہاد کرنا جائز ہو کفار کا شہر
داماد م مرد نو کد خدا و بجاورہ ہند شوہر دختر یعنے جوائی
دارالاسقام مرض جزام کوڑہ کے بیماری جو مہلک ہے

دال با دال

دد ف ہر چارپایہ جو درندہ ہو مثل سگ وگرگ وشیر وغیرہ

دال با رے

دربند ف نام شہر ونام قلعہ وگذرگاہ دریا وفاصلہ درمیان دو جا
درد مند ف صاحب تکلیف وبیمار ومریض
دربند ف نام شہر وبندرتغل دروازہ
دُرد ف شراب وپانی کا مین جو نیچے بیٹہہ جائے۔
درخور ف لایق وسزاوار۔
دُرود ف رحمت واستغفار ودعا تسبیح اور کانٹا لکڑے کا
دَرد ف تکلیف ورنج ودکھ وآزار وبیماری ہر ایک قسم کے

دال با زے

دزد ف چور جو کسیکے کوئی چیز چوپا کر لیجائے۔

دال با سین

دست برد ف غلبہ وفیروزی وفتح یابی جو دشمن پر حاصل ہو
دست بند ف بیوپاری جو ایک قسم کا زیور ہے۔
دستمزد ف اجرت ومزدوری جو مزدور کو ملے۔

دال با لام

دلبند ف معشوق عزیز پیارا اور دوست۔
دلپسند ف مطبوع چیز جسکو دل پسند کرے۔

دال با نون

دمندان ف سفید ونہستا ہوا کہلتا ہوا خوش آدمی۔

دندان بلند ف ضعیف دیر جسکے دانت ہلتے ہون -

دال باواو

دُود ع جمع دودہ بہت گرم اور فارسی مین ہوا ن آگ سے نکلے

دوچند ف دوگنا پہلے حصہ سے ایک حصہ زیادہ یعنے پہلے دو پھر چار

دال باہا ہ

دہان بلند ف زبان بند بچکی تعویذ جسکے عمل سے زبان اوس شخص کے بند ہوجاتی ہے جسپر وہ کیا جائے -

دال بایای

دیو زاد ف بہت قوی ہیکل جو فرہ اور اونچا اور لمبا ہو

دیو زو ف آسیب زدہ جسکو جن یا دیو کا سایہ ہو -

دیوار بلند ف کنائہ دولتمند و صاحب جاہ و مالدار آدمی

دیو سپید ف وہ دیو جسکو رستم نے قتل کیا تہا -

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ذال اور اخیر مین دال ہے

ذال باالف

ذات العماد ع مکان تون دار مضبوط و مستحکم اور اونچا محل

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رای اور اخیر مین دال ہے

رای باالف

راد ع سخی بہادر و جوانمرد و مرد میدان -

رادو ع رد کرنیوالا و رد کرنے والا -

راوند ع ایک نبات زرد رنگ جسکو ریوند کہتے ہین -

راہنمد ع منجم یعنے نجومی ستارہ شناس فال ہین -

راعی العباد ع پاسبان بندون کا یعنے بادشاہ وقت -

راکد ع بند پانی جو جاری نہو یعنے کہڑا ہوا یا نے

رای بایای

ربع مشدد ع ثلث ارم جو شداد نے بنایا تہا خدا تعالے نے اوسکو لوگون کے آنکہون سے پوشیدہ کر دیا -

رای بادال

ردع ع موڑنا اور مڑنا اور موڑ لانا اور وہ دیوار کا جو لگاتے ہین

ردیف ع یار دوست رفیق آشنا میت پیارا -

رزم و بزم ع جنگ و مجلس جو بوقت بحث و مناظرہ کہتے ہین

رای باشین

رشد و رشد ع راہ راست پر آنا مرشد کے ارشاد پر عمل کرنا

رشید ع راہ راست دکہلانیوالا و تدبیر راست و نام پسر خاقان

رشاد ع راہ پر ہونا و خرد و فہم و تمیز یعنے ہوش

رای باصاد

رصد ع بلند چبوترہ اور مراقبہ کرنا امیدوار ہونا کسی کے

رای باعین

رعد ع آواز ابر نام فرشتہ موکل ابر جو گرجتا ہے

رای باغین

رغد ع عیش خوش و نعمت و مال و جاہ و آرام دنیا کا -

رای بافاء

رفد ع کاسہ بزرگ بڑا پیالہ لکڑے کا یا کسی اور چیز کا -

رای باقاف

رقود ع خواب کرنا اور خواب کرنے والے جمع راقد جسکے معنے خراب کرنیوالا ہین -

رای باکاف

رکنا باد ف نام تفرج گاہ بمقام شیراز اور سبزہ زار

رگ بند ف پٹے جو زخم پر باندھتے ہین -

رای با میم

رَمادہ خاکستر جسکو ہندی مین راکھ کہتے ہین
رَمدہ سرخ ہونا آنکھو نکا آشوب آنکھون کا

رای با نون

رِندف وہ سنکر جو احکام شرعی سے عمداً انکار کری اور آدمی بے قید ہو
رَندف لیجانا چورانا دخوشبو و گرد و خاک اور تراشہ لکڑی کا
رَنود ع متصرف فارسیان عربی دان جمع رند بہت سے بے قید لوگ

رای با واو

رُوح مجرد ع روح مطلق و جبرئیل و عیسیٰ ع و فرشتگان مقرب
روسپید ف معزز و دولتمند مالدار غنی آدمی اور شہر مند
رود ف نہر جاری و نام ساز و رود گو سپند و رودہ آلات
روئی بند ف برقع پوش یعنی عورت جسنے برقع پہنا ہو
رویداد ف ماجرا و احوال ماہیت و کیفیت ہر چیز کے

رای با ہای

رہ آورد ف تحفہ و سوغات جو کوئی سفر سے لاوے اور دوستونکو
اور رفیقون کو دے -

رای با یای

ریش خند ف استہزا و تمسخر و ہنسے جو کسے کیجاوے
ریش پر باد ف غرور و تکبر اور ہوا و ہوس -
ریوند ف نام ایک دوا کا جسکو راوند بھی کہتے ہین

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زا اور اخیر مین دال ہے

زای با الف

زاد ع عربی مین توشہ اور فارسی مین فرزند پسر و مسافر

زاہد ع زہد کرنیوالا عبادت کرنیوالا محنت کرنیوالا -
زامسپاد ف ستائیسویں روز ماہ شمسی کا نام ہے -
زاید ع بڑہا ہوا زیادہ ہوا ہوا اپنے پہلے اندازہ سے

زای با بار

زبان بند ف خاموش و تعویذ زبان بندی جو عامل لکھتے ہین
زَباد ع گربہ مصری یعنے مشک بلاے کے خصیہ کا عرق
جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے -
زَبَد ع پانی اور دودہ اور چاندی سونے کے جھاگ -
زَبَرجَد ع زمرد سبزہ جسکو پنا بھی کہتی ہین اور قیمتی پتھر ہوتا ہے
کانے تیہے

زای مارای

زَرّاد ع زرہ گر اور نام ایک فاضل کا جو اجل نہ فاضل تہا -
زرسفید ع چاندی و نقرہ جسکا رنگ سفید ہے -
زرّاوند ف پیہ دار دو قسم کے ایک طویل دوسرے مدحرج ہوتے ہے
زُرنباد ع زرد چوبہ ایک دوا کا نام ہے -
زَرد ع رنگ مین لفظہ ادنا رنا اور زردہ بنانا جو رنگ مین پہنتے ہین
اہو اسطرح کہ جسم کو اوسسے گزند نہ پہونچے -
زُرد ع زردہ اور مست کہانا و پیٹ بہر کے کہانا -
زُرد ع قسم غلہ جسکو جوار کہتے ہین ندرت بہی صحیح ہے
زُرد ہبت کہانا پیٹ بہر کے کہانا -
زَرَود ع ایک کے راہ مین ایک مقام بے آب کا نام ہے

زای با غین

زَغند ف جست کود یہاند جو کشتی مین کرتے ہین -

زای با لام

زَلّہ بند ف جو شخص باسی کہانا کہے ایک وقت کا کہانا
دوسرے وقت کہاوے -

زای با میم

زمرد ف شہور جو ہر ہے جسکو پنا کہتے ہین سبزہ بھی اوسکا نام ہے
زمستان ف ستائیسوان بن ہر ماہ شمسی کا۔

زای با نون

زند ف نام کتاب مجوس مرتبہ گو پھری استخوان ساعد یعنی بہنگی کی ہڈی
زندہ رود ف نام رود جو صفہان مین ہے۔
زندہ پیل خطاب شیخ احمد جام جسکی دعا سے ہاتھی زندہ ہوا تھا
زنگانہ رود نام ساز جو زنگی بجاتے ہین ف نام نہر۔

زای با واو

زود ف جلد دشتاب ابدہ وہ حکم جو بلا توقف کیا جاوے
زور مند ف صاحب قوت پہلوان و صاحب طاقت۔

زای با ہا

زہر خند ف وہ ہنسی جو غصہ رشک کی ہو یعنی جو دل سے نہ ہنسا
زہد ف کوشش سے عبادت مین کمائی اور محنت شاقہ۔
زہاد ف جمع زاہد کہ ہمیشہ عبادت مین محنت کرنیوالے
زن و زاد ف بچے فرزند اہل و عیال اور گھر کے لوگ

زای با یا

زیاد ف زیادہ ہونا اور نام کافر جسنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر دروغ گواہی زنا کی دی تھی و نام بازی۔
زیر خورد ف نام پردہ موسیقی جو اہل عجم سے گاتے ہین

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف سین اور اخیر مین دال ہے

سین با الف

ساکھورد ف پیر ضعیف اور برسی عمر کا آدمی بزرگ۔
ساز مند ف ساختہ و آراستہ و تیار و بے عیب چیز۔
ساعد ف دست و آرنج تا بازو یعنی تا ہتھیلی اور بازو تک

سین با با

سبع شداد ف سات آسمان اور سات طبقے افلاک کے۔
سبد ف ٹوکری کا ٹوکرا جسمین سبزی ڈالکر بیچتے ہین۔
سپید ف ابیض سفید رنگ و نام قلعہ و نام دیو و نام رود
سپید رود ف نام رود جو شروان اور گیلان مین جاری ہے
سپند ف نام کوہ و ہرمل جو ایک سیاہ تخم ہے اور جلانے کے کام آتا ہے۔
سپہبد ف سپلار بادشاہ کا کمان افسر فوج کا۔

سین با تای

ستد ف گرفتن لینے پکڑنا اور لیا کوئی اسباب یا سامان

سین با جیم

سجدا کو سجدہ کرنیوالا نماز پڑھنے والا جبکہ جانے والا۔

سین با دال

سداد ف راستی و درستی کردار و گفتار مین و صدق بیانی
سداع ف ایک بیماری کا نام ہے جسنے ناک بند ہو جاتے ہے اور سینہ بھاری معلوم ہوتا ہے۔
سدم ف جو چیز دخل کے مانع ہو مثلاً دیوار یا کوئی اور چیز جسنے راہ بند ہو۔
سکبد م درست و محکم استوار و مضبوط دیوار وغیرہ۔

سین با رای

سرمد م ہمیشہ دوام اور نام ایک مخنث شخص کا جسکو عالمگیر اورنگ زیب بشرع کے فتوی سے قتل کیا تھا۔
سرود ف نغمہ و سماع جو گاتے ہین۔
سرآمد ف سردار و افسر و تمام شدا و خاتمہ ہر چیز کا۔
سرہنگ ف کوتوال و داروغہ و نگہبان و آگاہی و خبردار۔
سرو آزاد ف درخت سرو جسکو خزان سے نقصان نہین پہنچتا
سرخ بید ف ایک قسم کے بید کا درخت ہے۔

سر بلند ف اونچا سردار امیر دولتمند غنی آقا
سرو اون کلام منظوم وافسانہ وقصہ وکہانی
سرو بلند ف عہد عصر زمانہ اور وقت وغیرہ۔
سر کند ف جای پناہ جس جگہ کوئی پناہ لے
سرخ اسود ف نام ایک بزرگ کا۔

سین با عین

سَعد ع نیک بختی اور بایسوین منزل منازل قمر سے
سُعد ع ناگر موتھا جو ایک بوٹی کے جڑ ہے۔
سَعد السُّعود ع ستارہ مشتری اور چوبیسوین منزل قمر
سُعود ع ستاری بعد مثل مرد و مشتری و قمر
سَعید ع نیک آدمی بہت اچھا آدمی سعادت مند
سَعود ع نام چوبیسوین منزل قمر کا۔
سُعاد ع نام زن محبوبہ جو نہایت خوبصورت عرب میں تھی

سین با غین

سَغد ع زمین نشیب جس میں بارش کا پانی جمع رہے ف نام قصبہ

سین با فا

سِفاد ع جفت ہونا حیوان کا اور سی جماع کرنا اونکا۔
سَفید ع ابیض روشن چٹا رنگ جو مشہور رنگ ہے۔
سَفود ع سیخ جسکو بازن کہتے ہیں کباب بھونے کی سیخ

سین با قاف

سمرقند ف نام شہر ملک ماوراء النہر میں جو دار السلطنت اوس ملک کا ہے

سین با نون

سَنجد ع نام میوہ جو عناب کے طرح سرخ رنگ ہوتا ہے۔
سَند ع تکیہ گاہ اور وہ چیز جسپر ہم رہو مثلاً مسند و قالین وغیرہ
سِند ع حرامزادہ بدشیر اور نام رود و نام خطہ زمین جسمیں شہر ہے
سُند سرگین آدمی جو سخت و بسطرح گندہ ہو۔
سَند باد نام کتاب کو حکیم ارزتے نے نصایح میں لکھا ہے اور اسکو شاہ

سین با ہا

سِناد ع عیوب توافی میں سے ایک کا نام ہے۔

سین با واو

سَواد ع سیاہی دھوکے شہر و نواحی و ملک و ذہن و مسودہ جو لکھا ہو
سُوَدد ع سرداری و امارت و پیشوائی و عزت و حرمت
سُود ع جمع اسود سیاہ رنگ فارسی میں نفع و فائدہ جو تجارت وغیرہ سے ملے

سین با ہا

سُہاد ع بے خوابی یعنی بیدار رہنا و نام بیمارے کا۔
سِہرند ع نام شہر سندھ میں جو بادشاہ چھاچھ کے میں صوبہ کا مقام تھا
سہ بعد ع طول عرض عمق تینوں مدارج کا نام ہے۔

سین با یا

سَید ع گرگ درندہ یعنے ہیڑیا جو مشہور درندہ ہے۔
سَیّد ع سردار و مہتر اور وہ شخص جسکے صلبے نسب پیغمبر صاحب سے ہو
سیاہ سفید یمین و یسار نیک و بد مے شرق و مغرب۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف سین اور آخر دال ہے

شین با الف

شاہد ع گواہ حاضر معشوق و محبوب و مرغوب۔
شادمند ف خوش اصل میں شادی مند ہی۔
شاگرد ف خادم نوکر تلمیذ اصل میں شاگرد تھا۔
شاد ف خوش خورم جسکو کوئی غم کسیطرح کا نہو۔
شاکرد ع چلنے والا پریشان و پشیمان و پراگندہ دل
شاد باد ف خوش و آسودہ ہو یہ کلمہ دعائیہ ہے۔
شاید ف ہونا ہو یا نہو ہی یا نہیں یہ کلمہ شبہ و شک کا ہے

شین با کاف

شتر گرد ف جورا اور کوتوال و جو کیدار جو راتکو پہرتا ہے

شین با دال

شَدَد ہوا گیا گذرا۔
شَدَائِد ع تکلیفین اور غم واندوہ اور سختیان و رنج۔
شَدِید ع سخت و محکم و مضبوط جس چیز مین نرمی نہو۔
شَدَّد ع نام اعراب اور تواور کرنا سخت کرنا۔
شَدَّو مَدّ ع مال و دولت و شان و شوکت نام و نشان عزت و اقبال

شین با غین

شَغَاوَذ نام برادر بد نام جسنے رستم کو بضرب ملاک کیا تہا

شین با کاف

شَکَر خند خوشی بسا سنہا جو انسان دیکھکے خوشی ہوتی ہے

شین با میم

شَمَلِید ع نام ترہ جسکو میتہے کہتے ہین میتہے کا ساگ
شَمشَاد نام درخت جو بلند ہوتا ہے اور شعرا قد کی تشبیہ دیتے ہین

شین با واو

شَوَارِد ع مرندگان و بہیمہا و جمع شارد و شاردہ رمندہ
شَوَاہِد ع جمع شاہد بہت سے گواہ اور بہت سے معشوق

شین با ہا

شَہر بند حصار و محصور مقید آدمی جو کہین جانے
شَہِید ع گواہ اور جو شخص راہ خدا مارا جاے نام شاعر کا۔
شَہُود ع حاضر ہونا اور حاضر ہونیوالا اور گواہان اور حالت
جو مرتب اکرات و موہومات سے گذر کر مقام توحید میں پہونچ جاے
اور تمام خلق مین صورت خالق نظر آوے۔
شَہرُود عراق مین ایک رود کا نام جسکو سکاسے کہتے ہین۔

شین با یا

شِیدَہ مکر و فریب و غلبو کسی سے کیا جاے
شِیدَہ و بیای مجہول دشمنی و بیگانہ معروف آبک چوزہ دیگ
شِیَاد ع مکار و فریبی و دغا باز آدمی۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف صاد اور آخر مین ذال ہے

صاد با الف

صَاعِد ع اوپر چڑہنے والا بلند جانیوالا صعود کرنیوالا

صاد با دال

صَدَد ع نزدیکی و مقابلہ و برابر ارادہ و پہونچنے کا شخص کا
صَدر مخمد امیر بالانشین و بلند چبوترہ جسپر امیر بیٹہین۔
صَدِید ع زرد آب جو دل و زخم سے نکلتا ہے یعنے ریم۔
صَدَف ایک سیکڑہ مکان دہانیان جو مشہور صدف ہے۔

صاد با رای

صَرَد ع جانور کاک جسکو لٹورا کہتے ہین۔
صَرح مخمد ع قصر درخشان و سادہ و ہموار اور برابر۔

صاد با عین

صَعِید ع خاک روے زمین اور ایک شہر مصر کی ملک مین ہے
صُعُود ع اوپر چڑہنا اوپر کو جانا بلند ہونا عروج کرنا
صَعُود ع اوپر چڑہنے والا بلند جانیوالا عروج کرنیوالا۔

صاد با لام

صَلد ع سخت و صاف لیسے وہ چیز جو سخت و صاف ہو۔

صاد با میم

صَمَد ع مہتر بے نیاز جو کبھی گرسنہ و تشنہ نہو کسی سے حاجت رکھے
صَماد ع حاہای بلند و زمینین سخت کوہستان زمین۔
صَمِد ع جو چیز اندر سے بولی نہو سخت ہو۔

صاد با نون

صَنَادِید ع مہتران و بزرگان و گذشتگان زمانہ سلف
صَنَدِید ع مہتر و بزرگ و سرگروہ و سپہ سالار قوم۔

صاد با واو

صواب بدید: صلاح و تجویز جو کسی کے حق میں نیک ہو

صاد با باہی

صَیْد: شکار و شکار کرنا و شکار کیا ہوا۔

صَیّاد: شکاری یعنے وہ شخص جو شکار کھیلے۔

سترھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف ضاد اور اخیر میں دال ہے

ضاد با دال

ضِدّ: خلاف یکدیگر جانبین دنیا و رستاخیز و عدم و وجود و نیک و بد

ضاد با میم

ضِمَاد: وہ رفیق جو کسی زخم پر لگائیں اسے لیپ کریں

اٹھارہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف طا اور آخر میں دال ہے

طا با رای

طَرْد و طَرْدَہ: چلانا کھیون و مویشی و بیشہ وغیرہ کو۔

طا با واو

طَوْد: بڑا پہاڑ اور بلند گہرے پہاڑ کی وقلہ کوہ۔

اونیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف عین اور آخر میں دال ہے

عین با الف

عَاد: ہود نبی کے قوم جو بسبب نافرمانی سوا کلی طور ہلاک ہوئے

عَاقِد: عہد کرنیوالا گرہ دینے والا باندھنے والا کسی چیز کو۔

عَائِد: عود کرنیوالا واپس آنیوالا جیسے گیا تھا۔

عَابِد: عبادت کرنیوالا بکثرت کرنیوالا آدمے۔

عَانِد: دشمن عداوت کرنیوالا دشمنی رکھنے والا۔

عین با باء

عبید اللہ بن زیاد: یہ ایک امیر لشکر یزید لعین سے تھا جسکے حکم سے امام حسین شہید ہوئے تھے

عَبْد: بندہ و غلام تا بعد از خدا شکر خدا کا بندہ۔

عَبِید: بہت بندے اور غلام یہ بھی جمع ہے بندے کی سوا

عُبَید: تصغیر عبد یعنی کمتر بندہ غریب آدمی عاجز بندہ۔

عِبَاد: جمع عبد بہت بندے بہت سے بندے کرنیوالے

عُبَّاد: جمع عابد بہت سے عبادت کرنیوالے بندے کرنیوالے۔

عین با تاء

عِتَاد: تیاری اسباب سفر کی اور باندنا اور لادنا اسباب کا

عَتِید: حاضر و مہیا موجود و تیار و آمادہ۔

عین با دال

عَدّ: شمار کرنا گننے کرنا کسی چیز کا۔

عَدَد: شمار گنتی کسی چیز کے جو کے جائے۔

عین با سین

عَسْجَد: زر و طلا و جواہر اور ہر چیز قیمتی و گران بہا۔

عین با ضاد

عَضُد: بازو زور و قوت و پناہ۔

عَضُد: مربی یاری دینا مدد دینا اور نام بادشاہ شیراز کا

عین با طاء

عُطَارِد: نام ستارہ جو دوسرے آسمان پر زیر فلک ہے

ذوالدواحبکو بسنسکرت دمی کہتے ہیں اور رجست کا بھی نام ہے

عین با قاف

عَقْد: گرہ دینا عہد و پیمان و نکاح و بیع و شراجہ آپس میں ہو۔

عُقدہ گرہ گنٹھ زبان سخن مین اسکے لکنت کرنا بات مین -
عقدہ مسئلہ دشوار گلوبند یعنی ہار جو گلے مین پہنتے ہین
عُقدہ جمع عقدہ یعنی بہت سے عقدے اور مشکلین جو پڑ جائین
عقاید جمع عقیدہ کسی بات کو دل مین سچ جاننا اور پختہ یقین کرنا

عین باکاف

عکس وضع صنعت شعری کا نام ہے کہ نصف مصرع کو اگر الٹا کر
پڑہین تو وزن و قافیہ و ردیف درست نکلتا ہے -

عین باہیم

عمید پیشوا قوم سرگروہ و قافلہ سالار و حاکم و فرمانروا
عمود ستون وہ چیز جو کھڑی کرنے مین نماز و دہ تہہ قوم و سرگروہ
عماد بہت سے ستون اور بنائین بلند اور اونچے دیوارین
عمدہ جان بوجھ کر کام کرنا اور دشمنی رکھنا مرتکب جرم کے ہونا -
عمدہ و عمد جمع عمود بہت سے ستون جمع مکان مین ہون

عین بانون

عند نزدیک قریب پاس پاس -
عُنود استیزہ کرنا حق کے برخلاف کرنا ناحق کے مرتکب ہونا -
عنود استیزہ کرنیوالا گمراہ ناحق شناس -
عنید الگ ہونیوالا سرکش عداوتی و جنگ آور -
عناد استیزہ و سرکشی و عداوت ناحقہ و لڑائی -
عُنقود خوشہ انگور جو ایک شہور میوہ ہے -
عناقید جمع عنقود یعنے بہت سے خوشے انگور کے

عین باواو

عوائد و بہرا آنیوالے سود و منافع وصلہ و دہرا نہا -
عَود پھر آنا اور تازہ یعنے نزادنٹ -
عُود مطلق لکڑے اور ایک قسم کے سیاہ لکڑے
جو آگ مین ڈالنے سے خوشبو دیتی ہے اگر ہے اور سکہ کہتے ہین

عین ہاہے

عہد عرصہ زمانہ قول اقرار عہود اسکی جمع ہے یعنی بہت سے زمانے

عین بایا

عید ہر چیز بار بار آنیوالی اور نام ہے تہوار مسلمانون کا
جو سال مین دو مرتبہ آتا ہے ایک عید فطر بعد گذرنے
ماہ رمضان کے پہلے شوال کو اور دوسرے
عید اضحے بعد حج کعبہ کے دسوین تاریخ ذی الحجہ کو
جس روز مسلمان قربانی بکرے وغیرہ کی کرتے ہین

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
غین اور اخیر مین دال ہے

غین باد ال

غدد جمع غدہ جو غدود گوشت وچربی سے نکلتا ہے -
غدہ صبح آئندہ یعنے جو روز مستقبل آئیگا -

غین باسیم

غمد تلوار اور چھری کا میان جو مشہور چیز ہے

غین باون

غُند پیچیدہ جمع ہوا ہوا اکٹھا ہوا ہوا فراہم ہوا ہوا -

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
فا اور اخیر مین دال ہے

فا باد ال

فاسد بگڑا ہوا اور بگاڑنیوالا فساد ڈالنے والا
فارد و جگانہ زن و جدا اور فرد آدمے اکیلا -
فاقد گم کرنیوالا مفقود کرنیوالا نابود کرنیوالا -

فا باد ال

فَدْ فَدْ صحرا و زمین ہموار اور لق و دق جنگل جمعہ فیافی صفادر مین

فا با رای

فُرُوْد زیر درخت نیچے اور آگ اور دریا مین -

فَرْ کَنْد زمین جس مین گڈھے ہون نہ زیر و بالا زمین ناہموار اور جس زمین مین پانے بہرا ہوا ہو -

فریاد فُغاں دنیا ظلم کے داد و فریاد کرنا -

فَرْہاد نام عاشق شیرین جنہون نے شیرین کے ساتھ اپنی جان دیدی

فَرْجَد پدر و جد باپ دادا نانا بزرگ لوگ -

فرح آباد ایک شہر ایران مین ہے -

فرخ آباد ایک شہر ہند مین ہے -

فَرْغَنْدَہ اکاس بیل جو خار دار درخت پر پیدا ہوتی ہے

فَرْصاد توت جو میوہ و درخت مشہور ہے

فَرْقَد گوسالہ اور دو ستارے جو قطب کے پاس ہین

فِرِنْد بمعنے پرند شمشیر و جوہر شمشیر اور نام پارچہ

فرستند بھیجنا فرستید غلط ہے -

فرزین بند ایک چال شطرنج کے ہے -

فُرْمُوْم ایک گھاس کا نام ہے جو نہایت سرد ہے -

فَرْزَنْد پسر و دختر و نوکر کہتے ہین یعنے اولاد

فَرِیْد یگانہ اور نام ایک کامل ولی کا جسکا مزار پاک پتن پنجاب مین ہے خاندان چشتیہ کا یہہ بزرگ تھا -

فَرْد یگانہ اکیلا لاثانی اور یکتا شخص -

فَرائِد جمع فرید جسکے معنے مفرد اور تنہا کے ہین -

فا با صاد

فَصْد رگ سے خون نکلوانا خون لینا -

فَصّاد خون نکالنے والا جو شخص اپنی نشتر سے خون نکالے

فا با قاف

فَقْد گم کرنا اور گم ہونا جیسے جانا آنکھون سے نابود ہونا

فا با نون

فَنْد دروغ و خطا و سستی رای و مکر و حیلہ و فریب -

فا با واو

فُؤاد بوزن مراد دل و در معدل و رول کا رادہ -

فَوْلاد معرب پولاد جو ایک قسم کے لوہا مشہور ہے -

فا با یا

فَیْد آگرہ کے راہ مین ایک قلعہ کا نام ہے -

فیل بند بازی شطرنج کے ایک چال ہے -

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور اخیر مین دال ہے

قاف با الف

قاعِد بیٹھا ہوا اور بیٹھنے والا اور جو عورت حیض آنے سے رہ گئی ہو

قائِد آگے آگے لکڑی پکڑ کر چلنے والا اور سردار و لشکر کش -

قاصِد ارادہ کرنیوالا راستی چلنیوالا مستعد و صاحب ارادہ

قاف با باء

قُباد معرب کواذ نام پدر نوشیروان بن ہرمز بادشاہ عظیم الشان و ملیم

قاف با تاء

قَتْد خورد خیار یعنی گھاس کا نام جو ایک سبزہ ہے -

قَتْر شتر بزرگ بڑا اونٹ جو بارکش اونٹ ہو -

قَتْد بادرنگ خیار سبز جو پکا ہوا ہو سیدھا اسکو کہیں اکثر مین

قاف با دال

قَدْ بیخ سے نکالنا جیسے نا کو ناہ کرنا سخن کا جھگڑا کاٹنا قد و قامت و تقطیع اعتدال و لونیت بزغالہ جسے برتن بنائین -

قَدِیْد وہ گوشت جو دھوپ مین سکھا کر رکھتے ہین جسکو

قَرْدَہ بوزنہ یعنے بندر جو ایک چالباز مشہور ہے۔
قِرَادَہ چیچر جو کتوں اور گائے وغیرہ کے جسم پر اکثر ہوتے ہین

قاف بازای

قَرَاگَنْدَنہ پہلے ایک جانب کو ابریشم کا بنا کر جنگ مین پہنچتے ہین اور تلوار اوسپر کار گر نہین ہوتے۔

قاف باصاد

قَصْدَہ ارادہ و اہتمال و عزیمت راہ سفر پر اور متعدد ہونا کسی کام کا

قاف باطاء

قَطْرَہ دُرُدْ وَ کنایہ ابر و آفتاب یعنے سورج و بادل

قاف باعین

قُعُودَہ بیٹھنا اور بیٹھنا بعد سونے کے اور جوان اونٹ

قاف بافاء

قُفْلَ بجذ۔ ایک قسم کا قفل ہوتا ہے جو بدستی حروف کے مجذ کیا جاتا ہے

قاف باللام

قَلَائِدَہ جمع قلادہ گلوبند اور پٹہ کتے کا جو گلے مین ڈالتے ہین
قَلَمْ بند قلم بنانیوالا اور جو مضمون تحریر ہوا ہو۔
قَلْعَہ الغداد و۔ لوطیون کے اصطلاح مین شکم کو کہتے ہین۔

قاف بانون

قَنْدَہ سعر کند ماخوذ کہنڈ سنسکرت یعنے کہانڈ و مصری۔
قَنَّادَہ قند ساز و حلوائی جو شیرینی بناتا ہے۔

قاف باواو

قُوَّادَہ دلال بغیرت و قلتبان و قرساق جسکو اپنی عورت کی غیرت نہو ہنسے مین اوسکو ہیڑوا کہتے ہین۔
قُوَدَہ قصاص لینا بدلہ لینا کسے سی کسے یا بکا۔
قَوَاعِدَہ جمع قاعدہ نام کتاب جو قوافی کے علم مین ہے

قاف بایاء

قَیِّدَہ مشہور بلفظہ ہی یعنے کسیکو بند کرنا بے بس کرنا۔
قید بند و قلعہ حصار اور وہ مکان جہان قیدیونکو رکہا جائے

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین دال ہے

کاف باالف

کَاسِدَہ بیروزگار اور وہ چیز جسکے طرف کسی رغبت نہ کرے ان مال
کَارِبَنْد فعل کرنیوالا اطاعت کرنیوالا فرمانبردار و مطیع۔
کَارَدَہ چھری لوہی کی جسے کوئی چیز چیرین۔
کَالَبُدْ قالب ہر چیز و تن و بدن انسان یا حیوان کا۔
کَاغَذْ باد و پتنگ جو ہوا مین اوڑاتے ہین لکہنے پڑہنے کا کاغذ ہے
کَامَہ حرص و ہوا و شہوت و خواہش نفس کے۔
کَایِدَہ مکاری یعنی مکر کرنیوالا فریب دینے والا فریبی آدمی
کَارَمَنْدْ فہ مکار کام کرنیوالا کام کا آدمی۔
کَاوْ صیغہ ماضی کا دن ہے جسکے معنے کاٹنیدن و جماع کردن ہے

کاف بابا

کَبِدَہ جگر جو عضو رئیس پہلوئی راست مین ہے کباد اسکی جمع ہے
کُبَادَہ درد جگر یعنے وہ درد جو جگر کے مقام پر ہو۔
کَبُودَہ رنگ نیلگون یعنی آسمانے رنگ۔

کاف بادال

کَدُودَہ کہوا جانور جسکو بے مین بیر کہتے ہین۔

کاف بارے

کَرْدَہ کار و عمل اور کیا یعنے فلان فلان کار کرد یعنے کہی دن سے
کُرْدَہ نام قوم صحرائے اور وہ مرد جسکی کنارے بندوبچہ مین زیادہ ہو
وہ بے تمیز و شبان جو موشی چراتا ہے۔
کُرَّہ نا گشادہ بچہ جسپر سوار نہوئی ہو اور نہ زین پڑا ہو
گُرْدَہ پہلوان و دلاور و جانمرد و بہادر و جنگ آور آدمی

گردند شہر اور ایک قسم کا ابریشم و آفتاب غم و نقص و غبار
گریہ بید فقم درخت بید۔
گرگ بندہ گرفتار گران وزبون و اسیر و قیدی آدمی
گرو باد ہوا کا بگولہ جو پہرتا ہوا جاتا ہے۔

کاف بارا

گزیند باج و خراج و جزیہ جو مسلمان بادشاہ کافر رعیت سے لیتے ہین
گزمند آفت و آسیب و رنج و درد کہہ جو کسیکو پہونچے۔

کاف باسین

کساد ذبے رواجی و عدم خریدار کی وارزانی کسی چیز کے۔

کاف باشین

کشاد خوشی و فتح و فراخ اور چھوڑنا تیر کا کمان سے اور کھولا ہوا اور کھلا ہوا

کاف بالام

کلند زمین کہودنیکا آلہ جسکو کسی کہتے ہین اور بہاوڑا بھی اسکا نام ہے
کلید جسے قفل کہولا جاتا ہے مین اوسکو تالے کہتے ہین
کلہ قند کوزۂ قند جو مشہور چیز ہے۔
گلقند معروف چیز ہے اور کنایۃً لب معشوق
گلبند نام جامۂ زنگین جسکو باندہو کہتے ہین۔

کاف باہم

گمند اصل مین خمند تہا کہ خم و پیچ اوس مین ہوتے ہین
گمبند جسے کہ باندہین اور غلام و چاکر جورو و عاجز رہے
گماد کوئی چیز جو آگ سے گرم ہو کسی چیز کو گرم کرنا اور سکنا

کاف بانون

گنجد قابل جسے تیل نکالتی ہین نام ایک نبات کا ہے
گندہ گانو و جراحت و ریش اور بہا گناہ و قند و شکر۔
گنوہ و ناپاس آدمی درمین شور جس مین کچہہ پیدا نہو۔
گنوہ و ناپاسی کرنا ناشکری کرنا کافر نعمت ہونا۔
گنج باد آور دخزینہ پرویز کی خزانچی سے ایک خزانہ کا نام ہے

تسمیہ یہ کہا ہے کہ بادشاہ روم نے اپنا خزانہ جہاز زمین لاد کر روانہ کیا ہوا سے مخالف ہوئی کہ جہاز خزانے کا لادا ہوا ایران کے علاقہ مین آگیا اور کارپردازان ایران نے وہ خزانہ لیکر بادشاہ کی پاس بھیجدیا جسکو وہ خزانہ ہوا کی ذریعہ سے آیا تہا بادشاہ نے اوسکا نام گنج باد آور رکہا۔
گنبد عمارت مدور اور چلدون قلم سے کودنا ہرن اونگہو یکا
گند بیکار تلوار وغیرہ جسکے تیزی جاتی رہی ہو۔
گنبد چار بند بنا ہوا اربع عناصر چہار طرف کے بنایا آسمان
گند بوئی بد بو بوئی مطلق جو ہر خوش ہو جو ہر بد۔

کاف باواو

گوند خرمن غلہ جو جمع ہو بعد کاٹنے کے کہتے ہین
کون و فساد ہونا نہونا عالم دنیا سے ہست و نیست۔
کوہ زمرد کنایۃً شی محال جو کسیکو مل سکے
کوچہ بند محفوظ و مامون چیز جسکو کوئی لے نسکے
گوگرد گندک جو مشہور معدنی چیز ہے۔
گوسپند بکری بھیڑ جو مشہور جانور ہین۔

کاف باہا

گہند زاہد گوشہ نشین و خلوت نشین عبادت کرنیوالا
گہند مصر و خزانہ دار خزانچی جسکے پاس مال و پیسہ رہے۔

کاف بایا

کی قباد شاہ عادل نام بادشاہ۔
گید مکر و فریب و دغا کرنا دانو و ینا کیسکو۔
گیدہ نام راجہ ہند جو ہم عصر سکندر تہا و نام ستارہ کا ایک جسکو کیتو کہتے ہین
گیاہ دوا و علاج و حیلہ کرنا کسی شخص کو بہت فریب دینا ہون۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف

لام اور اخیر مین دال ہے

لام با الف

لَاَیدٌ ع ضروری ہر کپڑا اور بدہنی لامعنے نفی اور بد بمعنے چارہ
لَاَدٌ ع وہ دیوار اور ایک قسم دیباکا اور ایک قسم کا عطر و قلعہ
لَاتُعَدٌ ع بے شمار و بہت اندازہ بے تعداد۔

لام با باء

لَبادٌ وہ لکڑی جو بیل کے گردن پر رکھکر کر فلبہ کرا کرتے ہین یعنے جوہ
لَبادٌ ع جامہ بارہ کے جو نمد سے بناتی ہین اور بارش مین پہنتے ہین
لَبَدٌ ع بہت مال جمع رکھا ہوا اور خزانہ جمع رکھا ہوا۔
لَبِیدٌ ع جوال خورد اور نام شاعر کا جو عرب مین رہتا تھا۔

لام با حاء

لَحَدٌ م قبر جسمین مردہ دفناتی ہین اور وہ جگہ جہان مردہ کو غسل دیتے ہین۔

لام با دال

لَدٌ ع جمع الد بمعنے گراہ تر اور سرشیرہ تر اور جنگ آور آدمی

لام با واو

لَوْرَ گندٌ ع بواو مجہول وہ مغاک جو سیلاب سے زمین مین پڑ جائے
لَوِیدٌ ع بواو مجہول ایک قبیلہ عرب کا شاہ جو قسم ایک کا ہے۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین دال ہے

میم با الف

مانِندٌ ف حرف تشبیہ اور مثال کا ہے۔
مارِ سفندٌ ف نام روز بست و نہم ہر ایک مہینے شمسی سے۔
ماست بندٌ ف پنیر ساز جو پنیر بنا کر بیچتے ہین۔
مَاُوَالَوْرَدٌ ع عرق گلاب جو پھولون سے نکالتے ہین۔

میم با باء

مبادٌ ف نہو یعنے خدا کرے یہہ بات نہو۔
مِبَرٌ ذ ع سوہان آہنی اوزار لوہار و سنگ۔
مُبَرِّدٌ ع سرد کرنیوالا جو کسی چیز کو سرد کرے۔
مُبَرِّدٌ ذ ع نام ایک نحوی کا ہے جو علم نحو مین فاضل تھا۔

میم با تاء

مُتَعَوِّدٌ ع خوگیر اور عادت کرنے والا۔
مُتَضَادٌ ع مخالفت کرنیوالا ضد کرنیوالا دشمنی کرنیوالا
مُتَرَدِّدٌ ع فکرمند اور چلنی والا زحمت کرنیوالا۔
مُتَعَنِّدٌ ع دشمن و بدخواہ اور عناد کرنیوالا۔
مُتَعَبِّدٌ ع بہت عبادت کرنیوالا بہت گے کرنیوالا۔
مُتَصَاعِدٌ ع اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا۔
مُتَمَرِّدٌ ع سرکش و نافرمان و مغرور و متکبر۔
مُتَبَلِّدٌ ع کند ذہن و احمق و کم فہم۔
مُتَرَصِّدٌ ع امیدوار طمع رکھنیوالا۔
مُتَحَدٌ ع اتحاد کیا گیا ایک کیا گیا یگانہ کیا گیا۔
مُتَزَائِدٌ ع زیادہ ہونیوالا بڑھ جانیوالا ترقی کرنیوالا۔
مُتَعَدٌّ ع شمار کیا گیا گنا گیا حساب کیا گیا۔
مُتَعَهِّدٌ ع ذمہ دار آدمی یعنے جسکا ذمہ کیا گیا ہو۔
مُتَقَاعِدٌ ع پست ہونیوالا سستی کرنیوالا۔
مُتَوَلِّدٌ ع پیدا ہونیوالا موجود ہونیوالا۔

میم با جیم

مُجْتَهِدٌ ع جہد و اجتہاد کرنیوالا ماہ صوم رکھنے والا
مُجَدِّدٌ ع بزرگوار و گرامی اور پاک نیک کردار آدمی
مُجَلَّدٌ ع جلد کیا ہوا یعنے کوئی کتاب جسکے جلد ہو چکی ہو
مُجَمَّدٌ ع چیز رقیق جو سرد ہو کر جم جائے مسطح یا جم جاتا ہے

میم با حاء

مَاجِدٌ ع مرد بزرگوار اور بڑا باپ دادا اور اوستاد وغیرہ

مجہود ع کوشش کیا گیا جد کیا گیا سعے کیا گیا۔
مجعد ع پیچے دار بال مینجدار زلفین۔
مجدد ع نئی سے پیدا کرنیوالا تازہ کرنے والا۔
مجدد ع نئی سرے سے پیدا کیا گیا دوبارہ پیدا کیا گیا۔
مجدد ع حالت درونے دنام حکیم سنائی جو مشہور حکیم ہے
مجاہد ع کافرون کے ساتھ لڑنے والا جہاد کرنیوالا۔
مجدع ع بزرگے دبزرگواری دنیکے دخوبے۔
مجدع ع کوشش کرنیوالے لوگ سے کرنیوالے۔
مجرد ع تنہا دمردے زن بے تعلق ملایک ارواح وغیرہ

میم باجاء

محسود ع حسد کیا گیا جسکو دیکھکر حاسد حسد کرے۔
محصود ع کہیتے کٹے ہوئی غلہ کاٹا ہوا۔
محامد ع جمع محمدت تعریفین نیک خصلتین خوبیان۔
محمود ع تعریف کیا گیا اور نام بادشاہ غزنین کا۔
محمد ع بہت صفت کیا گیا اور نام پیغمبر صلعم کا۔
محدود ع حد کیا گیا کنارہ بنایا گیا فاصلہ ڈالا گیا۔

میم باخاء

مخضود ع درخت پاک کیا گیا یعنے اوسکے کانٹے اوتارے گئے
مخلد ع ہمیشہ رہنے والا نہ مرنے والا۔

میم بادال

مدد ع کمک حمایت کرنا بوقت کسے مشکل کے۔
مداد ع لکھنے کے سیاہی جسے کتاب لکھین۔
مدید ع دراز اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔
مدع کشش دینے کو اور کشش شع الضبر لکھتے ہین۔
مدع نام پیمانہ مقدار دطل یعنے دو رطل کا مقدار

میم بارای

مرداد ف نام ماہ شمسی تقریبا ماہ بہادون جو مشہور تہلیہے

مرتد ع اسلام سے پھرا ہوا آدمی جسنے اسلام چھوڑ دیا ہو۔
مرتدہ جسکے آنکھین کچھ کہتی ہون رمد کے بیمار ہو اور خرخرا آنکھوں
مردد ع پھیرا گیا رد کیا گیا بیکار کیا گیا مرتد کیا گیا۔
مرید ع متمرد سرکش نافرمان ومردود دکافر۔
مرید ع ارادہ کرنیوالا جسنے ارادت فرمانبردار تابع۔
مرتفد ع خوابگاہ یعنی جسجگہ پر انسان سوئے۔
مرقد ع خوابگاہ صیغہ اسم ظرف رقود سے مجازا گور یعنی قبر
مرید ع اونٹکے بٹھلانیکے جگہ یعنے جسجگہ اونٹ بیٹھے
مرقد ع کاسہ بزرگ پیالہ پانی وشراب پینے کا۔
مردود ع رد کیا گیا دور پھینکا گیا منکر خدا ورسول کا۔
مراد ع ارادہ کیا گیا مطلب مقصد اور دلکے خواہش
مرارید ع موتے جو مشہور جواہر ہے۔
مرد بے ریش ہونا حد سے گذرنا اپنی مقام سے بڑہنا۔
مرد ع جمع امرد اور فارسی مین مرا اور رفت ہوا۔
مرد ع ماتہہ سے ملنا اور پانی مین تر کرنا دمیوہ درخت ارک
مرصاد ع راہ فراخ جسمین کسی طرح کے بندش نہو۔
مرصد ع جائی امید وجا طمع اور جگہہ حصول نفع کے۔
مراصد ع جمع مرصد یعنے بہت سے مقام امید کے۔
مرشد ع راہ راست دکھلانیوالا ارشاد دینیوالا پیر گورو
مرصود ع امید رکھا گیا طمع رکھا گیا۔
مریزاد ف نغزش مین نہو خدا کرے نہ گرے۔
مرگ نوسار کہاوت فتنہ تازہ برپا ہونیکے وقت کہتے ہین

میم بازے

مزید ع زیادتی وافزونے اور بڑہنا اور ترقی کسی چیز کے
مزرود ع زرہ پوش یعنے جس شخص نے زرہ پہنے ہو۔
مزاد ع توشہ دان جسمین راہ کا خرچ رکھین۔
مزاد ف زیادہ کیا گیا افزون کیا گیا بڑھا دیا گیا۔
مزدف مزدوے۔

میم باسین

مُشتَہَد ع فکرمین جامنیوالا اور رشت غم کی معنی کہتا ہے
مُشتَبَد ع دور و دشوار یعنی جو بات ناممکن الوجود ہو۔
مَسَد ع ریشہ درخت و ریسمان پشم شتر۔
مُستَسعِد ع سعادت و بہبودی ڈھونڈنیوالا یا ری مانگنے والا۔
مُستَزاد ع زیادہ کیا گیا بڑہایا گیا ترقی کیا گیا۔
مُستَرَد ع واپس یا گیا پہیر دیا گیا موڑا گیا۔
مُساعِد ع یاری دہندہ مدد دینیوالا حمایتی۔
مُسَہَّد ع بیدار کیا گیا جگایا گیا نیند۔
مَسنَد ع تکیہ گاہ اور جائے قیام و جائے پناہ۔
مُسنِد ع روزگار و زمانہ و پسر خواندہ و صرام زادہ و جائے تکیہ
مُسنِد ع تنہا کسی کام پر کھڑا ہونیوالا کیے کام کرنیوالا۔
مُستَجِد ع ماخوذ جدید سے نیا بنایا گیا تازہ کیا گیا۔
مُستَنَد ع جس چیز پر پشت کے جائے تکیہ و پشت پناہ
مُستَنِد ع پشت پناہ دینے والا حمایت کرنیوالا۔
مُستَعِد ع سانگے و آمادگی رکھنیوالا کام پر مضبوط۔
مُستَعاد ع نفع لیا گیا اسم مفعول استعادہ سے اور ماخوذ عایدہ سے
مُستَفاد ع فایدہ لیا گیا نفع لیا گیا کسے سے۔
مُستَرشِد ع رہنمائی طلب کرنیوالا ارشاد مانگنیوالا۔
مَسجِد ع جائے سجدہ جمع اسکی مساجد ہے سجدے کا مقام
مُستَفِید ع فایدہ پایا گیا نفع پایا گیا کسے سے۔
مُستَوقِد ع آگ بھڑکانیوالا آگ روشن کرنیوالا۔
مَسدُود ع بند کیا گیا دیوار بنایا گیا کسے مقام پر
مَسعُود ع صاحب سعادت نیک بخت نیکو کار آدمی۔
مُیَسَّر ع آسان جسے چڑے ہین تسہیل کرتے ہین ہمزہ آرنام سے

میم باسین

مُشاہِد ع دیکھنے والا نظر کرنیوالا۔

مُشتَہَد ع تشدید دیا گیا سخت کیا گیا۔
مَشہُود ع حاضر کیا گیا گواہی دیا گیا دیکھا گیا۔
مَشہَد ع حاضری کا مقام اور قبرستان شہید و نکالعذنام شہر ایران مین جسکو پہلے طوس کہتے تھے چونکہ روضہ علی بن موسے رضا انکا وہان ہی اسلئے مشہد اسکا نام ہے۔
مُشَیَّد ع گچ کیا گیا مضبوط کیا گیا قایم کیا گیا۔
مُشَیِّد ع گچ اور چونے سے بنایا گیا۔
مُشَیِّد ع گچ اور چونے سے بنانیوالا اور شید بمعنے گچ و چونہ مشک بید فارسی کا قسم کا بید ہی جسکے پھول خوشبو ہوتے ہین مشک کافور کردہ سیاہ کو سفید کیا بد کو اچھا کیا جاہل کو عالم بنایا کافر کو مسلمان کیا۔

میم باصاد

مَصاعِد ع جائے بلند اونچی مقام بہت سے بلند محل
مَصعَد ع اوپر جانیکے جگہ اونچا مقام بلند محل۔
مُصعِد ع بلندی پر چڑہنے والا اوپر جانے والا۔
مَصاید جمع صید شکار انداز یان خلاف قیاس
مَصرَع تندرہ اچھا مصرع جو بے تلاش حاصل ہو۔

میم باطاء

مَطرُود ع مردود ہوا ہوا رانده رد کیا گیا نامنظور کیا گیا
مُطَّرِد ع ایک تیرہ پر ہونیوالا ایک طریق پر چلنے والا
مِطرَد ع چھوٹا نیزہ اور کپڑا جو اور کپڑون کے نیچے پہنین

میم باعین

مَعابِد جمع معبد عبادت خانی جسجگہ خدا کے بندے کرین
مُعِید ع بار بار کام کرنیوالا ایک کام پر اعادہ کرنا۔
مُعِد ع تیار کرنیوالا درست کرنیوالا مضبوط کرنیوالا۔
مُعَدّ ع تیار کیا گیا درست کیا گیا قایم کیا گیا۔
مَعدُود ع تیار کیا گیا اور تھوڑے چیزہ تعداد جو کم ہو

مُقتضِد ع یاری پکڑنے والا نام خلیفہ عباسی جو ۴۰۱ھ میں فوت ہوا۔
مُعاقِد ع گرہ باندھنے عہد کرنے ضامن کرنے مقام مقام قرار
مُعبَد ع جائے عبادت بت کدہ گھر مسجد وغیرہ۔
مُعبَّد ع عبادت کیا گیا یعنے وہ شخص جسکے عبادت کی گئی ہو
مُعدّ ع گن گیا ساز و سامان دیا گیا شمار کیا گیا۔
مُعربِد ع جنگجو بد خو خوار آدمی بد خو و بد مزاج۔
مَعاد ع جائے بازگشت عالم آخرت روز قیامت۔
مُعتمَد ع اعتماد کرنے والا صاحب اعتبار۔
مُعاضِد ع مددگار حمایتی یار دینے والا۔
مُعاقِد ع عقد کرنیوالا گرہ باندھنے والا۔
مُعاوِد ع عود کرنیوالا پھر آنے والا۔
مُعاہِد ع عہد کرنیوالا اقرار کرنے والا۔
مَعبُود ع عبادت کیا گیا یعنے جسکے عبادت کی جائے خداوند تعالے کا یہہ نام ہے۔
مُعتقِد ع صاحب اعتقاد یعنے وہ شخص جو خلاص رکھتا ہو اور دل سے کسی کی نسبت صاف ہو۔
مُعتقَد ع جگہ باندھنے کے یعنے جسکو گرہ باندھیں
مَعقود ع باندھا گیا یعنے جسکو گرہ میں باندھ لیا ہو۔
مُعتمَد ع اعتبار کیا گیا یعنے جسپر اعتماد کیا گیا ہو۔
مُعانِد ع دشمن عناد کرنیوالا خصومت و عداوت کرنیوالا۔
مَعہود ع قدیم وکہنہ عہد کیا گیا قول و اقرار کیا گیا۔
مُعتاد ع عادت پکڑا گیا اور عادت پکڑنیوالا انسان
مُعتدِ ع حد سے بڑھنے والا و ستمگار یا انداز سے نکلنے والا۔

میم با عین

مُتعمِّد ع پوشیدہ اور تلوار غلاف میں کی گئی اور پوشیدہ راز

میم با فا

مُفسِد ع فساد کرنیوالا فتنہ و شور برپا کرنے والا۔
مُفسَد ع خون نکالنے کی جگہہ فصاد فصد لینے والا۔
مُفیدِ ع فایدہ مند چیز یعنے ایسے چیز جسے فایدہ ملے
مُفقود ع گم کیا گیا نیست و نابود کیا گیا و ور کیا گیا
مُفتقَد ع گم کیا گیا باز پرس کیا گیا نابود کیا گیا۔
مُفرِد ع فرد کیا گیا اور بندہ فرمانبردار و مطیع و تابع حکم
مَفاسِد ع جمع فساد کی بہت سے خرابیاں۔

میم با قاف

مَقصِد ع جائے صدور نطق صادر ہونے کی جگہہ یعنی جائے ادا
مَقاصِد ع نام کتاب علم کلام میں جو معتبر کتاب ہے
مَقام محمود ع بڑا درجہ و نام مقام جو مختص بمقامات محمدی ہے
مُقلِّد ع بغیر دلیل کے عمل کرنیوالا و قبول اور پیروی کرنیوالا
مَقعَد ع بیٹھنے کی جگہہ مجازاً دبر جسپر انسان بیٹھتا ہے
مَقصود ع ارادہ کیا گیا عزم کیا گیا خواہش کیا گیا
مُقیَّد ع قید کیا گیا بند میں دیا گیا اور وہ قیدی جو قید خانہ میں ہو۔
مَقافِد ع جمع مقعد یعنے بہت سے بیٹھنے کے مقام
مَقود ع ریسمان و پالنگ جو چارپایہ پر باندھتے ہیں
مَقالِید ع جمع مقلید بمعنے کلید یعنے قفل کے تالی اور تالیاں

میم با کاف

کاف با سین

کشاکش ف کھینچ تکلیف کدورت غصہ رنجش۔
کشایش ف فراخی وکشادگی یعنے کھلنا وسعت مین آنا۔
کشش ف کھینچ ورغبت وجذب جو کسی چیز کی نسبت ہو۔
کشمش ف سوکھی انگور اور واکہہ سوکھی ہوئی۔
کش ف بغل وکروسہ نام شہر ماوراالنہر مین۔
کشیش ت معلم کفار کا فرون کی تعلیم دینے والا۔
کش ف خوش رفتار اور اچھی چال چلنے والا آدمی۔

کاف با فا

کفش ف جوتا زیر پائی جو لوگ پاؤن مین پہنتے ہین۔

کاف بانون

گنکاش ت مشورت وصلاح جو کسی کام کے لئے آپسمین کرین۔
کنکاش ت مشورہ وتجویز جو آپسمین کرین۔
کنش ت کینہ جو دل مین ہو۔
گنجایش سمائی کسی چیز کی کسی جگہہ مین ہو۔
کنش ف عمل کردار وافعال جو انسان سے سرزد ہون۔

کاف باواو

کورنش ت تہا مجازاً سلام کرنا تعظیم دینا جہک جانا۔
کوکلتاش ف پیار در رضاعی ودودہ کا بہائی۔
گوارش ف خوش مزگی وہضم طعام ونام دوائے مرکب جسمین خوش مزہ ہو جو ارش اسکا معرب ہے۔
گوش ف کان مخفف گوشہ اور نام جو دہویں برج ہاشمی کا
کوشش ف سعی جو کسی کام مین کیجائے۔

کاف با یا

کینہ کش ف وہ شخص جو دل مین غصہ رکھے۔
کیش بہای مجہول خوے وعادت ودین وف مذہب ونام شہر جزیرہ بحر فارس مین اور ترکش تیرون کا ونام جامہ قسم کتان ونام جانور جسکے چمڑے کی پوستین

بناتے ہین ودرخت شمشاد۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف لام اور اخیر مین شین ہے

لام با الف

لاش ف تن مردہ اور عربی مین مخفف لاشی یعنی ہیچ ناچیز

لام با یا

لب کش ف چاشنی جو کھانے مین ہی چکہہ لیتے ہین۔

لام با غین

لغزش ف پہسلنا پاؤن کا بر عکس ثبات ناتدبر کا۔

لام با نون

لنگر کش ف ایک کشتی کے داؤ کا نام ہے۔

لام باواو

لوآش ت نرم اور پتلی گیہون کی روٹی جسکو پہلکا کہتے ہین
لوش ف بواد بھول بے خبر وبیہوش واحمق ومست وکج دہن وجذامی وگل ولائی یعنے کبیڑ۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور آخر شین ہے

میم با الف

ماش ف مشہور غلہ ہی جسکو مونگ واٹھ کہتے ہین۔
مالش ف ملنا کسی دوا کا جسم پر یا ملنا افسوس کی حالت مین علے ہذا القیاس۔
ماورآ تش ف کنایۃ برق یعنی بجلی۔
مارپیکر وفش ف کنایۃ شیاآسمان۔

مالید گوش ف اے ہوشیار کردینے خبردار کیا۔

میم با باء

مپیش ف اندیشہ مباش یعنے مریزمت گرا اور مت بکھیر

میم با تاء

مُتعطش ع تشنہ یعنے پیاسا جسکو پانی کی خواہش ہو
مُتفقش ع ڈھونڈنے والا جستجو وتلاش کرنے والا
مُتوحش ع وحشت زدہ دیوانہ وحشی بے خبر
مُتکرش ع مردریش تراشیدہ یعنے جسکی داڑھی کتری ہوئی ہو

میم با جاء

مُحتوش ع جلا ہوا آلودہ ہوا ہوا وکروہ ماخوذ وحش سے جسکے معنی آگ جلانے کے ہین۔

میم با خاء

مُخذوش ع خراشیدہ شدہ یعنی چھلا ہوا اور پوست اوتارا ہوا
مُخروش ع چھیلا ہوا پراگندہ وپریشان ہوا ہوا۔

میم با دال

مدہوش ع متحیر وبے خبر یہ لفظ عربی ہے مستعمل فارسی مین بمعنے مست وبے ہوش۔

میم با راء

مرزبگوش ومرزنگوش قسم ریحان خوشبودار ہندی مین اسکو دونہ کہتے ہین۔
مُرغش ع رعشہ دار ولرزان اور وہ بیمار جسکو رعشہ ہو
مُرغ ع باز گیر کبوتر یعنے کبوتر بازی لگانے والا۔
مَرغش ع شام مین ایک شہر ہے۔
مریش ف ریش مکن یعنی زخمی نکر صیغہ نہی ہے۔
مُرشوش ع چکیدہ شدہ وباشیدہ گا ہوا ہوا گرا ہوا
مُستوحش ع وحشت ناک جسکے دیکھنے سے وحشت پیدا ہو۔

میم با شین

مشوش ع پریشان کرنیوالا پراگندہ کرنے والا۔
مُشوش ع پریشان کیا گیا پراگندہ کیا گیا۔
مشمش ع زرد آلو وخوبانی جو ایک قسم کا میوہ ہے۔
مشت وورش کنایۃً امرد شوار جسکا کزا دشوار ہو

میم با صاد

معاش ع زندگانی کزارا وہ جس چیز سے زندگانی کرین یعنے دنیا
معایش ع اسباب زندگانی اور معشت کا سامان۔
مغشوش ع مجمع کیا گیا کسب کیا پیرایہ سیا گیا۔
معطش ع پیاس لگانے والی چیز۔

میم با غین

مغشوش ع خیانت کیا گیا اچھے مین ناقص ملایا گیا۔

میم با فاء

مفرش ع جامہ خواب کہنے کا مقام و بستر وفرش وغیرہ
مفروش ع فرش کیا گیا بچھایا گیا۔
مفشوش مست بے عقل ونادان بیوقوف آدمی
مفتش ع ڈھونڈنے والا جستجو کرنے والا۔

میم با قاف

مقدمۃ الجیش ع جو لشکر کے آگے بھیجا گیا ہو سب سے اگلا لشکر
مقیش ع تارہای نقرہ جو چوڑی کیے گئی ہون۔

میم با نون

منقوش ع نقش کیا گیا لکھا گیا نقشہ اوتارا گیا۔
منفوش ع دھنی ہوئی روئی یا پشم نداف کی کمان سے
منقاش ع موچنہ بال اکھاڑنے کا اور ناخن گیر۔
منش ع طبیعت وخوی انسان وعادت جو انسان کی ہو
منجوش ع ماہیچہ علم یعنے مچھلی کی شکل ع علم ریسمانے مین
منیوش ع کلمہ نہی ہے یعنے مت بن کان مت رکھ

میم با واو

مُوش ف چوہا جو شہر جانور ہے عربی مین اسکو فار کہتی ہین

مُوحِش ع بروزن مصور وحشت دینے والا دیو آدمی بنانیوالا۔

مُوحَش ع وحشت دیا گیا جسکو وحشت حاصل ہوئی ہو۔

مُوحِش ع اندوہگین کرنیوالا غمناک کرنے والا۔

میم با ماء

مَہوَش ف خوبصورت

میم با یاء

مِیشکوش ف نام ایک غلام کا۔

مِیخوش ف مزہ ترش و شیرین مثلاً سکنجبین۔

میش ف بھیڑی جو شہور چار پایہ ہے۔

میرآتش ف داروغہ توپخانہ و افسر آتش خانہ۔

مِینوش ف شراب پینے والا یعنی جسکو شراب پینے کی عادت ہو

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف نون اور اخیر مین شین ہے

نون با الف

ناتراش ف بے ادب بے سلیقہ ناخواندہ بیوقوف جاہل آدمی۔

ناؤنوش ف نغمہ و شراب عیش و عشرت و محفل شراب کی

نانخورش ف سالن روٹی کا جسکے ساتھ روٹی کھائین

ناعِش ع زندگی دینے والا آسودگی و آرام بخشنے والا

نازبالش ف نرم تکیہ جو امیرون کی مسند پر ہوتا ہے۔

ناخوش ف غمناک و اندوہگین و دلگیر آدمی۔

نالش ف فریاد کرنا رو ناحاکم کے آگے کسی کی ظلم سے۔

نون با باء

نباش ع کفن دزد یعنی کفن چور جو مردون کی کفن اتارے

نون با تاء

نَقش ع بال و کہاڑ نا پر نوچنا کاٹنا نکالنا کیسے پانوسے

نون با راے

نرمہ گوش ف کان کی لو یعنی نرم گوشت کان کے نیچے کا

نرمیش ف بھیڑ اور مینڈھا جو شہور چار پایہ ہے۔

نون با ثاثین

نِش ع سایہ درخت کا اور بمقام سایہ دار جہان درخت ہون

نون با عین

نَعش ع مردہ کا جسم جسکو لاش بھی کہتی ہین۔

نون با قاف

نقش ع کسی چیز کی شبیہ جو اصل کے مطابق ہو اور عام تحریر جو کسی کاغذ وغیرہ پر لکھی ہو۔

نقاش ع لکھنے والا اور نقش کرنے والا۔

نقوش ع بہت سے نقش جو لکھے ہوئے ہون۔

نون با کاف

نکوہش ف سرزنش و ملامت و بدگوئی و بدکلامی

نگارش ف لکھنا نقش کرنا کاغذ وغیرہ پر۔

نون با میم

مَتش ع ایک بیلدی کا نام ہے جسے بدن پر سیدھا غ پڑ جاتے ہین۔

نمکش نمک چھکنا ہنڈیا وغیرہ سے۔

نمائش ف دکھلاوٹ اور ظاہرداری۔

نون با واو

نوش ف شیرین و گوارا یعنی وہ طعام جو ذائقہ دار ہو

نوازش ف مہربانی و شفقت جو کسیکے حال پر کیجیے

نون با ہاء

نہش ف کٹنے اور سانپ کا کاٹنا اگلے دانتو نسے

نون با یاء

نیائیش ف زاری تحسین و آفرین و ستائش و عجز
نیوش ف دلشنو یعنی سن اور سننے والا شخص
نیش ف دندان نوک دار سگ و خوک وغیرہ کے

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف واو اور اخیر مین شین ہے

واو با حا

وحش ف جمع وحشی یعنے بہت سے وحشی جانور جنگلی
وحوش ع جمع وحش یعنی جمع در جمع بیشمار وحشی۔

واو با خار

وخش ف نام ایک شہر کا ہے۔
وخش ع نام بیماری جو چار پاؤنکو پاؤن مین ہوتا ہے

واو با زار

ورزش ف ڈنڈ پیلنا کثرت کرنا کشتی کے استعمال کے لئے

واو با ژاء

وزش ع ہوا کا چلنا وزیدن کے بھی یہی معنی ہین۔

واو با شین

وشش ف جو وحش و نظیر و مانند و نام شہر ترکستان مین و قسم بافتہ ابریشمی شملہ دستار۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ہا اور اخیر مین شین ہے

ہاے با رائے

ہراش ع ترس استفراغ و شکوفہ جو نباتی نکلے
ہراش ع رکتون کو لڑنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

ہاے با شین

ہش ع شادان و کشادہ یعنے خوش اور کھلا ہوا
ہش ع مخفف ہوش جو مشہور لفظ ہے۔
ہشاش ع خندان و کشادہ پیشانی۔

ہاے با واو

ہوش ف زیرکی و دانائی و جان و مرگ و ہلاکت۔
ہورش ف سورج یعنے آفتاب۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین شین ہے

یا با الف

یازش قصد ارادہ جو کسی کام کے انجام کے لئے کیا جائے

یا با تاے

یمتمش ت بمعنی رسیدہ یعنے پہونچا۔
یمتورمش ت رسانیدہ یعنے پہونچایا

یا با واو

یوائش ت اسپ کوتل اسپ نرم رفتار نرم چلنے والا گھوڑا
یورش ت دشمن پر حملہ کرنا سواری کرنا۔

چودھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف صاد ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین
اس مین اٹھارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف الف اور اخیر مین صاد ہے

الف با باء

اَبْرَص ع وہ شخص جسکے بدن پر سفید داغ ہون اور برص اس بیماری کا نام ہے۔

الف با جیم

اِخَاص ع ایک قسم کا آلو ترش ہوتا ہے اور دوا مین مستعمل ہے۔

الف با خاء

اَخَصّ ع خاص تر یعنی وہ شخص جو کسیکے ساتھ خصوصیت رکھتا ہو

اِخْلَاص ع دوستی محبت پیار اور دل سے چاہنا۔

اَخْمَص ع ہتھیلی کف پا جو زمین پر نہین لگتا۔

اِخْتِصَاص ع خصوصیت پانا خاص ہونا۔

الف با سین

اِسْتِخْلَاص ع چھوڑنا رہائی دلانا کسی کو۔

الف با شین

اَشْخَاص ع جمع شخص کی یعنے بہت سے لوگ۔

الف با عین

اَعْوَاص ع دشوار کرنا کام کا دشمن پر سخت گیری کرنا۔

الف با قاف

اِقْتِنَاص ع شکار کرنا کسب کرنا کوئی کام کرنا۔

الف با میم

اِمْتِصَاص ع مکید یعنی چوسنا کسی چیز کو جسے لذت ملے

الف با نون

اَلْقَص ع کمتر و عیبناک یعنے بہت ناقص و ناتمام۔

اَلْقَاص ع کمی ہا و عیبہا بہت سے نقصان و عیب۔

اِنْقَاص ع کم کردن یعنی ناقص کرنا کمی مین ڈالنا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف با اور اخیر مین صاد ہے

با با رائے

بَرَص ع بیماری کا نام ہے جسے داغ سفید پیدا ہوکر جسم پر پھیل جاتے ہین

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین صاد ہے

تا با حاء

تَحَرِّیص ع رغبت دلانا برانگیختہ کرنا حرص مین ڈالنا۔

تا با خاء

تَخْصِیص ع خاص کرنا اپنا بنانا کسیکو۔

تَخَلُّص ع چھٹکارا پانا مختصر نام شاعر کا۔

تَخْلِیص ع خلاص کرنا رہائی دینا چھوڑنا قید وغیرہ سے

تا با رائے

تَرْخِیص ع استوار کرنا اور علمی کے تمام سند کرنا کسی حرفکو۔

تَرْخِیص رخصت کرنا اجازت دینا کہین جانے کے لئے۔

تَرَبُّص ع امید رکھنا توقف کرنا اور غلہ امید کرانی رکھنہ چھوڑنا۔

تا با سین

تَشَخُّص ع معین کرنا اجارہ لینا مقرر کرنا کسی حساب وغیرہ کا۔

تَشَخُّص تعین پانا معین ہونا مقرر ہونا کسی بات کا۔

تا با فاء

تَفَحُّص ع کھوجنا ڈھونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔

تا با قاف

تقلص ع اوٹھنا اور اوبھرنا اور اوچکا ہونا بلند ہونا جامہ یا پانی کا اور آپسین کھینچے جانا۔

تا با لام

تلخیص ع خلاصہ کرنا پاک صاف کرنا اور نام کتاب علم معانی مین

تا با نون

تنقیص ع نقصان کرنا عیب دار کرنا زیان مین ڈالنا۔
تنغیص ع ظاہر کرنا کسی پوشیدہ چیز کا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین صاد ہے

جیم با صاد

جص و جص ع عمارت کا چونہ و گچ۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین صاد ہے

حا با الف

حارص ع مرس رکھنے والا خواہش و امید و طمع رکھنے والا۔

حا با رائے

حرص ع بے انتہا خواہش و طمع جو کسی چیز کے حاصل کرنیکے لیے ہو۔
حریص ع بے انتہا خواہش رکھنے والا بہت سا خواہشمند آدمی لالچی

حا با صاد

حصص ع جمع حصہ کی یعنی بہت سے حصے جو بانٹے جاین

حا با فا

حفص ع آرام کرنا اور بچہ شیر دہندہ اور فارغ ہونا کسی کام سے اور ابو حفص کنیت حضرت عمر بن خطاب کی تھی اور حفص نام ایک امام

قرأت شاگرد امام عاصم کوفی کا تھا۔

حا با میم

حمص و حمص ع غلہ نخود جسکو ہند مین چنا کہتے ہین۔

حا با یا

حیص بیص ع خلک و غوغا و شور و فتنہ و فساد و لڑائی۔
حیص ع رستہ سے ایکبو ہڑنا رستہ بھول جانا۔
بیص ع سختی و تنگی کی حالت اور حالت ناچاری کی

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین صاد ہے

خا با الف

خاص ع مشہور لفظ ہی یعنی ایک چیز یا شخص سے لگاؤ رکھنے والا۔

خا با با

خبیص ع وہ لعام جو روغن اور شکر سے بنایا جاوے

خا با رائے

خرص ع تخمینہ کرنا میوہ کا درخت پر اور غلہ کا زراعت پر اور جھوٹ بولنا
خرص ع سنان و چوب نیزہ و تحل برچھا و حلقہ زر و نقرہ۔
خرص ع شتر قوی یعنی وہ اونٹ جو فربہ اور بارکش ہو۔
خرص ع گرسنہ ہونا بھوکا ہونا شکم خالی ہونا۔

خا با صاد

خصائص ع جمع خصیصہ خواص و اثر یعنی خوبیان و تین باتین
خصوص ع خاص ہونا ایک چیز کا ایک شخص سے خصوصیت رکھنا

خا با لام

خلاص ع خالص و برگزیدہ و صدق محبت و بوتہ زر گداز جسمین سونا چاندی گلاتے ہین۔
خلاص ع مصدر ہے یعنی رہا ہی پانا اور کبھی بمعنی مفعول کے

آنا ہے یعنی رہا و آزاد اور چھوٹا ہوا -

خُلُوص ع ساده و پاک ہونا اور دوستی و اخلاص کے ساتھ ہو -

خا با واو

خواب خرگوش ف - تغافل و فریب و سستی و کاہلی -

خَوَاص ع جمع خاص و جمع خاصہ بمعنے خدمتگاران و نوکران و خادمان و پرستاران ممتاز و مصاحب و احد کی معنی ہین بھی آتا ہے یعنی ایک نوکر و خادم -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین صاد ہے

دال با لام

دِلَاص ع زرہ آہنی درخشان و تابندہ اور چمکتی ہوئی چیز

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رای اور اخیر مین صاد ہے

رای با الف

رَاقِص ع رقص کرنیوالا ناچنے والا اور نام ستارہ کا

رای با خا

رَخِیص ع ارزان و کم قیمت چیز جو ہر ایک کو ملجائے -

رای با صاد

رَصَاص ع ارزیز قلعی رانگ جو برتنون پر لگائی جاتی ہے

رای با قاف

رَقُص ع ناچنا کودنا حالت وجد مین یا کسی اور حالت مین

رَقَاص ع ناچنے والا یعنے جو شخص حالت وجد وغیرہ مین ناچے مجرا فقرا سرود سنکر رقص کرتے ہین -

رای با میم

رَمَص ع سفید چرک جو آنکھ سے نکلتا ہے -

رای با ہا

رَہص ع بیخ و بنیاد اور ابتدا و آغاز -

رَہص ع بنیاد دیوار و سنگریزہ ینے کنکر -

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف سین اور اخیر مین صاد ہے

سین با الف

سَامِ اَبرَص ع گرگٹ جسکو چلیا بھی کہتے ہین

سین با واو

سُوْرَہ اِخلاص ع نام سورت قرآن شریف کا -

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف شین اور اخیر مین صاد ہے

شین با الف

شَاخِص ع حیران اور کھلی آنکھ والا مجیر آدمی -

شین با خا

شَخْص ع کالبد و جسم انسان کا مجازاً ہر ایک آدمی -

شُخُوص ع ظاہر ہونا و برآمد و آنا باہر آنا نکلنا -

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین صاد ہے

عین با صاد

عُصْعُص ع استخوان بین سرین و سرین جمع مؤنث مقعد کے ہین

عین با فا

عفض ع ایک دوا کا نام ہے جسکو مازو کہتے ہین۔

عین با میم

عمر خاص ع لقب جو جیس پیغمبر کا جو چند بار کفار کے ہاتھ سے قتل ہو کر پھر زندہ ہوا تھا۔

عمر عاص ع نام صحابی پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کا جو ضعیف ہو کر دوبارہ جوان ہوا تھا۔

عین با واو

عوص ع دشواری وسختی وتنگی ومالت معذوری۔

عویص دشوار ومشکل وسخت وتنگ۔

عین با یاء

عیص ع درخت بہت پیچیدہ اور انبوہ اور نام اسحاق کے بیٹے کا جسکی اولاد سے روم کے بادشاہ ہین۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین صاد ہے

غین با الف

غائض ع غوطہ مارنے والا پانی مین غوص کے بھی یہی معنے ہین۔

غین با یاء

غبض فاحش ع خسارہ صریح اور نقصان وزیان جو ظاہر معلوم ہو

غین با صاد

غصص ع یہ لفظ جمع غصہ کی ہے جسکے معنے غضب کے ہین

غین با میم

غمص ع ترک یعنی چرک چشم ومینگ چشم اور آنکھ کا میل

غموص ع قلاع جزیرے ایک قلعہ کا نام ہے۔

غین با واو

غوص ع پانی مین غوطہ لگانا اسکا فاعل غواص ہے۔

غواص ع غوطہ لگانیوالا پانی مین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین صاد ہے

فا با حاء

فحص ع ڈھونڈنا تلاش کرنا جستجو کرنا۔

فا با ہے

فرص ع جمع فرصت جسکے معنی اصلت کے ہین

فا با صاد

فص وفص ع نگینہ جو انگشتری پر لگایا جاتا ہے

فصوص ع نگینہ اور نام کتاب مصنفہ محی الدین بن عربی

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف قاف اور اخیر مین صاد ہے

قاف با یاء

قبض ع نام ہے پکڑنا کسی چیز کا اور چمکی بھرنا۔

قبض ع درد شکم ودرد جگر وشادمانی وبزرگی۔

قبیض ع خوش ومسرور جسکو کوئی غم وفکر نہو۔

قاف با رائے

قرص ع ٹکیا اور گول چیز اور روٹی اور ہر چیز مدور

قاف با صاد

قصص ع جمع قصہ یعنے بہت سے قصے اور کہانیان

قصص ع قصہ کرنا کہانی کہنا یہ لفظ مصدر ہے۔
قصاص سزا جو عوض گنے مجرم کو دیجاے
قص ع سینہ کی ہڈی اور کترنا اور کاٹنا کسی چیز کا

قاف بالام

قلوص ع شتر مادہ جوان یعنی دو یا تین جو نو عمر ہو۔

قاف بانون

قنص ع شکار کرنا دام رکھنا جال بچھانا۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف لام اور اخیر مین صاد ہے

لام با صاد

لص ع دزد و سارق جو کسی کا مال چورائے۔
لصوص ع دزدان و سارقان یہ لفظ جمع لص کی ہے۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین صاد ہے

میم با تاے

منقصص ع کھودنے والا جستجو کرنیوالا تلاش کرنیوالا۔
متخصص ع خصوصیت کہنے والا کسی چیز سے۔

میم با جیم

مجصص ع ٹہرا کیا گیا گچ کیا گیا۔

میم با حاء

محص ع خلاصی یا نا خلاص کرانا اور پہرنا۔
محرص ع حرص مین ڈالنیوالا طمع مین ڈالنیوالا۔
محترص ع حرص مین ڈالا گیا طمع مین ڈالا گیا۔

میم با خاء

مخصص ع خاص کیا گیا وقف بنایا گیا۔
مخصوص ع خاص کیا گیا علیحدہ کیا گیا ہے قاعدے سے۔
مخلص ع خالص کرنیوالا محبت کرنے والا۔
مخلص ع خالص کیا گیا صرف کیا گیا۔
مخلص ع جاے خلوص محل دوستی و رفاقت و محبت۔

میم با رے

مرصوص ع استوار کیا گیا محکم و مضبوط کیا گیا۔
مرخص ع رخصت کیا گیا علیحدہ کیا گیا رونما کیا گیا کسیطرف کو

میم با سین

مستخلص ع اخلاص کہا گیا رہا کیا گیا۔

میم با شین

مستخص ع تشخیص کیا گیا اندازہ کیا گیا مقرر کیا گیا۔

میم با صاد

مقص ع کمیدن یعنی چوسنا رکھے کھاپستان کو دودھ کے واسطے یا صرف چوسنا کسی چیز کو۔
منصوص ع مرغ بریان جو گرم مصالحہ ڈالکر سرکہ مین چھوڑا جاے تاکہ ترش و ذائقہ دار ہو جاے۔

میم با عین

مغص ع پیچش شکم و ناف کی جو ایک بیماری ناف کی مشہور ہے

میم با قاف

مقتص ع شکار کرنیوالا قید کرنیوالا کسب کرنے والا۔
مقص وہ رسی جسے دودھ دوہنیکے وقت چارپائی کے پانو باندھتے ہین
مقتص گھوڑے کی باگ ڈور جسے اوسکو باندھتے ہین۔

میم با لام

مُلخّص ع پاک و خلاصہ و خالص کیا گیا درست بے عیب بنایا گیا۔

میم با نون

مَناص ع بھاگنا پیچھے ہٹنا اور گریز گاہ۔
مَنصُوص ع جو بات آیت و حدیث سے ثابت ہو چکی ہو۔
مَنقُوص ع ناقص کیا گیا کم کیا گیا۔
مُنغّض کدر و تیرہ و نامطبوع و خراب۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین ضاد ہے

نون با الف

ناشخص ع کی تحقیق و نامعلوم اور وہ شخص جو ایک جا پر نہ ہو۔
ناقِص ع کم ہونیوالا اور وہ حرف جسکے آخر حرف علت ہو

نون با صاد

نَصّ ع بلند کرنا تحقیق کرنا ظاہر کرنا و آیات قرآنی جو ظاہر و متمازکرین دو کا و متشابہ کو۔
نُصُوص ع جمع نص کی یہہ لفظ ہے۔

نون با قاف

نَقص ع کم ہونا کم کرنا دیانی و نقصان مین ڈالنا یا پڑنا

نون با کاف

نَکَص ع بد دل ہونا خوف مین پڑنا خائف ہونا۔

نون با میم

نُمّص ع بال چننے موجہ وغیرہ سے۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف و او اور اخیر مین ضاد ہے

واو با باء

وَبیض ع وَبیضین یعنی چمکنا روشن ہونا جلوہ دینا۔

واو با قاف

وَقّاص ع گردن توڑنے والا و جنگجو نام ایک صحابی کا اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے۔

پندرہوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف ضاد ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اس مین چودہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ضاد ہے

الف با باء

اَبیض ع سفید رنگ مجازاً نقرہ و چاندی و غیرہ سفید چیزین

الف با حاء

اَحمَض ع ترش مجازاً ناخوش رو و ستوار و نامطبوع۔

الف با راء

اِرماض ع گرم ریگ سے جلنا کسی عضو وغیرہ کا۔
اَرض ع زمین جسکو سہ مین دھرتی کہتے ہین۔

الف با عین

اِعراض ع منہ پھیرنا روگردانی کرنا انکار کرنا کسی سے
اَعراض ع مشاہدہ و بیمار رہنا بعض سے اسباب بیماریان۔
اِعتِراض ع آگے آنا درمیان آنا حایل ہونا دو چیزون مین
اِعتیاض ع عوض و بدلہ دینا کسی کو۔

الف با غین

اِغماض ع چشم پوشی کرنا آسان پکڑنا عیب پوشی کرنا۔

الف با میم

اَمراض ع بیماریان جسمی مثل تپ وغیرہ۔

الف با نون

اِنقباض ع گرفتگی یعنے پکڑا جانا قبض مین آنا۔

اِنتقاض ع شکستگی عہد یعنی عہد توڑنا اقرار سے پھر جانا۔

اِنتہاض ع اوٹھنا اور کوچ کرنا رحلت کرنا۔

اِنقراض ع کاٹا جانا آخر ہونا مدت کا جو مقرر ہو۔

اِنخفاض ع نشیب مین پڑنا اور کسر ہونا کلمہ کا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین ضاد ہے

با با عین

بَعوض ع پشہ یعنے مچھر جو بہت زہریلا جانور ہے۔

بَعض ع ٹکڑا یا جزو یا حصہ کسی چیز کا۔

با با غین

بُغض ع کینہ و دشمنی و عداوت جو کسی سے ہو۔

با با یاے

بَیض ع جمع بیضہ تخمہاے مرغ۔

بِیض ع سفید رنگ کی عورتین اور ہر چیز مؤنث جو سفید ہو

جمع بیضاء نام تاریخ سیزدہم و چاردہم و پانزدہم ہر ایک مہینے قمری کا جسمین تمام رات کا چاند ہو۔

بَیض قبض ف ایک تہیار کا نام ہی جو کمر سے باندھتے ہین

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین ضاد ہے

تا با با

تَباغض ع باہم بغض و عداوت رکھنا دشمن ہونا۔

تا با راے

تَراض ع راضی ہونا اصل مین تراضی تھا۔

تا با عین

تَعریض ع سخن کہنا آگے لانا غرض کو نا حجت ظاہر کرنا۔

تَعرّض ع پیش آنا مزاحم ہونا حجت ظاہر کرنا

تا با فاے

تَفویض ع سپرد کرنا اپنا کام کسی پر چھوڑنا باہر دے کر نا۔

تا با میم

تَمارض ع اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرنا ایسی حالت مین کہ بیمار نہ ہو۔

تا با نون

تَناقض ع ایکدوسرے کی ضد ہونا خلاف ایکدوسرے کا ہونا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین ضاد ہے

حا با الف

حامِض ع ترش یعنے کھٹا مزہ اور وہ چیز جو کھٹا مزہ دیوے

حا با راے

حَرَض ع بیماری اور غم جو عشق سے ہووے و فساد دین و مرض مہلک و فساد مذہب و فساد عقل۔

حا با ضاد

حَضیض ع پستی و نشیب یعنے وہ زمین جو پست ہو۔

حُضض ع ایک تلخ دوا کا نام ہے جسکو رسوت کہتے ہین

حُضّ ع تازہ اور نیا۔

حا با میم

حمض ع ترشی یعنے کھٹا مزہ۔

حُمّاض ع ایک ترش ترکاری کا نام ہے۔

حا با یا

حَیض ع وہ خون جو عورت کو ہر مہینے آتا ہے۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین ضاد ہے

خا با الف

خافض ع نام خداوند تعالے کا اور معنی خوار کرنیوالا اور پست کرنیوالا اور ڈالنے والا اور حرکت کسرہ کی دینے والا۔

خا با فا

خَفض ع ڈالنا کسیکو اوسکے رتبہ سے اور کسر دینا کلمہ کو وتن آسانی و عیش و عشرت و نرم رفتاری۔

خا با واو

خوض ع پانی مین غوطہ لگانا کسی چیز مین فکر کرنا۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف راے اور اخیر مین ضاد ہے

رای با الف

رَایض ع گھوڑونکو ریاضت سکھلانیوالا یعنے چابک سوار۔

رَابض ع قلعہ دار و حاکم قلعہ جسکا کسی جگہہ پر اختیار ہو۔

رای با یا

رَبض ع دیوار شہر پناہ و حصار قلعہ۔

رُبض و رِبض ع زنان خانہ مثل زوجہ و ہمشیرہ و مادر وغیرہ۔

رای با فا

رَفض ع چھوڑنا ترک کرنا علیحدہ ہونا کسی رفیق کی رفاقت سے

رای با کاف

رَکض ع پانو ہلانا گھوڑا دوڑانا تیز رفتاری کرنا۔

رای با واو

رَوض ع جمع روضہ بہت سے باغ اور نخلستان میوہ دار۔

رَوافض ع جمع رافضی کی معنے اسکے چھوڑنے والے اہل سنت قوم شیعہ کو رافضی کہتے ہین اسواسطے کہ اونہون نے رفاقت امام زید شہید کی عین بیعت کے وقت چھوڑ دی تھی

رای با یا

رِیاض ع جمع روضہ بہت سے باغ اور چمن۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین ضاد ہے

شین با قاف

شِقِ نقیض ع صورت و طرز و طریق۔

شین با یا

شیاف بیض ع نام ادویہ چشم جو مرکب ہوتی ہے۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین ضاد ہے

صاد یا ی

صباغ الارض ع رنگریز زمین کا یعنے آفتاب جسکے ہونے سے زمین روشن ہو جاتی ہے ۔

نویں فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین ضاد ہے

عین یا الف

عارض ع ستمگر کرنیوالا فوج کا سختی و سپہدار اور وہ چیز جو کسی چیز کے ساتھ لاحق ہو و رخسارہ و ابر پراگندہ و مطلق ابر ۔

عین یا را ر

عرض ع ظاہر کرنا اور جو آن کسی چیز کی اور اسباب گھر کا و ملامت و دیوانگی ۔

عرض ع وہ چیز جو دوسری چیز کے وسیلہ سے قائم ہو جسطرح رنگ کپڑے پر اور حروف کاغذ پر پس جامہ و کاغذ جوہر ہے اور حروف و رنگ عرض و بمعنے بیماری و رنج جو بسبب کسی اور بیماری کے حادث ہو جسطرح درد بسبب تپ کے یا تپ بسبب کسی درد کے ۔

عروض ع علم بحور و قوانی نظم کا شاعر کا علم ۔

عریض ع چوڑا اور نام ایک بحر کا شعر مین ۔

عین یا واو

عوض ع بدلہ جو کسی چیز کے بدلہ مین لیا یا دیا جائے

عوارض ع جمع عارضہ یعنے بیماریان ۔

دسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف غین اور اخیر مین ضاد ہے

غین یا الف

غامض ع گہرا ڈوبھا عمیق کنوایا دریا کا پانی یا کوئی مغاک

عین یا را ے

غرض ع ہدف و نشانہ و مطلب و مقصود و حاجت ۔

غین یا ضاد

غمض ع چشم پوشی کرنا آواز کم کرنا تحمل کرنا نقصان اٹھانا

غین یا میم

غمض ع زمین پست و مغاک و پوشیدہ و دور سمجھنے سے ۔

غموض ع غنودگی مین آنا سونیکے لیے آمادہ ہونا ۔

غموض ع پوشیدہ گیہا و مشکلات و رموز علوم جو حل طلب ہون

غین یا واو

غوامض ع پوشیدہ معانی و رموز باریک جو حل طلب ہون

غین یا یا ر

غیض ع تھوڑا پانی و عطا ی اندک و صحرا و بیشہ و جنگل ۔

غیض ع شگوفہ تازہ جو درخت سے نکلا ہو ۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین ضاد ہے

فا یا الف

فائض ع فیض دینے والا فائدہ پہونچانے والا ۔

فا یا را ے

فرض ع تعین کرنا وقت و اندازہ کا و حکم خدا جسکی بعض انکی تعلیل ہے

فرائض ع خدا کی عبادت جنکا ادا کرنا فرض عین ہے و جمع فریضہ و نام علم تقسیم میراث جسکی رو سے ورثہ تقسیم ہوتا ہے ۔

فا یا یا ے

فیض ع تہ نہانا پانی کا اور زیادہ ہونا نیکی کرنا کسی کے ساتھ

قُبُوض ع جمع قبض کی یعنے بہت سی تیکیان۔
قَبّاض ع قبض پہونچانیوالا سکی کرنے والا شخص

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور اخیر مین ضاد ہے

قاف باالف

قابِض ع قبضہ کرنے والا اپنے اختیار مین لانے والا۔

قاف با باء

قَبض و درد و گرفتگی شکم یعنے پیٹ کا درد اور بیچش شکم کی۔
قَبض و پکڑنا اپنے اختیار مین لانا۔

قاف با راء

قَرض ع دام واجب الادا جو روپیہ اپنے ذمہ پر ہو۔
قَریض ع شعر یعنے کلام منظوم
قُرب و اَلفاض ع وہ قرب جو بسبب ادائے فرائض کے حاصل ہو۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین ضاد ہے

میم با تاء

مُتَعَرِّض ع پیش آنے والا مزاحم ہونیوالا سوالی

میم با حا

مُحَرِّض ع ورغلانے والا اکسانیوالا بہکانیوالا
مُحَرَّض ع ورغلایا گیا بہکایا گیا کسی بات پر۔
مَحِیض ع حیض کی حالت مین عورت ہو۔
مَحض ع خالص اور صرف۔

میم با خاء

مُخیض ع دودھ جسسے مسکہ نکال لیا ہو
مُخاض ع درد زہ یعنے درد جننے کا وقت یا وہ حاملہ عجیبہ شتر دو سالہ اونٹکے کام مین آنا اور مقام آنے کا۔

میم با راے

مُرتاض ع ریاضت کرنیوالا محنتی آدمی مشقت کرنیوالا۔
مُرتاض ع جای گوسپندان جہان بکریان رہتی ہون
مُرَوَّض ع ریاضت دیا گیا محنت و مشقت دیا گیا
مُرَوِّض ع ریاضت دینے والا محنت مین رنج پہونچانیوالا
مُرَوَّض ع ریاضت دیا گیا محنت اوٹھایا گیا۔
مَرَض ع بیماری جو کسی قسم کی کسیکو لاحق ہو۔
مَریض ع بیمار وہ کہیا جو کسی بیماری مین مبتلا ہو۔

میم باسین

مُستَفیض ع فیض پایا گیا فائدہ پہونچایا گیا۔

میم باعین

مُعارِض ع تیرنے پر جسکو تیر گزرتے ہین۔
مَعرِض ع ظاہر کرنے کی جگہ عرض کا مقام۔
مُعارِض ع جھگڑنے والا اعتراض کرنے والا۔
مُعتَرِض ع اعتراض کرنے والا جھگڑنے والا۔
مَعرُوض ع عرض کیا گیا بیان کیا گیا۔
مُعَرِّض ع روگردانی کرنے والا پیٹھ پھیرنے والا۔

میم با فا

مَفروض ع فرض کیا گیا اندازہ کیا گیا مقدار ٹھہرایا گیا۔
مُفوِّض ع سپرد کرنیوالا کوئی چیز کسکے حوالہ کرنیوالا۔
مُفیض ع فیض پہونچانیوالا فائدہ دینے والا۔
مَفوض ع سپرد کیا گیا یعنے وہ چیز جو سپرد کی گئی ہو۔

میم با قاف

مَقبوض ع قبضہ کیا گیا ہاتھ مین لیا گیا۔
مُقترِض ع قرض کیا ہوا یعنے کتری ہوئی چیز۔

مُقرَّض ع قرضدار جسے کسیکا قرض دینا ہو۔
مِقراض ع کاٹنیکا آلہ قینچی جسکو کہتے ہین۔

میم با نون

مُنقرِض ع کٹ جانے والا الگ ہو جانیوالا۔
مُنخفِض ع نشیب مین پڑنے والا پست ہونیوالا۔
مُنقبِض ع تنگ باندھا ہوا قبض کیا ہوا۔
مُناقِض ع توڑنیوالا اور مخالف اور دشمن۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف نون
اور اخیر مین ضاد ہے

نون با الف

ناقِض ع جہاڑنیوالا بلا نیوالا اور نیچے لڑھ جو یا رسیکا نام ہے
ناہِض ع بچہ پرند کا جو اوڑنے لگے اور پردار ہو جاے

نون با باء

نباض ع نبض دیکھنیوالا طبیب و معالج انسان کا۔
نَبض ع رگ ہاتھ کی یعنے وہ رگ جو جنبش کرتی ہو۔

نون با فاء

نَفض ع جہاڑنا لرزہ مین آنا کانپنا۔

نون با قاف

نَقض توڑنا کسی دستاویز کا دشمنی و عداوت کرنا۔
نَقیض ع توڑنیوالا عہد و اقرار کا مجازاً دشمن۔

نون با ہاء

نَہوض ع کوچ کرنا روان ہونا اوٹھنا ایک مقام سے

سولھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف طا ہے

اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے
اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین ہر فصل مین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان ہین جن کی اول حرف الف
اور اخیر مین طا ہے

الف با باء

اِنبِطاء ع بغل۔

الف با حاء

احتیاط ع حاظ کرنا دورہ مین لینا مجازاً تامل کرنا۔

الف با خاء

اِختِلاط ع ملانا ملنا پیار کرنا محبت و دوستی کرنا۔
اَخلاط ع جمع خلط اوزان شہر کا روم مین۔

الف با راء

اِرتِباط ع ربط دینا ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا گانٹھ دینا

الف با سین

اَسباط ع جمع سبط اولاد پوتے ہوے اور گروہ یہود قوم۔
اِستنباط ع بات سے بات نکالنا جاننا بات کی مغز کو پہونچنا۔
اِسقاط ع ڈالنا دور کرنا حمل کا اور خطا کرنا گنوانا۔

الف با شین

اِشتِراط ع شرط کرنا سبب بنانا کسی بات مین۔

الف با غین

اَغلاط ع بہت غلط جو صحیح نہو یعنے عیب دار۔
اِغلاط ع غلط کرنا نادرست و عیب دار کرنا۔
اَغلاط ع جمع غلط غلطیان بہت سے نادرستیان۔

الف با فا

اِفراط ع زیادہ کرنا بڑہانا کسی چیز کو۔

اِفراط ع بہت سی زیادتیان اور ترقیان۔

الف باقاف

اِقط ع پینیر چودہی کو خشک کرکے بنایا جاتا ہے اور نمک و سمین ڈالکر نان خورش بناتے ہین قرت اور کشک بھی اوسکو کہتے ہین۔

الف بالام

اِلتقاط ع بہ چیدن یعنے چگنا اور جمع کرنا کسی چیز کو۔

الف بانون

اِنبساط ع گستانی و فراخی و کشادگی اور خوشی اور فرحت و فارغبالی

انخراط ع کسی جماعت مین جانا کسی چیز مین آناسوئی مین تاگا ڈالنا رشتہ مین کمینچا جانا چیلا جانا۔

اِنحطاط ع نیچے اوترنا کم ہونا کم درجہ و کم قدر ہونا۔

اِنضباط ع مضبوطی کرنا مستحکمی کرنا۔

انان نقط ف وہ حصہ چرمی جو بارود سے بھرکر شمنو پر پہینکتے ہین اور دشمنونکو وہ جلا دیتا ہے۔

الف باواو

اَواسط ع جمع اوسط جسکے معنی درمیان کے ہین۔

دوسری فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین طا ہے

بااالف

باسط ع فراخی دینیوالا یہ نام خدا کے نامونمین سے ہے جو ہر ایک کو رزق مین فراخی دیتا ہے۔

باد مخالف ف باد موافق جس سے جہاز بامراد چلین۔

بارا سے

برنیط ف ایک سازکا نام ہے جو طنبورہ کی طرح ہوتا ہے اور آواز اوسکی نہایت مطبوع ہوتی ہے۔

بابا سین

بسط ع فراخی دینا بچھانا پھیلانا کسی چیز کو۔

بسط ع بچھانا۔

بساط ع فرش و فراخی میدان و اسباب و سرمایہ وسفرہ و عرصۂ شطرنج یہ لفظ بلفظ انداختن و شیدن و آراستن و گسترون و چیدن مستعمل ہے۔

بسیط ع فراخ اور بچھا ہوا اور ہر چیز جو غیر مرکب ہو اور جزو اوسکا کل کے ساتھ تشبیہ پاسکتا ہو جیسے آگ پانی خاک ہوا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔

بسائط ع جمع بسیط اور مجازاً اربع عناصر۔

بابا طا

بط ع نام جانور معروف و مجازاً صراحی شراب

بابا لام

بلوط ع نام درخت ہے جسکو بنداو بساری کہتے ہین۔

تیسری فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین طا ہے

تابا را

تبسط ع فراخی دینا کشادگی مین لانا پھیلانا بچھانا کسی چیز کو۔

تابا خا

تخلیط ع ملانا بیچ مین جوڑنا کسی سخن سازی کرنا۔

تابا سین

تسلط ع ہاتھ ڈالنا غلبہ کرنا غالب ہونا کسی پر قابض ہونا۔

تابا فا

تفریط ع کوتاہی سستی کرنا ضائع کرنا نادرست کرنا۔

تفسیط ع احمقین حقائق سے انکار کرنا سچی بات کو نہ ماننا

تا با نون

تشبیط ع خوش کرنا اور خوشی کرنا غم سے علیحدہ ہونا

تا با واو

توسط ع میانہ روی و اعتدال نہ زیادہ نہ کم۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا
اور اخیر مین طا ہے

تا با را ے

ترط ع مرلیں جو مشہور چیز ہے اور دو لکڑیونکو جو اوس سے جوڑتے ہین

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف حا
اور اخیر مین طا ہے

حا با با ے

حبط ع ناچیز ہونا معدوم ہونا ضائع ہونا نابود ہونا

حبوط ع ناچیز نابود ہونا ضائع ہونا۔

حا با نون

حنوط ع وہ خوشبو جو چند خوشبو ملا کر مردہ کو ملتے ہین

حناط ع گندم فروش و خوشبو فروش یعنے عطار

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف خا
اور اخیر مین طا ہے

خا با با ے

خبط ع آپ ہی آپ عقل کی جنون کے ساتھ مجازاً دیوانگی و نادانی

خباط ع دیوانگی و جنون و نادانی و احمقپن۔

خا با را ے

خراط ع لکڑی کو جرخ پر چڑھانے والا ترکھان۔

خرط ع لکڑی چھیلنا اور ہر چیز تراشی ہوئی اور صفائی دینا لکڑی کو

خرلط ع بڑبکان و مردابہ و احمق و بیوقوف نادان۔

خا با طا ے

خط ع لکھنا اور لکھا ہوا کاغذ جو مشہور لفظ ہے۔

خطوط ع جمع خط کی یعنے بہت سے لکھے ہوئے کاغذ۔

خا با لام

خلط ع ہر چیز ملی ہوئی اور ایک خلط منجملہ چار جسم کی خلطونکی یعنے دم و بلغم و صفرا و سودا۔

خلط ع آپسمین ملانا و دو یا بہت سی چیزونکو یکجا کرنا۔

خلیط ع شریک و سہیم و انباز اور ملا ہوا۔

خا با میم

خمط ع درخت اراک یعنے پیلو جسکو بقدر نخود میوہ لگتا ہے اور ہر چیز جو ترش و تلخ ہو و درخت خاردار

خا با یا ے

خیاط ع سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑا سیتے ہین

خیاط ع درزی کپڑے سینے والا شخص۔

خیط ع رشتہ یعنی تاگا جو سوئی مین ڈالتے ہین۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف را
اور اخیر مین طا ہے

را با با ے

ربا ط ع مسافر خانہ سرائے جہان مسافر آرام کرین

ربا ط ع وہ چیز جس سے کسیکو باندھ لین جیسے زنار سی وغیرہ

رَبط ع پیوند و پیوستگی و ملاپ و الفت وگرہ۔

رائے باواو

رَوابط ع جمع رابط یعنے بہت سے پیوند اور توسل باہمی

رائے بایاء

رِبط ع چادر ایک پاٹ کی جسکو دوسرا پاٹ نہ لگے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین طا ہے

سین باالف

سَاقِط ع افتادہ ذلیل و فرومایہ و کمینہ و بے قدر

سین بایاء

سِبط ع اولاد پوتے و دوہتے و نواسے و حقیقی یعنی نسلی اولاد

سَبط ع وہ بال جو گوندی ہوئی نہون یعنی کھلے ہوئے بال اور چھوڑی ہوئی زلفین۔

سین باخاء

سَخُط ع مکروہ و ناپسند و مطبوع و زشت و خراب۔

سَخط ع خشم و غضب و غصہ اور جوش طبیعت کا۔

سین بارا

سَرطَرَاط ع پالودہ جو میدہ کا بنا کر اور شربت ملا کر پیتے ہین

سَرخط ع ایک قسم کا تسکا قرارنامہ جو مشہور لفظ ہے۔

سین باقاف

سَقط ع ہلاک و تلف ہونا چار پایہ کا مر جانا اور سکا

سَقط ع بچہ خام جو پیٹ سے نکلا ہی نو مہینے سے اول۔

سَقطا ع خطا کرنا حساب کتاب مین غلطی کرنا۔

سِقلاط ع مقرراط جامہ نبات جو مشہور کپڑا ہی اور اونی ہوتا ہے

سُقراط ع نام حکیم یونانی جو بڑا فاضل و طبیب تھا

سین بامیم

سَمط ع مروارید جسکو سنسکرت مین موتی کہتے ہین۔

سُمُوط ع موتیون کی لڑیان یعنی سلکہای مروارید

سَمِ الخیاط سوراخ سوزن جسمین تاگا ڈالا جاتا ہے

سِماط ع صف و دسترخوان و سفرہ و قطار و جماعت

سین باواو

سَوط ع تازیانہ اور تازیانہ سے مارنا کسی کو۔

سین بایاء

سِیاط ع تازیانہ بالیغے بہت سے تازیانے۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین طا ہے

شین باباء

شُباط ع نام ماہ رومی تقریبا ماہ پھاگن جو اخیر شمسی مہینہ ہے

شین باطاء

شَرط غلط ذکر کشتی کا داؤ ہی جسے حریف کو پہلو پر لٹا دیتے ہین

شین بارا

شَرط ع باہموافق و نشان و علامت اور شرط مارنا داؤ کشتی کا

شَرط ع لازم کرنا کسی خرید کا اور عہد و پیمان باہمی۔

شَرط نشان و علامت جو کسی کام کا قائم کیا جائے۔

شین باطاء

شَطّ ع رود اور کنارہ دریا و نہر کا یا نی کا کنارہ

شَطط ع اندازہ سے گذرنا ظلم کرنا حد سے بڑہنا دست درازی و زبردستی کرنا۔

شین باواو

شَوط ع دوڑنا گشت کرنا دورہ کرنا تیز چال چلنا۔

شین با یاء

شبر غلط ف ایک کشتی کا داو ہے۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین طا ہے

صاد با رائے

صراط ع راہ اور وہ پل جو دوزخ کے سر پر ہوگا اور ایک بال سے باریک تر ہوگا

صاد با لام

صلیب خط چار گوشہ خط اس شکل پر + یعنی سولی کی شکل

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین طا ہے

ضاد با الف

ضاغط ع ایک بیماری کا نام ہے اور وہ ایک درد ہوتا ہے جسے بیمار جانتا ہے کہ اوسکے عضو کو کوئی پنجہ مارتا ہے اصل معنے اسکے پنجہ مارنے والا۔

ضاغوط ع یہ بھی ایک حالت ہے اور خواب مین انسان اسکو جانتا ہے کہ اوسکے گلے کو کوئی گھونٹتا ہے۔

ضابط ع ضبط کرنیوالا گھونٹنے والا بیچ مین لینے والا اپنے قبضے مین کرنے والا۔

ضاد با رائے

ضراط ع تیز اور وہ ریح جو دیجان کی مقعد سے بآواز نکلے ہندی باد اوسکو کہتے ہین۔

ضاد با واد

ضوابط ع جمع ضابطہ کی بہت سے دستور و طریق

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین طا ہے

عین با ضاد

عضرفوط ع جانور آبی مشہور ہے جسکو بہو بھی کہتے ہین

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین طا ہے

غین با الف

غائط ع سرگین آدمی و دیگر مین بیت الخلا و مغاک و محل ولا

غین با لام

غلط ع خطا اور خطا کرنے والا اور خطا کیا گیا اور بھولا تحریر حساب وغیرہ مین بیسمجھا کسی جگہ سے۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین ہے

فا با رائے

فرط ع زیادتی و غلبہ ترقی جو کسیکو حاصل ہو۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین طا ہے

قاف با رائے

قرط ع گوشوارہ اور فرو لیجانا آواز گلے مین

قرواط ع سفینہ کشتی و مشک چرمین جسکو ہونگ کر پانی پر تیرتے ہین سہارے بھی اوسکو کہتے ہین۔

قاف با سین

قسط ع داد و عدل حصہ و نصیب دریارہ ہر چیز کا۔
قسط ع ظلم جور و تعدی زبردستی کرنا کسی سے۔
قسط ع نام چوب جسکو کت کہتے ہین۔

قاف با طا

قط ع کسی سخت چیز کو کاٹنا اور بعنے بس۔
قطع ع گرہ بزرینے بلا جو مشہور جانور ہے۔
قط و قطہ ہرگز و ہمیشہ۔

قاف با میم

قماط ع وہ کپڑا جسمین نوزاد لڑکے کو لپیٹ لیتے ہین ہندی پوتڑا

قاف با نون

قنوط ع ناامید اور ناامید ہونا کسی سے۔

قاف با یا

قیراط ع وزن نیم دانگ یا جار جو کا وزن۔

سولہوین فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین طا ہے

لام با قاف

لقیط ع وہ بچہ جو راستہ مین گرا ہوا اوٹھایا ہو۔

لام با واو

لوط ع نام پیغمبر کا جسکی قوم کی شہر آسمان پر لیجا کر اولٹا دیگئے

سترہوین فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین طا ہے

میم با با

مبسوط ع فراخ کیا گیا اور نام کتاب بعلم فقہ جو مشہور ہے

میم با با

متسلط ع چھوڑا گیا اور وہ شخص جسپر ہاتھ ڈالا گیا ہو۔
متسلط ع غلبہ کرنیوالا کسی پر ہاتھ ڈالنے والا۔
متساقط ع فرو ریزندہ یعنی ٹپکنے والا گرنے والا۔

میم با حا ر

محاط ع احاطہ کیا گیا گھیرا گیا چار طرف۔
محتاط ع احتیاط کیا گیا احاطہ کیا گیا دری مین لیا گیا۔
محیط ع پکڑنے والا احاطہ کرنے والا اور دریاے شور جس نے تمام زمین کو احاطہ کیا ہے اور نام کتاب فقہ مین اور نام خداوند تعالی کا۔

میم با جا

مخالط ع ملانے والا بہت کسی چیز دنکو آپس مین دوستی بڑہانے والا۔
مخلط ع ملایا گیا اپنے آپ مین لیا گیا۔
مخلوط ع ملایا گیا کسی چیز مین پیوست کیا گیا۔
مخیط ع سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑے سیے جاتے ہین
مخیط ع دوختہ یعنے سیا ہوا کپڑا وغیرہ۔
مختبط ع بیوسیلہ مانگنے والا اپنی معرفت سے اور رات کو سوال کرنے والا بسبب شرم کے۔
مخطط ع صاحب خط و صاحب تحریر۔
مخیط ع آپسمین ملا ہوا اور فاسد و تباہ و خرابی جو فراج مین واقع ہو۔
مخاط ع آب بینی و تقاضا بینی جو ناک سے نکلے۔
مخروط ع تراشیدہ اور وہ چیز جو ایک طرف سے موٹی

اور دوسری طرف سے پہلی کاجر کی طرح ہو

میم با را

مرطع ۱ گودڑی اور چادر اوڑھنے کی۔
مزیط ۱ جس کان پچار پایو کو باندھتے ہین۔
مرکط ۱ وہ چیز جسے جیوانو کو باندھین رسی یا لکڑی یا کیلا وغیرہ
مزبوط ۱ ربط دیا گیا باندھا ہوا پیوند کیا ہوا ملایا ہوا
مزبنط ۱ ربط دیا گیا باندھا گیا پیوند کیا گیا ملایا ہوا۔

میم با سین

مستنبط ۱ باہر کا والا نکالنے والا پانی یا علم کا۔
مستنبط ۱ نکالا گیا جاری کیا گیا باہر لایا گیا۔
مسمط ۱ موتی پرویا ہوا اور لڑی موتیون کی اور نام ایک صنعت کا شعر مین۔
مسلط ۱ غالب و زبردست شخص۔
مسلط ۱ مغلوب یعنے جسپر کسی نے غلبہ پایا ہو۔

میم با شین

مشرط ۱ نشتر جسے خون نکالتے ہین۔
مشط ۱ و منشط شانہ یعنے کنگھی جو بالون مین پھیرتے ہین۔

میم با ضاد

مضبوط ۱ جو چیز مستحکم اور ضبط کی ہو گئی ہو۔

میم با غین

مغتبط ۱ محسود جسکو لوگ رشک کرین۔
مغبوط ۱ محسود جسکا زوال نعمت حاسد چاہے۔

میم با فا

مفرط ۱ حد سے بڑھا ہوا زیادہ اور بہت بے اندازہ۔

میم با قاف

مقط ۱ قطن و قط گیر جسپر قلم کو قط لگائین۔
مقرط ۱ گوشوارہ پہنی ہوئی شخص یعنی جسنے گوشوارہ زیبا پہنا ہوا ہو۔

میم با لام

ملتقط ۱ چنا ہوا رفو کیا ہوا اوٹھایا ہوا سیا ہوا۔
ملتقط ۱ چننے والا رفو کرنے والا اوٹھانے والا۔

میم با میم

ممشوط ۱ کنگھی کیا گیا سنوارا گیا۔

میم با نون

مناط ۱ دراز و کھنچی و پچیدگی وجا آدھنین پیچیدن
منوط ۱ باندھا ہوا لٹکا ہوا کسی چیز سے۔
منخرط ۱ آراستہ و درست اور رضا کی ہوئی لڑی خرط کی ہوئی
منبسط ۱ کھل جانے والا چہک جانے والا خوش ہونیوالا خوشی لانے والا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین طا ہے

نون با شین

نشاط ۱ خوشی و شادمانی و عیش و عشرت۔
نشاط ۱ جمع نشط جسکے معنے خوش کے ہین بنا بخوراکرام جمع کرنے

نون با فا

نفط ۱ و نفطا ایک قسم کا تیل ہے جو زمین شروان مین پیدا ہوتا ہے کھلتا ہے مجازاً باروت۔

نون با قاف

نقط ۱ جمع نقط جسکو ہندی مین بندی کہتے ہین۔
نقاط ۱ جمع نقط یعنے بہت سے نقطے۔

نون با میم

لنط ع فرش و لباس رنگین و روشن و دستور و طریق۔

نون با واو

نوط ع آویختن یعنے لٹکنا کسی چیز کے ساتھ۔

نوخط ع نوجوان و نوعمر و بالغ لڑکا۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف واو اور اخیر مین طا ہے

واو با سین

وسط ع درمیان یعنے بیچون بیچ کسی چیز کے۔

وسط ع درمیانہ چیز یعنے متوسط۔

وسائط ع جمع وسط وسیلہ یعنے بہتسے وسیلے

وسیط ع جو بلندی مین اسیانہ اور درجہ مین بلند ہو۔

واو با طاء

وطواط ع ابابیل او ذنبا بم شاعر کا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین طا ہے

ہا با الف

ہابط ع نیچے اوترنے والا بلندی سے نزل کرنے والا

ہا با یاء

ہبط ع نیچے اوترنا نقصان کرنا نزل کرنا کم قدر کرنا۔

ہبوط ع نیچے اوترنا نقصان مین آنا نزل کرنا مضرت کو

ستر ہوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف ظا ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی ہی اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین گیارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین ظا ہے

الف با فا مین

اغلاظ ع چیزہاے درشت و بد یعنے سخت و موٹی چیزین۔

الف با لام

الفاظ ع جمع لفظ کی یعنے بہتسے بول زبان کے۔

الف با یاء

ایقاظ ع بیدار ان جاگنے والون کو جمع کرنا سوئین۔

ایقاظ ع بیدار کرنا جگانا کسیکو نیند سے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین ظا ہے

تا با یاء

تنبیط ع بوزن تبدید بیداری اور بیدار کرنا کسیکو نیند سے

تنبیظ ع بیداری اور بیدار کرنا نیند سے کسیکو

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین ظا ہے

جیم با الف

جاحظ د شخص جسکی آنکھ باہر کو نکلا ہو اور اسی

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین ظا ہے

حا با الف

حافظ ع نگہبان پاسبان اور قرآن کا یاد رکھنے والا

حا با ظا

حظ ع نصیب بہرہ خوشی اسکی جمع حظوظ ہے۔

حا با فا

حفظ ع نگہبانی و حفاظت اور قرآن کو یاد کرنا۔

حفیظ ع نگہبان اور ایک نام خدا کی ناموں سے۔

حفاظ ع عار و حمیت و مروت و نگہبانی و سوالیت

حفاظ ع حافظان یعنے بہت سے نگہبانان۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین ظا ہے

شین با واو

شواظ ع شعلہ آتش آگ کا یرکالہ۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین ظا ہے

مین با کاف

عکاظ نام بازار ہا مین سے ایک کے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین ظا ہے

غین با لام

غلاظ ع سطبر و درشت یعنے سخت اور موٹی چیز۔

غلاظ ع جمع غلیظ یعنے سخت و موٹی چیزین۔

غلیظ ع ضد رقیق سطبر و درشت و ناپاک۔

غلظ ع سطبری و درشتی و ناپاکی۔

غین با یا

غیظ ع غصہ و کینہ جو دل مین ہو۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف لام اور اخیر مین ظا ہے

لام با حا

لحاظ ع نگاہ رکھنا کسی چیز کا آنکھ سے دیکھنا۔

لحاظ ع دنبالہ آنکھ کا آنکھ پھیر کر دیکھنا۔

لام با فا

لفظ ع منہ سے نکالنا سخن کہنا اور ڈالنا۔

لام با واو

لواحظ دنبالہ ہائے چشم یہ لفظ جمع لحاظ کی ہے۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین ظا ہے

میم با حا

محافظ ع حفاظت کرنیوالا نگہبان کسی چیز کا۔
محظوظ ع بہرہ مند و بخت ور و صاحب نصیب و قسمت
محتظ ع بہرہ مند و صاحب نصیب صاحب قسمت۔

میم با سین

مستیقظ ع بیدار جو شخص سویا ہوا نہو۔

میم با الف

ملحوظ ع لی ظا کیا گیا آنکھ کے کنارے سے دیکھا گیا۔

میم با واو

مواعظ ع نصیحتین جو کسیکو کی جائین

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین ظا ہے

نون با الف

ناحفاظ ع بے شرم و فاسق و بے احتیاط۔

نون با عین

نعوظ ع استادگی ذکر شہوت کی حالت مین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین ظا ہے

واو با الف

واعظ ع نصیحت و پند کرنیوالا بدیہی یاد رکھنے والا۔

واو با عین

وعظ ع پند و نصایح جو کسیکو کیجائین
وعاظ ع جمع ہے واعظ کی بمعنے بہت سے نصیحت کرنیوالے

اٹھارہوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف عین ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین چھ بیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین عین ہے

الف با باء

ابداع ع پیدا کرنا کسی چیز کا جو نئی اور تازہ ہو اور ظاہر کرنا
ابتلاع ع حلق مین اوتار لینا کسی لقمہ وغیرہ کا۔

الف با تاء

اتباع ع بر وزن انواع پیروی خدام یعنے نوکر و خدمتگار
اتساع ع فراخ ہونا اور نام مرض چشم جسے آنکھ جڑ جاتی ہے
اتباع ع پیروی کرنا مناسبت کرنا کسی کا۔

الف با جیم

اجماع ع اتفاق کرنا جماعت کا ایک کام پر۔
اجتماع ع جمع ہونا اور باصطلاح منجم جمع ہونا آفتاب اور چاند کا ایک برج مین ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر اور ایسے وقت مین چاند نظر سے گم ہو جاتا ہے اور یہ موقع نہایت منحوس ہوتا ہے۔

الف با حاء

اختراع ع نئی چیز کا پیدا کرنا مشق و فہم سے جسکے کہودنے کے ہین۔

الف بارے

اِرتجاع ع متوجہ کرنا کسی کو کسیکی طرف توجہ دلانا۔
اِرتجاع ع موڑنا پھیرنا دوبارہ متوجہ ہونا۔
اِرتفاع ع بلندی اور بلند ہونا اور اونچا ہونا مجازاً محصول و فائدہ و محصول زراعت اور دفع اور دور کرنا اور علیحدہ کرنا۔
اَرباع ع جمع ربع منزلہا و خانہا و جمع ربع

الف باسین

اَسابیع ع جمع اسبوع معنے اسکے ہفتے اتوار سے
اِستمتاع ع نفع چاہنا فائدہ مانگنا سود طلب کرنا۔
اِستماع ع سونا ناگالی دینا سرود کہنا۔
اَسماع ع جمع سمع یعنے بہتسے کان۔
اِستِرجاع ع واپس لینا رجوع کرنا۔
اِستِشفاع ع شفاعت چاہنا سپارش مانگنا۔
اِستِصراخ ع سخن میں قافیہ لانا و آواز کبوتر و فاختہ
اُسبوع ع ہفتہ و ہفت روز یعنے سات دن۔
اِستدفاع ع دفع کرنا کسی چیز کو کسی چیز سے الگ کرنا
اِستطلاع ع آگاہی ڈھونڈنا اطلاع چاہنا خبر پوچھنا
اِستِقاع ع نقوع لینا یعنے دوا کو جو خشک ہو ن پانی میں بگھو کر اوسکا پانی لینا۔

الف باشین

اَشیاع ع گروہ ہائے دوستان و دوستونکی جماعتین
اِشباع ع سیر کرنا اور حرکت زیر زبر پیش کو ایسا پر پڑہنا کہ حروف علت اوس سے ظاہر ہون چنانچہ فتحہ سے الف کسرہ سے یا ضمہ سے واؤ پیدا ہون۔
اَشنع ع بہت قبیح اور بہت بدا و بہت مکروہ

الف باصاد

اِصطناع ع نکوئی کرنا اور بہرجانا۔
اَصلع ع کل یعنے گنجہ و شخص جسکے سر کے بال اوتر جائین
اَصابع ع انگشتان یعنے انگلیان تہ پانو کی
اَصبع ع انگلی انسان کے ہاتہہ پانو کی

الف بضاد

اَضیع ع بہت ضائع کرنیوالا مفسد کرنیوالا۔
اِضلاع ع جمع ضلع معنی پہلو و گوشہ و طرف و جانب
اِضطِجاع ع پہلو پر سونا ایکطرف سونا۔

الف باطار

اِطماع ع کسیکو طمع میں ڈالنا امید میں ڈالنا۔
اَطماع ع جمع طمع یعنے بہت سی امیدین۔
اِطلاع ع خبر و بنا خبر ہو پہنچنا آگاہ کرنا کسی کو۔

الف باقاف

اَقطاع ع جاگیرین دیگئی جو کسیکو بادشاہ سے ملین۔
اَقرع ع گنجہ یعنے گنجا جسکے سر پر بال نہون۔
اَقمع ع بریدہ دست یعنے کاٹہ کٹا ہوا آدمی۔
اِقماع ع شکستہ کرنا توڑنا ناقص کرنا کسی چیز کو۔
اَقماع ع بہت سے توڑ اور کوبان اونٹ کی
اِقتناع ع قناعت کرنا تہوڑی پر صبر کرنا۔

الف باکاف

اَکاریع ع پاہای گاؤ گوسپند یعنی گاؤ بکری کی قسم

الف بالام

اِلتیاع ع سوزش دل جو عشق سے ہو یعنی محبت کی جلن
اِلتماع ع چمکنا چمکارا دینا روشن ہونا۔

الف باہیم

اَشجع ع بہت دلیر اور بہادر اور نام ایک مرد کا

اِمتِناع ع منع کرنا باز رکھنا بُرے کام سے

الف با نون

اِستِرواع ع باہر کھینچنا اوکھاڑنا اوکھاڑے جانا۔

اِندِفاع ع دور ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا کسی سے

اِنقِضاع ع پھٹنا شگافتہ ہونا چرجانا۔

اِنتِفاع ع نفع لینا فائدہ حاصل کرنا سود لینا۔

اِنخِلاع ع اوکھڑنا علیحدہ ہونا کسی سے۔

اِنقِطاع ع قطع کرنا کاٹنا علیحدگی کرنا۔

اَنواع ع قسم قسم کی چیز طرح طرح کی چیز۔

اِنطِباع ع نقش ہونا چھپ جانا ثبت ہونا۔

اِنقِلاع ع اوکھڑنا۔

الف با واو

اَوجاع ع جمع وجع کی درد ہا جیسی جو انسانکو ہوتی ہین

اَوضاع ع جمع وضع کی طور و طریق ڈھنگ چال چلن

اَوتاد طالع ع میخین طالع کی جو نجومیون کی زدیک چار ہین اول خانہ اول برج جو متعلق تن و جان و عمر و زندگانی ہے دوم خانہ چہارم جو متعلق معاش در و زمی و ملک و مقام ہے ہفتم سے ساتوان خانہ جو متعلق بہ تزویج و مراد و مقصود ہے چوتھے دسوان گھر جو متعلق بحکومت و شغل و عمل و دولت ہے۔

الف با یاء

اِیقاع ع واقع کرنا جنگ مین ڈالنا لڑانا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین عین ہے

با با الف

بائع ع بیع کرنیوالا لفظ بیچنیوالا کسی چیز کا۔

باع ع دونو ہاتھ کی لمبائی کا مقدار جسقدر ہو۔

با با دال

بدیع ع نیا پیدا ہوا ہوا اور عجائب چیز و مطبوع

بدع ع نیا پیدا ہونا ظاہر ہونا ظہور مین آنا کسی چیز کا

بِدَع ع نئی پیدا ہوئی ہوئی چیزین جمع بدعت

بدائع ع جمع بدیع مجازاً اچھا بنایا اور نجیب اچھی چیزین

با با رائے

بَرزوع ع تو ابع ایران سے ایک ملک ہے جہان سکندر نے وقت نوشاہ کی بادشاہت تھی۔

با با قاف

بِقاع ع جمع بقعہ یعنی جا و مکان یعنی بہت سی جگہین اور مقام

با با لام

تَلَعع ع کھلے مین اوتار لینا کسی چیز کا کھل جانا لقم کا۔

تَلَعع ع منازل قمر سے تیئیسوین منزل کا نام ہے۔

با با نون

بَنی نوع ع ایک باپ کے بیٹے ایک جنس کی پیدائش اور ایک قسم کا لوگ

با با واو

بُوناِئع ع ایک مرکب معجون کا نام ہے جو مقوی دل ہے

با با یاء

بَیّاع ع خریدنیوالا اور بیچنیوالا لفظ دونو معنی رکھتا ہے

بَیع ع خریدنا اور بیچنا یعنے خرید و فروخت کرنا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف تا اور اخیر مین عین ہے

تا با الف

تابع ع فرمانبردار خادم نوکر چاکر حکم ماننے والا۔
تابع ع شمار میں لوان اور نواحق کسی چیز کا۔
تاج سنج ع شملہ شنج کا جو پگڑی کے اوپر ہوتا ہے۔

تا با باء

تتبیع ع گاو یکسالہ یعنی ایک برس کی عمر کی گائے۔
تبع ع پیروی کرنا اور پیروی کرنیوالے اور پیروی کرنیوالا۔
تبرع ع کسی کو اصل مال سے زیادہ دینا اور بخشنا اور وہ کام کرنا جو اسکے ذمہ پر فرض یا واجب نہ تھا مثلاً نماز کے فرض ادا کرکے مزید برآن نماز نفل پڑھنا حکم سے زیادہ خدمت مالک کی کرنا الغرض ہر وہ عبادت جو فرض نہیں مستحب ہے۔

تا با تاء

تتابع ع پے در پے ہونا بار بار ہونا بہت مرتبہ ہونا۔
تتبع ع پیروی کرنا متابعت کرنا اطاعت کرنا۔

تا با جیم

تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا کسی پینے کی چیز کا۔

تا با حا

تحت الشعاع ع دو یا تین ستارے قریب قریب کے جنمیں چاند نظر نہیں آتا

تا با خاء

تخشع ع فروتنی عجز و خاکساری ظاہر کرنا۔

تا با راء

ترجیع ع رجوع کرنا کسی طرف متوجہ ہونا۔
ترفع ع بلندی چاہنا و عزور و تکبر و فخر ظاہر کرنا۔
ترجح ع بھرنا اولٹنا منقلب ہونا رجوع ہونا اور رجعت کرنا اکثر کو ایسے کاموں سے مشرق کو۔
ترع ع سبزہ زار جمع تروع بوستانہائے سرسبز۔
ترعرع ع پھولنا اور نشو و نما پکڑنا۔
ترتیع ع درمیان قمار اور دستادے کے چار رنج کا فرق مثلاً قمر حمل میں ہو اور زہرہ سرطان میں اور چار گوشہ کرنا کسی چیز کو۔
ترصیع ع مرصع کرنا جڑاؤ کرنا شعر با قافیہ و ردیف کہنا یا مقفی عبارت کا لکھنا۔

تا با زاے

ترزع ع جنبش کرنا حرکت میں آنا ہلنا اپنے مقام سے

تا با سین

تسرع ع تیزی کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا۔
تسع ع نو عدد ہیں یعنے ۹ نو۔

تا با شین

تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانا۔
تشنیع ع برا کہنا ملامت کرنا کسیکو کسی جرم پر۔
تشیع ع اپنے آپ کو شیعہ کہنا اور شیعہ بننا۔

تا با صاد

تصنع ع اراستگی و سنگار کرنا خوشامد و چاپلوسی پیش آنا۔
تصدیع ع درد سر و تکلیف رنج و بلا و آفت۔

تا با طاء

تطوع ع وہ حکم جو لانا جو واجب نہو عبادت نافلہ ادا کرنا

تا با فاء

تفجع ع دردمند ہونا دکھیا ہونا
تفزیع ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا۔

تا با قاف

تقطیع ع ٹکڑے ٹکڑے کرنا پارہ پارہ کرنا اذن پر لانا کسی مصرع کا چنانچہ خدایا جہان بادشاہی ترست اس کا وزن ہے۔ فعولن فعولن فعولن فعول جسکا

ایک فصول کو بیچ کے علحدہ علحدہ ٹکڑون پر تقسیم کرنیکے تو اوسکا نام تقطیع ہے چنانچہ خدایا فصولن

بیان با فصولن دشاہی فصولن ترست فصول۔

تقصیر ع بدکہنا ملامت کرنا بیقرار ہونا پہلو بہلو پہرنا۔

تقاطع ع ایک دوسرے سے قطع کرنا علحدگی کرنا۔

تا با کاف

تکسیر ع وضو کرنا منہ ہاتھ دہونا ماخوذ اکارع سے

تا با لام

تلمع ع روشن ہونا چمکنا جلوہ دینا۔

تا با میم

تتمیع ع برخورداری فائدہ پہنچنا لفظ گرفتن و یافتن

تا با نون

تنوع ع قسم قسم ہونا طرح طرح ہونا جنس جنس ہونا۔

تنازع ع خصومت کرنا جھگڑنا لڑنا آپس مین

تا با واو

توقع ع امید دہلمع جو کسی سے رکھی جاوے

توانضع ع فروتنی دکسر نفسی اپنی دوسرے کے مقابلہ مین

توزع ع پراگندگی دپریشان خاطری دپشیمانی

توقیع ع نشان بادشاہ کا جو فرمان دمنشور کی پیشانی پر ہوتا ہے

توديع ع وداع کرنا سپرد کرنا رخصت کرنا کسی کو

توزیع ع پراگندہ کرنا حصہ حصہ کرنا کسی ایک چیز کو۔

توقع ع حرص کرنا طمع کرنا امیدوار ہونا۔

توسع ع فراخی کرنا فراخ ہونا کسی معاملہ مین۔

توقی ع پرہیزگاری کرنا گناہ سے بچنا متقی ہونا۔

توسیع ع فراخ کرنا کشادہ کرنا۔

توجع ع درد پیدا ہونا اور بیماری درد کی۔

تا با ہا

تہوع ع بشدت قے کرنا بہت سا قے کرنا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف جیم اور اخیر مین عین ہے

جیم با الف

جائع ع گرسنہ یعنی بھوکا شکم خالی۔

جامع ع وہ مسجد جسمین جمعہ کی نماز ادا کرین اور جمع کرنیوالا۔

جیم با دال

جذع ع تر درخت یا درخت کی شاخ۔

جذع ع دو اسپ جو سالہ ہو یعنی تین برس کا بیل

جذوع ع شاخہا تنہا ی درخت یہ لفظ جذع کی جمع ہے

جیم با زاے

جزع ع بے صبری بے آرامی دبے چینی دبیقراری۔

جزع ع سنگ سلیمانی جو سفید وسیاہ ہوتا ہے۔

جیم با میم

جمع ع تمام اور گروہ اور یکجا اور مجلس دمہمون کی

جماع ع صحبت عورت ومرد کی اختلاط دونو کا۔

جموع ع جمع جمع کے لفظ کی جماعتین اور گروہ۔

جمیع ع تمام اور بالکل اور سرتاپا۔

جیم با واو

جوع ع گرسنگی بھوکہ یعنے طعام کی خواہش۔

جوامع ع جمع جامہ تمام دہمہ وبالکل دسرتاپا۔

جواہر ع نو آسمان یا نو جواہر یعنے لعل مروارید الماس زمرد یاقوت فیروزہ مرجان نیلم عقیق یا لسنسکرت مین ان کو نورتن کہتے ہین۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین عین ہے

حا با سین

حسن مطلع ۲ دوسرا بیت غزل و قصیدہ سی جو پہلے بیت مطلع کی طرح پر ہو۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف خا اور اخیر مین عین ہے

خا با الف

خاضع ۲ فروتنی و تواضع کرنیوالا خاکسار ظاہر کرنیوالا

خاشع ۲ عاجزی کرنیوالا نست و خوشامد کرنیوالا۔

خادع ۲ فریبی مکار دغاباز آدمی۔

خاطر جمع ۲ دل کی تسلی ضد پریشانی کی۔

خا با دال

خدع و خدع ۲ فریب دینا دغا سی پیش آنا داؤ دینا۔

خداع ۲ فریب دینا یا وعدہ دینا داؤ مین لانا۔

خدائع ۲ جمع خدیعت کی مکر و فریب و غابازی۔

خا با را

خرنع ۲ بچہ خرگوش جو ایک قسم شہر جانور ہے۔

خا با شین

خشوع ۲ عجز و فروتنی و خوف و ضعف جو کسی پر غالب ہو۔

خا با ضاد

خضوع ۲ عاجزی کرنا۔

خا با لام

خلع ۲ نکلنا اور نکلنا عضو کا بند و پیوند سی اور اوتارنا کپڑے اور موزہ کا اور خلعت دینا۔

خلع ۲ طلاق لینا عورت کا بعوض تخشنی حق مہر یا بعوض دینی اولاد اور مال نقد و جنس کے۔

خا با میم

خمع ۲ گرگ دندہ یعنی بھیڑیا جو شہور درندہ ہے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف دال اور اخیر مین عین ہے

دال با را ے

درع ۲ زرہ جو بہلوان جنگ کے وقت پہنتا ہے

دال با عین

دعای قدح ۲ نام دعا ہی جو عربی زبان مین ہی۔

دع ۲ صیغہ امر یعنی نگذار اور چھوڑ دفع کر دور کر۔

دع ۲ مصدر ہے بمعنے دفع کرنا چھوڑنا در گزر کرنا۔

دال با میم

دمع و دمع ۲ اشک چشم اور نام بیماری چشم جسسی آنکھون سے پانی جاری رہتا ہے۔

دموع ۲ اشکہای چشم یعنے آنکھون کے آنسو۔

دال با واو

دوافع ۲ جمع دافع دفع کرنیوالے دور کرنیوالے۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ذال اور اخیر مین عین ہے

ذال با الف

ذ رائع ع آشکارا و فاش و پراگندہ و ظاہر سب کے روبرو

ذال با رائے

ذراع ع ہاتھ بازو بالشت اور فاصلہ سر انگشت انسان سے آرنج تک اور گز پانچ کا اور ذراع راستہ تر جو راستی نشان کے دیا جاتا ہے اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے۔

ذرائع ع جمع ذریعہ وسیلہ ما یعنی بہت سے ذریعے اور وسیلے

ذرع ع طاقت اور بالشت سے ماپنا کسی کپڑے وغیرہ کو۔

ذرع ع طمع و بچہ گاؤ وحشی۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف راے اور اخیر مین عین ہے

رائے با الف

رارتع ع چرنے والا بلند ہونیوالا۔

رابع ع چوتھا یعنے کسی چیز کا چوتھا حصہ چار مین سے ایک

راجع ع رجوع کرنیوالا توجہ کرنیوالا متوجہ ہونیوالا۔

راکع ع رکوع کرنے والا جھک جانے والا۔

رائع ع پھولنے والا بڑھنے والا اور وہ مال جو کھیتی سے ملے

رادع ع ہٹانے والا موڑ دینے والا واپس کرنیوالا

رافع ع اوٹھانیوالا بلند کرنیوالا پیش کرنیوالا حرکت دینے والا فریاد کرنیوالا عدالت جانے والا۔

راقع ع کپڑے کو پیوند لگانیوالا گودڑی سینے والا

رائے بابای

رتبوع ع ایک فرشتہ کا نام ہی جو ہر ایک مخلوق کی پرورش و حفاظت پر موکل ہے۔

رتبع ع چوتھا حصہ اور نام ایک کوکب نجوم کا جو بخوی کہتی ہین

ربع ع وہ تیجہ چوتھی روز عود کرے یعنے چار روز بعد

ربیع ع موسم بہار یعنے ماہ چیت و بیساکھ جس مین موسم سرما نکلکر بہار کا موسم آجاتا ہے اور باغ سرسبز ہوجاتے ہین پھول پھولنی پر آجاتے ہین اور نام ایک مرد سخی کا جسکو ربیع بن فضل کہتے ہین

رائے با ہا

لام با جیم

لحاف ع جامہ پنبہ دار شتمل جو چارطون مین بانکلوا و رہتے ہین

لام با طاء

لطف ع نرمی و تازگی و مہربانی و محبت و پیار ۔
لطیف ع نیکوکار و پاکیزہ شخص اور مطبوع چیز ۔
لطافالف ع لطیفہ ہا و نیکی ہا یعنی بہت سی لطیفے
اور نیکیان اور خوش کلامیان ۔

لام با فا

لَفّ ع لپیٹنا کسی چیز کو یا خط کا لفافہ کرنا۔

لَفِیف ع ہر چیز پیچیدہ دو درہم و دوست اور وہ کلمہ جس مین دو حرف علت کے ہون۔

لام با ہا

لَہِف ع غمناک ہونا اندوہگین ہونا دلگیر ہونا۔

لام با یا

لِیف رشتہ درخت خرما اور بوریا وغیرہ جو اوسسے بنا جاوے

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور اخیر مین واو ہے

میم با الف

مَاُوف ع آفت رسیدہ تنگ حال مبتلا ملا۔

مَالُوف ع خو پکڑا گیا دوستی کیا گیا رفیق بنایا گیا۔

مَالُعرف ع اسباب خانہ گھر کا اسباب جسکی پہچان ہو۔

میم با ہا

مُتَضَعِّف ع بہت ضعیف ہونیوالا سخت ناتوان و کمزور

مُتَکَاثِف ع غلیظ و سطبر ہونا نامطبوع و مکروہ ہونا۔

مُتَصَفّ ع صفت کیا گیا تعریف کیا گیا۔

مُتَلِف ع تلف کرنیوالا ضائع کرنیوالا کسی چیز کا۔

مُتَحَفّ ع تحفہ دینے والا پیشکش کرنے والا۔

مُتَحَفّ ع تحفہ کیا گیا یعنے جو چیز تحفہ کیجائے۔

مُتَعَفِّف ع متقی و پارسا و صاحب عفت۔

مُتَصَافِف ع ایک دوسرے کے ساتھ نسبت رکھنے والا۔

مُتَرَادِف ع ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونیوالا اور لفظ مترادف وہ ہین کہ دو تین لفظون کے ایک معنے ہون چنانچہ قلب و فواد و جان کے ایک معنے ہین۔

مُتَلَہِّف ع افسوس کرنیوالا دغمناک۔

مُتَوَقِّف ع دیر کرنے والا ڈھیل لگانے والا۔

مُتَعَسِّف ع سرزنش کرنیوالا درشت خو لعن کرنیوالا۔

مُتَاَسِّف ع افسوس کرنیوالا کسی حالبرغم کہا نیوالا۔

میم با جیم

مِجدَاف ع وہ پہلو لکڑی جو کشتی کے پہلو پر لگائی ہین اور کشتی کو اوسسے چلاتے ہین نام اوسکا پاتہ ہے۔

مُجَوَّف ع پولی چیز جو اندر سے خالی ہو جیسے بانس۔

مُجَفِّف ع خشک کرنیوالا سوکھا کرنیوالا۔

میم با حا

مُحَفُوف ع گرداگرد پکڑا گیا چاروطرف سے گھیرا گیا

مُحَذُوف ع گھوڑا دم کٹا اور کاٹا گیا اور حرف جو دور کیا جائے۔

مُحَرِّف ع راستی سے پھیرنے والا گمراہ کرنے والا۔

مُحَرَّف ع راستی سے پھیرا ہوا گمراہ و بدکار۔

میم با خا

مُخَالَف ع نام ایک آگ کا ہے جو گایا جاتا ہے۔

مُخَالِف ع دشمن عداوتی بیری بدخواہ۔

مُخَلَّف ع واپس چھوڑا گیا پیچھے چھوڑا گیا۔

مُخْلَف ع نو سال کی عمر کا اونٹ۔

مُخْتَلَف ع اختلاف کیا گیا اور وہ ولایت جو کئی طرح سے سنی جائے

مُخَوِّف ع خوفناک ڈرنے والا کسی سے۔

مَخَاوِف ع جاہے خوف جس مقام سے خوف ہو۔

میم با را ے

مُرَادِف ع ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا وہ لفظ ایک معنے کے جیسے ماء اور آب اور آتش اور نار

میم با زاے

مُزَلَّف ع معشوق صاحب لطف متصرف فارسیان۔
مَزالِف ع جاہاے انبوہ ومجمع وہجوم مردمان دگروہ
مُزاحَف ع باصطلاح عروض کن غیر سالم۔
مُزَخرَف ع آراستہ وزرا ندودہ ودروغ جو سچ کو طرح آراستہ

میم با سین

مُستَحیِف ع ظلم کرنیوالا زور وتعدی کرنے والا۔
مُستَحیَف ع خوفناک ڈریوک آدمی۔
مُسرِف ع بیجا خرچ کرنیوالا فضول خرچ آدمی۔

میم با شین

مُشرِف ع منشیونکا افسر بلندی کو چڑہنے والا۔
مُشرَف ع جاہاے بلند ومحل بلند اونچی جگہہ
مُشعُوف ع شیفتہ دعاشق دیوانہ ولدادہ
مَشغُوف ع چہپی ہوئی بات دل مین پہید کی بات

میم با صاد

مُصاف ع خنگ لڑائی ماخوذ مصف سے جسکے معنی لڑائی کا مقام ہے۔
مُصحَف ع صحیفونکا مجموعہ مجازاً قرآن۔
مُصَحَّف ع وہ لفظ جو بتغیر نقاط اور معنی دیتا ہو چنانچہ عبد وعید ومحبت ومحنت ومخنث۔
مُصَنَّف ع تصنیف کیا گیا کوئی نسخہ کتاب کا۔
مُصَنِّف ع تصنیف کرنیوالا کوئی مضمون یا کتاب بنانیوالا۔
مَصاحِف ع جمع مصحف بہتسے قرآن وکتابین۔
مَصرِف ع اسم ظرف جاہاے خرچ ومقام خرچ۔
مُصرِف ع اسم فاعل ہے صرف کرنیوالا خرچ کرنیوالا
مَصارِف ع جمع مصرف بہتسے خرچ کے مقام۔
مَصرُوف ع پہیرا ہوا مشغول کسی کام مین۔

میم با ضاد

مُضاف ع منسوب متعلق جو دوسرے سے علاقہ رکہتی ہو۔
مُضاعَف ع دوچند اور باصطلاح صرفیانین وہ کلمہ جسکے آخر مین وہی حرف یکجنس ہو

میم با طاء

مُطَرَّف ع وہ گھوڑا جسکا سر اور دم سپید یا سیاہ ہو ماخوذ طرف سے جسکے معنے بند نقرہ وزر کے ہین۔
مُطَرَّف ع چادر علم وغیرہ۔
مَطاف ع جاے طواف۔

میم با عین

مُعَرِّف ع تعریف کرنیوالا پہچاننے والا اور پیادہ کچہری کا۔
مَعرُوف ع پہچانا گیا اور مشہور دنکوئی نام ایک دریا کا جو کرخ مین رہتا تہا۔
مَعارِف ع آشنایان ع علماء وفضلا اور پہچاننے کی مقام
مَعلَف ع چارہ اور آخور گہوڑونکا۔
مُعتَکَف ع گوشہ نشین۔
مُعاف ع اصل مین معافی تہا معاف کرنا۔
مَعطُوف ع پلٹایا گیا پہیرا گیا ایکطرف سے دوسری طرف
مُعتَرِف ع اقرار کرنیوالا وعدہ کرنے والا۔

میم با غین

مُغرِف ع ناتہہ سے پینے والا آدمی۔

میم با کاف

مَکشُوف ع کہلا ہوا اور کہولا ہوا۔
مُکَلَّف ع تکلیف دیا گیا ناپ کیا گیا۔
مُکتَنِف ع پناہ ڈہونڈنے والا یکسو ہونیوالا ایکطرفہ۔
مَکفُوف ع پہیرا ہن لپیٹا ہوا تہہ کیا ہوا۔

میم با لام

مَلہُوف ع اندوہگین وستمدیدہ ورنج کشیدہ۔
ملاطفہ ع مہربانی کرنیوالا نرم دل۔

مُلفوف ع لپٹا ہوا لفافہ کیا ہوا۔

میم با نون

مُنیف ع بروزن مقیم پاک بزرگ بلند زیادہ۔
مُنزحف ع دور ہونیوالا پرے کو جانے والا۔
مُنکشف ع ظاہر ہونیوالا سب کے سر برآمد ہونیوالا۔
مُنخرف ع خمیدہ و برگشتہ ہونیوالا نافرمان و سرکش۔
مُنعطف ع خم پڑنے والا اور پھرنے والا۔
مُنصرف ع ایک حال سے دوسرے حال مین بدلنے والا۔
مُناف ع نفی کرنیوالا دور و نابود کرنے والا۔
مُنصف ع انصاف کرنے والا عادل و داد گر۔
مُنکشف ع کھولا گیا ظاہر کیا گیا کہ دیکھا گیا۔
مَوقف ع کھڑے ہونیکا مقام رہنے کی جگہ جائے سکونت
مَواقف ع جمع موقف کے لفظ کی کھڑے ہونیکا مقام
مُولف ع الف کرنیوالا جمع کرنیوالا کسی کتاب کو۔
مُوظف ع وظیفہ کرنیوالا وظیفہ دینے والا روزینہ دینے والا
مُوظف ع وظیفہ کیا گیا روزینہ دیا گیا۔
مُوصف ع صفت کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مَوصوف ع توصیف کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مَوقوف ع کھڑا کیا گیا ٹھہرایا گیا قائم کیا گیا۔
مُوتلف ع خوگر پکڑا گیا الفت پکڑا گیا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف نون اور اخیر مین فا ہے

نون با الف

نافع ع مشہور لفظ ہے یعنے انسان کی ناف۔
نافع ع آدھون آدھ کرنیوالا نصف نصف کرنیوالا

نون با تا

نتف ع اوکھڑنا بال کا جسم سے۔

نون با جیم

نجف ع نام شہر جس مین مزار مرتضی علی کا ہے۔

نون با حا ر

نحف ع چوڑے سر کا تیر جو ایک ہتیار ہے۔
نحیف ع دبلا لاغر ناتوان۔

نون با دال

ندف ع روئی کا دھنکنا۔
ندّاف ع دھنیا روئی کا دھنکنے والا۔

نون با را

نزف ع تمام پانی چاہ سے نکالنا۔
نزیف ع تپ زدہ بیہوش اور جسکا خون بہت سے نکل گیا ہو اور وہ پیاسا جسکی زبان خشک ہو۔

نون با سین

نسف ع اوکھاڑنا بنیاد کا بیخ سے نکالنا۔
نسف ع نام ایک شہر کا جو بلخ کے نزدیک ہے۔

نون با شین

نشاف ع جاذب کھینچنے والا جذب کرنے والا۔
نشاف ع جنون و دیوانگی و خبط جو مزاج مین ہو۔
نشف ع جذب کرنا کھینچنا کشش کرنا۔
نشف ع ایک قسم کا سیاہ پتھر ہے۔
نشف ع کاسہ و قدح جو بین لکڑ کا پیالہ۔

نون با صاد

نصف ع نیم آدھا دو حصے مین سے ایک۔
نصیف ع چادر نادوختہ یکعرض کپڑا۔

نون با طا ء

نطف عیب بدی زخم پشت کا پیٹھ کا دمل۔

لُطَف ع جمع لطفہ کی بہت تخم ریحان کے۔

نون با طاء

لَطِیف م حلال و پاک اور ظاہر بہت اچھی چیز۔

بیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین فا ہے

واو با الف

وَاقِف ع ٹہرا ہوا اور جاننے والا اور محرم راز۔

وَاجِف ع جسکا دل دہڑکتا ہو۔

واو با صاد

وَصف ع تعریف و صفت و برائی۔

وَصَّاف ع تعریف کرنے والا صفت کرنے والا۔

وَصِیف ع خدمتگار خادم نوکر چاکر۔

واو با قاف

وُقُف ع ٹہرنا توقف کرنا خبردار ہونا اور وہ چیز جو کسیکے ملک نسو اور مقام ٹہرنے کے جو قرآن مین مقرر ہین۔

وُقُوف ع خبردار ہونا آگاہی یا نا علم حاصل کرنا۔

چہیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین فا ہے

فا با الف

فَالِف ع غیب سے آواز دینے والا فرشتہ ماخوذ ہے جسکے معنی آواز دینے کے ہین۔

فا با ے

ہَتف ع آواز جو کسی طرف سے آدمی

فا با میم

ہَمزَلف ذ اپنی عورت کی بہن کا خاوند یعنی سالا ہو

فا با واو

ہَوف ع گرم ہوا جسکو سموم کہتے ہین۔

فا با ہاے

ہَتیف ع سختی و تنگی و گرم ہوا و باد سموم

اکیسوان باب

اون لغات کی بیان مین جن کی اخیر مین حرف قاف ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین چہیس ۲۶ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف الف اور اخیر مین قاف ہے

الف با با

اَبرَق ع شہر ہیر جسکو اگر چہ آبرو سے کچھ علاقہ نہین لیکن اوسکا ترجمہ آبرو کیا ہے جسکے معنی چمک کے ہین

اَبلَق ع سیاہ و سپید گھوڑا دو رنگ گھوڑا۔

اِبرِیق ع لوٹہ جسمین وضو کرنے کا صرف آبریز

الف با تا

اَتفاق ع موفقت کرنا موافق ہونا ہمراہ ہونا ایک کام مین۔

اَتاق ع خانہ ذخیرہ و جاے سکونت رہنے کا مقام

اَتالِیق ع لیاقت سکھلانیوالا استاد۔

اِتساق ع نرم ہم ہونا راست ہونا ترتیب دینا۔

الف با حیم

اَحَاق ع ریگ دار زمین خاندان۔

الف با حا ر

اِحْرَاق ع جلانا آگ سے کسی چیز کو۔
اِحْتِرَاق ع جل جانا سوداوغیرہ کا۔
اِحْدَاق ع مردمک آنکھ کی پتلی چشم۔
اَحَق ع لائق تر سزاوار تر صاحب حق۔
اَحْمَق ع نہایتے بے وقوف نادان بے علم جاہل۔

الف با خا ر

اِخْتِنَاق ع گلا بند ہونا نام بیماری کا ہے۔
اَخْلَاق ع جمع خلق کی طریقے آداب عادت خو
اِخْتِرَاق ع پھاڑنا توڑنا پارہ کرنا۔

الف با دال

اَدَق ع بہت دقیق بہت مشکل ع و بہت سخت حرف۔

الف با را ے

اَرَق ع بیخوابی و بیداری یعنے رات کا جاگنا۔
اَرَق ع بہت باریک شفاف و صاف چیز۔
اِرْتِفَاق ع رفاقت کرنا اور آرنج پر تکیہ کرنا۔
اَرْزَاق ع جمع رزق کی بہت سی روزیاں
اَرْشَق ع خوش قامت و زیبا اندام معشوق۔
اُرْمَاق ت زدن یعنے مارنا کسی شخص کو۔

الف با ز ے

اَزْرَق ع رنگ نیلگوں و کبود اور صفا پانی اور وہ شخص جسکی آنکھ میں مائل بہ کبودی و سبزی ہو۔

الف با سین

اِسْتِغْرَاق ع محو ہونا غرق ہونا ڈوب جانا کسی چیز میں
اَسْبَق ع سب سے اول سب سے پہلے
اِسْتِیْثَاق ع استواری مانگنا مضبوطی چاہنا

اِسْتِرَاق ع بہ چوری چوری کسیکی بات کا سننا۔
اِسْتِنْطَاق ع کسیکو بلانا حال پوچھنا۔
اِسْتِحْقَاق ع سزاوار ہونا حقدار ہونا۔
اِسْتِهْتَاق ع پانی یا دوا یا ہوا ناک میں کھینچنا
اِسْحَاق ع حضرت ابراہیم ع کے بیٹے کا نام ہے
اِسْتَبْرَق ع انام پارچہ ریشمی جو مثل اطلس ہوتا ہے۔

الف با شین

اُشْلُق ت بہت کسی پر باندھنا بدنام کرنا۔
اُشَاق ت نام غلام و غلام سادہ رو بے ریش۔
اُشْق ع ایک قسم کی گوند کا نام ہے جو درخت سے اترتا ہے
اَشَق ع بہت سخت و مشکل دوشوار۔
اَشْفَاق ع مہربانیان جمع شفقت کے لفظ کی۔
اِشْفَاق ع مہربانی کرنا پیار کرنا شفقت کرنا۔
اِشْرَاق ع روشن ہونا دن کا بعد طلوع آفتاب کے۔
اِشْتِقَاق ع نکالنا چیرنا پھاڑنا کسی چیز کو لینا کلمہ کا دوسرے کلمہ سے لکڑیاں چیرنا۔
اِشْتِیَاق ع شوق کرنا شوق ظاہر کرنا۔

الف با صاد

اَصْدَاق ع راست کرنا کسی کے قول کا و راست جاننا بہت سے آدمیوں کے

الف با طا

اِطْلَاق ع روان کرنا چھوڑنا بند کھولنا بیٹ چلانا۔

الف با عین

اِعْرَاق ع شراب میں پانی ملانا عرق میں عرق ملانا۔
اِعْتِنَاق ع معانقہ کرنا لپٹکر ہونا دوسرے شخص سے۔
اِعْتَاق ع بندہ آزاد کرنا غلام کو غلامی سے نکالنا۔
اَعْنَاق ع گردنیں اور بزرگ قوم کے سردار لوگ

الف با عین

اِغلاق ع دروازہ باندھنا سخت پکڑنا مضبوط پکڑنا۔
اِغراق ع غرق کرنا مبالغہ کرنا سخت کمان کھینچنا

الف با فا

اُفاق ع جمع افق کنارہا وعالم جسیم مجازاً زمانہ۔
اِفتراق ع جدا کرنا علیحدہ کرنا الگ کرنا کسی کو۔
اُفق ع کنارہ آسمان کا مشرق یا مغرب یا جنوب یا شمال

الف با لام

اِلصاق ع چپکنا اور چپکانا جوڑنا یا جوڑانا۔
اِلتزاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے
اِلتصاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے
اِلتصاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے
اُلاغق ت خانہ صحرائیان جنگلی لوگون کا گھر
اُلاق ت سواری و مرکب جو بیگار لیجائین اور گدھا ڈاک چوکی کا اور گدھا بار لادنے کا۔
اِلحاق ع ملانا لگانا پیوند کرنا جوڑنا۔
اُلدق ت مصدر بمعنے سٹنا یعنے ہونا۔
اُلحاق ع پوشاک جو قبا کے نیچے پہنتے ہین۔

الف با میم

اِملاق ع مفلسی درویشی و فقیری و ناداری
اُمّ ناطق عخطاب امام جعفر صادق علیہ السلام کا ہے

الف با نون

اَنیق ع خوب عجیب چیز اور نادر حبس۔
اِنخلاق ع چاپلوسی و دوستی و لطف کرنا ہموار ہونا ملائم ہونا
اِنفاق ع لفظ بمعنے خرچ و نیاز و زری دینا کسیکو
اِنتساق ع طریق و انتظام و روش و دستور و طرز
اِنتساق ع روش و دستور و طریق و طرز و انتظام۔
اِنتساق ع جمع متسق جسکے معنے انتظام کے ہین
اِنتزاق ع نیست و ہلاک ہونا نابود ہونا۔

اِنخراق ع پھٹ جانا پارہ پارہ ہونا۔
اِنغلاق ع بستہ ہونا جمع ہونا پیوند پانا۔
اِنطباق ع آپسمین ملنا مطابق ہونا موافق ہونا۔

الف با واو

اَوراق ع جمع ورق کاغذ سے پتے درخت کے
اَوفق ع بہت موافق اور نہایت مطابق۔
اَوشاق ت طفل اور مرد وہ لڑکا جو داڑھی نہ رکھتا ہو
اَوثق ع بہت مضبوط نہایت مستحکم چیز
اوغرشماق ت چوری کرنا چورانا مال کسیکا۔

الف با یا

اِیراق ع پتے نکلنے درخت کے شگوفہ نیا نکلنا۔
اِیماق ع عیال و تبار و قبیلہ گھر کے لوگ۔
اِیتلاق ت چمکنا چمکارہ و بنا روشن ہونا۔
آیاق ت پیالہ شراب پینے کا جسے شراب پیتے ہین

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف یا اور اخیر مین قاف ہے

با با الف

بارِق ع روشن چمکنے والا چیز جو چمکنے والی ہو۔
باسِق ع پہونچنے والا بڑھنے والا ماخوذ ہے نخل باسق سے جسکے معنی بڑھنے کے ہین
باشِلق ت بادشاہ امیر زادہ سپہ سالار۔ فوج کا افسر۔
باسلیق ت ایک رنگ کا نام ہے جسمین اگر اوسکی فصد چھوڑی جاوے تو گلے سے کمر تک خون آتا ہے۔
بالاچاق ت غالب حاکم و زبردست و پہلوان و زور آور
بادفتق ت بیماری ہے جسے ایک خایہ بڑا ہو جاتا ہے

با یا جیم

بساق ت کا رد سینے چھری جو شہر چیز ہے - اسکا

باب حاء

سحر معلق ع کنایۃ آسمان جو معلق بیضون نظر آتا ہے -

باب خاء

سخت و تفاق ف کسیکو ناگاہ خزانہ مل جانا -

باب راء

برساق ع چیز چمکتی ہوئی روشن چیز -

برریق ع روشنی اور روشن چمکتی ہوئی چیز -

برق و زرق ع روشنی و شاخگی و درستی -

براق ع رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا گھوڑا جسپر شب معراج سوار ہوئے تھے -

برق ف صحیح درست حسابات مین شک نہو -

برق ع بجلی کی چمک بادل کا چمکنا -

باب زاء

بزاق ع لعاب دہن یعنے تھوک -

باب سین

بسراق علم ایک جوہر جسکو کہربا کہتے ہین قیمتی پتھر کا

بنطاق و بغلتاق ف قبا جو شہور پوشاک ہے اکثر ایرانی پہنتے ہین

بغلق ف نام طائر مجازا تیر جو اوڑ کر نشانہ پر جاتا ہے

باب فاف

بق ع ایسے پتے مچھر جو ایک شہور پیش دار جانور ہے -

باب کاف

بگیارق ت نام امیر اور سپید غلام جو ایک صاحب حسن کے مملوک ہوئے

باب لام

بلاق ت چشمہ آب نوش یعنی زمان جو شہور نہر ہے

باب نون

بندوق شہور بندوق تفنگ جو ایک سلاح مشہور ہے پہلے اسکو بندق نام تھا جسکے معنی غلولے کے ہین -

بنادیق ع جمع بندق کی لفظ کی ہی یعنی بہت بندقین

بندق ع غلولہ گلی یا سنگی پتھر کے گولے -

باب واو

بوعلی دقاق ع ایک شاع کا نام ہے -

بوارق ع جمع بلدقہ روشن چیزین چمکتی ہوئی چیزین

بوق ع شہنائی کوئی جو جنگ بجاتے ہین -

بورق ع نام ایک قسم کی کہانی کا جو لذیذ ہوتا ہے

بواسحاق ع نام ایک بزرگ کا جو ولی اللہ تھا -

باب ہاء

بہق ع ایک بیماری کا نام ہے جو نوجوان کو عائد ہوکر بدن پر داغ پڑجاتی ہین جسپر اوسکو کہتے ہین -

باب یاء

بیت العتیق ع خانہ کعبہ قدیم جسکو طوفان نوح کے وقت فرشتے آسمان پر اوٹھا لے گئے تھے -

بیباق ع بیدل کامل و تمام جسکی باتی نہو -

بیذق ف پیادہ شطرنج کا جو ایک مہرہ شطرنج کا ہے -

بیرق ع علم و نشان اور جھنڈا لشکر کا -

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین قاف ہے

تا با الف

تائق ع سابق یعنی وہ شخص جو صاحب شوق ہو -

تاتق ع آرزومند ہونا یا خواہش ہونا طامع ہونا

تاتا

تتق ع سراپردہ خیمہ شتر کا مقام بیٹھنے کی جگہ

تا با حا

تَحَقُّق ع دریافت کرنا کھوج لگانا رستے چلنا۔
تَحَقُّق ع ثابت ہونا دریافت ہونا کھوج لگنا۔

تا با خا

تَخَرُّق ع چیرنا پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَخَلُّق ع خلق کرنا خوگیر ہونا خوشخو ہونا۔

تا با دال

تَدَقُّق ع باریک کرنا پتلا کرنا کسی چیز کو۔

تا با رای

تَرَفُّق ع مہربانی کرنا نرمی کرنا رحم دلی کرنا۔
تِرْیاق ع معرب تریاک یہہ دوا مرکب ہے اسکی کہانیسے نباتی وحیوانی زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔
تَرَفُّق ت پاسبانی ونگہبانی وحفاظت کرنا۔

تا با زاے

تَزَیُّق ع ریا ونفاق ودروغ سے نست کرنا۔

تا با شین

تَشَوُّق ع شوق دلانا چاہ مین لانا کسی کو۔
تَشَوُّق ع آرزومند کرنا طمع دلانا کسیکو کسی بات مین۔

تا با صاد

تَصَفُّق ع ایک کف دست کو دوسرے پر تن مین مرادفنا لنا رتن بدلنا
تَصَدُّق ع کسیکو سچا جاننا اور اوسکے راستی پر قائل ہونا۔
تَصَادُق ع ایک دوسرے کیساتھہ راستی کرنا سچائی یا

تا با ضاد

تَضَایُق ع باہمدیگر تنگ ہونا تنگی کرنا دشوار پڑنا

تا با طاو

تَطَرُّق ع راہ کرنا راہ پانا لوٹنا راستے پر آنا۔

تا با ظا

تَطَابُق ع مطابق ہونا موافق ہونا۔
تَطْبِیق ع مطابق کرنا موافق کرنا برابر کرنا۔

تا با عین

تَعَوُّق ع موڑنا قید کرنا منع کرنا دیر مین ڈالنا توقف مین لانا
تَعَلُّق ع لٹکانا آویزان کرنا کسی چیز کو۔
تَعَمُّق ع غور کرنا اندیشہ کرنا تفکر کرنا۔
تَعَمُّق ع غور کرنا کسی چیز کے کنہ کو پہونچنا دریافت کرنا
تَعَلُّق ع تعلقدار ہونا کسی کو نعل مین لینا۔
تَعَلُّق ع علاقہ رکھنا کسی سے کام یا خدمت لینا۔

تا با عین

تَعَلُّق ت سردار امیر سپہ سالار دولتمند۔

تا با فا

تَفَوُّق ع بلندی چاہنا بلند ہونا صاحب رتبہ ہونا۔
تَفْرِیق ع جدا کرنا جدائی مین ڈالنا فرق کرنا۔
تَفَارِیق ع جمع تفریق کے لفظ کی بہت سے فرق جدا جدا
تَفَتُّق ع پھاڑنا کھولنا ظاہر کرنا باہر لانا۔

تا با قاف

تَقَمُّق ع مسیح کوب چوبی جسکو مونگلی کہتے ہین۔

تا با لام

تَلَفُّق ع جمع کرنا ترتیب کرنا درستی مین لانا۔

تا با میم

تَمَلُّق ع نرم ہونا خوشامد کرنا نرمی مین لانا عجز کرنا۔

تا با نون

تَنَسُّق ع انتظام کرنا ترتیب دینا بندوبست کرنا۔
تَنْمِیق ع لکھنا نقش کرنا تحریر کرنا۔
تَنَسُّق ع مرتب ہونا تیار ہونا درست ہونا۔

تا با واو

تَوفیق ع موافق کرنا برابر کرنا کسی کو اور مقدار ہر ایک چیز کی
تَوافُق ع یکجا ہونا موافق ہونا درست ہونا۔
تَوفُق ع یکسان ہونا ایک سا ہونا۔
تَوثیق ع محکم و استوار کرنا مضبوط کرنا
تَوَق ع آرزومندی و غلبہ شہوت و ترقی حرص۔

تا با یا ے

تیق ع مبدخو و بدمزاج و بدگو و بدکلام آدمی

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف جیم اور اخیر مین قاف ہے

جیم با الف

جاثلیق ع رئیس ترسایان یعنی قوم نصاریٰ کا سرگروہ
جارطاق ف چھوٹا خیمہ اور چھوٹا سرایردہ۔
جاق ت سالم و تندرست و صحیح الجسم

جیم با فار

جفتہ طاق ف کنایہ ابر دیدنی انسان کی بھوین

جیم با قاف

جق جق ع شور و غوغا و گفتگو لاحاصل یعنی بک بک۔
جقاجق ف آواز تیغ یعنے تلوار کی آواز۔
جقماق ف وہ لوہا جو پتھر مار کر آگ نکالتے ہین
جق ف دہانی دودھ ہونے کی جو چار گوشہ بنی ہوئی ہوتی ہے

جیم با لام

جلق ع منت مارنا اور دخول سے اول انزال کرنا یہ لفظ زلق کے لفظ سے مبدل ہوا ہے۔

جیم با یا ے

جماق ف گرز آہنی شش پہلو و چوبی ستی سطبر جسکا گرز

دار ہو کنایۃً آلہ تناسل۔

جیم با واو

جورق ف دودھ کپاس کا جس مین روئی ہوتی ہے۔
جوق ع فوج و گروہ و مجمع و ہجوم لشکر کا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین قاف ہے

حا با الف

حاق ع میانہ ہر چیز کا اوسط ہر چیز کا۔
حاذق ع زیرک دانا و عقیل و ہشیار و صاحب ہنر

حا با دال

حدق ع گرد کرنا اور دورہ اور گولائی ہر چیز کی
حدق ع سیاہی آنکھون کی اور بادنجان یعنی بتاون جو ایک مشہور ترکاری ہے۔
حدائق ع باغ ہا مے پر درخت جسکے گرد دیوار ہو یہ لفظ حدیقہ کی جمع ہے

حا با ذال

حذاق ع دانا و زیرک عقلمند۔

حا با را ے

حراق ع سوختہ جسپر پتھاق سے آگ ڈالتے ہین اور اوس مین آگ سرایت کر جاتی ہے۔
حرّاق ع بہت جلانے والا جسکی گرمی سے دوسری چیز جل اور سڑ جائے۔
حریق ع سوزش اور جلا ہوا اور آگ شعلہ زن مجازاً دوزخ
حروق ع ایسے ہی سامان آگ جلانے کا۔
حرّیق ع جلنا آگ سے۔

ذلیق ع تیز زبان وسنان تیز یعنے تیز برچھی۔

دال با واو

ذوق ع مزہ چکھنا ولذت پانا ومزہ لینا وشناوعشرت حاصل کرنا

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین قاف ہے

رای با الف

راق ع افسلم علی تق سے باندھنے والا گرہ دینے والا۔

راوق ع پالونہ شراب کا یعنے وہ کپڑا جسسے شراب بدامن رین اور شراب صاف کی ہوئی۔

رازق ع رزق دینے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے

رایق ع آب صاف وجاری بہتا ہوا پانی دریا چشمہ کا۔

رای با تای

رتق ع باندھنا بندوبست کرنا پیوند کرنا۔

رتق وفتق ع باندھنا کھولنا یعنے بندوبست وانتظام کسی کام کا

رای با جای

رحیق ع شراب خالص صاف وخوش رنگ۔

رای با زای

رزق ع روزی جو آدمی کھاتا ہے

رزاق ع روزی دینے والا روزی پہونچانے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

رای با فای

رفق ع نرمی وملاطفت ودوستی ورحم دلی ورفاقت

رفیق ع دوست نرمی کرنیوالا رحم دل۔

رفاق ع جمع رفیق کی بہتسے دوست ونرمی کرنے والے

رای با قاف

رقیق ع باریک اور پتلی چیز جیسے پانی وشراب وغیرہ۔

رقایق ع چیزہای باریک یہ لفظ رقیق کی جمع ہے۔

رقاق ع پتلی روئی جسکو دھنیے پہنجا کہا کہتے ہین

رق ع بندگی وغلامی وتابعداری وفرمانبرداری۔

رق ع ہمن کا چمڑا جسپر لکھتے ہین اور وہ چمڑا کاغذ کی طرح بنایا جاتا ہے اکثر بادشاہی اسناد جنکو دیر تک رکھنا منظور ہوتا ہے اوسپر لکھے جاتے ہین۔

رای با ہم

رمق ع بقیۂ جان یعنے کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ۔

رای با واو

رواق ورواق ع مکان کا چھجہ ابر وسحاب

رونق ع چمک زیبائش زینت وحسن کسی چیز کا

رای با ہای

رہق ع نزدیک ہونا گرہ ہونا جھوٹ بولنا تہمت باندھنا اور کسی چیز کے گرد بیٹھنا اور چھایا اسنے آپ کو فسق وفجور وجھوٹ وحرام پر مستعد کرنا تکبر کرنا مغرور ہونا۔

رہاق ع ابتدے بلوغ یعنے عمر بلوغ کی ابتدا۔

رای با یای

ریق ع آب ہن اور نا شتہ وہ حالت جسکو کہا یا ہو۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر مین قاف ہے

زای با رای

زرق ع دھوکہ ومکر وریا ونفاق اور سرگین ڈالنا کھنا جھاڑے پہرنا اور گردش آنکھون کی اور ڈالنا دارو کا کسی جگہہ مین

زرق بہت سے کبود چشم اور اندھی اور رنگ کے نودی اور پانی صاف جسمین کدورت نہو۔
زَرَق ع کبود چشم ہونا مانند نیلگونی کا میل سے۔
زُرّق ع مرغ شکاری جسکو جرعہ کہتے ہین اور نوحہ کرنا
زرّاق ع صاحب نفاق و ریا و منافق و دغا باز۔

زای باعین

زعاق ع شور مزہ یعنے نمکین مزہ۔

زای باقاف

زِق ع پانی کی مشک جو چمڑے کے بہشتی کہتے ہین۔

زای بلام

زلق ع چپسلنا اور زمین ہموار بے گیاہ اور راستہ سے نکل کر مشت مارنا جلق بھی اسکو کہتے ہین۔

زای بانون

زِندیق ا وہ شخص جو خدا اور قیامت کا قایل نہو اور اعتقاد رکھے کہ زمانہ قدیم سے ایسا چلا آیا ہے اور ایسا ہی رہے گا اس مخلوق کا کوئی خالق نہین خود بخود سب چیز پیدا ہوتی ہے اور خود بخود فنا ہوتی ہے ہر ایک اہل مذہب کے نزدیک یہ شخص کافر ہے۔
زَنبق ع چنبیلی کا پھول جو ایک مشہور پھول ہے۔

زای باواو

زورق ع چھوٹی کشتی جو دریا مین چلاتے ہین۔

زای باہاء

زَہق ع زمین جنگل کی جس مین درخت اور پانی نہو۔
زَہق ع نیست و نابود ہونا فنا ہونا مرجانا۔
زُہوق ا نابود ہونا ہلاک ہونا گذرنا تیر کا نشانہ سے۔

زای بایاء

زیرکجاق ف مطیع و فرمانبردار وہ کوئی جسکو غلام کرنے کی عادت ہو

زَنبق ع یاسمن کی پارہ جو ایک مشہور دوا ہے

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین قاف ہے

سین باالف

ساق ع پنڈلی جو مشہور عضو ہے۔
سارق ا چور جو کسی کی چیز چورے۔
ساحق ا پیسنے والا اگرنے والا پیس کر باریک کرنیوالا۔
سابق ع پہلا اور سبق دینے والا علم و ہنر کا۔
ساچق ع وہ اسباب جو داماد عروس کے گھر عروس کے لیے شادی سے پہلے بھیجتا ہے ہندی مین اسکو بری کہتے ہین
سائق ع پیچھے سے ڈھکیلنے والا دھکا دینے والا۔

سین باباء

سَبق ع آگے چلنا اور اون سے لنگ جانا رفتار یا کسی کام مین
سَبق ع شرط باندھنا اور اندازہ پڑھنے کا جسقدر پڑھا جاوے
سِباق ع دوڑنے مین پیچھے پکڑنا آگے لنگ جانا۔

سین بادال

سَدق ا ترکش جس مین بہت سے تیر رکھے جاتے ہین

سین بارا

سرمشق ف استاد کا لکھا ہوا خط جسکو دیکھکر شاگرد مشق کرے اور خط درست کرے۔
سُرادِق ع سراپردہ و شامیانہ وخیمہ وغیرہ۔
سَرّوق ع بہت چوری کرنیوالا بہاری چور۔
سَرمَق ع ایک قسم کا سبزہ ہی جسکو بتھوا کہتے ہین
سرورق ف پہلا ورق کتاب کا جسپر کتاب کا نام لکھا ہو۔

سین باحاء

سُغراق ت قدح بزرگ یعنے بڑا پیالہ پانی کا۔
سَغراق ت شراب اور شراب کا پیالہ اور کوزہ ٹوٹی والا جسمیں آفتابہ

سین بالام

سلق ع چقندر جو ایک ترکاری مشہور ہے۔
سَلجُوق ت نام جد بزرگوار شاہان سلجوق جو ایک بادشاہی خاندان مشہور ہے۔
سُلاق ت سرخ اور غلیظ ہونا اور پلک آنکھ کی۔

سین بامیم

سُمّاق ع نام ایک میوہ ترش کا ہی جو نہایت کھٹا ہوتا ہے
سَماق ع نام ایک قسم کی پتھر کا جو قیمتی ہوتا ہے۔

سین بانون

سنجق رومی زبان میں علم فوج و نشان و کمربند کو کہتے ہیں
سَنا بَرق ع بجلی روشن اور چمکنے والا بادل
سنگ دشق ف کنایۃً گھسوٹی جسپر سونار کہتے ہیں۔

سین باواو

سوابق ع اگلی باتیں گذشتہ قصے قدیمی تواریخ۔
سُوءِ طریق ع بدراہی وراہ بد و گمراہی خلاف شرع کی کام
سُوق ع بازار و جمع ساق پنڈلیاں جو مشہور عضو ہے
سویق ع ستو جو جو و گندم کی بنا کر کہاتے ہیں

سین بایاء

سیاق ع چلانا اور علم حساب کا جسکے متعلق حساب ہے
سیّی الخلق ع بدخلق آدمی ترش مزاج و بدخو۔

بارہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف شین
اور اخیر میں قاف ہے

شین باالف

شاہق ع بلند اور بڑے بلند دلیل نبض جو بلندی پر ہو۔
شارق ع روشن کنایۃً آفتاب یعنے سورج۔
شاق ع دشوار و کار دشوار سخت کام۔
شایق ع صاحب شوق جسکو کسی چیز کی طرف رغبت ہو۔

شین بایاء

شبق ت طبانچہ مارنا تھپڑ مارنا۔

شین بادال

شدق ع فراخ ہونا دو نولبوں کے گوشوں کا۔
شِدق د دو نولبوں کے گوشے۔

شین بارا

شرق ع آفتاب اور روشن اور جا طلوع آفتاب
شُروق ع طلوع آفتاب و ظہور و روشنی۔

شین باقاف

شفق ع سرخی شام کی جو آفتاب کے غروب کے بعد ظاہر ہوتی ہے
شفیق ع مہربان و دست نرم دل صاحب شفقت کا۔

شین باقاف

شقایق گل لالہ اور عام پھول ہر رنگ کے پھول
شق ع شگاف اور شگاف کرنا اور دشوار و سخت کنارہ اور نام
ایک قلعہ کا قلاع خیبر سے جو مدینے کی نواح میں ہے۔
شق ع نصف اور حصہ کسی چیز کا اور ٹکڑا اور کنارہ پہاڑ کا
و برادر و دوست و رفیق و مہربان۔
شقیق ع برادر یعنی بھائی اور دوست و رفیق و مہربان
شقاق ع مخالفت و دشمنی کرنا عداوت کرنا۔

شین بالام

شلاق ت تازیانہ یا لکڑی سے مارنا مردستوخ و فتنہ گر و فساد انگیز
شلتاق ت جنگ و خرخشہ لڑائی جھگڑا فساد۔

شین باواو

شَوَاہِق ع بلندیان اور وہ چیزین جو بلند ہون یا خود لفظ شہیق سے جسکے معنی بزرگی کے ہین۔

شَوَارِق ع روشنیان اور چمکارے ستارون کے۔

شَوْق ع رغبت اور لگاؤ دل کا کسی چیز کی طرف۔

شین با یا

شَہِیق ع پہلا آوازہ گدھے کا جو بلند ہوتا ہے بعد اسکے آواز باریک کو زفیر کہتے ہین۔

شُہُوق ع بلند ہونا اونچے ہونا اور پر کو چڑہنا۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین قاف ہے

صاد با الف

صَادِق ع راست گو سچا آدمی سچ بولنے والا۔

صاد با دال

صِدْق و صَدَق ع راستی اور سچ جس مین جھوٹ نہو۔

صُدَق ع جمع صدق کی سچی باتین راست تقریرین۔

صِدَاق و صَدَاق ع حق مہر عورت کو نکاح جو نکاح مین باندھتے ہین

صِدِّیق ع بہت سچ بولنے والا اور لقب ابو بکر صدیق خلیفہ اول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

صَدِیق ع دوست دوستان یعنی ایک دوست اور بہت سے دوست

صاد با فا

صَفِیق ع پوست درشت اور کپڑا سخت بنا ہوا اور وہ منہ جو حیا نہ کرتا ہو بے حیا چہرہ۔

صِفَاق ع وہ پردہ جو ہوا یعنی ذی جان کے آنتون کے گرد ہوتا ہے

صاد با نون

صُنْدُوق ع صندوق مشہور لفظ ہی وہ طرف لکڑی وغیرہ کا جس مین اسباب رکھین۔

صَنَادِیق ع جمع صندوق کے لفظ کی یعنے بہت سے صندوق

صاد با واو

صَوَاعِق ع جمع صاعقہ بجلی کی آگ اور بجلی کے چمکارے۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف ضاد اور اخیر مین قاف ہے

ضاد با یا

ضِیق ع تنگی و دشواری و سختی و مشکل

ضَیِّق ع تنگ و دشوار و سخت و مشکل۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف طا اور اخیر مین قاف ہے

طا با الف

طَاق ع دیوار حجرہ و گنبد اور کہلا اور فرد خدمت کی

طَابَق ع توا آہنی جسپر روٹی پکاتے ہین۔

طَالِق ع رہا کیا ہوا و الا طلاق دیا ہوا لعورت منکوحہ کو۔

طَارِق ع حادثہ سخت اور ستارہ جو صبح کو چڑہتا ہے اور ہر چیز جو رات کو ظاہر ہو اور جادوگر۔

طا با یا

طِبَاق ع موافق کرنا اور طبقے جو نیچے اوپر ہون۔

طَبَق ع موافق دیا برابر وظرف جو معروف ہے بعد نام بیماری جسے گھوڑے کی ناف ورم کر جاتی ہے۔

طَبِیق طریق و دستور و طرز و روش

طا با را ے

طُرق وطُرُق ع جمع طریق کی یعنی بہت راہ و رستے۔

طَرِیق ع راہ اور ایک شکل ملکا نام ہے۔

طَرَق ع پانو ٹھوکنا زمین پر لات مارنا۔

طَرَاق ع آواز تانیانے کی جوارنے کے وقت نکلے۔

طا با قاف

طَق طَق عرہ آواز جو دو چیزون کے مارنے سے ظاہر ہو جیسے آواز دستک کی۔

طا با لام

طَلاق ع کشادگی ورہائی اور چھوٹنا عورت کا قید نکاح سے وعیش وعشرت۔

طَلق جننے کا درد جو عورت کو پیدا ہوتا ہے اور ابرق یعنے برک وشراب۔

طا با واو

مُطَرّاق ع کرد فرشان وسنجل اور بڑا گی شیخی۔

طا با واو

طُوق ع طاقت وتوانائی گردن بند حلقہ گلے مین ڈالنیکا اور جو چیز گول ہو اور کسی چیز کے گرد۔

طَوارِق ع رسمتیان جو رات کو واقع ہون۔

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین قاف ہے

عین با الف

عاشِق ع صاحب محبت محبت کرنے والا شیفتہ وشیدا ودیوانہ

عاق ع ابا یا کا نافرمان عاصی اپنے استاد ومرشد کا۔

عائِق ع منع کرنے والا باز رکھنے والا ہٹانے والا۔

عین با با

عَبق ع خوشبو دار یعنے جس چیز سے خوشبو آوے

عین با تا ر

عِتق ع آزادی ورہائی کسی قید سے۔

عَتیق ع دیرینہ وکہنہ وآزاد شدہ وگرامی وبرگزیدہ۔

عِتاق ع آزاد ہونا رہائی پانا خلاصی پانا۔

عین با را ے

عُرُوق ع رگین بدن کی اور بیخ درخت کی۔

عَرَق ف پسینا جو انسان وحیوان کو آتا ہے۔

عِرق ع رگ اور بیخ درخت کی۔

عَرَق ع گوشت استخوان سے الگ گرنا اور وہ استخوان جو گوشت سے الگ کی گئی ہو۔

عِراق ع نام ملک اور عراق دو ہین ایک عراق عجم دوم عراق عرب عراق عجم مین خراسان اور اصفہان اوس مین داخل ہے اور عراق عرب بغداد وغیرہ ملک ہے اور عراق بزبان عربی اوس ملک کو کہتے ہین جو دریا کے کنارے ہو۔

عین با شین

عُشّاق ع نہایت عاشق اور نام مقام موسیقی کا۔

عُشُوق ع بہت عشق کرنے والا بہت پیار کرنیوالا۔

عِشق ع بہت دوست رکھنا اور پہلا یک مرض جسمانی خلل دماغ سے ہے ماخوذ عشقہ سے جو ایک بیل کا نام ہے جس درخت پر پیدا ہوتی ہے اوسکو خشک کر دیتی ہے۔

عین با قاف

عَقق ع زناغ یعنے کوا جو ایک مشہور جانور ہے۔

عُقُوق ع نافرمانی ماں باپ کی اور عاق ہونا ماں باپ سے

عَقیق ع ایک قسم کے پتھر کا نام ہے جو سرخ وسپید وزرد ہوتا ہے

عین با لام

عَلَق ع خون بستہ و کرم سیاہ جسکو فارسی مین زالو اور ہندی مین جونک کہتے ہین اور ہر چیز جو کسی شے کے ساتھ ملی ہو۔

عُلُوق ع ملنا اور دست دراز کرنا جماع جانا خون کا عورت کے رحم مین یا نطفہ کا آغاز حمل مین۔

عَلَی الْاِطْلَاق ع بے قید خود مختار شخص۔

عَلَائِق ع جمع علاقہ کی بہت سے علاقے و لگاؤ۔

عین با میم

عُمق ع گہرائی چاہ و حوض و دریا کا۔

عُمق ع گہرا ہونا پانی چاہ و تالاب وغیرہ کا۔

عَمِیق ع ژرف اور گہرا و دراز۔

عَمْعَق ع نام شاعر جو عرب کی ولایت مین رہتا تھا۔

عین با نون

عشق گرون عشق بھی درست ہے یعنی لون کے ضمہ یا نون کی جزم سے۔

عَنَاق ع بزغالہ مادہ ولادت سے چار ماہ تک۔

عین با واو

عُوق ع پھیرنا موڑنا باز رکھنا کسی کو کسی کام سے

عَوَائِق ع موانع و حوادث جمع عائقہ جسکے معنی عالم کی زبان مین

عین با یا

عَیُّوق ع نام ستارہ جو سرخ رنگ اور روشن ہوتا ہے کہکشان کے دہنے طرف اور ثریا کے پیچھے چلکر آگے نکل جاتا ہے مشتق عوق سے۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین قاف ہے

غین با الف

غَاق ع آواز کوے کی جو اکثر شہور جانور ہے۔

غین با یا

غَبُّوق ع وہ شراب جو رات کو پیتے ہین۔

غین با دال

غَدَق ع بہت پانی جو کہیں کھڑا ہو۔

غین با را

غَرِیق ع ڈوبا ہوا یعنی جو شخص پانی مین ڈوب چکا ہو۔

غَرَق ع مصدر ہے تمام و کمال پانی مین چلا جانا۔

غَرِق ع غرق ہوا ہوا آدمی ڈوبا ہوا پانی مین۔

غَرْنُوق ع جوان لمبا شکل خوبصورت جوان

غَرَانِیق ع جمع غرنوق کے لفظ کی بہت سے خوبصورت جوان

غین با سین

غَسَق ع تاریکی اول شب پہلی رات کا اندھیرا۔

غَسَّاق ع گندہ ریم و زرد آب وغیرہ جو زخم سے نکلے۔

غین با لام

غَلَق ع دروازہ بند کرنا دروازہ لگانا۔

غَلَق ع وہ لکڑی جسسے دروازہ بند کرتے ہین فارسی مین اوسکو کلید ان کہتے ہین اور ہندی مین ہتورا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین قاف ہے

فا با الف

فَارُوق ع فرق کرنے والا حق و باطل مین اور جدا کرنے والا کفر و اسلام کو اور لقب عمر بن خطاب خلیفہ ثانی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا

فَائِق ع بہتر و برگزیدہ و افزون و زیادہ۔

فارق ع فرق کرنیوالا جدا کرنیوالا علیحدہ کرنیوالا -
فاسق ع بدکار یعنے شرابی وزانی وروزہ وغیرہ بد اعمال کرنے والا -
فالق نکالنیوالا اظاہر کرنیوالا روشن کرنیوالا -
فائق ع شگاف دینے والا چیرنے والا سوراخ کرنیوالا -
فاق ع سوفار تیر کا اور حلقہ کمان کا مجازاً تیر -

فا با تا ء

فتق ع کشادگی نام بیماری جسسے ایک خصیہ بڑا ہوجاتا ہے

فا با را ے

فرق ع جدا کرنا فرق کرنا مانگ نکالنا اور سر و میانہ سر -
فرق ع گلہ بکریوں کا اور بھیڑوں کا -
فراق ع جدائی جو درمیان دو دوستوں کے عائد ہو -
فرق ع جمع فرقہ جماعتیں اور بہتسے گروہ -
فرزدق ع نام ایک شاعر کا جو عرب میں رہتا تھا -
فریق ع ایک حصہ گروہ کا یعنی ایک قوم اور ایک جماعت
فروق فرق کرنا جدا کی ڈالنا دو چیزوں میں -
فروق ع فرق کرنے والا جدا کرنے والا -

فا با سین

فسق ع معربستہ جو ایک شہر میوہ ہے -
فسوق ع فسق یعنے بدکاری اور خلاف شرع کی کام کرنا
فسوق ع ہمیشہ فسق کرنیوالا آدمی بدکار آدمی عربی میں بدکار آدمی
فسق ع بدکاری کرنا گنہ کرنا گنہگار ہونا -

فا با لام

فلق ع شگافتن یعنے پھاڑنا چیرنا کسی چیز کو -
فلق سپیدہ صبح صادق صبح کی روشنی جو تہ میں ہو

فا با نون

فندق ع نام میوہ سرخ رنگ نہایت سرخ ہوتا ہے

فا با واو

فواق ع ڈکار یا ہچکی نکلنا ہوا کا منہ سے -
فوق ع اوپر بلندی عزت و آبرو اور اونچائی -

اونسوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف قاف اور اخیر میں قاف ہے

قاف با الف

قاطع طریق ع راہزن یعنے وہ شخص جو راہ میں ڈاکہ مارے
قاق وقئق ت ترشی یعنے کھٹاہٹ مزہ -
قاشق ت چمچہ جو ایک مشہور چیز ہے -
قادر علے الاطلاق اضافت ہر کار یعنے خدا تعالے کا ہر چیز پر توفیق و قدرت رکھنے والا
قاق ت لاغر و نزار خشک کیا گیا ہونگیا اور گذرا ہوا مرد
دراز قد اور ایک قسم کی روٹی معرب کاک -

قاف با با ء

قبچاق نام دشت درمیان توران و ترکستان اور قوم ترک جو
مردم کش و دھان بستہ ہے -

قاف با را ے

قرناق وقرنق ت خدمتگار نوکر حاکر فرمانبردار -
قرق ع آواز ناکیں اور ترکی میں نیز جو ایک مشہور جانور ہے
قرق ع ترکی میں نگہبانی اور عربی میں ضبط کرنا کسی چیز کا اور منع
کرنا کسی چیز سے کسیکو باز رکھنا -
قرق ع منع ہونا باز رہنا کسی چیز سے -
قرطق ع سیراہن معرب کورتہ کے لفظ کا -
قرمساق ت بیغیرت دیوثہ آدمی جسکو اپنی عورت کی غیرت نہ ہو

قاف با را ے

قزاق ت راہزن رہنے لوٹنے والا ڈاکہ مارنے والا -

قاف با شین

قشلاق ع جاے گرم جس مین زمستان مین رہین۔

قاف با صاد

قصب السبق ایک نیزہ میدان مین کہ کر گھوڑے دوڑاتے ہین جو آگے نکل جاتا ہے جیت جاتا ہے یہہ ایک سپاہیانہ بازی ہے اور ہار جیت بھی اس مین ہوتی ہے۔

قاف با طا

قطاع الطریق ع رہزن یعنے رستہ لوٹنے والی اور ڈاکو۔

قطاریق ع فتنہ وشور وغوغا وفساد بیفایدہ جھگڑا۔

قاف با لام

قلماق ت نام قوم ترک جو جوان مرد ہوتے ہین۔

قلپاق ت کلاہ یعنے ٹوپی جو آدمی سر پر رکھتے ہین

قلماق ت دستانہ آہنی جو ہاتھہ پر چڑہاتے ہین۔

قلاق ت گوش یعنے کان جسسے آدمی سنتا ہے۔

قلق ع بیقراری بے آرامی وحالت اضطرار۔

قلق ع بیقراری وبے آرامی اور مضطر اور بیحد آدمی

قاف با نون

قندق ت بندوق کا گندہ جو شہور چیز ہے۔

قنق ت مہمان جو اپنے گہر کہانا کہانے کو آوے۔

قاف با واو

قوارق ت منع کیا گیا باز رکہا گیا ہٹایا گیا۔

قورق ت شکارگاہ وچراگاہ جسسے گہاس کاٹنے نہ دین اور سبزہ اوسکا بڑہ جاے اور جانور اوسکا دے لائق اوس مین رہین۔

قونشلق ت ہمسایگی اور پڑوس پاس پاس رہنا۔

قاف با یا

قیاق تند دو کی ملائی جو گرم دودہ کو اوپر آجاتی ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین قاف ہے

کاف با لام

کلح البرق ع بقدر چمک بجلی کے مجازاً جو چیز نہایت تیکھی ہو۔

کاف با واو

کوہ محروق ایک پہاڑ کا نام ہے جو ہمیشہ جلتا رہتا ہے۔

کاف با یا

کیف ما یتفق ع جسطرح اتفاق پڑتا ہے کسطرح اتفاق پڑتا ہے

کیف ما اتفق ع جسطرح اتفاق پڑا۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین قاف ہے

لام با الف

لاحق ع وہ چیز جو پیچھے سے آکر دوسری چیز کے ساتھہ ملحق ہو جاے یعنے مل جاے۔

لائق ع بہتر اچہا جسمین لیاقت وصاحب علم وہنر۔

لام با با

لبق ع زبکی دانائی وتملق وچرب زبانی وخوشامد

لبق ع زیرک وہوشیار وصاحب عقل وہوش۔

لبق ع لائق ہونا استاد ہونا دانا ہونا۔

لام با تا

لتق ع تر ہونا بہیگ جانا پانی یا عرق سے۔

لام با حا

لحوق ع لاحق ہونا آپسمین ملنا دو چیزون کا

لام با صاد

لَصُوق ع چسپان ہونا چمٹ جانا انگیز کا دوسری شے سے

لام با فاء

لَفّ ع دو کپڑون کو یکجا سینا۔

لام با عین

لَعُوق ع پتلی دوا جسکو چاٹ لین یا پی لین۔

لام با قاف

لَقّ و دَقّ ع ویران جنگل جس مین گھاس و درخت نہون

لَقّ ع بے مو و صاف جسکے بدن پر بال نہون اور جس زمین پر گھاس نہو۔

لَقلَق ع مغرب لکلک نام جانور جو سانپ چھپکلی کو شکار کرتا ہے

لام با واو

لَواحِق ع لاحق کی جمع ہے یعنے وہ چیزین جو پیچھے سے آکر ملین

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین قاف ہے

میم با الف

مَا فَوق ع جو چیز بلند ہو یعنی سب سے اونچی نظر آتی ہو۔

مَا سَبَق ع پہلی بات جو پہلے ہو چکی ہو۔

مَاق ع آنکھ کا کونا جو ناک کیطرف ہو۔

مَارِق ع دین سے مرتد ہونیوالا گمراہ بیدین کافر۔

مَا لَا یُطَاق ع وہ شخص جو قدرت و طاقت مین سب سے زیادہ ہو

میم با باء

مُتَبَرِّق ع رہسہا تہ چلنے والا رہنما بدرقہ۔

میم با تاء

مُتَمَزِّق ع بہت جانیوالا لاشگاف پانے والا۔

مُتَعَلِّق ع لگاؤ رکھنے والا علاقہ رکھنے والا۔

مُتَفَرِّق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا۔

مُتَفَق ع ملا ہوا پیوستہ ہوا اتفاق کیا ہوا کسیکے ساتھ

مُتَطَرِّق ع راہ پانے والا راہ پیدا کرنے والا۔

مُتَضَایِق ع باہم تنگی کرنیوالا تنگ کرنے والا۔

میم با حاء

مُحَتَرِق ع جلا ہوا آگ سے خاکستر ہوا ہوا۔

مُحَقِّق ع تحقیق کرنیوالا درستی ڈھونڈنیوالا۔

مُحَقَّق ع ثابت کیا گیا حق پہچانا گیا درست کیا گیا۔

مُحَق ع باطل کرنا پاک کرنا گھٹنا گھٹانا۔

مُحِق ع وہ شخص جسکا حق کا جانب ہو دامر معقول و دلیل ثابت

مَحَاق ع گھٹنا اور ماہ چاند کے گھٹنے کے۔

مُحَرِّق ع جلانیوالا سوختہ کردینے والا لفظ زخم ایک قسم کے تپ کا جس سے انسان کے سب عضلاتین جل جاتی ہین اور وہ بہت جلد مرجاتا ہے ہلاک بیماریون سے یہہ بیماری ہے۔

مُحَرَّق ع جلایا گیا یعنے وہ چیز جو جلا لی گئی ہو۔

میم با خاء

مُخَرَّاق ع درہ جو کپڑے مین لپیٹ کر مارتے ہین۔

مُخَرِّق ع بہاڑنے والا اجاڑ کرنیوالا اور وہ شخص جو خرق عادت ظاہر کرے یعنے معجزہ یا کرامت دکھلائے پیغمبر ہو یا ولی جسنے خرق عادت سرزد ہوتی ہو

مُخَنَّق ع گلے سے پکڑا گیا گردن سے دبایا گیا۔

مَخْنُوق ع گلے سے گھونٹا گیا۔

مُخْتَرَع ع پیدا کیا گیا اور وہ چیز جو پیدا ہو چکی ہو۔

میم با دال

مُدَقَّق ع بہایت دق کا دلاغر کو فہ وباریک وقریب الرگ۔
مُدَقِّق ع باریک کام کرنیوالا اور مرد دقیقہ شناس۔

میم با ذال

مُذَاق ع چکھنا مزا یا کسی چیز یا طعام وغیرہ سے۔

میم با را

مَرْوَق ع صاف کیا گیا اور نظر اصیل وزیبا جہانا ہوا دودھ۔
مُرَوِّق ع پردہ ڈالنیوالا حجت پر یعنے معمار عمارت بنانیوالا
مُزَوِّق ع تعجب مین لانا خوش کرنا راضی کردینا کسیکو
مَرَاق ع نام اک پردہ کا ہے انسان کے شکم مین۔
مِرْفَق ع آرنج یعنے کوہنی جو اندازہ پنجہ سے آرنج تک ہے
مَرَق ع شوربا یعنے جوش گوشت وغیرہ کا۔
مُرَاہِق ع وہ لڑکا جو بلوغ کی نزدیک پہونچا ہو۔
مُرَافِق ع رفاقت کرنیوالا ہمراہی ساتھی۔
مَرَافِق ع آرنجہا اور نافع چیزین مفید دوائین۔

میم با زا

مَزَالِق ع پھسلنے کے مقام جہان کیچڑ ہو۔

میم با سین

مُسْتَغْرِق ع غرق ہونیوالا اپنی توجہ سے کام کرنیوالا
اور کامل مصروف اپنے کام مین۔
مَسْحُوق ع کھسا ہوا رگڑا ہوا باریک کیا ہوا پیسا ہوا۔
مَسْرُوق ع چوری کا مال جسکو چورلے گیا ہو۔
مَسَاق ع جانیوالا رہنے والا اپنی کمان کھینچ لینے کی جگہ۔
مَسْبُوق ع گذرا ہوا جملا شخص جسکا ذکر ہو چکا ہو۔
مُسْتَرَق ع چوری کیا گیا سرقہ کیا گیا۔
مُسْتَرَق ع بندگی مین پکڑا گیا غلام بنایا گیا۔
مُسْتَغْرَق ع روشن چمکتا ہوا سورج وغیرہ

مُسْتَوْثَق ع مضبوط دستوار ومستحکم ومحنت۔
مُسْتَحِق ع حقدار شخص واجبی حق والا۔

میم با شین

مَشَاق ع جمع مشقت سختیان آفتین بلامین۔
مُشْتَاق ع صاحب اشتیاق چاہت والا شخص۔
مَشْرِق ع سورج نکلنے کا مقام جسجگہ سے سورج طلوع کرے۔
مَشَاق ع بہت شق کرنیوالا بہت سے استعمال کرنیوالا
مُشْفِق ع مہربان شفقت کرنیوالا دوست آدمی۔
مُشْتَق ع ایک لفظ دوسرے لفظ سے نکالا گیا جیسے نکالی ہوئی چیز
مُشَوِّق ع شوق مین لانیوالا چاہ ظاہر کرنے والا۔
مُشَوَّق ع شوق مین لایا گیا یعنے جسکو شوق دلایا گیا ہو۔
مَشْهُوق ع شوق مند صاحب اشتیاق خواہشمند۔

میم با صاد

مِصْدَاق ع گواہ دگواہی دینا کسیکی شہادت ادا کرنا
مَصْدُوق ع سچا کیا گیا سچا ثابت ٹھہرایا گیا۔

میم با ضاد

مَضَاق ع جا جامہ تنگ یعنے تنگ گھر مکان تنگ۔
مَضِیق ع جا جامہ تنگ اور گوشہ جو تنگ ہو۔

میم با طا

مُطْلَق ع بے قید آزاد جو کسیکا بندہ نہو۔
مُطَابِق ع موافق یعنے ایک دوسرے کی ہمشکل
مُطَوَّق ع تہہ بہ تہہ کیا گیا سرپوش دار۔
مُطَوَّق ع طوق مین کیا گیا قید کیا گیا پہنا لیا گیا۔

میم با عین

مُعَلَّق ع لٹکایا ہوا اور لٹکتا ہوا یعنے جو چیز ہوا مین لٹکتی ہو
مُغْرَق ع غرق کرنیوالی چیز جسکے کہانے پانی سے بدن غرق کیا جائے
مُعَوَّق ع بازو کمان کا قید کیا گیا دشمن وغیرہ

مُتعلّق ع وہ چیز جسسے کوئی چیز لٹکاوین اور متصل ہون
کا لٹکانا جیسے گوشت لٹکاتے ہین۔

مُتعشوق ع عشق کیا گیا پیارا دوست۔

میم با عین

مُتعرّق ع جگہ کا پھول پھلنی والی چیز مجازاً جگمگی۔

مُغرّق ع ڈوبا ہوا غرق ہوا پانی مین۔

مُغلاق ع قفل در تالا اور زنجیر دروازہ کی۔

مُغلوق ع دروازہ بند کیا ہوا قفل لگا ہوا۔

میم با فا

مُفارِق ع فرق کرنیوالا جدا کی ڈالنے والا۔

مُفارَق ع سرکی مانگ جو بالون کے درمیان ہوتی ہے۔

مُفرّق ع فرق کرنیوالا جدا کرنے والا۔

مُفروق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا الگ الگ کیا گیا

مُفیق ع افاقہ دینے والا ہوش مین لانیوالا۔

میم با لام

مُلِق ع وہ شخص جو ہر بات پر چاپلوسی کرے اور دل سے دشمن ہو

مَلَق ع دوستی چاپلوسی محض کرنا کسی چیز کا

مُلقع ع زمین ہموار اور آواز پانی کی جو اینٹ ڈالنے سے نکلتی ہے

مُلصِق ع چپکنے والا ملاصق اسکی جمع ہے۔

مُلصَق ع چپکا ہوا پیوستہ ہوا ہوا۔

مُلحِق ع ملا ہوا پہونچایا ہوا پانے والا پیوستہ۔

مُلتصِق ع ملا ہوا لگا ہوا۔

میم با نون

مُنجنیق ع فلاخن بڑی جس مین پتھر رکھ کر کسی قلعہ یا فوج پر مارتے ہین مجازاً زنبورہ توپ۔

مُنجوق ع وہ مچھلی جو کسی علم و نشان پر رکھتے ہین۔

مُنشق ع پھٹنے والا پارہ ہونیوالا۔

مُنفاق ع بہت خرچ کرنیوالا فضول خرچ آدمی۔

مُنفتق ع تکا تکا ہوا جو ہوا وہ چیز جسمین شگاف ہو۔

مُنفق ع نفقہ دینے والا خرچ دینے والا اہل و عیال کو۔

مُنخرِق ع پھٹنے والا پارہ پارہ ہونیوالا۔

مِنطیق ع مرد فصیح الکلام و خوش کلام۔

مَنطِق ع سخن کہنا بولنا اور نام علم کا جو معروف و مشہور ہے

مِنطَق ع کمربند جو انسان کمر پر باندھتا ہے۔

مُنطِق ع بولنے والا کلام کرنے والا۔

مَنطُوق ع سخن و کلام و مضمون و معانی و ضمن عبارت۔

مُنطَبِق ع برابر و موافق و مطابق ایک دوسرے کے

میم با واو

مُوفِق ع توفیق دینے والا قوت بخشنے والا۔

مُوثَق ع استوار و مضبوط و مستحکم چیز۔

مَواثِیق ع جمع میثاق استواریہا و عہد و پیمان۔

مُوق ع گوشہ چشم یعنے آنکھ کا گوشہ۔

موافق ع مطابق برابر۔

میم با یا

مِیثاق ع عہد و پیمان کو استواری و مستحکمی۔

مَیتق ع گریان جیسے زوتا ہوا شخص۔

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف نون اور اخیر مین قاف ہے

نون با الف

ناطق ع بے سبب اور نا راست جھوٹا۔

ناطِع بولنے والا کلام کرنیوالا شخص

نالائق ع ناکارہ آدمی جو بے علم بے ہنر و جاہل ہو۔

ناہق ع نرگدا جو مادہ نہو۔
ناسق ع انتظام و ترتیب کرنے والا۔
ناچاق ضعیف و علیل و مریض جو تندرست نہو۔

نون با یاء

نبق ع بیر کے درخت کا نام ہے جسکو سدرہ بھی کہتے ہین

نون با سین

نسق ع روش و دستور و طرز و طریق۔
نستعلیق ع نام ایک خط کا جو خوشخط لکھا جاتا ہے

نون با شین

نشوق ع رفیق دوا جو ناک مین ڈالین یعنی پتلی دوا
نشق ع سونگھنا جسکو فارسی مین شمیدن کہتے ہین۔

نون با طاء

نطاق ع کمر بند یعنی پٹکا جو کمر پر باندھتے ہین۔
نطق ع بولنا کلام کرنا گفتگو کرنا۔
نطوق ع جمع نطاق بہت سے کمر بند اور پٹکے۔

نون با عین

نعیق بروزن رفیق آواز زاغ کوے کی آواز۔

نون با فاء

نفاق ع رواج ہونا رواج پانا جاری ہونا مشہور ہونا
نفاق ع دو روئی یعنی منافق ہونا جسکے دل سے کینہ اور بظاہر کچھ

نون با قاف

نقیق ع بانگ مینڈک و آواز ناکیان یعنی مینڈک اور مرغیون کی آواز
نقوق ع بارہ کا پستہ اور سوراخ بارہ کا جسمین بشکل گندم مسکین

نون با میم

نمائق ع جمع نمیقہ یعنے خطوط جو بہت سے ہون۔
نمارق ع جمع نمرقہ یعنے بالش و تکیہ۔

نون با واو

نوشق ع جمع ناقہ اونٹنیان جو بہت سی ہون۔

نون با ہاء

نہیق ع بانگ خر گدھے کی آواز صوت الحمیر۔

نون با یاء

نیاق ع جمع ناقہ اونٹنیان جو بہت سی ہون۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین قاف ہے

میم با الف

وامق ع نام عاشق جو عذرا پر عاشق تھا مشہور عاشقون مین ہے
واق ع نام پرندہ نگہدار ندہ و تسلیم و حمایتی و مشکلکشا
واثق ع مضبوط و مستحکم اور سخت چیز اور سخت کرنیوالا
قائم کرنے والا درست کرنے والا۔

واو با تاء

وثاق ع بند و قید و حبس جس مین قیدی ڈالا جائے
وثاق ع حرم و خانہ و سکونت کا مقام۔
وثوق ع استواری و اعتماد و دلجمعی و مضبوطی
وثیق ع استوار و مضبوط و مستحکم و معتمد۔

واو با راء

وراق ع کاغذ کاٹنے والا لکھنے والا کاتب و محرر اور وہ
شخص جسکا پاس دنیا بہت ہون۔
وراق ع سبزی زمین کی بسبب گیاس وغیرہ کے۔
ورق درخت کا پتا اور کتاب کا ورق۔

واو با شین

وشق ع عربی مین ایک قسم کا باجرہ بقدر اوتھا سکے اور
ترکی مین ماہ جانور کا اور پوستین جو اوسکے نام پر ہے۔

وشق ف غلام وخدمتگار ساده رو بے ریش آدمی۔
وشاق ت خدمتگار وغلام ساده رو وامرد۔

واو باالف

وفاق ع دوستی وسازگاری وموافقت ومحبت دبیار والفت جو آپسمین ہو۔
وفق ع سازوار وموافق ودل پسند ودوست وپیارا اور مطبوع ومطابق وبرابر۔

واو باقاف

وقواق ہ نام جزیرہ جو بحر محیط مین واقع ہے۔

واو باہاے

وہق ع کندہ جو دوسری چیز کو ڈاکر اپنی طرف کھینچ لیوے۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہا اور اخیر مین قاف ہے

ہاے باالف

ہاے مشقق ع دو چشمی ہاے یعنے حد۔

ہاے باہاے

ہبشق ع احمق کوتاہ قد بیوقوف نادان۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین قاف ہے

یاے باالف

یارق ت روشن وسفید اور چمکدار چیز وخوبصورت۔

یاے باہاے

یتاق ت پاسبانی چوکی داری حفاظت نگہبانی۔

یاے باہاے

یراق ت ہتھیار توپ کے مثل تلوار ونیزہ وخنجر وبندوق وغیرہ جسکو انسان ہاتھ سے سوای توپ وغیرہ گرانبار سامان جنگ کے۔

یاے باسین

یساق ع تیاری جنگ دیوان دربار اور کچہری کا مقام

یاے باعین

یعوق ع نام بت جسکو نوح کی قوم پوجتی تھی اور وہ گھوڑے کی شکل پر تھا۔

یاے بالام

یلمق ت قبا قسم جامہ جسکو لوگ پہنتے ہین۔
یلاق ف نام بادشاہ جو ترکستان کا فرمانروا تھا یہ بادشاہ قدیمی بادشاہون مین سے ہے

بائیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف کاف ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنی اپنی موقع پر بدلتے جاتی ہین اسمین چوبیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین کاف ہے

الف باہاے

آب رنگ گلگونہ غازہ جو منہ پر ملتے ہین۔
آب خشک پیالہ بلور کا اعتبار اور اسکی صفائی کے۔

الف باتاے

اتراک جمع ترک کے لفظ کی یعنے بہت سے ترکی لوگ۔
اتابک ۔ اوستاد وہ امیر و ادب آموز و تالیق بادشاہ کا اور یہہ خطاب سلجوقی خاندان مین اکثر امراؤ کو دیا جاتا تھا چنانچہ شیراز کے بادشاہ مثل اتابک ابوبکر وغیرہ بھی یہی خطاب رکھتے تھے جسکی وجہ شیخ سعدی شیرازی نے بوستان مین کہی ہے
اتمک ۔ نان یعنے روٹی۔

الف باجاء

احتکاک ع چھلنا کھرچنا پوست اوتارنا کسی چیز کا۔

الف باخاء

آخاک ع برادر تو یعنے تیرا بھائی۔
آخشک ضد و مخالف اور ایک عنصر چار عنصر سے جو آبس مین ضد ہین آخشیج اسکا مبدل ہے۔

الف بادال

ادراک ع پانا دریافت کرنا معلوم کرنا مجازاً عقل و ہوش و فہم و فراست

الف بارا

آرا ک قطعہ زمین درخت بیلو کا جو شہور درخت ہے۔
آرک وہ قلعہ جس مین بادشاہ رہتا ہو یعنی بادشاہی محل
آراک ج مفرد اریک تخت بادشاہی تخت جو بہت سے ہون
آروک مرغابی جو ایک دریائی جانور مشہور ہے۔
آرشک برق یعنی بجلی۔
آرتنگ نام ایک کتاب کا جسکو مانی نقاش نے تصنیف کیا اور نام ایک بت بخانہ کا و صفحہ و سخنہ زیبا شون کے نقش کرنے کا۔
ارژنگ نام نقاش جو چین مین تھا اور ہر کتاب جس مین نقش و نگار ہون و نام نگارخانہ مانی بعض کے نزدیک بنام اصلی مانی کا تھا۔

الف بازای

آژنگ چین شکن جو بحالت پیری منہ پر پڑجاتے ہین یا رسیدہ ہر درخت کا اور ہر چیز کا۔
اژدہای فلک یہہ ایک شکل آسمانی کا نام ہے جسکو راس و ذنب کہتے ہین۔

الف باسین

استمساک ع بند کرنا پنجہ مارنا مضبوط پکڑنا۔
آشتک بڑا خیمہ اور بڑا ڈیرہ۔
اشپرغ ایک زرد رنگ گھاس ہے جسسے کپڑے رنگتے ہین
اسفرنگ سمرقند کے پاس ایک شہر ہے۔

الف باشین

اشتباک پنجہ مین پنجہ ڈالنا اجتماع و انبوہ کرنا۔
اشک حمار خرگدہا جو ایک جانور مشہور ہے۔
آشک آنسو اور وہ پانی جو آنکھون سے جاری ہو۔
اشاک بم یعنی بکبھی دہاہی بہت سے دم اور جالیان شکاریونکی
اشتراک شراکت اور حصہ داری جو کسی چیز مین ہو

الف باصاد

اصطکاک وہ آواز جو دو چیزون کے ٹھوکر کھاکر نکلے۔
اضحاک ع ہنسی مخری۔

الف بافاء

افاک ع دروغ و بہتان جو کسی پر باندھا جائے۔
افلاک ع بلندیان اور آسمان۔

الف باکاف

اگ ف عنیب ثابت و لفظ نسبت و تشبیہ چون مغاک وغیرہ۔

الف بالام

الانگ سبزہ زار وہ زمین جس مین گھاس ہو۔
الانگ دیوار ہو رجال قلعہ یعنے وہ دیوار جسمین ہو رجال یعنی ہون

الف باتیم

اِمْلاک ع کسی چیز کا مالک کرنا مالک بنانا۔

اِمْساک ع بند کرنا روک لینا۔

اَمْلاک ع جمع ملک ہے سی جائیداد منقولہ و غیر منقولہ۔

الف با نون

اِنْسلاک ع پرونا موتیون وغیرہ کا تاگے مین۔

اِنْہماک ع مبالغہ کرنا کوشش کرنا سعی کرنا کسی بات مین

اِنْہاک ع لاغر و ضعیف کرنا کمزور کرنا ناتوان کرنا۔

اِنْفکاک ع جدا ہونا آزاد ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا

اَنْبَک گلجانا سونے چاندی کا کوٹھالی مین۔

اَنَک ف آبدہ جو جسم پر نکلتا ہے و معنی اکنون یعنی اسوقت

اَنَک ف سکہ جسکو سیسہ کہتے ہین اور گولہ بناتے ہین

الف باواو

اَونگ سبزہ زار اور زمین جس مین گھاس ہو۔

اَونگ بمعنے آہن یعنے وہ لوگ وہ شخص۔

اَوشنگ سندی الگنی اور وہ ایک رسیمان ہوتا ہے اور انگور وغیرہ خوشی اوسسے لٹکاتے ہین

آونگ بھی اوسکو کہتے ہین۔

اَورنگ بادشاہی تخت جسپر بادشاہ اجلاس کرتا ہے

الف باہاء

آہنگ لشکر و تجمل و طرز و روش و کشش و قصد و ارادہ و موافق و نام سرود و آواز و آغاز سرود یعنے الاپ۔

آہَک ف چونہ جو عمارت کے کام آتا ہے۔

الف باہاو

اَیناک ف بت و معشوق و علام و قاصد و ہرکارہ۔

اَیناک ف انبوہ و درختان و جنگل جہان بہت سے درخت ہون۔

اَینانک اسیوقت اور یہیں اور ابھی۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین کاف ہے

بابا الف

بارِیاک بڑا امیر جو ہر وقت بادشاہ کے پاس جاسکے و عرض بھی جو کسی کی عرض بادشاہ تک پہونچاے۔

باباک نام بادشاہ جوار و شیر کا نانا تہا و صفا اقتدار و امین و مستور و پدر و صاحب عزت و امیر دولت مند۔

باسَک ف جمائی انگڑائی جو انسان کو آتی ہے۔

باک ف خوف اور ڈر و ہشت۔

پاپاک پیادہ جو سوار نہو پاؤن سے چلنے والا۔

پاریک پتلا نازک اور وہ چیز جو پسی ہوئی ہو۔

پاک ف بے عیب ضد پلید کی لفظ کی۔

پادَنگ بدال مہملہ جنبر جسسے شالی گرچا نول کا تی ہین اور اوس سے کاغذ کوٹتے ہین۔

پالَہنگ ف باگ ڈور گہوڑے کی جسسے گہوڑا باندہا جاتا ہے

پاشنگ وہ ہاٹ جو ترازو کے دونون پلون کے بوجہ برابر کرنے کے لیے ترازو مین رکہا جاے۔

پاچاک اوپلہ سوکہا ہوا گوبر جو جلایا جاتا ہے

بابا تاء

پتاک لوہے کا گہن یعنے ہتہوڑا جسکو عربی مین مطرقہ کہتے ہین لوہا رونجانیوالا ہتہیارہے۔

بابا جیم

بچشاک طبیب یعنے معالج علاج کرنیوالا بیمار و نکا۔

بابا رے

پرستاک ف ابابیل مشہور جانور ہے۔

بزگن پتا توشہ خرچ ساز و نوا و راستے کا خرچ وسامان و اسباب و انجام و پروا۔

بزگ ف قرعہ جو شتر کے بالوں سے بناتے ہین۔

برید فلک چاند جو سیر الاسیر یعنے آسمان کا قاصد۔

بزمگ ف نام ایک آتش پرست کا جو مسلمان ہوا اور بیٹا اوسکا خالد حکومت عباسیہ کا وزیر ہوا۔

باب زاے

برشنگ طبیب و معالج یعنے بیمارون کے علاج کرنے والا۔

بزرزگ ف دوازدہ مقام موسیقی سے ایک کا نام ہے۔

بزرزگ ف بڑا صاحب قدر امیر پیر مرشد باپ استاد۔

بزرگ ف کتان یعنے السی جو مشہور چیز ہے۔

باب سین

پسیر اک ستر یعنے خچر جو مشہور جانور ہے۔

پس آہنگ ف پچھلی فوج جسکو ترکی مین چنداول کہتے ہین

باب شین

پشک دوڑنا ہونٹ بولنا وعشوہ وغمزہ۔

پشک زلف اور سر کے بال۔

پشک سرگین شتر و آہو و گوسفند ہندی مینگنی۔

پشنگ نام پدر منوچہر و پدر افراسیاب۔

پشمک ف ایک قسم کے حلوا کا نام ہے۔

پشک گریہ یعنی رونا اور زاری کرنا۔

باب عین

بعلبک شام مین ایک شہر کا نام جو قوم الیاس علیہ السلام کی اوس مین بعل بت کو پوجتی تھی۔

باب غین

بغلک ف ایک دل کا نام ہے جو بغل مین ہوتا ہے

باب کاف

بزگ غوک جانور مشہور ہے۔

بلنگ ف حیوان دم بریدہ جسکی پونچھ نہ ہو۔

بگلر بک ف خان خانان و امیر امیران۔

باب لام

بلک تحفہ و چیز عجیب و غریب پیشکش

بلارک ف شمشیر و جوہر تیغ و فولاد اور عمدہ تلوار۔

بلنگ آنکھون کے گرداگرد چمڑا اور موے مژہ۔

بلنگ ف چیتا مشہور درندہ ہی مگر بعض کے نزدیک بلنگ اور جانور ہے جسکو عربی مین نمر کہتے ہین اور چیتا کو فارسی مین یوز کہتے ہین۔

باب نون

بنایان افلاک عقول عشرہ و فرشتگان مقربان

ننگ ف نام سبزہ معروف جسسے نشہ و مستی آتی ہے۔

نسک بروزن فلک ایک کپڑے کا نام ہے جسکی زمین ریشمی اور پھول طلاکے ہوتے ہین۔

باب واو

نوسلیک ف ایک راگ کا نام ہے اور اس راگ پر شیر عاشق ہے جب گایا جاتا ہے تو شیر خود بخود آجاتا ہے۔

بولوک بہ ہر دو واو غیر ملفوظ ترکی مین شہر کو کہتے ہین مجازاً بمعنی آسمان۔

نورک ف طعام جسکو سنبوسک کہتے ہین۔

بورک ف وہ سبزی جو باسی روٹی یا اچار پر بٹھہ جاتی ہے

بونگ ف ایک ساگ کا نام ہے اور ایک قسم کا سبزہ ہے۔

پوشنگ ف پوشش کپڑا پہننے کا اور لباس۔

باب یا

پیسیر اک ف ستر جوان و خچر جو قوی و بارکش ہو۔

تیک ف قاصد ہرکارہ جو پیام لے جائے۔

پیش آہنگ اگلی فوج و قافلہ جو اور قافلو نسے اول ہو۔
پیچاک ف پیچ خم۔
بید مشک نام ایک درخت کا ہے جسکا پھول زرد خوشبو مائل بسیا ہی ہوتا ہے اسکے پھول بہار مین پتون سے پہلے نکلتے ہین۔
بیلک ف ایک قسم کا تیر ہے جسکا پھل چوڑا ہوتا ہے
بیرنگ خاکہ تصویر کا اور نقشہ عمارت کا
بید برگ ایک قسم کا تیر ہے جو بید کے پتے کیطرح ہوتا ہے
بیگ امیر سردار افسر سرگروہ عزت دار آدمی۔
بیگلربیگ امیرالامرا بڑا سردار سپہ سالار۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین کاف ہے

تا با الف

تاک ف درخت انگور کا جو شہور درخت ہے۔
تاخاک وہ عرب جو عجم مین پرورش پائین اور سودا گری کا کام کرین۔
تابناک ف روشن اور چمکدار چیز۔
تارک ف سر آدمی کا و سیانہ سر اور ترک کرنے والا۔
تاریک اندھیرا و سیاہ و سیاہی رات کی۔
تاجیک وہ عرب زادہ جنے عجم مین پرورش پائی ہو اور وہ ملک جو عرب کے سوای ہو۔

تا با باء

تبور اک چھوٹا نقارہ جس سے زمیندار جانور اپنے بہتی سے اوڑاتے ہین اور تیراون دو لکڑیون کو جن کے کھڑکانے سے جانور بہاگتے ہین تبور اک کہتے ہین و معنی غربال و کفچہ آہنی۔
تبوک ء نام مقام درمیان حجر و ناحیہ شام کہ غزوہ اوس مقام کا مشہور ہے۔
تبرک ء برکت رکھنا مبارک جاننا۔
تباک ف گرم جوشی و خاطر و مدارات۔
تبانک ف بندوق جو شہور ہتھیار ہے۔
تبت یدا ک ء ہلاک ہون ترے دونو ہاتھ۔
تبارک ف مبارک کرنا بلند ہونا پاک ہونا بزرگ ہونا۔
تبارک ء بزرگ ہوا صیغہ معلوم باب تفاعل سے۔

تا با حاء

تحریک حرکت دینا رغبت کرنا متوجہ کرنا مائل کرنا۔
تحرش ء ملنا جنبش کرنا حرکت مین آنا۔

تا با خاء

تختہ شلنگ نام ورزش کا جو کشتی گرکرتے ہین۔

تا با دال

تدارک ء گم ہوی چیز کو پانا اور اسکی تلاش مین مصروف ہونا۔

تا با رے

ترک ء چھوڑ دینا رکھا و گذارنا و خود آنی جو بنگ مین پہنچے ہین
ترک ف نام قوم و سیاہی مجازاً معشوق خوبصورت۔
ترک فلک ف ستارہ مریخ جو آسمان کا سپاہی ہے۔
تریاک ف نام معجون قاطع زہر مجازاً افیون۔
ترسناک ف خوفناک ڈر پوک ڈرنے والا۔
ترنماک ف پاسبان چوکیدار محافظ نگہبان
ترنگ آواز کمان جو تیر چلانے کے وقت نکلتا ہے۔
ترمکا ترنگ تلوار کا آوازہ جو مارنیکے وقت نکلتا ہے۔

تا با زاے

ترک ف ترتیب و انتظام و ضابطہ لشکر و مجلس

تا با شین

تشکک ع شک مین پڑنا وہم مین پڑنا۔
تشارک ع شریک ہونا ساجھی سہیم ہونا۔
تشکیک ع شک مین ڈالنا وہم مین ڈالنا۔
تشاپک ف آپسمین ملنا اور ملانا پنجہ مین پنجہ لینا۔
تشنک ع آپسمین ملانا انگلیون کا۔

تا با ضاد

تضحیک ہنسنا ہنسانا مسخری کرانا۔

تا با فا

تفنگ و تفنک بندوق دراصل مین یہہ لفظ تپنک تھا یعنے توپ حوزہ۔

تا با کاف

تنک قعر چاہ و پائین ہر چیز و بن ہر چیز و عمق اور دوڑنا تیز چال چلنا گھوڑے وغیرہ کا۔
تگرگ ف ژالہ و اولہ جو بادل سے برستا ہے

تا با لام

تلک ف کیل و پیمانہ یعنے کسی مقدار کا ماپ۔
تلک ع اسم اشارت بر ے قریب ترجمہ اسکا یہہ جو۔
تلنگ ف دکن مین ایک علاقہ کا نام ہے۔
تلنگ ع مارنا انگلیون کا دف و دائرہ وغیرہ پر۔
تلنگ ف حاجت و خواہش اور تلنگے بھنے گدا۔

خَصَائِل ع جمع خصال کی یعنی بہت سی خصلتین اور خوئین

خا با طاء

خط مندل فو خطِ غربیت خوانان جو لوگ منتر چھاڑا کرتے ہین

خا با لام

خِلَال ع فاصلہ میان دو چیز اور دوستی کرنا لائق کرنا کیکو
اور بہت سے دوست اور بہت سی خصلتین اور چوبدان یعنی جو تنکا
دانتون مین پھیرین دھونے گیاہ ازروی مجاز -

خَلِیل ع سچا دوست اور لقب ابراہیم پیغمبر علیہ السلام کا
جنکو خلیل اللہ کہتے ہین -

خَلخَال ع نام زیور جو پانو مین پہنتی ہین یعنے جھانجھر وغیرہ جو پہننے کا زیور
فارسی مین پای برنجن نام ہے دنام مشہور ہے -

خِل ع یار دوست رفیق ہمدم ہمراز ہم صحبت -

خَل ع سرکہ جو مشہور ترش چیز ہے -

خَلَل ع کشادگی ورخنہ وتباہی کار وخرابی جو کسی کام
مین واقع ہو جاوے -

خا با میم

خُمُول ع گمنامی واز خود رفتگی وسفلگی نادانی -

خَمل ع خالص جس مین دوسری چیز کی آمیزش نہو -

خا با واو

خَوَل ع دولت وسنگر وغیرہ اسباب وسامان بہبودی کا -

خُول ع جھلکا جو اوپر کے جلد ہو -

خَوَال طعام حورنی وہ دودھ جو لغو یعنی چراغ کا بھول -

خا با یاء

خَیل ع گروہ بیان جمع سعروف ہے یعنی گھر کی بلا کی

خَیل ع گروہ مردم وگلہ اسپان وگاوان وگوسفندان وبمعنے
بسیار وبمعنی کم وطرف اسپ -

خَیول ع سواران واسپان سواری -

خَیال ع کوئی گمان یا صورت جو خواب مین نظر
آوے یا بیداری مین تصور کی جاوے اور نام ایک قوت کا
قوای جسمی سے -

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
دال اور اخیر مین لام ہے

دال با الف

دَاخُول و دَاخِل ع شاہی محل کا برامدہ جسمین عام لوگ
بیٹھین اور وہ نشان جو دفع مرغون کے لئے زراعت
پر نصب کرین *

دَاءُ الفِیل ع نام بیماری کہ پانو ساق تک سوج کر ہاتھی
کے پانو کے برابر ہو جاتا ہے -

دَاءُ ل ع ہر پیشے کوئی نشان جو منع مرغون کے لیے زراعت
پر نصب کرتے ہین -

دَاخِل ع دخل کرنے والا اور جسنے دخل کیا ہو -

دار فلفل ع ہیلین مشہور دوا ہے -

دَال ع راہنمار استہ دکھلانے والا پیر مرشد اوستاد

دال با جیم

دَجَّال ع مخالف عیسے مسیح کا حضرت عیسے کا دشمن -

دال با حاء

دَخل ع آنا اور آمدنی روپیہ پیسہ کی اور عرض کرنا کلام مین

دَخِیل ع جو شخص کسیکے کام مین دخل کرتا ہو -

دُخُول ع کہسنا اندر جانا دخل ہونا -

دال با سین

دَسْت و دَل ف قوت وہمت وطاقت جسم کی -

دست برد ف پریشانی اور بیقراری کی حالت مین۔
دست مال ف ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جسے کھانے کے بعد ہاتھ پونچھین

دال با غین

دغل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغاباز و زر نامسرہ۔

دال با قاف

دقل ع تیر کشتی و محل پیدا ہونے درخت خرما و زیتون۔

دال با کاف

دگل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغاباز

دال با لام

دلع ع ناز و کرشمہ جو عاشق سے معشوق کرتے ہین۔
دلال ع غمزہ و شمارہ و آنکھہ سے رمز و کنایہ۔
دلال ع ناز و کرشمہ و رمز و کنایہ۔
دلال ع جو شخص اشارون سے کام کرے اور جو شخص دو شخصون مین ثالث ہو کر سودا کرائے۔
دلمل ع تخم دیا گندم خام جو پردہ مین ہو اور اسکو بھون کر کھاتے ہین یہ ایک قسم کی خوراک ہے۔
دلدل ع نام مادہ استر سفید مائل بسیاہی جسکو حاکم اسکندریہ نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے نذر کیا اور حضرت نے علی المرتضے کو بخشدیا۔
دل ف قلب و روح و جان و ارادہ و قصد۔
دلیل ع رہبر و راہنما جسکی دلائل ہے۔
دل با دل ف مرثر جنیہ یہ لفظ اسند سبتی عمل بغیر سبی ہے۔

دال با میم

دمل ع پھوڑا جمع اسکی دامیل ہے

دال با نون

دغل ف سیمان لڑائی کا۔
دنبال ع دم حیوانون کی و پس دعقب بیچھا ایک چیز کا۔
دنبل ف پھوڑا جو کسیکے بدن پر ہو۔

دال با واو

دول مع جمع دولت یعنی بہت سی دولتین
دول ع دلو آبکش و مکار و بیچیا و تیر کشتی و ضرائط و کیسہ
دوال ف تسمہ چرم اور چوب جسپر نقارہ اور شتر ہی بجاتے ہین و تیغ و شمشیر یعنے تلوار جو مشہور ہتھیار ہی۔
دورکل ف نام سرد و جو فارس مین گایا جاتا ہی۔

دال با ہا

دہل ف نقارہ بشتری جو بجایا جاتا ہے۔
دہ دل ف منافق صفتے شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی۔

دال با یا

دیر ہر قل ف ہر قل کا کلیسا اور ہر قل بادشاہ کا نام ہی جو نصاریٰ تھا

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف دال اور اخیر مین لام ہے

دال با الف

ذات الشمال صاحبان طرف چپ یعنی کافرون مشرکان۔
ذاہل ع غافل و کاہل سست آدمی۔

دال با با

ذبول ع لاغری و پژمردگی و پریشانی و ابتری۔
ذبول ع لاغر و پژمردہ و برگشتہ حال و ابتر۔
ذبال ع فتیلہ ہا جمع ذبالہ مبنی فتیلہ کے سہنی ہی۔

دال با لام

ذلیل ع خوار و گنہگار و رام و مطیع و نرم و آسان۔
ذل ع خواری و ابتری و فرائی۔
ذل ع نرمی اور فرمان برداری و اطاعت۔

ذلول ع نرم مطیع و فرمان بردار و تابع۔

ذال با واو

ذوالجلال ع صاحب بزرگی خدا کا نام ہے۔

ذال با ہاء

ذہول ع غفلت و تغافل و سہو و نسیان۔

ذال با یاء

ذیل ع دامن ذیول اسکی جمع ہے یعنی بہت سے دامن

ذی باکل ع صاحب عزت و شان و خوبی و صفا فخر۔

دسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف راء اور اخیر مین لام ہے

راء با الف

راجل ع پیادہ جو سوار نہو۔

راحل ع کوچ کرنے والا ایک مقام سے دوسرے کو۔

راس المال ع سرمایۂ تجارت پونجی۔

راء با باء

ربیع الاول ع تیسرے مہینے قمری کا نام ہے۔

راء با جیم

رجل ع پاؤں یعنے پاؤں انسان یا حیوان کا۔

رجل ع پیادہ ہونا اور آدمی جمع اسکی رجال ہے۔

راء با حاء

رحل ع مسکن و منزل درخت و اسباب و پالان شتر اور کوچ کرنا

اور مجازاً دوشتہ نیچی آپس مین ملے ہوئے جسپر اون کستی ہین۔

رحال ع جمع رحل گھوڑا سوار کا یا چوپایا کڑی جسپر اون کجاوے

رحیل ع کوچ کرنا چل دینا ایک مقام سے دوسرے مقام کو۔

راء با دال

رذل و رذیل ع ناکس و فرومایہ و خراب پریشان اور باجی۔

رذائل ع جمع رذیلت ناکسی نافرمانیگیہا۔

راء با سین

رسول ع بھیجا ہوا و پیغمبر صاحب کتاب و قاصد پیک کسی کا

پیغام لے جائے۔

رسل ع جمع رسول بہت سے پیغمبر و ایلچی و قاصد۔

رسائل ع نامہ و سہرانان و سہزبانان۔

رسیل ع ہمراہ و پیام بر و فرستادہ یعنے ایلچی

راء با طاء

رطل ع پیمانہ نیم آثار یعنے آدہ سیر کا پیمانہ۔

راء با قاف

رقم اول ع نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم جو سب سے اول پیدا ہوا

رقص صول و قم رقص یعنے رقص بارہ تال۔

راء با میم

رمل ع ریگ اور نام علم فال کا اور علم قرعہ۔

رمل ع نام بحر نوزدہ مجموعہ نظم سے اس وزن پر فاعلاتن

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات اور لغت مین ٹاٹ بننا یا

ماخوذ ملال سے جسکے معنی اونٹ دوڑنے کے ہین۔

رمال ع ریگہا یعنے بہت سی ریگین۔

راء با واو

رواحل ع جمع راحلہ سواریان گھوڑے اونٹ وغیرہ کی

رومال مشہور لفظ ہی وہ کپڑا جسسے مونہہ پونچھین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف زاء اور اخیر مین لام ہے

زاء با الف

زاضل ع درخت زقوم جسکو ہند مین تہوہر کہتے ہین
زامل ع پہولنی والا درخت یا پہول وغیرہ۔
زاحل ع ماندہ ہونیوالا خراب ہونیوالا۔
زائل ع نام شہر و ولایت سیستان مین۔
زاغنول ف بوا و مجہول سلاح تیر جو شہور تہیار ہے
زائل ف دور ہونیوالا گم ہونیوالا محو ہونیوالا۔
زال ف زن پیر مرد پیر و نام پدر رستم اسلئے کہ وہ سفید
لون کے ساتہہ پیدا ہوا تہا۔

زاے باباء

زبل ع سرگین اسپ و استر و خر وغیرہ۔

زاے باجا

زحل ع نام ستارہ جو آسمان ہفتم پر متحس اکبر ہے۔
اور ساتوین آسمان پر اوسکا مقام ہے۔
زکال و رغال کوئلہ جو لکڑی جلاکر بناتے ہین

زاے بالام

زلزال ع لرزانیدن یعنی کسنا لرزہ دینا کسی چیز کو۔
زلازل جمع زلزلہ یعنے بہت سے زلزلے۔
زلل ع لغزش و نقصان و کمی ترازو مین اور لغزش کا مقام
زلال ع نام کرم جو برف مین پیدا ہوتا ہے و بمعنے
آب سرد و شیرین۔

زاے بانون

زندہ پیل ف بڑا ہاتہی اور لقب شیخ احمد جام کا۔
زنجبیل ع سونٹھ جو ایک مشہور چیز اور معروف دوا ہے۔
زنبیل ع گدائی کرنی کا تہیلا جس مین فقیر روٹی کے
ٹکڑے جمع کرتے ہین۔

زاے باواو

زوال ع ایک حال سے دوسرے حال پر ہونا پست
ہونا کم ہونا۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور اخیر مین لام ہے

سین باالف

ساذہ دل ف مرد نادان و احمق و کم عقل۔
ساحل ع کنارہ دریا کا۔
سافل ع نیچے والا زیرین یعنی منزل زیرین و مکان زیرین
سائل ع پوچہنے والا مانگنے والا جاری ہونیوالا روان ہونیوالا۔
سال ع برس یونانی زبان مین کشتی و زبان ہندی
نام درخت جسکی لکڑی کارآمد ہوتی ہے۔

سین باباء

سبل ع بیماری شوب سرخی چشم و سوے و اثر کون جو
آنکہون کے اندر پیدا ہوتی ہے مقام پلک اور اوسکے
سے پلکین ورم کر جاتی ہین
سُبل ع راہہا یعنے راستے جمع سبیل کی۔
سبیل ع راستہ آب و شیرینی وقف۔
سبال ع جمع سبلت یعنی موچہین۔
سبال ع وہ شخص جسکو بیماری سبل کی ہو

سین بامیم

سنجیل ع کچا پتہر جو نکا جسکو جلاکر عمارت مین لگاتی ہین
سنجل ع دہ سند جسپر قاضی یا حاکم کی مہر ہو یا دستخط۔
سجال ع دلوہا ہتے ڈول جمع سجل۔
سنجل ع رومی زبان مین آئینہ کو کہتے ہین۔
سپچقان ترکی ف بارہ سالون سے پہلے سال کا نام ہے۔

سین باجا

سحبان بن وائل ع نام مرد فصیح دلیر ع جو اپنے زمانہ مین یکتا تہا

سحر حلال شعر و سخن فصیح و نام مثنوی جسکا مصنف اہلی شیرازی تھا۔

سیخیل ع رشتہ یعنے تاگا سوت کا۔

سین با رے

سراویل ع پاجامہ جو شہور کپڑا ہے

سرافیل ع نام فرشتہ حامل صور۔

سرحلقہ عقل ع کنایۃ عقل اول و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

سرخیل ف سردار افسر گروہ و سپاہ۔

سترنل ف نام سردار مغل جو بڑا امیر تھا۔

سرمای کل ف سرمای خفیف آغاز بہار جب تھوڑی سردی ہو

سرمال ع بیدان اور ہر چیز پوشیدہ۔

سین با زے

سزاول ف حاصل کنندہ یعنے حاصل کرنے والا۔

سین با طا

سفل ع ایک قسم کا مشت ہوتا ہی جو شہور برتن ہے

سین با عین

سعال ع سرفہ کہانسی جو سخت شہور بیماری ہے۔

سین با فا

سفال ع آوندگلی مٹی کا برتن کہار کا بنایا ہوا برتن۔

سفل ع پستی اور وہ مکان جو سب سے نیچے ہو۔

سفر جل ع وہ میوہ جسکو بہی کہتے ہین۔

سفول ع پستی یعنے پست ہونا نیچے ہونا۔

سین با قاف

سقاح ع محاسن کھیہ ریش و داڑہی آدمی کی۔

سقاسی نیل ع کنایۃ ابر سحاب بادل جو برستا ہے

سین با کاف

سکال ع خیال اندیشہ وہم و گمان اور خیال اندیشہ کرنیوالا

سین با لام

سلسع ع کاٹنا تلوار یا چھری اور فصد کرنا یعنے خون نکالنا

سلع ع باہر نکالا گیا و بمعنے نطفہ و نام مرض مہلک او فارسی مین کنٹھی نے جسکو تلکہ کہتی ہین اور ایک قسم کا ہتھیار جسکو سیل کہتے ہین۔

سلاسل ع جمع سلسلہ زنجیر ہای آہن یعنے لوہے کی زنجیرین

سلسال ع آبشیرین و خوشگوار سرد اور میٹھا پانی۔

سلسبیل ع نام چشمہ کا جو بہشت مین جاری رہتا ہے

سلیل ع فرزند بچہ واولاد لڑکی ہو یا لڑکا۔

سلبقل ت دست چپ یعنے بایان ماتہہ جب

سل ت چپ یعنے بایان طرف اگر اسکے ساتہہ قل کا لفظ ملا دین تو بائین ماتہہ کے معنی دیتا ہی کیونکہ قل ترکی مین ماتہہ کو کہتے ہین۔

سلامان آ اسباع نام عاشق و معشوق و نام کتاب جس مین اون کا قصہ مذکور ہے۔

سلس البول ع نام مرض جسے پیشاب کا بولے ارادہ نکلجاتا ہے

سین با نون

سنبل ع گیاہ خوشبو جسکو بالچھڑ کہتے ہین و خوشہ جو گندم جسکو سنبلہ کہتے ہین۔

سین با واو

سواحل ع جمع ساحل کنارہ ہای دریا مندی کے کنارے

سوال ع مانگنا پوچہنا طلب کرنا کسی سے۔

سوئال بوزن فعول ہت سوال کرنیوالا سوالی۔

سوزن بال پرندگی مرغ جو چہوٹی چہوٹی پر ہوتے ہین

سین با ہا

سہیل ع نام ستارہ کا جسکو اگستہ کہتے ہین

سہل آسان و زمین نرم و ہموار و میدان۔

سین با یاء

سَیال ع قحط سال جس سال غلہ گران ہو۔
سَیل ع طغیانی پانی کے رو دریا کا جو بہت سا آئے
سَیول ع جمع سیل کی چڑھاؤ پانی کے۔
سیچال ع چاہ بے آب جس مین قیدیونکو قید کرتے ہین
سَیال ع رقیق اور جاری ہونیوالا روان ہونیوالا۔
سیر حاصل ف اچھی زمین جسمین غلہ حاصل ہو۔
سُیور غال ع مدد معاش انعام روزینہ دوماہ۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف شین اور اخیر مین لام ہی

شین با الف

شاخِل ع قسم غلہ جسکو ارہر کہتے ہین اکثر اسکی دال پکاتے ہین
شاغِل ع شغل کرنے والا واقع وبازرکھنے والا کسی کام سے
شال ع قسم جامہ پشمین جسکو دوشالہ کہتے ہین۔
شاخ گل ف کنایۃ معشوق ومحبوب۔
شاقول غلو آہن دوختہ جسسے معمار کام سیدھا کرتے ہین

شین با با،

شبل ع بچہ شیر درندہ کا اور شیر مشہور جانور ہے۔

شین با تا،

شتل ف وہ حصہ جو قمار باز غالب اہل مجلس کو دیوے

شین با حا،

شحم حنظل ع مغز حنظل ہندی میں اسکو تمّا کہتے ہین۔

شین با خا،

شخول و شخیل و شخل ع صفیر و بانگ و فریاد نالوں سے اور آہ سے اور کاٹنا جانور کا چونچ سے۔

سین با طا،

شتفل معرب شتل جسکے معنی تحریر ہو چکے ہین یہ وہ حصہ ہے قمار باز حاضرین کو دیتے ہین۔

شین با غین

شغال ع گیدڑ معروف جانور پلید ہے۔
شُغل ع مصروف ہونا متوجہ ہونا کسی کام مین۔

شین با کاف

شکیل ع رسن اسپ وکرد فریب دغا اور داؤ دینا۔
شگال ع ریسمان اسپ وشتر وکرد وفریب ودغا۔
شکل ع صورت شباہت انسان کی۔
شکیل ع صاحب شکل وخوبصورت وحسین آدمی۔

شین با لام

شلیل ع قسم شتالو نام میوہ ونام جامہ۔
شلاء ع وہ شخص جسکے ہاتھ پانو حرکت نہ کرسکین اور نہ کام مین لا سکے
شل ع حیز نسبت ونرم۔
شلل ع تیرہ کو چک یعنی چھوٹی برچھی جو شہوار ہاتھ مین رکھتے ہین
شُل ع نام میوہ کا۔

شین با میم

شمول ع شامل ہونا ہمراہ ہونا محیط ہونا ساتھ ہونا۔
شمل ع پریشانی وپراگندہ اور جمع ہونا اور شامل ہونا ساتھ ہونا
شمال ع وہ ہوا جو قطب کیطرف سے آئے۔
شمال دست چپ جانب قطب۔
شمائل ع شکل اور تازہ شاخ درخت خصلتین عادتین

شین با نون

شنگول ف شوخ وخوبصورت اور حسین معشوق ومحبوب۔
شنگل ف شوخ وعیار ورہزن اور ڈاکہ مارنیوالا۔

شین با واو

سین با واو

شَوَل ع اٹھانا جانا سیر و شکار کرنا کسی باغ یا جنگل میں

شَوَّال نام ماہ عید اور مہینہ میں شکار کا بہت خوب کل مہینہ

شَوَاغِل ع جمع شغل یعنے بہت سے شغل اور کام

شَوْغَال خ انعام و روزینہ و در ماہ جو مقرر ہو۔

سین با یاء

شِیشَہ دل خ نامرد و بد دل و ڈرپوک آدمی کم حوصلہ آدمی جو کسی سے لڑ کر جنگ و غیرہ میں نہ جا سکے۔

شِیر دل خ پہلوان جوانمرد جنگ آزما لڑیا

چودھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف صاد اور اخیر میں لام ہے

صاد با فا

صَفِل ع آخیر کی صف جو جوتیوں کے پاس ہو۔

صاد با لام

صَلْصَل ع خاتہ و بقیہ آب حوض میں اور گھوڑے کی پیشانی کے بال نام موضع و نام دریا

صَلْصَال ع باریک مٹی اور خشک مٹی اور کچی مٹی جب اوس پر ہاتھ مارین آواز نکلے اور ایسی ہی مٹی سے خمیر آدم علیہ السلام کا ہوا تھا۔

صَلِیل ع لوہے کی آواز تلوار کی ضرب کی آواز۔

صَلَاصِل ع جمع صَلْصَل خاتہ ہا یعنی بہت سی ثمریان

صُلح کل خ خیر خواہ کل مرد بے تعصب جو کسی سے دشمنی نہ رکھے

صاد با نون

صَنْدَل ع خوشبودار لکڑی کا نام ہے جو مشہور ہے۔

صاد با واو

صَوْل ع حملہ کرنا دھاوا کرنا دشمن پر۔

صاد با ہا

صَہِیل ع آواز ہنہنانے گھوڑے کی آواز۔

صاد با یاء

صَیْقَل ع چمکایا ہوا صیقل کیا ہوا روشن کیا ہوا اور سیاہ صیقل کیا ہوا اور صیقل کرنا

پندرہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف صاد اور اخیر میں لام ہے

ضاد با الف

ضَلَال ع گمراہ جو سیدھے راستے پر نہ ہو۔

ضاد با حاء

ضَحْل ع آب تک تھوڑا پانی جو کسی نشیب میں کھڑا ہو۔

ضاد با راء

ضَرْبُ المَثَل ع مثال و تمثیل جو کسی بات میں کہی جائے

ضاد با لام

ضَلّ ع گمراہ فاسق فاجر۔

ضَلِیل ع گمراہ فاسق فاجر۔

ضَلَالَت ع گمراہی بے دینی فسق و فجور

سولھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف طا اور اخیر میں لام ہے

طا با الف

طَالِق اَلنَّعل بالنعل قدم بر قدم چلنا پیروی کرنا۔

طَائِل ع فائدہ نفع و سود جو کسی سے حاصل ہو

طَال ہ دراز ہوا بڑھا لمبا ہوا۔

طبل ع بڑا نقارہ اور ترہی جو بجایا جاتا ہے ۔

طا با حاء

طحال ع سپرز یعنے تلی جو اندرونی عضو کا نام ہے

طا با را

طرباک ع بلند مینار جو مسجد وغیرہ مقامات مین بناتے ہین

طا با فاء

طفل ع آدمی کا بچہ لڑکا جو خورد سال ہو ۔

طفیل ع نام شاعر کوفی اور وہ شخص جو ناخواندہ دعوت مین جاے بمراہ مدعو کے مجازاً وسیلہ و ذریعہ ۔

طا با لام

طلق مخلوع ابرق مل کیا ہوا عمل کیمیا گران ۔

طل ع شبنم اور قطرے پانی کے جو خورد ہون ۔

طلل ع جسم دیکا لبد و تن دجثہ و دشت نہاے خانہاے ویران طلال اسکی جمع ہے ۔

طا با واو

طویل ع دراز جسکو مہندی مین لمبا کہتے ہین ۔

طویل ع دراز اور نام بحر بحور نظم سے جو لمبا بحر ہوتا ہے

طول امل ع حرص و ہوا و امید دراز آیندہ کی امید ۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ظا اور اخیر مین لام ہے

ظا با لام

ظل ع سایہ خیال نمونہ و سایہ اول روز یعنے ابتدا و نخاسایہ ۔

ظل ع سایہ آخر روز جو بعد زوال کے مغرب تک سایہ ہو ۔

ظلیل ع سایہ دائمی و سایہ دراز و سایہ کامل و سایہ وسیع

ظلال ع سایہ ابر و جاے سایہ یعنے جسجگہ پر سایہ پڑے

ظلال ع جمع ظل بہت سے سایے ۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین لام ہے

عین با الف

عاجل ع جلدی کرنیوالا تیزی و تندی کرنے والا ۔

عاطل ع بیہودہ خالی و بیکار معطل و موقوف ۔

عالم مشال ع عالم جسم و موجودات و مکانات و پیدائش

عائل ع فقیر درویش و مفلس و تنگدست ۔

عادل ع برابر تولنے والا منصف انصاف کرنے والا ۔

عامل ع کام کرنیوالا اہل کرنیوالا کام کا آدمی ۔

عاقل ع صاحب عقل ہوش و ہشیار آدمی ۔

عاذل ع ملامت کرنے والا کسی بدکام پر کسی کو ۔

عین با تاء

عطیل ع تشنہ و خشک لب جو پانی کی خواہش رکھے ۔

عتل ع درشت آواز و ستمگار و سبطر و فربہ اندام ۔

عین با جیم

عجول ع شتابندہ و حیران و پریشان و بدحواب

عجل ع بچہ گاؤ گوسالہ و نام قبیلہ عرب سے ۔

عجیل جلد باز تیز و تند خو آدمی ۔

عین با دال

عدول ع برگشتگی و روگردانی و نافرمانی و بغاوت

عدول ع گواہ معتبر مقبول و راست گو و عادل ۔

عدیل ع برابر در قدر و مرتبہ و ہم وزن و ہمتا ۔

عدال ع اک طرفہ بار جو گھوڑے کی پیٹھ پر لادین ۔

عدل ع مانند و نظیر اور برابر کرنا انصاف کرنا ذو عدل کی جمع عدول ہے

عین با زاے

عَزّ و جَلّ ع غالب ہوا اور بزرگ ہوا صاحب رتبہ و عزت دار

عِزرائیل ع نام فرشتہ قابض ارواح جو لوگونکی جان نکالتا ہے

عَزازیل ع نام ہاصلی شیطان کا جب وہ ہوا تو ابلیس نام رکھا گیا

عَزّال ع نام پردہ موسیقی یعنے قسم راگ کا ہے۔

عَزَل ع بیکار ہونا اور بیکار کرنا معطل و برطرف ہونا

عین با سین

عَسَل ع شہد جو مشہور چیز ہے انگبین بھی اوسکو کہتے ہین

عین با طاء

عَطَل ع زن بے زیور و حروف ہاے ہملہ یعنے ط نقطہ و شوق نقطہ

عین با قاف

عَقِیل ع مرد بزرگ و دانا و زانو بند شتر و نام پسر ابیطالب

عَقل ع مزہ دانش و رنم ایک قوت کا قواے انسانی سے

عُقول ع دانا و ہشیار و عقلمند آدمی۔

عُقُول ع جمع عقل و فرشتگان مقرب خدا کی مقرب شتے

عَقل فعّال ع عقل اول شعر جو دسوین فرشتہ کا نام ہے جبرائیل بھی اوسکو کہتے ہین

عقل کُل ع اول پیدائش نور محمدی یا عرش۔

عِقّال ع وہ رسن جسسے اونٹ باندہتے ہین۔

عقد انامل ع اوگلیون پر گننا کسی حساب کا۔

عین با لام

عِلَل ع بیماریان و مرض یہ لفظ جمع علت کی ہے

عَلِیل ع بیمار جسکو کوئی بیماری ہو۔

علت اصل ع عقل اول نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

عَلَے الحال ع زود و دشتاب اور بیوقت۔

عین با میم

عَمَل ع کام ہر ایک طرح کا جو انسان کرے۔

عُمّال ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والا۔

عین با نون

عَنادِل ع جمع عندلیب بلبلین جو شہور پرندہے۔

عین با واو

عَوَل ع کسیکو اپنا عیال کرنا عیالدار ہونا بخشش و قسمت زیادہ کرنا غلبہ کرنا ظلم کرنا نفقہ دینا بلند آوازہ کرنا رونا سیل کرنا سخت ہونا۔

عَوِل ع اعتماد و تکیہ کرنا بھروسا کرنا کسی پر۔

عَوِیل ع رونا آواز کے ساتھ چلا کر رونا۔

عَوامِل ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والے۔

عین با یاء

عِیال ع زن و فرزند وغیرہ گھر کے لوگ۔

عَین الکمال ع چشم زخم یعنے بد نظر۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین لام ہے

غین با الف

غافِل ع بے خبر نادان و بے وقوف و جاہل۔

غین با راے

غَربال ع پرویزن چھلنی آٹا چھاننے کی۔

غَرَدَل ف بدل ضد بضم ع کی یعنے کم حوصلہ

غین با زاے

غَزال ع آہو بره و آفتاب یعنے سورج۔

غَزَل ع کھیلنا محبوب کے ساتھ اور حکایت کرنا کسی سے وصل و صحبت عشق و نادان۔

غَزْل ف رشتہ و ریسمان و رسن اور بٹنا رشتہ وغیرہ کا

سین با سین

غُسل و غُسْل ع تمام بدن کو دھونا نہانا۔
غَسل ع مطلق دھونا کسی چیز کو پانی سے۔
غِسل م وہ پانی جس سے کسی چیز کو دھویا جائے۔

عین با لام

غُلُوّ ع خیانت کرنا غنیمت میں اور آب دان دختون میں
غَلُوّ ع زود ہضم طعام جسکو پیڑ نا توان بھی ہضم کرلے
غُل ع طوق آہنی و بند و تشنگی اور پیاس
غِل ع کینہ و خیانت و کدورت جو دل میں ہو۔
غلیل ع تشنگی و تشنہ و کینہ
غَلَل ع تشنگی و سودش۔
غِلَل ع تشنگان جمع غلیل

عین با واو

عَوائل ع سختیان اور بربادیان جمع عائلہ۔
عُوَل ع ایک قسم کی سیدابش جنی ہی اور جنگلی۔
عَیل ع جنگل و ویرانہ و نیستان۔
عَیِّل ع عورت کا دودھ جو بچہ پیتا ہی ایسی حالت میں کہ عورت حاملہ ہو اور وہ بچہ کو نہایت مضر ہی اور آپ ہی اوزتام رود جو کوہ ابوقبیس کے نیچے جاری ہے
غیم ما طر ع ابر برسنے والا۔

بیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف فا اور اخیر میں لام ہے

فا با الف

فال ف شگون لینا قرعہ وغیرہ کی ذریعہ سے۔
فارغ البال م بے تعلق خالی بیکار۔

فاصل ع حد کرنے والا فاصلہ کرنے والا۔
فاضل ع صاحب فضیلت و علم۔
فاعل م کام کرنے والا کام کا آدمی۔

فا با جیم

فُجل و فُجْل ع ترب نیچے مولی۔
فَجل و فَجْل ع سست ہونا موٹا ہونا جسیم فربہ اندام ہونا
فِجل ع مرد سست و نامرد و خراب کم ہمت و کم حوصلہ

فا با حاء

فحل ع خلاف مادہ کے یعنے نر
فحول ع بہت سے نر اور بہت سے مرد۔

فا با راے

فرگل ف پیراہن سردی کا جو جاڑے میں پہنا جاے۔

فا با سین

فسکل ت تمام فطار سے بارہوان گھوڑا

فا با صاد

فصول م جمع فصل کی۔
فصال ع جدائی اور دودھ چھوڑانا بچہ کا جدا کرنا لگ کرنا
فصّال ع جدا کرنیوالا و درمان پردہ دار جو بچہ کا دودھ چھوڑے
فصیل ع دیوار قلعہ و حصار و شہر و بچہ جسکا دودھ چھوڑا یا ہو
فصل ع موسم اور ایک حصہ اور ایک ٹکڑے اور جدا کرنا و جدا ہونا و پردہ و حجاب و چیزون میں اور باز رکھنا اور کاٹنا۔

فا با ضاد

فضل ع زیادتی بخشش و غلبہ اور فاضل ہونا صاحب علم و ہنر ہونا
فضائل ع جمع فضیلت اقرونہا و ہنر یعنے بہت سے علم
فضیل نام ایک ولی کامل کا جسکے مرید سلطان ابراہیم بن ادہم تھے
فضول ع مصدر ہے افزون کردن یعنے بڑہانا اور نیز جمع فضل کی یعنے بہت سی بزرگیان۔

فضول ع زیادہ گو اور وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے

فا با طا

فطرت اول پیدائش ارواح جو جسم سے پہلے ہوئی ہے

فا با عین

فعّال ع بہت سے کام کرنیوالا کام کا آدمی محنتی و جفاکش

فعّال ع جمع فعل کی یعنے بہت سے کام۔

فعل ع کام کار۔

فا با قاف

فقید المثل ع بے مثل لاثانی جسکے ساتھہ کا دوسرا نہو۔

فا با لام

فلفل ع معرب پیپل مشہور پہل ہے جسکو مرچ کہتے ہیں

فا با واو

فواضل ع بخششیں و عطایات و علوم و ہنر و عزت و حرمت و بزرگیان۔

فواصل ع کلمہ ہای آخر آیات قران بمنزلہ قوافی جسکو ہا بھی کہتے ہین

فوفل ع معرب پوپل سپاری جو پان کے ساتھہ کھاتے ہین

فا با یا

فیصل ع حاکم و حکم جو فصل کرے درمیان حق و باطل کے

فی الحال ع اسیوقت فوراً بہت جلد اسی دم۔

فی المثل ع مثلث مثلاً جسکی مثال یہہ ہے

فیل ع ہاتھی جو مشہور جانور سواری کا ہے۔

فیل تن تو وہ کسی چیز جو بقدر قامت فیل کے ہو۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور اخیر مرہ نام ہے

قاف با الف

قائل ع قبولہ کرنے والا اقرار کرنے والا اپنے گناہ پر

قائلولہ دوپہر کو سونے والا۔

قابل ع پیش آنیوالا قبول کرنیوالا وسال آیندہ و سزاوار اور پسندیدہ۔

قال ع گفتگو بات تقریر جو کسی سے کیجائے۔

قاتل ع قتل کرنے والا مارڈالنے والا جان سے

قال مقال ع بہت گفتگو بات چیت تقریر۔

قاف با با

قبول ع مان لینا مصدر رشا دہی۔

قبول ع پیش آنا و بمعنی مقبول یعنے مانا گیا۔

قبل ع عورت کی شرمگاہ ضد دبر جو معقد کہتے ہین۔

قبل ع طرف جہت جانب و طریق و طرز و روش

قبل ع پیش آگے ضد بعد کی جسکے پیچھے کے معنی ہین

قبل ع بلندی زمین کی اور اونچائی کریوہ کی

قبائل جمع قبیلہ جماعتین قومین اور بہت سے گروہ اور یک جدی لوگ۔

قبیل ع ہمشیر و دگر ہ مردم یعنے ہمراہی اور جماعتین لوگون کی

قاف با تا

قتیل ع کشتہ قتل ہوا ہوا عورت یا مرد مارا ہوا۔

قتال ع جنگ لڑائی و معرکہ و میدان لڑائی کا۔

قتال ع بہادر لڑنے والا جوانمرد پہلوان۔

قتل ع مار ڈالنا کسیکو جان سے خون کرنا۔

قاف با ذال

قذعمل شتر فربہ یعنے موٹا اور جسیم اونٹ۔

قذال ع پس سر و دنبال گوش اسپ یعنے سم کی پشت اور گھوڑون کے کانون کا نیچہا

قاف با رای

قُرنفُل ع لونگ جو مشہور سیاہ رنگ پھل ہے۔

قَراوُل ت برق انداز دہ پیشہ ولشکر او روہ فوج جو واسطے تعین مکان خبگ کے مقرر ہو۔

قُربِ نوافل ع وہ قرب جو عبادت سے حاصل ہو۔

قُربِل ت بچہ شتر سنجتی یعنے بغدادی اونٹ کا بچہ۔

قاف را رای

قُرمِز ل ت رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے۔

قَرزَل ع لنگی زشت۔

قِرزِل لنگ۔

قاف با صاد

قَصِیل ع غلہ جو سبز بیچنے خرید جو گھوڑوں کو کہلاتے ہیں

قاف با عین

قَعل ع جانور ان شکاری کو ایک ہی دفعہ چھوڑنا۔

قاف با فاو

قُفل ت تالا مشہور آہنی آلہ دروازہ بند کرنے کا ہے۔

قاف با لام

قُل ت ترکی میں بھی غلام اور عربی میں گویند کہو۔

قُلقُل ع آواز شراب نکلنے کی صراحی سے اور کلام مہمل و نام دو اجسکو بعربی قلقل کہتے ہیں۔

قُلَل ع جمع قلہ سر ہر کوہ پہاڑوں کی چوٹیاں

قَلیل ع کم تھوڑا تھوڑا مقدار کسی چیز کا۔

قاف با میم

قُمل م سپیشن جن مشہور کرم جو انسان کے کپڑوں اور سر بالوں میں پڑجاتی ہے۔

قَمل ع جو بھی جانور پیٹ لاہونا پر شکم ہونا۔

قُمل ع جمع قملہ دونوں مشہور جانور ہیں۔

قاف با نون

قِندیل ع سرکنبدیا وہ ظرف جس میں چراغ جلاتے ہیں اور وہ ظرف جس میں تیر رکھتے ہیں قنادیل اسکی جمع ہے۔

قاف باواو

قَوافِل جمع قافلہ بہت سے کاروان بہت سے قافلے۔

قَوّال ع مرد زبان آور سخنگو ہمرد گو اور گانے والا۔

قَول ع گفتار بات چیت گفتگو زبانی تقریر۔

قاف با یای

قَیفال ع نام رگ جسکو سر رگ کہتے ہیں اور اوسکے چھوڑنے سے سر اور چہرہ کا خون آتا ہے۔

قَیل ع نام ایک جنگل کا وکلام و سخن و زبانی تقریر۔

قیل و قال ع گفتگو بات چیت اور آپس کی تقریر۔

بائیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف کاف اور اخیر میں لام ہے

کاف با الف

کابل ف نام شہر جو مشہور ہے اور افغانستان کا وہ دار السلطنت ہے۔

کابل ع صاحب جمال اور نام ایک بحر کا بحر نظم سے۔

کاکُل ع موئی میان سر مجاز از زلفین معشوق کی۔

کافِل ع ضامن ذمہ دار صاحب کفالت۔

کاہِل ع بمعنے سست آدمی و میانہ دو کثیف ستور۔

کاف با واو

گَنول ع زمین بلند جنگل میں بھی بیشتہ زمین کا۔

کاف با جیم

گَیجِل ص بد رفتار و خراب چال چلنے والا۔

یکلول ف تصغیر وکنگا کاسہ گدائی کی زنبیل

کاف با جاء

کجل ع سرمہ مشہور جزیرہ جو آنکھون مین کیا جاتا ہے۔
کحال ع سرمہ کش آنکھون کا طبیب سرمہ بنانیوالا۔
کحیل ع جسکی آنکھون مین سرمہ کیا ہو۔

کاف با سین

کسل ع کاہلی وسستی دستاندازی۔
کسال ع دور و جدا و علیحدہ و الگ۔
کسیل ع دفع کرنا بھیجنا کسی چیز کا۔
کسل ع گسیختن توڑنا اور توڑنے والا۔

کاف با شین

کشکول ع فقیر وکنگا جسکو کچکول بھی کہتے ہین

کاف با عین

کعب الغزال ع قسم ریحی یعنی بیاشہ جو مشہور شبریحی ہے

کاف با فاء

کفل ع حسرین آدمی یا حیوان کے سرین یعنی چوتڑ۔
کفل ع بہرہ وحصہ بخرہ وقسمت ونصیب۔
کفیل ع ذمہ دار ضامن کام اپنے ذمہ لینے والا۔

کاف با لام

کلال ع ماندگی اعضا و خیرگی و کندی جسم کی۔
کلال ع مٹی کے برتن بنانیوالا کمہار۔
کلل ت کنجا جسکے سر کے بال بہار سے اوتر گئے ہون۔
کل ع کند گنگ و لال یعنے جو شخص زبان سے بات نہ کر سکے۔
کل ع تمام و کمال پوری چیز۔
کلل ع پھول و دانہ اگ کا۔
کلل ع شکلنی اور عربی مین شگفتگی گلزار و سبزہ۔
کلل ع کنگی و نسبتہ زبانی یعنے گونگا ہونا یا زبان ہونا

کلل ف ہرزہ گو نمی و بیقرار آدمی۔
کلکل ف شور و غوغا فتنہ و فساد جوش و خروش۔
کلیل ع کند و سست و ماندہ و گنگ و بے زبان
کل ف مٹی پانی کے ساتھہ ملی ہوئی خاک منجد۔

کاف با میم

کمال ع پورا جس مین نقصان نہو شخص بے عیب اور تخلص ایک شاعر کا
کمبد کل ف غنچہ جسکو کلی کہتے ہین
کنکل ف سخن و ہزل و ظرافت ہنسی مسخری۔

کاف با واو

کول ع تالاب یا نالہ جس مین پانی بہرا ہو۔
کول ف پوستین پوست میش اور گودڑی کہنہ اور ہندی مین گل نیلوفر کو کہتے ہین۔
کوچک ابدال ف قلندر چھوٹے مرید کو کہتے ہین۔
کوتوال ف صاحب قلعہ و حاکم و خبر گیر شہر کا۔
کوتل ت اسپ سواری جسپر کوئی سوار نہو۔
گوپال ف کرا آہنی جو جنگ کا ہتھیار ہے۔
گول ف بواد مہمل احمق و مکر و فریب و دغابازی۔
گول ت بوا و غیر ملفوظ تالاب یا چک یعنی حوض پانی کا۔
گوال ع جوال یعنے گون غلہ لادنے کی جس مین غلہ ڈالکر چارپایہ پر لادتے ہین۔

کاف با ہاے

کہل ع مرد میانہ پیر و نوجوان و مرد دموے
کہول ع مرد دموے یعنے سیاہ و سفید جسکے بال ہون۔

کاف با یاے

کیل ع پیمانہ اور ماپنے والا پیمانے سے۔
کیال ع ماپنے والا اور پیمائش کرانے والا۔
کیل ف نام ملک جسکو گیلان کہتے ہین۔

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین لام ہے

لام با الف

لال ف گنگے زبان کی نرمگ سرخ جو مشہور رنگ ہے

لاحول ع نہین قوت و بازگشت -

لاحل ع مشکل بات جو حل نہو سکے

لازال و لازوال ع ہمیشہ رہنے والی چیز اور جسکو زوال نہو -

لاتعقل ع بے عقل بے وقوف نادان احمق آدمی -

لاطائل ع بیفائدہ و بے سود جس مین نفع نہو -

لایزال ع بے زوال یہہ نام خدا تعالے کا ہے -

لام با سین

لسان الحمل ع نام تخم جسکو بارتنگ کہتے ہین -

لام با طاء

لطائف الحیل ع حیلہ و دغا بیجا یعنے بہت سے حیلے اور جو بیان

لام با عین

لعل معرب لال سرخ و نام جوہر سرخ ہوتا ہے -

لعل ع شاید قریب ہے یہہ بات ہونیکو ہے -

لام با واو

لوی محل نام شہر اور نام ایک سال کا -

لوّل ف بیجا و بیشرم و بیشرمی و بیحیائی

لام با یاء

لیل ع شب رات شام سے صبح تک کا وقت -

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم

اور اخیر مین لام ہے

میم با الف

مال ع وہ چیز جسکو دیکھکر انسان مائل ہو مثل زر و سیم و غیرہ سامان جو انسان کو دنیاداری مین مطلوب ہوتا ہے

مآل ع بروزن مقال جای بازگشت و انجام و اخیر -

مالامال ع کثیر و بسیار و پر و مملو مین یہہ لفظ مالا مال تھا -

ماکول ع کھانے کی چیز اور کھانے کی ہوئی چیز -

ماوّل ع بوزن مشوّر تاویل کیا گیا -

مائل ع نشان بھکان کا جسکے آثار باقی ہون -

ماحصل ع جو چیز حاصل ہو فائدہ نفع سود -

مامول ع امید کیا گیا طمع کیا گیا آرزو کیا گیا -

مائل ع میل کرنیوالا رغبت کرنیوالا توجہ کرنیوالا -

مالایحل ع جو چیز لائق کھانے کے نہو یعنے حل نہو سکے -

ماکل ع مصدر میمی یعنی خوردن یعنی کھانا تناول کرنا -

ماقل و دل م وہ تھوڑی چیز جو لوگ بہت پکڑی اور تھوڑی عبارت جس سے بہت سے معانی حاصل ہون -

میم با باء

مباح ع جائی بول یعنے قصیدے و شرمگاہ زن -

مباقل ع وہ زمین جہان ساگ بویا ہوا ہو -

متبذل ع ذلیل و خوار و بے عزت و بے آبرو -

مبطل م باطل کرنیوالا دور کرنے والا -

مبل م ریزندہ و صحت یافتہ و ترکنندہ و اشکبار

مبدل ع بدلا گیا عوض مین لایا گیا -

مبذول ع خرچ کیا گیا تصرف مین لایا گیا -

میم با تاء

متکفل ع ضامن بیذمہ دار کسی بات کا -

متزلزل ع کانپنے والا ہلنے والا بیقرار و بے چین

مُتخلل ا و خلل انداز یعنی جو شخص کسی بات مین خلل ڈالے
مُتمائل ع مشابہ مانند و مثل و شبیہہ و ہم صورت۔
مُتفائل ع فال لینے والا شگون لینے والا۔
مُتمائل ع عیالدار اور وہ شخص جسکی شادی ہو چکی ہو
مُتامّل ع غور کرنے والا تامل کرنے والا کسی کام مین
مُتبدّل ع تبدیل کیا گیا بدلایا گیا۔
مُتجاہل ع جان بوجھکر بے خبر بننے والا۔
مُتخیّل ع خیال کیا گیا۔
متصل ع ملا ہوا قریب پاس ملا۔
مُتوسّل ع وسیلہ ڈھونڈنے والا ذریعہ ڈھونڈنیوالا
مُتواصل ع ملاپ کرنے والا پیوند کرنیوالا۔
مُتوکّل ع بھروسا رکھنیوالا توکل کرنیوالا۔
مُتخلخل ع پولا جو اندر سے خالی ہو۔
مُتشکّل ع شکل اختیار کرنیوالا صورت پکڑنے والا۔
مُتمائل ع خواہشمند آرزومند۔
مُتداول ع نوبت بنوبت لیا گیا دست بدست پھیرا گیا۔
مُتبرسّل ع خط بھیجنے والا ایلچی بھیجنے والا۔
مُتحمّل ع بار بردار و صفت تحمل نرم مزاج
مُتعالی ع بلند ہونے والا اوپر کو چڑھنے والا۔

میم با ط

مُتقارب ع وزن ساڈھے چار ماشہ کا۔
مِثال ع شبیہہ نظیر و تصویر و فرمان قاضی مانند و پروانہ و حکمنامہ و عالم مثال یعنے عالم خواب۔
مثیل ع آلہ مثال چاہیئے کہ تیار کرے آلہ کتاب۔
مِثل مانند یہہ لفظ تشبیہہ مین مستعمل ہے
مَثل ع وصف حال و داستان و قصہ و حکایت۔

میم با ج

مُجہول ع انجانا گیا مجازاً بے عقل و بے وقوف آدمی
مَجال ع جولان کرنے کا مقام و قدرت و طاقت۔
مُجمل ع جمع کیا گیا طول احسان کو مختصر بیان کیا گیا۔
مُجبول ع پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا نکالا گیا۔
مُجادِل ع لڑنے والا جنگ و جدل کرنے والا۔

میم با ح

مَحفل ع جمع ہونیکا مقام جسجگہہ بہت لوگ جمع ہون۔
مَحافل ع جمع محفل کے لفظ کی یعنے بہت سی مجلسین۔
مُحال ع غیر ممکن بات جسکا وقوع مین آنا مشکل ہو۔
مَحال ع جای حل اور ترکیبکا مقام و جمع محل یعنے بہت سے مقام اور ترنے اور رہنے کے۔
مِحال ع مکر حیلہ و فریب و دغا۔
مُحلول ع حل کیا گیا باریک کیا گیا پتلا بنایا گیا۔
مُحتمل ع احتمال کیا گیا گمان کیا گیا کسی بات مین
مَحمل ع کجاوہ اونٹ کا جسپر مسافر بیٹھتے ہین۔
مُحوّل ع حوالہ کرنے والا سپرد کرنے والا۔
مُحمّل ع اسپ خرنگ جو چار پانو سے سفید ہو۔
مُحصّل ع تحصیل کرنیوالا یعنے بادشاہ حاکم کا جو روپیہ وصول کرنے پر مامور ہو
مُحصّل ع حاصل کیا گیا یعنے جو روپیہ حاصل ہوا ہو۔
مُحتال ع حیلہ گر و مکار و فریبی آدمی۔
مُحوّل ع سپرد کرنیوالا حوالہ کرنے والا۔
مُحوّل ع سپرد کیا گیا حوالے کیا گیا تفویض کیا گیا۔
مُحصول ع حاصل کیا گیا لے لیا گیا وصول کیا گیا۔
مُحمول ع گمان کیا گیا بار اوٹھایا گیا وہم کیا گیا۔

میم با خ

مُخذول ع خوار کیا گیا غریبی مین ڈالا گیا۔
مُخمل ع مشہور نام کپڑے کا جو ریشمی ہوتا ہے۔

مُخیّل ع خیال کیا گیا بیان کیا گیا کسی بات مین -
مُخَاذِیل ع خوار کئے گئے یہہ لفظ جمع مخذول کی ہے
مُختَلّ ع خلل پایا ہوا رخنہ پایا ہوا -
مُخِلّ ع خلل ڈالنیوالا رخنہ ڈالنے والا -
مُخَالِف ع جو چیز آپس مین جسمین پایا نہو الگ ہو -
مُختَال ع متکبر و مغرور آدمی -
مَخَایِل ع جمع مخیلہ جاہای خیال یعنے آثار و علامات کسی چیز کے

میم باوال

مَدخَل ع دخل کرنیکا داخل ہونا اور مقام دخل کا مقصد ہے ظرف ہے
مُدخِل ع بخیل و ممسک آدمی جو کچھہ خرچ نہ کرے -
مُدخَل ع داخل کرنے کا مقام اور داخل کیا گیا -
مَدَارِخل ع مقامات دخل و آمدنی زر اور بیوندکاری سینا بُننا اور حنا بوٹہ دار جو عورتین ہاتھون پر لگاتی ہین اور گہر کے مکان -
مَدخُول ع داخل کیا گیا اندر لایا گیا -
مدلبل ع نغرہ بلبل کا اور آواز بلبل کی -
مُدلِل ع دلیل سے ثابت کرنے والا صاحب حجت -
مُدَلَّل ع دلیل سے ثابت کیا گیا جو بات دلیل سے ثابت ہو
مُدَمَّل ع جو چیز زخم کو پاک کرکے اچھا کر دیوے
مَدلُول ع دلالت کیا گیا اشارہ کیا گیا راہ دکھلایا گیا

میم بارای

مِرجَل ع دیگ مسی جس مین کھانا پکائین -
مُرَجَّل ع شعر بدیہہ کہا گیا اور وہ لفظ جو ایک معنی سے دوسرے معنی مین بمناسبت کہا جائے -
مُرغُول ع پیچ و تاب اور بال پیچدار و آواز مرغان اور راگ مغنیون کا اور وہ آواز جو پیچدار ہو -
مُرسَل ع بھیجا گیا اور نبی رسول پیغمبر
مُرسَل ع بھیجا گیا یعنے خلاف قیاس مشہور ہے -
مُرَقَّع الحال ع آسودہ حال خوش معاش مالدار دولتمند آدمی
مَرَاحِل ع منزلین جمع مرحلہ کے لفظ کی -
مربع مستطیل ع چار گوشہ مائل بطوالت مثل نقطیع کتاب
مُراسِل ع وہ عورت جسکی خط کتابت مردون سے ہو -

میم بازائے

مَزَال ع لغزش جای لغزش یعنے پھسلنے کی جگہہ -
مُزِیل ع دور کرنیوالا زائل کرنے والا کم کرنیوالا -

میم باسین

مُتَاصِل ع بیخ سے اکھاڑا گیا نابود کیا گیا -
مُتَاہِل ع سزاوار و لائق کیا گیا -
مُتَذَلَّل ع ذلیل و خوار کیا گیا بیعزت کیا گیا -
مَسَائِل جمع مسئلہ جوال دوز لوک اور سوزن کلان جسے جوال سیتے ہین -
مُستَحِیل ع محال و ناممکن و حیلہ گر مکار -
مُستَمَال مائل کیا گیا تسلی دیا گیا اطمینان کیا گیا -
مُستَقِل ع صاحب استقلال و محکم و مضبوط -
مُستَقبِل ع پیش آنیوالا زمانہ آئندہ
مُستَقبِل ع تصویر و چشمی جسکی دونو آنکھین نظر آوین
مُستَعجِل ع دوڑنیوالا جلدی کرنے والا -
مَسِیل ع پانی جاری ہونیکا مقام چشمہ وغیرہ -
مُستَجَل ع سجل کیا ہوا درست و راستہ ٹھہرایا گیا -
مُستَطِیل ع جسم راز جسکا طول عرض سے زیادہ ہو -
مَسَائِل ع مسئلہ کی جمع ہی بہت سے مسئلے -
مُستَعمَل ع استعمال کیا گیا کام مین لایا گیا -
مُستَہِل ع نیا چاند دیکھنے والا ہلال کا دیکھنیوالا -
مُستَحِل ع گورخر جو مشہور جانور ہے -

مَسئول ع سوال کیا گیا مانگا گیا طلب کیا گیا۔
مَسلول ع کھینچا گیا باہر نکالا گیا اور یہہ لفظ سیف کے ساتھہ مستعمل ہے چنانچہ سیف مسلول۔
مُستدِل ع دلیل طلب کرنیوالا حجت مانگنے والا۔
مُستبدِل بدلنے والا کسی چیز کو کسی کے ساتھہ۔
مُستبدَل بدلا گیا عوض مین لیا گیا۔
مُسہِل ع آسان کرنیوالا دوا پلانیوالی جسکو کہا ہی دست آور
مُسلسَل ع زنجیر مین باندہا گیا زنجیر در زنجیر

میم باشین

مَشاعِل ع جمع مشعل کی بہت سی مشعلین۔
مَشاغِل ع جمع ہی شغل کی بہت سے کام۔
مَشاکِل ع ہم شکل ہونیوالا شخص۔
مُشعِل ع شعلہ مارنے والا روشن۔
مُشغَل ع کام مین روکا ہوا۔
مُشکِل ع کٹہن و دشوار بات
مشغول ع جسکے ہاتہہ پیر رہ گئے ہون اور شل ہو گیا ہو۔
مُشتمِل ع حاطہ کرنیوالا شامل ہونیوالا ہمراہ ہونیوالا۔
مُستعِل ع شعلہ زن آگ روشن آگ۔
مُشتغِل ع مشغول ہونیوالا کسی کام مین۔
مُشتمَل ف ودنش پہلوانون کی۔
مشمول حاطہ کیا گیا شامل ہوا ہوا ہمراہ ہوا ہو کسی کے

میم باصاد

مُصقول ع صقل کیا گیا روشن و صاف کیا گیا۔
مُصقِل ع روشن کیا گیا اور روشن کرنے والا۔
مَصاقِل ع جمع ہی مصقل کی لفظ کی

میم باضاد

مُضِل ع گمراہ کرنیوالا بدی کیطرف لانیوالا۔
مُضمَحِل ع نیست و محو ناچیز و سست ہونے والا۔

میم باظاء

مُظِل ع سایبان جسکے سایہ مین بیٹہین۔

میم باعین

مُعوَّل ع اعتماد کیا گیا اسم مفعول ہوں سے۔
مَعوَل ع جائے تکیہ و اعتماد اور بہروسی کا مقام۔
مُعوِّل ع اعتماد کرنا اور اعتماد کیا گیا۔
مِعوَل ع کلنگ ہی جسے لوہار کان سے نکالتے ہین۔
مَعاقِل ع جمع ہی معقل جائے پناہ و سرحدہا و مقامات مشکل۔
مُعامِل ع معاملہ کرنے والا مشتاق و آرزومند وغیرہ
وفروخت کرنے والا۔
مُعضِل ع دشوار و مشکل کرنے والا۔
مَعقول ع پسندیدہ جسکو عقل مان لے۔
مَعادِل ع برابر و مساوی۔
مُعتدِل ع برابر تاثیر مین۔
مُعتزِل ع گوشہ نشین خلوت مین بیٹہنے والا۔
مَعمول ع عمل کیا گیا عادت و روزمرہ۔
مُعیِل ع مرد عیالدار جسکے گہر کے لوگ بہت ہون۔
مُعطَّل ع بیکار کیا گیا توقف مین ڈالا گیا۔
مُعقَّل ع وہ اونٹ جسکے بازو باندہے ہوئے ہون۔
مُعجِل ع پیشی گیرندہ و فتابی کرنے والا۔
مَعقول ع سبب ہای ضروری اور ضروری علتین۔
مُعلِّم اول ع لقب حکیم ارسطو حکیم الٰہی کا ہے۔

میم باغین

مُغلول ع طوق گردن مین ڈالا گیا قید کیا گیا باندہا گیا۔
مِغزل ع دوک نکالنے جسے سوت کاتتے ہین۔
مُغوِل ع تہام قوم جو مغل کہلاتے ہین معنی شریر و جنگ آور و ظالم

مُغسل ع غسل دیا گیا نہلایا گیا دھویا گیا۔
مُغسول ع دھویا ہوا غسل دیا ہوا نہلایا ہوا۔

میم با فا

مُفضل ع فضیلت دیا گیا بڑھایا گیا بزرگی دیا گیا۔
مُفضِل ع فضیلت دینے والا بزرگ بنانیوالا۔
مُفضِل ع افزونی کرنے والا بڑھنے والا۔
مُفضول ع فضیلت دیا گیا بزرگی دیا گیا۔
مُفصِل ع بورن منزل پیوندگاہ اندام یعنے انسان کے جسم کے جوڑ دن کی جگہ۔
مُفصول ع فصل کیا گیا جدا کیا گیا الگ کیا گیا۔
مُفعول ع فعل کیا گیا یعنے جسکے ساتھ فعل کریں
مُفتعِل ع بیٹے ہوئے ریتی یا ڈورا بٹا ہوا تاگا۔
مُفصّل ع بوزن منور تفصیل کردہ شدہ ونام کتاب
مفاصِل ع بدن کے جوڑ یعنی ہاتھ پانو وغیرہ۔
مُفتول ع تار بافتہ وتار پیچیدہ اور سوت کاتا ہوا۔

میم با قاف

مَقال ع مصدر میمی گفتگو کرنا بات چیت کرنا۔
مُقبِل ع قبول کرنے والا وصاحب اقبال
مُقبَل ع قبول کیا گیا اور مانا گیا۔
مُقبّل ع بوسیدہ ہوا ہوا کہنا ہوا پرانا ہوا ہوا۔
مُقتِل ع جاہی قتل جہاں کوئی شخص قتل ہو۔
مُقاتِل ع جنگ کرنے والا اور جنگ کیا گیا۔
مَقتل ع سخن چینی کرنا بُرا بولنا کسی شخص کو دیکھنا اور نخل جانا پانی کا کسی سر رو سی
مُقتل ع گوگل ایک مشہور چیز ہے آگ پر جلایا جاتا ہے
مُقلِل مکدر نیوالا درویش وفقیر ومفلس ونادار۔
مُقلّ ع جمع مقال وگرز جو ایک مشہور ہتیار ہے۔

مُقتقِل ع شراب اور بے قرار ومضطرب آدمی۔
مُقوّل ع جائے گفتگو یعنے زبان جسے گفتگو کریں۔
مُقابِل ع روبرو اور سامنے اور آگے۔
مَقبول ع قبول کیا گیا مانا گیا۔
مَقتول ع قتل کیا ہوا مارا ہوا شخص۔
مَقیل ع دوپہر کو سونا اور چاشت کو شراب پینا قیلولہ بھی اسکو کہتے ہیں جسکے معنی دوپہر کو سونے کے ہیں۔

میم با کاف

مَکبول ع بند کیا گیا قید کیا گیا باندھا گیا۔
مُکلّل ع ملمع کیا ہوا جڑاؤ روشن اور چمکتا ہوا تاج یعنے کہا
مُکحّل ع سرمہ ناک وآنکھیں جن میں سرمہ کیا ہوا ہو۔
مِکحل ع سرمہ دان جس میں سرمہ رکھتے ہیں۔
مَکحول ع سرمہ کیا ہوا جسکے اپنی آنکھوں میں سرمہ لگایا ہوا ہو۔
مَکیل ع ماپا گیا پیمانہ سے وزن کیا ہوا۔
مِکیال ع پیمانہ جسے کوئی غلہ وغیرہ شیا ماپیں
مکائیل جمع مکیال جسے پیمانے ماپنے کے۔
مُکمّل ع کامل کیا گیا تمام کیا گیا پورا کیا گیا۔

میم با لام

مُلّا جلال ع نام کتاب منطق میں جو شرح تہذیب کی ہے۔
مِلَل ع جمع ملت بہتسے دین ومذہب وطریق۔
مَلال ع دلگیری وغمگینی وفکر واندیشہ۔
مُل ع شراب کو عربی میں خمر کہتے ہیں۔
مُلوّل ع غمگین ودلگیر واندیشہ ناک وفکرمند آدمی۔

میم با میم

مُماثِل ع مانند ہونیوالا کسی کی صورت بننے والا۔
مُتمثّل ع ہم مثل کیا گیا صورت سے صورت ملایا گیا۔
مُمِل ع ملول کرنے دلاد دلگیر کرنے والا۔

میم با لون

مَنْهَل ع چشمہ جو چراگاہ مین ہو اور چارپائی اوسسے پانی پیین اور روان پانی بہتا ہوا۔

مَنَاہِل ع جمع منہل کی یعنی بہت سے چشمے۔

مَنْزِل ع اوترنے کی جگہ چاہی نزول وخانہ وگھر۔

مَنْزَل ع اوتارا گیا کسیکو کسی مکان مین۔

مَنَازِل ع جمع منزل ہے مقام اوترنے کے۔

مُنْجَل ع دانتی جسسے درانتی کاٹتی ہین یہ ایک آلہ ہی ہوتا ہے

مَنْجَل ع کسی چیز کے ڈالنے کا مقام۔

مُنْدَمِل ع زخم بھرا ہوا جو اچھا ہونے والا ہو۔

مُنْعَل ع جو نعل کی شکل ہو مجازاً ماہ نو۔

مُنْحَل ع کھلنے والا ظاہر ہونے والا۔

مِنْخَل ع پرویزن غربال چھلنی۔

مُنْفَصِل ع فیصل شدہ علیحدہ جدا الگ۔

مَنْقُول ع نقل کیا گیا ہو بہو صورت سے اوتارا گیا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ رکھا گیا۔

مُشْتَعِل ع انگیٹھی جس مین آگ جلاتے ہین۔

مَنْدِیل ع دستار جمع اسکی مناویل ہے یعنے پگڑی

مُشْتَمِل ع دائرہ انسون گران جادوگرون کا دائرہ۔

مُنْحَوِل ع کسی اور کا شعر جو اپنا کہہ کر پڑہا ہو۔

مِنْوَال ع جولاہے کی لکڑی جسپر بنا ہوا کپڑا لپیٹا جاتا ہے دستور وطور وطریق۔

مَنَال ع حاصل کرنے کا مقام جاے امید وآرزو۔

مَنْبَل ع کاہل سست وبیاعتقاد ومحل زخم ذمام وہ اجو زخم پر لگاتے ہین۔

مُنْفَعِل ع متاثر شدہ اثر قبول کرنے والا۔

مُنْتَقِل ع نقل کرنیوالا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجانیوالا

میم با واو

مَوْصِل ع نام شہر عراق مین ونام ضربزہ وجاے وصل ومقام پیوند اور جوڑ کی جگہہ۔

مُوْصِل ع پہونچانیوالا وصل کرنیوالا۔

مَوْصُول ع پیوند کیا گیا جوڑ لگایا گیا۔

مورچال ومورچل ف مغاک جو قلعے کے گرد کھود کر اوسکی اوٹ مین قلعہ والون سے لڑتے ہین۔

مُوَمَّل ع امیدوار وصاحب امید وآرزو۔

مُؤَجَّل مرفوصت دیا گیا مہلت دیا گیا دیر مین ٹالا گیا۔

مُوَکَّل ع جسکو کوئی کام سپرد ہو یعنی وکیل ومختار۔

مُوَکِّل ع کام سپرد کرنیوالا وکیل بنانیوالا۔

مُوَل ع معشوق زن ومناز وحرامزادہ ودرنگ وتاخیر دامر بعجز باش وغمزہ وکرشمہ۔

مَوْصُول ع ملا ہوا پیوند کیا ہوا جوڑا ہوا۔

میم با ہاء

مُہَمَّل ع جو چھوڑا گیا بیکار کیا گیا مہلت دیا گیا۔

مُہَبَل ع فرج عورت کا شرمگاہ عورت کی

مُہْمَل ع متروک وبیکار ومعطل ونکما آدمی۔

مُہْلَت ع آہستگی وتوقف ومہلت وفرصت۔

مُہَلْہَل ع مسکدا خہ یعنے گلایا ہوا آملا۔

مُہْمَل ع نگذاریعنے نہ چھوڑ۔

مُہَلْہَل ع زہر دیا گیا اور باریک کیڑا بنا ہوا۔

میم با یاء

مَیْل ع خواہش وتوجہ وجمیدگی اور ملنا اور محبت کرنا۔

مِیل ع سرمچہ سرمہ کرنے کا وانداز مسافت چھ کروہ بقدر چہار ہزار قدم اور مگدر پہلوانون کا جسسے ورزش کرتے ہین۔

میکال ع میکائیل ع نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہے۔

پچیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین لام ہے

نون با الف

نائل رشتہ جو قلم سے نکلتا ہے منشی ورد وخانہ دوات مین تھی

ناقل ع نقل کرنے والا ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانیوالا۔

نارجیل ع ناریل کھوپرا جو مشہور چیز ہے۔

نازل ع اترنے والا نزول کرنے والا

ناقابل ع نالائق اوزنکا آدمی۔

نامعقول ع نامناسب وخراب

نااہل ع جیسے سو پانی پینے والا یانی جاری

نائل ع دریافت کرنیوالا جستجو کرنیوالا کسی خبر کو۔

نون با یاء

نبیل ع بزرگ دانا دنیکو وفربہ۔

نبائل ع بزرگان ونیکوکاران

نبل تیراندازی وتیرونیکو کاری واگاہی۔

نون با جیم

نجل نسل واولاد وفرزند اور ڈالنا۔

نون با حاء

نحول ع لاغر ہونا گل جانا گداختہ ہونا۔

نحل ع شہد کی مکھی جو مشہور جانور ہے

نحل ع مذہب بے باطلہ جمع نحلت بے چونٹی مذہب

نون با خاء

نخل ع درخت خرما اور آنا جانا نا چلنی سے

نخیل ع درخت خرما درختہا ے خرما یہ بھی جمع ہے

نخلہ نبی ہلال ع مکہ کے راہ مین ایک نخلستان کا نام ہے منسوب نبی ہاشم سے۔

نون با ذال

نزول ع ضیافت جو مہمان کو دین سامان مہمانداری۔

نزول ع اترنا کسی جگہ یا مقام پر ٹھہرنا۔

نزیل ع مہمان جو اپنے گھر مین اگر اوترے۔

نون با سین

نسل ع اولاد وشاخ درخت کی اور بڑہنے والی شاخ۔

نون با صاد

نصل ع بچکان تیر نیزہ جو مشہور ہتھیار ہین

نصول ع جمع نصل ہے تیر ونیزی

نصال ع جمع نصل تیر ونیزی جو بہت سی ہون۔

نون با طاء

نطول ع پانی کو منہ مین کا عضو پر ڈالنا اور اوسے نگلنا ہونا

نطول ع وہ پانی جو دوا سے نکالا جاوے۔

نون با عین

نعال ع جمع نعل جسے پاپوش ہندی جوتی۔

نعل ع کفش جوتا اور نعل نہی جو گھوڑے کے پاؤن مین لگاتی ہین

نعم البدل بہتر بدلہ نیک عوض جو مل جائے۔

نون با غین

نغول ع قیام گاہ مویشی جو ویرانہ مین ہو۔

نغول ع عمیق وژرف ودور وبعید۔

نغول ع زدبان یعنی لکڑی کی پوڑی۔

نغل جای شب باشی چارپایان جو جنگل مین واقع ہو اور آب ہونا وبدنسب کینہ ور وغضبناک

نغل ع تباہ ہونا خراب وبرباد ہونا۔

نون با فاء

نَفل ع وہ عبادت جو بندہ پر واجب و فرض نہو اور بنظر حصول ثواب وہ عبادت کرتا ہو۔
نُفول ع دور و بعید و عمیق و فہمیدگی وغور۔
نفس کل ع ذات بحت و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم۔

نون با قاف

نَقل ع ایک مقام سے دوسرے مقام پر لیجانا۔
نُقل ف وہ چیز جو شراب پی کر کھائیں
نَقّال ع نقل کرنیوالا ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہونچانیوالا
نُقول جمع نقل کی لفظ کی ہے۔
نقطہ مقابل ع ہمسر و ہمرتبہ و برابر۔

نون با کاف

نَکال ع عقوبت و رنج و غم و اندوہ و آفت و بلا۔
نِکل ع زنجیر و بند آہنی جو قیدیوں کو پہناتے ہیں۔
نکول ع سوگند کھانیسے باز رہنا و بدلی و اعراض۔

نون با میم

نمل ع مور چونٹی اور نام بیماری کا۔

نون با واو

نوَل عربی میں عطا و بخشش و مہربانی و سخاوت۔
نُول خ منتار مرغان اور کوزہ اور کوزہ کی ٹوٹی۔
نوع سافل ع کنایۃ انسان یعنی زمین کی پیدائش۔
نوازل ع جمع نازلہ کی مصیبتیں و رنج و آفتیں
نونہال ف نیا پودہ درخت کا مجازاً نوجوان لڑکا۔
نوافل ع جمع نفل جسکے معنی عبادت کے ہیں۔
نوال ع عطا و بخشش و سخاوت و مہربانی۔

نون با ہاء

نہال ف درخت سوزن و بستر و توشک و فرش چارپائی

نون با یاء

نیل ع یافتن یعنی پانا مجازاً مطلب و مقصود و مراد۔
نیم بسمل ع نیم مردہ جو مرنے کے نزدیک ہو۔
نیل ع نام دریا جو مصر کے نیچے بہتا ہی مشہور دریا ہے۔
نہال ع نام بادشاہ و نام غلام سلطان سنجر سلجوقی کا۔
نیم طلاق ف کنایۃ لب معشوق کی۔

چھبیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف واو اور اخیر میں لام ہے

واو با الف

واصل ع ملنے والا اور وصل کرنیوالا پیوند جوڑنے والا شخص
وابل ع وہ مینہ جسکے قطرے بڑے ہوں و نام قبیلہ عرب یعنی عرب کے قوم کا نام ہے۔
وائل ع نام قوم عرب و نام موضع جو عرب میں ہے۔
وال ف قسم ہاء اور عربی میں بناء لیجانا

واو با یاء

وبال ع ویرانی سختی گرانی و خرابی و بربادی

واو با جیم

وجل ع وہ شخص جو ہمیشہ ڈرتا ہو یعنی ہمیشہ خوف رکھتا ہو
وجل ع ترسیدن یعنی ڈرنا اپنے خیال سے۔

واو با حاء

وحی منزل ع قرآن شریف و کلام مجید
وحل ع کیچڑ یعنے گل و لای

واو با راء

وبر ل خ نام جانور جو مثل سوسمار کی ہوتا ہے
ورق نخال ع پہنا کاغذ نہ لاتی ہے۔

واو با سین

وسل ع آب اندک یعنے تھوڑا پانی

واو با صاد

وَصل ع پیوند اور جوڑ ملنا کسی سے۔
وُصلہ ع ملنا تہہ لگ جانا کسی چیز کا۔
وَصّال ع پیوند کرنیوالا جوڑنیوالا کسی چیز کو۔
وُصّال ع جمع وصال یعنے بہت سے جوڑنیوالے۔
وِصال ع ملنا مجازاً مرنا فوت ہونا وصل ہونا۔

واو با کاف

وَکل ع وہ شخص جو اپنا کام دوسرے پر چھوڑ دے۔
وَکیل ع وہ جسپر کام چھوڑا جاے یعنی مختار کیا جاے۔
وَیل ع وای کلمہ افسوس ہے جو عجم مین بولا جاتا ہے۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ہا اور اخیر مین لام ہے

ہا با الف

ہابِل ع بادل جت برسنے والا جوش سے برسنے والا۔
ہابیل ع نام فرزند آدم علیہ السلام کا جسکو قابیل اوسکے حقیقی بھائی نے قتل کر دیا تھا۔
ہائِل ع ہولناک و شدید و سخت و دشوار۔
ہال ع الائچی سفید و قرار و آرام و صبر و تحمل

ہا با یا

ہَیکل نام بت جو کعبہ مین رکھا تھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکو توڑا
ہَیکل ع کاہل گران تن۔

ہا با جیم

ہَجل ع زمین پست جہان پانی رکے یعنے نشیب دو پہاڑون مین۔

ہا با رے

ہِراول ع جو فوج سب سے آگے ہو اور فوج اوسکے پیچھے چلے۔

ہرقل و ہرقل ع نام بادشاہ نصاراکا جو روم و شام مین بادشاہ تہا اور عمر خلیفہ ثانی اور سپر غالب آئے

ہا با زاے

ہَبرال ع لاغری ناتوانی کمزوری ضعیفی۔
ہَزل ع سخن بیہودہ و مسخری و بیفایدہ تقریر۔

ہا با طاے

ہِطل ع برابر اور آہستہ برسنا مینہہ کا قطرہ قطرہ ٹپکنا پانی کا۔

ہا با لام

ہلاہل ع نام زہر قاتل اور نام کوہ جس جگہہ وہ زہر پیدا ہوتا ہے اور وہ پہاڑ چین مین ہے۔
ہِل ع الائچی خورد اور صیغہ امر ملیدن سے یعنے چھوڑ و کنجد ع یعنے سخاکہ کنجد و شش۔
ہِل ع آغوش یعنے بغل۔
ہَل ع کلمہ استفہام بمعنی آیا۔
ہِلال ع تراش ناخن مجازاً نیا چاند پہلی رات کا چاند۔
ہلال ہلال ف پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔

ہا با میم

ہَمال ف انباز و ہمتا و شریک سہیم و ساجی۔
ہم بغل ف ہمخوابہ ہم آغوش و ہم بستر۔

ہا با واو

ہَول ف ڈرانا ڈرنا اور گیند جسے کھیلتے ہین۔

ہا با یاے

ہَیاکل ع جمع ہیکل جسکے معنے شکل و صورت کے ہین۔
ہَیکل ع حجرہ بزرگ و اسپ درازجسم و شکوہ و عظمت بنا بلند و بتخانہ و صورت و شکل و تمثال و تعویذ۔
ہَیل ع الائچی سفید و قاقلہ صغار یعنی چھوٹی الائچی۔
ہیولاے اول ع ذات بحت و نور مجرد صلے اللہ علیہ وسلم۔

اٹھائیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف یاء اور اخیر مین لام ہے

یا با الف

یال ف گردن اور گھوڑے کی گردن۔
یال گو یال ف نشان شوکت و عزت و افتخار۔

یا با سین

یسا ول ت میر توزک و نقیب جو سیرون کی سواری کے ساتھ ہوتے ہین۔
یسل و یسال ت پیر و فرتوت۔

یا با لام

یل ف پہلوان و شجاع و آزاد اور ترکی مین راستہ اور گذرگاہ کو کہتے ہین۔

یا با واو

یونت یل ف نام سال۔

چوبیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف میم ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنی اپنی موقع پر بدلتے جاتی ہین اس مین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

لغات کے بیان مین جنکی اول حرف الف اور اخیر مین میم ہے

الف با با

اِبہام ع ریشہ کہنا بزشید چھوٹا اور نرا گنت

اور دروازہ بند کرنا۔
اِبہام ع تنگ کرنا ملول کرنا دق کرنا استوار کرنا دوہرا کرنا رسن کا۔
اِبتسام ع تہوڑ ہنسنا کہلنا شگفتہ ہونا۔
اِبریشم ف مشہور چیز ہے جسسے پارچہ بنائے جاتے ہین۔
اَبکم ع گنگا بے زبان و شخص جو بات نہ کر سکتا ہو۔
اِبراہیم ع پیغمبر سریانی کا نام ہے جنکا خطاب خلیل اللہ تھا۔
ابرہیم ادہم ع ایک ولی کا نام ہی جو پہلے بادشاہ بلخ کا تھا پھر تارک ہو کر مرتبہ ولایت پہونچا ادہم اسکا باپ کا نام ہے
ابوالقاسم ع کنیت محمد صلے اللہ علیہ وسلم۔

الف با تا و

اَتم ع کامل اور پوری چیز
اِتہام ع تہمت لگانا بہتان باندہنا۔
اِتمام ع تمام کرنا پورا کرنا کامل کرنا۔

الف با ثا و

اِثم ع گناہ و تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
آثم ع گنہ گار جو خلاف حکم شرع کے کام کرے
آثم ع گنہ گار گنہ کرنیوالا خطاوار
آثام ع جمع اثم بہت سے گناہ بہت سی خطائین۔

الف با جیم

اِجام ع سوار نا گہوڑی کو سواری کے لیے سدھانا
اِجمام ع باز کرنا مرنکی نزدیک پہونچنا نزع کی حالت مین ہونا
اَجم ع نشان و انبوہی درختان یعنی درختون کا ہجوم۔
اِجرام ع جسم جواہر اور ستارون کے جسم۔
اَجسام ع جسم کا جمع انسانون کے اور اون کے بدن۔
اَجام ع جسم اجم انبوہی درختان و باغ وغیرہ۔

الف با حا ر

اَحرم ع بہت ہوشیار بہت دانا و لبیب۔

اِحْتِشَام ع صاحب شکوہ ہونا صاحب شان و شوکت ہونا۔
اِحْرَام ع حرام کرنا اور احرام حاجی حج کے پہلے باندھتے ہین اور سہ پارچہ تین ٹرک کردیتے ہین اور بھی بمعنی حرم مین جانے کے معنی رکھتا ہے۔
اِحْتِلَام ع خواب مین ناپاک ہونا اور انزال کرنا۔
اَحْسَنِ تَقْوِیم بخوبی درست کرنا کنایۃ پیدائش انسان کی
اِحْتِجَام ع نشتر مین یا زنا فصد کے لیے خون نکالنا۔
اَحْمَرِ اَقْتَم ع نہایت سرخ اور نہایت کالی چیز۔
اِحْشَام ع نوکران و خادمان و خدمتگاران۔
اِحْلَام ع خوابہا و عقلہا و بردباریہا۔

الف با خاء

اِخْتِتَام ع ختم کرنا پورا کرنا تمام کرنا۔
اِخْرَم ع از سایر نام صدحاتم طائی جو مشہور سخی ہے۔
اَخْرَم ع یعنی بریدہ ناک کٹا آدمی۔
اَخْمَم ع چین پیشانی دابرو کا چین
اَخْشَم ع جسکو قوت شامہ نہو یعنے خوشبو و بدبو کی تمیز نہ کرسکے

الف با دال

آدم ع نام ابوالبشر علیہ السلام کا ہے جسکی نسل سے آدمی پیدا ہوئے و بہ معنی گندم سفید و آہو ہی سفید جسکی پشت پر سیاہ خط ہون۔
اَدْہَم ع سیاہ و اسپ سیاہ و مار سیاہ و زنجیر آہنی جو قید مین ڈالتے ہین اور نام پدر ابراہیم بلخی کا جو کامل ولی تھے۔
اَدِیم ع پوست دباغت دیا ہوا اور پوست خوشبو دار جسمین ہر چیز و چہرہ ہر چیز و طعام یا نان خورش۔
اِدَام ع نان خورش یعنی سالن جو روٹی کیساتھ کھاتے ہین۔
اِدْہَام ع کہانا بیجا دیکھنا گھوڑے کو لگام دینا اور نون کو حرف مین ملانا۔

الف با رے

اِرْخَام ع خوار کرنا رسوا کرنا خراب کرنا۔
اِرْتِطَام ع پست ہونا مٹی مین ڈالنا ذلیل کرنا۔
اَرْحَام ع جمع رحم خویشان رشتہ داریان
اَرْقَام ع خطوط۔
اَرْقَم ع بڑا رحم و الا اِرْقَام ع لکھنا۔
اِرْتِسَام ع نقش باندھنا۔
اِرَم ع نام شہر و نام پدر عاد اور نام اوس باغ کا جو شداد ابن عاد نے بنایا تھا۔
آرَام ع خوش حالی و آسودگی اور عربی مین جمع رئم جسکے معنی آہو بچے کے ہین۔
آرَزم ف جنگ و کارزار۔

الف با زے

آزرم ف شرم و حیا و شفقت و مہربانی و بزرگی و عزت و عدل و راحت و آشتی و طاقت و غضب و آشکارا و غم و اندوہ گناہ اور نام دختر خسرو پرویز کا۔
اِزْدِحَام ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا ماخوذ زحم سے اور جو لوگ اژدہام لکھتے ہین غلط ہے۔
اِزْحَام ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا اجتماع کرنا۔
اَزَرم ت انگور جو ایک قسم مشہور میوہ ہے۔

الف با سین

اِسْتِقْسَام ف ظلم و جفا و زبردستی جو کسی پر کیجائے۔
اِسْتِحْمَام ع حمام مین جانا سنجاب گرم لینا نہانا حمام مین
اِسْتِعْلَام ع خبر چاہنا آگاہی چاہنا اطلاع۔
اَسْتِقَام ع بیماریان جو انسان کے جسم مین پیدا ہون
اِسْم ع نام جو کسی کو رکھا جائے۔
اِسْتِسْلَام ع سلامتی اور فرمان برداری و تسلیم و تعظیم۔

اِسمِ اَعظم ا اللہ جو خدا کا نام ہے۔
اُستیلم م تصغیر لفظ اسلم اور نام ایک رگ کا جو حضر و بصر کے درمیان ہے۔
اِستفہام م کسی چیز کی سمجھ کو چاہنا یعنی ارادہ سمجھنے کا۔
اِستلام م چھونا پتھر کو یا تھہ یا مونہہ سے مجازاً بوسہ دینا کسی صاحب تعظیم مقام کو چنانچہ حجر الاسود خانہ کعبہ کو چومنا۔
اِستحکام م مضبوطی کرنا محکمی کرنا استواری کرنا۔
اِستشمام م سونگھنا کسی بو دار چیز کو۔
اِستقدام م استقبال کرنا پیش آنا آگے آنا۔
اِسلام م دین اسلام اور مان لینا تسلیم کرنا۔
اَسلم م تسلیم کرنے والا اور بچا ہوا سلامت رہا ہوا۔

الف با شین

اُشلم م علامت تندی و زور و قدی و جو رو جفا۔
اِشمام م سونگھنا کسی بو دار چیز کو۔
آشام م پی اور پینا اور پینے والا پانی وغیرہ کا نام ملک بنگال و مشرق بنگالہ۔

الف با صاد

اَصنام م جمع صنم بہت سے بت پتھر کے جنکو کفار پوجتے ہیں
اَصم م کڑا بہرا نہ سننے والا یعنی جو شخص کسی کی بات نہ سن سکے

الف با طاء

اَطعام م کھانا دینا طعام بہم پہنچانا کسیکے پاس۔

الف با عین

اِعتصام م مضبوط پکڑنا محکم پکڑنا۔
اِعظام م بزرگ پکڑنا بزرگ کرنا عزت دینا بڑا بنانا عظمت دینا یا آبرو کرنا کسی کو۔
اَعاظم م بزرگان و سرداران و میسان یہ لفظ اعظم کی جمع ہے
اَعظم م بزرگ امیر و سردار دولتمند و ولی عہد و صاحب عظمت
اِعلام م خبر دینا آگاہ کرنا اطلاع پہونچانا۔
اَعلام م جمع علم نشانہا یعنی وہ علم جو لشکر میں برابر کسی رتبہ میں
اِعدام م نابود کرنا فنا کرنا منسوخ کرنا کسیکو۔
اَعم م سب پر متصرف ہونیوالا عام داخل کرنیوالا۔
اَعجم م جسکی زبان بات کرنے میں پھسلتی ہو اور فصاحت نکر سکتا ہو
اَعمام م جمع عم جسکے معنی چچا کے ہیں یعنی بہت سے بھائی باپ کے
اَعوام م سالہا جمع عام کے لفظ کی بہت سے برس۔

الف با غین

اَغنام م بکریاں جمع غنم کی لفظ کی جسکے معنی بکری کے ہیں
اِغلام م بچہ بازی کرنا کسی بچہ کے ساتھ بد فعل کرنا۔

الف با فاء

اَفعی م تشین دم فکنا یہ بندوق جسمیں گولی چلاتے ہیں
اِفحام م خاموش کرنا چپ کرنا گفتگو سے۔
اَفکندہ م تم فوجیوں کے جو شخص چلنے سے رہجاوے
اَفریشم معرب ابریشم مشہور چیز ہے۔
اِفہام م سمجھانا اصل بات سے آگاہ کرنا۔
آفتاب لب بام ف قریب المرگ آدمی جو مرنے کو ہو۔

الف با قاف

اِقتحام م اختیار کرنا ظلم کرنا خوار و رسوا کرنا بے آبرو کرنا کسیکو
اَقسام م حصے یعنی کئی قسم کی طرح کئی نوع۔
اُقنوم م اصل ہر چیز کی بنیاد ہر ایک چیز کی۔
اِقسام م قسمت کرنا بانٹنا حصہ کرنا۔
اَقدم م بہت آگے یہ صیغہ تفضیل کا ہے۔
اَقی نیم م جمع اقنوم کی یعنی بنیادیں
اِقحام م ڈالنا۔
اَقوام م جمع قوم یعنی بہت سی قومیں اور گروہ۔

اِقدام ع ارادہ کرنا آگے چلنا پیشروی کرنا۔
اَقدام ع جمع قدم کی یعنے بیشمار پانو۔
اِقلیم ع ولایت جمع اسکی اقالیم ہے یعنی بہت سی ولایتین

الف باکاف

اَکرم ع بزرگ کا رم اسکی جمع ہے جسکے معنی بہت سے بزرگ کے ہین
اَکابر ع بہت سے سخی اور بہت سے بزرگ اور امرا دولتمند
اِکتئام ع چھپانا خضاب کرنا رنگ کرنا۔
اَحکام ع آستینہا اور غلاف شمشیر کے۔

الف با لام

اِلہام ع جو بات دل سے اوسٹے خدا کی طرف سے یعنوں کے خیالات جو سچے ہون۔
اِلتیام ع آپسمین ملنا اچھا ہونا زخم کا بھر آنا۔
اُلی العزم ع صاحبان عزم و تعمیر ان جن رسل۔
اَلزام ع لازم کرنا اپنے یا غیر پر کوئی جرم کسی پر لگانا۔
اَلتزام ع اپنے اوپر لازم پکڑنا کسی بات کا۔
اَلزم ع بہت لازم اور نہایت ضروری بات
اَلم ع رنج و درد و غم و پریشانی و فکر و اندیشہ۔
اَلیم ع دردناک اور وہ بیماری جسے تکلیف ہو۔
اِلتثام ع بوسہ دینا ماخوذ لثم سے چومنا۔
اَللّٰھم ع یا الٰہی ہے میرے پروردگار اے معبود۔
اَلم ع رنج پہونچانیوالا دکھ دینے والا۔
آلام ع جمع الم کی رنجہا یعنی بہت سی تکلیفین و مصیبتین

الف با میم

اَم ع عربی مین حرف عطف ہے بمعنے یا۔
اُم ع مادر یعنی ماجسکو والدہ بھی کہتے ہین۔
اُم العلوم ع علم صرف جسے قواعد بھی کہتے ہین
اُم ملدم ع تپ دائمی یعنی وہ بخار جو ہمیشہ رہے
اُمم ع گروہ ہای مردم یعنے بہت سی جماعتین اور قومین اور ملتین
اَمام ع پیش یعنے آگے۔
اِمام ع پیشرو و سرگروہ و پیر و مرشد۔

الف با نون

اِنتقام ع بدلہ لینا عوض لینا کسی سے۔
اِنہدام ع ویران ہونا گر جانا عمارت کا مسمار ہونا۔
اِنصرام ع سرانجام پانا آخر ہونا انجام کو پہونچنا۔
اِنہزام ع شکست کہانا لشکر کا اور بھاگ جانا۔
اِنقسام ع بانٹنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا۔
اِنضمام ع جمع ہونا پیوند ہونا وصل ہونا۔
اِنعام ع نعمت دینا ناز کرنا زیادہ ہونا بڑہنا
اَنعام ع چہارپایہا جمع نعم و نام سورہ قرآن کا۔
اَنجم ع جمع نجم ستارہ ہا یعنے بہت سے آسمانی ستارے
اِنتظام ع آراستہ و مرتب کرنا بندوبست کرنا پرونا کسی چیز کو
اِنام ع مخلوقات الٰہی جن و انس۔
اِنعدام ع نابود ہونا گم ہونا فنا ہونا مرجانا۔
اِنفصام ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا۔
اَندام ع عضو مخالف تمام بدن انسان کا۔
اِنتشام ع خوشبو لینا ہوا لینا ہوا کھانا۔
اِنجام ع انتہا و اخیر ہر ایک چیز کی۔
اِنتظام ع بندوبست کرنا مرتب کرنا پرونا پیوند کرنا۔

الف با واو

اَوزم ت بوا و خمیر ملفوظ انگور جو ایک شہور میوہ ہے۔
اَورام ع جمع ورم کی بہت سی سوج جو جسم پڑ جاتے ہین
اَوہام ع جمع وہم کی یعنی وہمت سوخیالات دماغی۔

الف با ہا ز

اَہرم ع شیطان و کنجہ مار یعنے سانپ کی کنجہ

اِہتمام ع خبرداری و کوشش و بندوبست و انتظام
اَہم ع مشکل و ضرور تر اور بہت ضروری کام۔

الف با یا و

اَیتم ع ما سعید یعنی سعید باپ جو ایک قسم کا سانپ ہوتا ہے
اِیلام ع درد مند کرنا و کہہ دینا تکلیف پہونچانا۔
اَیتام ع جمع یتیم یعنی بہت سے بے پدر لڑکے۔
اَنجہام ع شک اور غلطی میں ڈالنا وہم میں ڈالنا کسیکو
اَیام ع روز ہا و وقت و زمانہ یہ لفظ یوم کی جمع ہے

دوسری فصل

اون اثبات کے بیان مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین میم ہے

با با الف

باغ نسیم ف کشمیر مین ایک باغ کا نام ہے۔
بادام ف مشہور میوہ ہے اور اسکی مغز کو بادام کہتے ہین۔
بام ف مکان بلند اور چبوترہ مکان کا اور صبح کا وقت۔
بادام ف قسم دوم یعنی ایک قسم کی جانی تکاریون کی۔
بارِدم ف گھوڑے کی دُمی جو شہور چیز ہے۔
باہم ف آپس مین ایک دوسرے کی اتفاق سے۔

با با دال

بدرام ف قوی سرکش چالاک گھوڑا اثیر رفتار۔
بدنام ف مشہور لفظ ہے یعنی وہ شخص جسکا نام بد ہو۔
بدرام ف آہستہ و خوش و قبول موت و مطیع۔

با با رے

برسام ف نام بیماری جسکو ذات الجنب کہتے ہین اور اصل مین ورم کرنا اوس پردہ کا ہے جو زیر بغل ہے کیونکہ پر معنی بغل اور سام یعنے ورم ہے۔

برنام ع نام ہمہود جو کمان بنجیل تہا۔
برچم ف علم کا پرچم جو ابریشم سیاہ سی بناکر اوسکے سر پر رکھتے ہین مجازاً زلف۔
برشم ف وہ آرد خشک جو گوندہی ہوئی آٹے کو لگاکر روٹی پکاتے ہین سندہی مین اوسکو پتہین کہتے ہین۔
برنسیم ف ریشم جو مشہور چیز ہے۔
برہم ف اولٹ پلٹ اور سجالت غضب و غصہ کے۔
برخم ف پیچدار پیچ در پیچ زنجیرہ دار سلسل
برچسپ و بچسپم ف کلمہ قبولیت کا ہے یعنی مجھکو یہ بات منظور ہے
برجم ع بند بہ دست یعنے انگلیون کو جوڑ
براجم ع انگلیون کے جوڑ جمع برجم کی۔

با با زے

بزم روف مجلس و محفل جہان بہت سے آدمی جمع ہون۔

با با سین

بسطام ف نام شہر جہان بایزید بلی تہا تہا۔
بسیم و تبسم کرنے والا ہنسنے والا شخص
بسام ع خندان و شگفتہ یعنے ہنستا اور کہیلتا ہوا

با با شین

بشم ف اون جو بھیڑ اور دنبہ کے بدن سے اوتارتے ہین

با با صاد

بصم ع وہ فاصلہ جو درمیان خنصر و مبیذر و انگلیون کے واقع ہو

با با قاف

بقم ع وہ مکڑی جسسے کیڑے سرخ رنگتے ہین۔

با با کاف

بکم ع جمع ابکم کی یعنے گونگ لوگ اور گونگا ہونا بد زبان ہونا

با با لام

بلعم ع نام دو نبی جنسے مہسی نبی پر بد دعا کی تہی

با با میم

بَم ف بلند آواز سرد کی اور پست آواز کو زیر کہتے ہین۔

با با نون

بنی تمیم ع نام قبیلہ عرب کے ملک مین رہتا ہے۔

بنت العنب ع نام شراب انگور کی کیونکہ گرم انگور کو کہتے ہین۔

با با واو

بُو تمام ف بچہ وطفل خرد سال چھوٹی عمر کا لڑکا۔

بُو الحکم ع کنیت ابوجہل کے جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن تھا

بُوم ف زمین و ولایت اور آلو جو شہور پرند ہے۔

با با ہا ر

بَہرام ف نام بادشاہ جو گور خر کا شکار کھیلتا تھا و نام ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے۔

بَہائم ع جمع بہیمہ چار پایہ یعنے بہت سے چار پاے اور مویشی

با با یا ر

بَیم ف خوف ڈر دہشت رعب۔

بَیے ہم ف بمعنے پے در پے دمبدم بار بار گھڑی گھڑی

بَیت الحرام ع خانہ کعبہ یعنے مقام حرمت و عزت کا۔

بَیرم ع ترکہانون کا بردار اور ایک قسم کپڑے کا جو قیمتی ہوتا ہے اور ترکی مین عید بمعنے خوشنودی اور بیاہ و شادی کا روز۔

بیگم ف زن امیر یعنے خوبصورت و امیر کی عورت۔

بیلم ف نام پہلوان کا جو میر لشکر افراسیاب کے لشکر کا تہا جسکو رستم نے قتل کیا تہا۔

پیام و پیغام ف وہ تقریر جو ایلچی کو دوسرے شخص کہنے کی لیے بھیجا جاے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول ع اور اخیر مین ہے

تا با الف

تألم ع دردناک ہونا حساسیم ع اندیشہ و فکر و تشویش ہونا۔

تام ع تمام و کامل اور پورا جسمین کچھ عیب و نقصان نہو۔

تا با با ء

تبسم ع ہنسنا مسکرانا اسقدر کہ دانتون کی سفیدی نظر آوے

تبرم ع استوار ہونا محکم و مضبوط ہونا جانب استقلال ہونا

تا با تا ء

تتمیم ع تمام کرنا پورا کرنا بانجام پہونچانا کسی چیز کا۔

تا با جیم

تحکم ع عزیز ہونا و دلتند ہونا حکیم ہونا مالدار ہونا۔

تجشم ع رنج ہیجانا تکلیف بانا اذیت اوٹہانا۔

تا با حا ء

تحتم ع واجب ہونا درست و صحیح ہونا۔

تحکم ع حکومت کرنا غلبہ کرنا حاکم ہونا زبردست ہونا۔

تجرم ع اہر نا باہر نکلنا جماعت کرنا ظاہر ہونا باز رکہنا چوسنا اہر نا پستان کا عالم جوانی مین۔

تخشم ع غضب کرنا صاحب شکر ہونا اہل خشمت ہونا۔

تا با خا ء

تخوم ع نشان و حد و جود و زمین مین اتم ہونا نام شہر کا۔

تخم ع بیج کسی درخت یا غلہ وغیرہ کا جسسے وہ چیز پیدا ہو۔

تا با را ے

ترآکم ع ہوا پسمین بیٹہنا گرد آنا ہجوم و انبوہ کرنا۔

ترحم ع رحم کرنا کسیکے حال پر ترس کہانا۔

ترخیم ع نرم کرنا ڈالنا۔

ترنم ع آسرود کرنا اور گانا آواز کے ساتہہ۔

ترقیم ع لکہنا اور تحریر کرنا کسی خط و کتاب کا۔

ترمیم ع مرمت کرنا درست کرنا بگڑی ہوئی چیز کا۔

تا با زاے

تزاحم ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا مجمع کرنا مزاحم ہونا۔

تا با سین

تسلیم ع سونپنا ماننا گردن رکھنا اطاعت کرنا۔
تسنیم ا ایک نہر بہشت مین ہی جسکا یہہ نام ہی۔

تا با شین

تشمیم ع سونگھنا کسی خوشبو یا بدبو کا۔

تا با صاد

تصادم ع دھکا دینا دھکیل دینا کسی کو۔
تصمیم ع خالص کرنا استوار کرنا مضبوط کرنا۔
تصمیم ع استوار کرنا مضبوط و محکم کرنا۔

تا با ظاء

تظلم ع فریاد و زاری کرنا کسی ظالم سے ظلم کی داد چاہنا

تا با عین

تعمیم ع عام کرنا سب کو برابر دینا۔
تعلیم ع سکھلانا علم پڑھانا ہنر سکھلانا خبر دینا۔
تعلم ع علم پڑھنا پڑھانا ہنر سیکھنا یا سکھلانا۔
تعتیم ع تاخیر کرنا توقف کرنا ڈھیلے ہونا۔
تعظیم ع عزت دینا عظمت کرنا آبرو کرنا بڑائی دینا کسیکو
تعظم ع عزت دینا بڑائی دینا فخر دینا کسی کو۔
تعشیم ع طمع رکھنا امیدوار ہونا۔
تعشم ع سست ضعیف ہونا خشک ہونا لاغر و ناتوان ہونا۔

تا با فاء

تفخیم ع بزرگ ہونا نامور دار ہونا صاحب آبرو ہونا۔
تفحیم ع سیاہ کرنا اندھیرے مین سیر کرنا۔
تفہم ع خود سمجھ جانا سمجھانے سے۔
تفہیم ع خود سمجھانا کسی دوسرے شخص کو۔

تا با قاف

تقویم ع قیمت کرنا حساب یکسالہ درست کرنا اور سالنامہ کتاب جسکا ہندوستان مین خبری نام ہے۔
تقسیم ع بانٹنا قسمت کرنا حصہ حصہ کرنا۔
تقدم ع آگے ہونا پیشدستی کرنا امام بننا۔
تقدم ع صیغہ امر آگے ہو فارسی مین پیش شو۔

تا با کاف

تکرم ع بخشنا عزت کرنا آبرو دینا بزرگ جاننا۔
تکرم ع صیغہ امر عزت کر۔
تکلم ع گفتگو کرنا بات چیت کرنا کلام کرنا۔
تکارم ع مہربانی کرنا بخشش کرنا۔
تکرم ع عزت آبرو بڑائی فخر رتبہ

تا با لام

تلثیم ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔
تلثم ع چومنا بوسہ دینا کسی چیز کو۔
تلاطم ع موج مارنا دریا کا طغیانی کی حالت مین۔
تلویم ع ملامت کرنا برا بولنا کسیکو کسی جرم پر۔

تا با میم

تمام ع درست و کافی و کامل اور پورا اور سارا۔
تمامم ع جمع تمیم کی تعویذات جو صاحب عمل لکھتے ہین۔
تمتام ع تو تلا آدمی جو زبان سے تقریر ادا نہ کرے۔
تمم ع تاریکی و سیاہی دام بیمار چشم جسے نظر ضعیف ہوجاتی ہے
تمم ع صیغہ امر تمام کر پورا کر درست کر۔

تا با نون

تنعم ع ناز و نعمت سے پرورش پانا آرام سے زندگی کرنا۔
تنظیم ع پرونا انتظام کرنا درست بنانا۔
تنجیم ع ستارہ شناسی۔

تنعیم ع مکہ معظمہ کے پاس ایک مکان ہے اور نعمت دینا۔
تنگ چشم ف ممسک و بخیل جسکو کچھ خرچ کرنا مشکل ہو۔

تا با واو

توہم ع وہم میں ڈالنا اور دور دور کرنا کسیکو
توام ع دو بچونکا ایک حمل سے پیدا ہونا۔

تا با یا و

تیم ف مسافر خانہ و کاروان سرائے کنایۃ دینا اور
عربی میں بندہ و غلام و خدمتگار۔
تیغ خم ف تلوار خواہ یعنی لمبی تلوار۔
تیمم ع خاک سے وضو کرنا بحالت نہ پانے پانی کے۔
تیر تمام ف تیر بے عیب و بے پیکان۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف
ثا اور اخیر میں سین ہے۔

ثا با لام

ثلم ع بانک کا بنا کسی مجرم کا۔

ثا با میم

ثم ع پس باز یہ۔
ثمہ ع آنجا و بجگہ اون مقام پر۔

ثا با واو

ثوم ع سیر یعنے لہسن جو ایک بودار چیز ہے۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف
جیم اور اخیر میں میم ہے۔

جیم با الف

جام ف پیالہ اور نام خطہ کا خراسان کی ولایت میں۔
جاجم ف قسم فرش کا جو بچھایا جاتا ہے۔
جازم ع مضبوط و استوار کرنیوالا اور حرف جزم دینیوالا۔
جاماسم ف پیالہ جمشید کا اور نام ایک کتاب کا۔
جاثلیق ع کاہن نام ایک پیشوائی کا جسے آدمی عیسائی میں مانتے ہے
جارم ف ایک کشتی کے داؤں کا نام ہے۔

جیم با جاد

جہنم ع نام ایک دوزخ کا ساتوں دوزخ میں سے۔

جیم با دال

جدم ع ہیچ و ہرچیز کی اور اصل عمارت کا یعنے مٹیوا و بنیاد
جذام ع نام بیماری کا جسکو کوڑھ کہتے ہیں۔

جیم با را

جرم ف چمڑا جو ذبح جان کے بدن پر ہوتا ہے۔
فجرم ع گن ہ قصہ جو کسی سے سرزد ہو۔
جرم ع جثہ و تن علویات و سفلیات مثل جرم خاک
و جرم کون و جرم شمس و جرم قمر۔
جرم ع گزیدہ و چارہ و ضرورت و خواہش۔
جرائم ع گن ہا و خطاہا جمع جریمہ یعنی بہت سے گناہ۔
جریم ع ریخ سے کاٹا ہوا بنیاد سے نکالا ہوا۔

جیم با زا

جزم ع کاٹنا ساکن کرنا و ٹھہرانا کسی چیز کو۔

جیم با سین

جسم بدن تن اور وہ چیز جو طول و عرض و عمق رکھتی ہو۔
جسم انسان و حیوان۔
جسیم ع فربہ و جسم دار چیز و پر گوشت

جیم با شین

جشم ف آنکھ اور صید و طعم اور رغبت و توجہ و نظر۔

حشم ز خدم ف بد نظر۔

جیم با میم

جم ع جمشید نام بادشاہ کا جو مشہور ہے۔
جمام ع آسودگی گھوڑے کی بعد ماندگی کے۔
جمام و جمام ع آب بنی ہوا اور لبالب ہو ناظرف و پیمانہ کا شراب یا پانی وغیرہ سے۔
چم ف خرام و رفتار ناز و پیچ و خم۔

جیم با ہائے

جہنم ع دوزخ اور نام ایک طبقے کا طبقات دوزخ سے چہاردہم نہ چودہوان عدد شمار مین۔
چہلم ف چالیسوان عدد شمار مین۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین میم ہے

حا با الف

حام ع نام پسر نوح علیہ السلام۔
حامت ع نام ایک سنجی کا جو قبیلۂ طی سے تھا اور سخاوت مین ضرب المثل تھا۔
حاتم اصم ع نام ایک ولی کامل کا جو سلمانی فرقے مین سے تھا۔
حاذم ع بردبار و ہوشیار و لائق آدمی جو عالم و فضل۔
حاکم ع حکم کرنے والا۔

حا ہی با ئے

حشم ع استعارہ کرنا حکم کرنا و حسب کرنا نام کا اور حکم کرنیوالا۔

حا با جیم

حجم ع برامدگی و سطبری و حسابت کسی چیز کی جسقدر ہو۔
حجام ع حجون کینچنے والا پچھنے لگانیوالا نائی حجامت کرنے والا

حا با رائے

حرم ع حاطہ گرداگرد خانہ کعبہ کہ قتل انسان و شکار جانور اوس جگہہ منع ہے و مجازاً زنان خانہ و مقام پردہ اور اہل حرم پردہ دار۔
حرام ع منع کرنا منع کرنے والا و ناروا و ناشائستہ۔
حریم ع خانہ گہر چار دیواری رہنے کا مقام۔
حروف معجم ع جو حروف نقطہ دار ہون۔

حا با زائے

حزم ع استواری و ہوشیاری اور مضبوطی اور گھوڑے کا تنگ باندہنا۔
حزام ع گھوڑے کا تنگ جو باندہتے ہین۔

حا با سین

حسام ع شمشیر جسکو تلوار ہندی بھی کہتے ہین۔
حسم ع کاٹنا قطع کرنا جدا کرنا زخم داغنا۔
حسان عجم ع لقب غانی شاعر کا جو استاد شاعر تہا۔

حا با شین

حشم ع چاکران و خدمتگاران و غلامان۔

حا با صاد

حصرم ع غورہ انگور جسنے انگور کھٹا ہو۔

حا با طاء

حطیم ع شکستہ و سنگ کعبہ مابین رکن زمزم و دیوار بیرون خانہ کعبہ بجانب مغرب۔
حطام شکستہ و ریزہ گیاہ و کنایتہً مال دنیا۔

حا با کاف

حکم ع فرمان دینا اسم فاعل اسکا حاکم ہے۔
حکم ع باز رکہنا اور لگام دینا گھوڑے کو۔
حکم ع حکم کرنیوالا و نام ایک شخص کا جو بادشاہ تہا۔
حکم ع حکمتین جمع حکمت کی لفظ کی۔

حُکّام ع حاکمان جمع حاکم یعنی جسے حکم دینے والے
حکیم ع صاحب حکمت و عقلمند و دانا و عقل

خا با لام

حِلم ع آہستگی و نرم مزاجی و ملائمت طبع -
حُلم و حُلُم ع خواب دیکھنا اور جو کچھ خواب میں دیکھا ہو -
حُلام ع بچہ کو پسند یعنے بکری کا بچہ -
حلیم ع بردبار اور قسم طعام جو بہت سے ناج ملا کر پکاتے ہیں -

خا با میم

حَمیم ع گرم اور گرم پانی اور آدمی جسکو پیچش و درد و دشت لگے
حمام ع مرغ و کبوتران و کبوتر -
حَمَ ع سسر سالا و رشتہ دار سسرال کا
حَمّام و غسلخانہ جس میں گرم پانی ہو -
حَمائم ع کبوتر اور ہر مرغ طوق دار شکل قمری وغیرہ -

خا با یاء

حَیّ العالم ع نام ایک نہال کا ہے جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہے -
حَیّ القیوم ع زندہ و قائم نام خدا تعالے -

ساتویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف خا
اور اخیر میں میم ہے

خا با الف

خام و کچا اور چمڑا جسکو دباغت نہو اور خالص
و شراب بقطرہ بے اصل -
خاتم ع مہر و انگشتری اور خاتم ختم کرنے والا -
خارم ع شکافندہ پردہ بینی اور ناک کاٹنے والا و مفسد
و شریر و فساد انگیز آدمی -
خاشم ف برج سنبلہ جو چھٹا برج ہے -

خا با فا

خادم ع غلام و نوکر و چاکر و خدمتگار تا بعدار -

خا با تا

ختم ع پورا کرنا مہر کرنا -
خِتام ع موم یا لاکھ سے مہر کرنا بند کرنا -

خا با دال

خدم ع چاکران غلامان و نوکران و خدمتگاران -
خُدّام ع جمع خادم کی یعنے بہت سے غلام و خدمتگار -

خا با رے

خرطوم ع لمبی کی ناک جمع اسکی خراطیم ہے -
خرام ع رفتار زم ناز سے چلنا مٹک کر چلنا -
خرم ع ناک کو چھیدنا سوراخ کرنا ناک میں -
خرم ع تازہ و سیراب و خوش و سبز -
خرق القیام ع پیتھنا اور ملنا -

خا با شین

خشم و خشم ع غضب و غصہ و کینہ و برہمی مزاج -

خا با صاد

خصم ع دشمن و مالک و صاحب و خاوند -
خصوم ع جھگڑالو و دشمن عداوتی بیری -
خصوم ع دشمنی کرنا عداوت کرنا -
خصیم ع دشمن جو کسی سے عداوت کرے -
خصام ع جنگ و جدل کرنا اور جنگ کرنے والی لوگ

خا با طاء

خط مستقیم ع سیدھا خط جس میں کجی نہو -
خطام ع اونٹ کی مہار گھوڑے کی باگ

خا با لام

خلم ع ناک کا فضلہ اور عربی میں یار و دوست -

خا با میم

خم ف مٹکا جس مین پانی وغیرہ اشیا ڈالی جائین
خم ف پیچ ٹہراؤ جو کسی چیز مین ہو۔
خم وچم ف ناز و ادا و وقت رفتار۔

خا با واو

خوش قلم ف خوش خط آدمی جسکا خط اچھا ہو۔
خوش قدم ف خوش رفتار گھوڑا اچھی چال کا گھوڑا۔
خواتم ع مہرین اور نقش جو قائم کیے جائین۔
خوارزم ف نام ایک ملک کا ہے۔
خورّم ف خوش۔
خود کام ف مرد خود رای خود غرض خود مطلب۔
خورشید لب ام ف قریب المرگ نزع کی حالت مین یعنے مرنے والا شخص۔

خا با یا

خیام ع جمع خیمہ یعنے بہت سے خیمے۔
خیّام ع خیمہ دوز جو خیمہ کو سکر تیار کرے۔
خیم ع خودی و عادت و خو جو انسان مین ہو۔
خیم ع جمع خیمہ کی یعنے بہت سے خیمے۔
خیشوم ع بینی و استخوان بینی یعنی ناک کی ہڈی۔
خیاشیم ع پردہ ہای بینی خیشوم کی جمع ہے۔
خیر مقدم ع اچھا آنا یہہ کلمہ کسی بابد بہ سے آنے کے وقت کہتے ہین

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین ہین جن کا اول حرف دال اور اخیر مین میم ہے

دال با الف

دام ف جالی اور جانوران صحرائی جو درندہ نہون مثل آہو و گوزن وغیرہ دوزن اکیس ماشہ کا۔
دار النعیم ع نعمت کا گھر یعنے بہشت۔
دار السلام ع بہشت اور ایک شہر خدا کا۔
دار الشفیم ف نام راجہ ہند جسنے کتاب کلیلہ دمنہ ایجاد کیا
دائم ع ہمیشہ۔

دال با رای

در یتیم ف بڑا موتی جو سیپ مین ایک ہو۔
دراز دم ف خرما جو مشہور جانور ہے۔
درام ف سینہ ساہی خاردار جانور۔
دراہم ع جمع درہم کی بہت سے درہم۔
درہم ع وزن ساڑھے تین ماشہ کا اور نام ایک سکہ کا

دال با زای

دژم ف پریشان و اندوہگین و غمناک۔

دال با سین

دسم ع چربی یعنے وہ چیز جسکو روغن ملا ہو۔
دسم ع چرب ہونا یہہ لفظ مصدر ہے۔
دست کلیم ف کنایہ آفتاب باعتبار روشنی کے۔

دال با شین

دشنام ف گالی بدگوئی بدکلامی و بدگفتاری۔
دشمن کام ف کم بخت و ذلیل جسکی حاسد دیکھکر دشمن خوش ہو

دال با عین

دعائم ع جمع دعامہ یہ ہای سخت و ستونہای عمارت۔

دال با میم

دم ع عربی مین خون اور فارسی مین سانس و نفس
دمن و افسون و فریب و مکر و حیرہ آب یا دکش آسکران
وغرور و بوی و تیزی شمشیر وغیرہ کا آفت و آزار و گفتگوی بیہودہ و بیمعنی
دمیم ع زشت رو و بدصورت و کریہ و نامطبوع
دمادم ف دمبدم ف پے در پے بار بار ہر وقت ہر آن۔

دُم پونچھ جانور کی ڈنک کے لفظ کے بھی یہی معنی ہین۔
دم تسلیم ف دفعتہً تیغ جسوقت جان نکلتی ہے

دال با واو

دوازدہ مقام ف بارہ مقام موسیقی کی چنانچہ رست دوگاہ چہارگاہ پنجگاہ حسینی عشاق بوسلیک راست دنگ زیرافگند حجاز عراق زنگلہ حسینی درہاوی ونوا یہ بارہ مقام موسیقی کے ہین۔
دوازدہ امام ف بارہ امام چنانچہ حضرت علی وامام حسن وامام حسین وزین العابدین وامام محمد باقر و جعفر صادق وموسیٰ کاظم وعلی رضا وامام محمد تقی ومحمد نقی وحسن عسکری وامام مہدی۔
دوست کام ف شخص جسکو دوست دیکھکر خوش ہو بمعنے خوشحال آسودہ
دوازدہم ف بارہواں حصہ یعنی بارہ مین سے ایک۔
دَوَم ف دوسرا حصہ یعنے دو مین سے ایک۔
دوام ف ہمیشگی اور ہمیشہ کا قیام۔
دونیم ف اڈھائی یعنے دو حصے اور آدھا۔
دَہم ف دسواں حصہ یعنے دس مین سے ایک۔

دال با یای

دیو مردم ف جنگلی آدمی جنکو بن مانس کہتی ہین مجازاً شخص جفاکار وشریر ومردم آزار ہو۔
دیہیم ف تاج بادشاہی جو جلوس کے وقت سر پر رکھتی ہین
دیم نام ملک ف نام قوم جنکی بادشاہت مدت تک رہی۔
دیم ف روی وچہرہ وقسم وجوم۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ذال
اور اخیر مین میم ہے

ذال با میم

ذم بدگوئی کرنا بکلامی سے پیش آنا گالی دینا۔
ذمیم ف بدوضع وفضلہ بنی آدم کیل سفید جو کسی بیل یا انسان کے بدن سے نکلے۔
ذمائم ع جمع ذمیمہ بدگویان یعنی جنکو گالی دینے کی عادت ہو۔

ذال با یای

ذی سلم ف نام ایک مقام کا و نام درخت کا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف راے
اور اخیر مین میم ہے

رای با الف

رام ف فرمان بردار ومطیع ومتابعت کرنیوالا۔
رحیم ع مہربان صاحب رحم نرمی کرنیوالا معافی دینے والا۔
راقم ف لکھنے والا کسی خط یا کتاب کو۔

رای با تای

رقم ع وہ نشانہ جو یاد داشت کے لئے انگلی کو باندہ رکھین۔

رای با جیم

رجم ع پتھر مارنا سنگسار کرنا نفرین کرنا گمان سے سخن کہنا جانا دور کرنا گالی دینا بدگوئی کرنا۔
رجوم ع چلانیوالا پتھر مارنیوالا بدگو و بدکلام۔
رجوم ع وہ ستارے جو آسمان سے ٹوٹتے ہین اور شیطان انمین سے جلائے جاتے ہین۔
رجیم ع سنگسار کیا گیا اور راندہ مجازاً شیطان

رای با حاء

رحم ع بچہ دان عورت کا جس مین بچہ پیدا ہوتا ہے۔
رحیم ع مہربان صاحب رحم نرم دل معافی دینے والا۔

رَحم ع بخشنا مہربانی کرنا۔

رای با خا ر

رَحیم ع داوری ونرمی ومہربانی ونرم مزاجی وخوش خلقی۔
رَحیمہ ع مرد نرم آواز ضعیف ومرد زاہد ومتقی۔
رُخام ع سنگ سفید ونرم مجازاً سنگ مرمر۔

رای با زے

رزم ف جنگ جدل خصومت وادلڑائی وفتنہ وفساد

رای با سین

رَسم ع نشانی طریق وعادت اور لکھنا اور دستور بنانا اور قاعدہ وقانون وظیفہ ومشاہرہ ونقش کرنا۔
رُسُوم ع جمع رسم کی یعنی بہت سی عادتیں وقاعدے وقانون
رَسّام ع نقاش ومصور ونام آہنگر جو اپنے کام میں استاد ہو۔

رای با عین

رَغام ع خاک ریگ کہ یعنی جس مٹی میں ریگ ملی ہو۔
رَغم ع خاک آلودہ ہونا خوار ہونا مکروہ رکھنا ناپسند رکھنا۔

رای با قاف

رَقم ع لکھنا اور لکھی ہوئی تقریر۔
رُقُوم ع جمع رقم کی یعنی بہت سی لکھی ہوئی باتیں۔
رَقائِم ع جمع رقیمہ خطوط۔

رای با میم

رَتم ع رتم ف بہاگنا وغلہ اسپان وگوسپند ان کے نام جنگل کا۔
رَمیم ع بوسیدہ وکہنہ ہڈیاں اور چیز پورانی۔
رَمائِم ع جمع رمیمہ بوسیدہ وکہنہ۔

رای با واو

رُوم نام ملک اور ولایت کا جو مشہور ہے۔
روح اکرم ف جبرئیل علیہ السلام جو مشہور ومقرب فرشتہ ہے
روح اعظم ع جبرئیل علیہ السلام جو خدا کیطرف سے پیغمبر کی پاس الہام لاتا تھا

روز امید وبیم ز قیامت کا دن امید اور خوف کا دن۔
روزۂ مریم ز روزہ خاموشی یعنے جپ کا روزہ۔

رای با ہای

رہ انجام ف اسپ تیز رفتار وقاصد تیز رو۔

رای با یای

ریم وریم جو زخم سے سفید رنگ نکلتی ہے مگر اہو اخون

گیارہویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین میم ہے

رای با الف

زاد بوم ع وہ ملک جہان جاکر تولد یعنی جسجگہ انسان پیدا ہوا ہو۔

رای با جای

رَجم ع زحمت وبلا وہجوم ورنج وبلا وآفت وبیماری۔
زِحام ع انبوہ وہجوم وزحمت وبیماری وتکلیف۔

رای با خای

زخم ع جرح جو تلوار وغیرہ سے پیدا ہو آگے ہندی مین اسکو گھاؤ کہتے ہین

رای با عین

زعم ع گمان ووہم وخیال جو انسان کے دل مین ہو۔

رای با قاف

زقوم ع تونبر کا درخت جو شہور خاردار درخت ہے۔

رای با کاف

زکام نام بیماری کا جسمے ماغی فضلہ ناک کے راستے جاری ہوتا ہے

رای با میم

زم ف مرد مین ایک دیو کا نام ہے۔
زمام ع لگام اسپ مہار شتر یعنے اونٹ کی باگ اور اونٹ کی نکیل
زمزم ع ایک چاہ کا نام ہے جو کعبہ مین ہے۔

زرتم ۴ تہمار شتر دستوار ارادہ و قصد ۲

زای بانون

زرتیم ۴ وہ شخص جو بدی مین نشانہ ہو اور ہر کوئی اوسکو بد کہے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف سین اور اخیر مین میم ہے

سین با الف

سام ف نام جد رستم اور نام بہانہ کا اور قصد کرنا و نام پسر نوح ۴ و بمعنی درم دور دولت و عیش و مرگ و ہلاک و زر سرخ یعنے سونا۔

سالم ۴ پورا بے نقصان بے عیب تام و کمال۔

سین با باو

سبز چشم ف کبود چشم یعنے جسکی آنکھین نیلی ہون۔

سپیدہ دم ف صبح صادق کا وقت جس وقت دن کی سفیدی شروع ہوتی ہے۔

سپرغم ف نیل ناز بو ہندی مروہ جسکو ریحان بھی کہتے ہین بعض کے نزدیک ریحان اور پہلی ہے۔

سین با ما و

ستام ف نام زیور جسکو بلاق کہتے ہین اور ناک مین پہنی جاتی ہے مجازاً لگام۔

ستم ف ظلم بے انصافی جور و جفا تعدی۔

سین با را

ستر سام ف درم و باغ نام بیماری کیونکہ سام و درم کو کہتے ہین یہہ بیماری مہلک ہے۔

سرانجام عاقبت و آخر ہر چیز کا و سامان۔

سرشیم ف سرپنس جیسے لکڑیان آپسمین چپکاتی ہین۔

سرگرم ف مشغول و مصروف کسی ضروری کام مین۔

سرگم ف مبدے ابتدا و ابی انتہا یعنے جسکے اول و آخر کی خبر نہو۔

سرم ۴ سوراخ مقعد و میان رودہ جو بڑی مقعد کی طرف ہے

سرم ت چمڑا جیلیا ہوا صفا کیا ہوا چمڑا۔

سین با فاف

سقم و سقم ۴ بیماری و زحمت و تکلیف و رنج۔

سقیم ۴ بیمار آدمی و چیز ناقص و عیب دار و خراب۔

سقام ۴ بیماری و زحمت جو کسی کو لاحق ہو۔

سقام ۴ بیماران جمع سقیم کی بہت سے بیمار۔

سین با لام

سلام ف حیبر کے قلعون مین سے ایک کا نام ہے جو مدینے منورہ کی علاقہ مین ہے۔

سلام ۴ فرمان برداری رب آزاری و بی عیبی و تنزیہ عن النقائص اور سلام کہنا اور ایک نام خدا کی نامون مین سے اور فارسی مین صد صد ہزار جسکو لکھ کہتے ہین۔

سلیم ۴ درست و صحیح سلامت و سالم دل و نرم مزاج و سلامت رو۔

سلم ف نام پسر کلان زردون جو مشہور بادشاہ ہے۔

سلم ف دشمنی لڑائی کے کہنے کی اور عربی مین نام درخت۔

سلم ۴ نردبان جمع مین یعنی لکڑی کی بنائی ہوئی پوڑی۔

سلم ۴ صلح و آشتی و صفائی جو دو شخصون مین ہو۔

سلیم ع معرب سالم جو مشہور رنگ کا ری ہے۔

سین با میم

سموم ۴ باد گرم گرم ہوا جو گرمی مین چلتی ہے۔

ستم ۴ اژدہا و سورانخ شنوزن و نام پہلوان جو برادر اسفندیار تھا

سُم ف ناخن پیچھا نا گھوڑے کا یا بیل کا اور چارپائے کا

سموم ۴ جمع سم زہر یعنے بہت سی زہر جسکے کھانے سے آدمی مرجائے

سین بانون

سَنام ع کوہان شتر یعنے اونٹ کے پیٹھ کی ہڈی جو اونچی ہوتی ہے

سین باواو

سواد اعظم ف شہر و علاقہ بزرگ اور ولایت و اقلیم

سَوم ع گران بیچنا وقت گرنا کنیچنا گھاس چرنا۔

سیوم ف ترجمہ ثالث سنہری مین تمیرا۔

سین باہاء

سَہیم ع تیر حصہ بخرہ اور فارسی زبان عین ف وبیم وہیبت و ڈر۔

سَہام ع تیرا انداز جسکا تیر نشانہ سے خطا نہ جائے۔

سِہام ع بہت سے حصے اور تیر چلانے کے۔

سُہام ع تاریکی و غیرہ ولاغر ہونا کمزور ہونا۔

سَہام ع شدت و حرارت تابستان و سخت گرمی۔

سَہیم ع شریک یا صاحب حصہ جو کسی تجارت وغیرہ کام مین ہو

سہم الحشم ع لشکر و بخشی فوج کا داروغہ۔

سین تاہاء

سیہ کلیم ف بدبخت و دولت و مفلس و نادار و تنگدست۔

سیہ قلم ف معشوق ملیح یعنے سانولے رنگ کا معشوق۔

سیاہی چشم ف روشنی چشم یعنے آنکھون کی تپلی۔

سیم ع وہ پانی جو کشتی مین آتا ہے اور ملاح اوسکو نکالتے ہین اور نقرہ سی مین چاندی و دولت و مال۔

سَیل العرم ع آب بہر کا اور دریا کا پانی۔

سیام ف نام ایک کوہ کا جو نزدیک شہر سمرقند ہے۔

سیہ یادم ف کنایہ معشوق کی آنکھ۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف شین اور اخیر مین سین ہے

شین باالف

شام ف وقت مغرب کا اور نام ایک ملک کا جسکا بخار اب افیون ہے

شادکام ف خوش دل۔

شین باہاء

شَشم ع سرد ہی اور سرد ہونا ٹھنڈا ہونا۔

شَشم ع چیز سرد جو ٹھنڈی ہو چکی ہو۔

شَشَم ف وہ قطرات جو رات کو برسی ہین اور صبح کو قطرات گھاس پر نظر آتے ہین۔

شین باتاء

شُتم ع دشنام و بدگوئی و بدکلامی اور گالی دینا

شُتلم ع ظلم و تعدی جور و جفا و سختی و ایذا۔

شین باجیم

شجر کلیم وہ درخت جسپر موسیٰ کو تجلی ہوا اور اوازانا رب العالمین کی موسیٰ کو وہدا کی طرف سے ہوئی۔

شین باحاء

شحم ع پیہ یعنے چربی جو انسان و حیوان کے بدن مین ہوتی ہے

شین باہیم

شُم ع سونگھنا اور فارسی مین ع نرخیدگی و نوحہ و فریاد

شُم ف پاپوش و نعلین یعنے جوتا چرمی و نفرت و بیہودگی و ناخن و قسم ابریشم ناقص

شَمائم ع خوشبویان جمع شمیمہ کے لفظ کی۔

شمیم ع خوشبو دار ہوا و مطبوع و سرد و خوشبودار۔

شین باواو

شوم ع بدفالی و بدغالی و بدبختی و منحوسی و بخیلی و مسک

شور چشم ف وہ شخص جسکی نظر لگ جائے اور اوسکی نظر کی تاثیر سے دوسرے شخص کی حالت ابتر ہو جائے۔

شین باہاء

شَیم ع عادت میں فصلیتین جمع شیمہ کی جسکے معنی عادتکے ہین
شَیم ع پہلی درم دار لیموں جو بہلی جنسکے جلد رنگ اچھا ہوتا ہے
شیر انداز ف وہ شخص جسکا سینہ فراخ بازو چوڑا کمر باریک
بازو سطبر ہون شیر کا سا جسم ہو۔
شیر علم ف جو شیر علم پر لکھا ہوا ہوتا ہے۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد
اور اخیر مین الف ہے

صاد با الف

صارم ع تلوار کاٹنے والی ماخوذ صرم سے۔
صائم ع روزہ دار اور نام ایک رودبار کا جس مین
فضلہ ظہر نہین ہے جو وقت آتا ہے نکلتا ہے۔

صاد با را

صرم ع معرب چرم چمڑا اور کاٹنا قطع کرنا۔

صاد با لام

صلہ رحم ع خویشون سے صلح رکھنی اقربا سے ملتے رہنا۔

صاد با میم

صمیم ع خالص مضبوط اور بہرا آدمی و خلاصہ ہر چیز کا۔
صمصام ع شمشیر یعنے تلوار جو ایک مشہور ہتیار ہے
صمم ع بہرا ہونا بہرا ہونا بات نہین سن سکنا۔
صم بکم کم ع بہرے گونگے لوگ۔

صاد با نون

صنم ع بت و تصویر بجانا معشوق خوبصورت تصویر کی

صاد با واو

صوارم ع تلوارین اور بہت سے ہتیار کاٹنے والے
صوم ع روزہ رکھنا ذکر کچھ نہ کہنا۔

صوم مریم ع تمام دن کسی سے کلام نہ کرنا صبح سے شام تک
چپ رہنا چونکہ بی بی مریم علیہ السلام کی والدہ نے یہ روزہ
رکھا تھا ہوا پہلے روز کا مریم کے ساتھ منسوب ہوا۔

صاد با یا

صیام ع روزا یعنے بہت سے روزے یہ لفظ جمع صوم کی ہے
صید حرم ع حرم کا شکار جہان شکار کرنا حرام ہے۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
ضاد اور اخیر مین میم ہے

ضاد با جاء

ضخیم ع وہ شخص جسکی ہتھیلیان گردن یا زانو ہان موٹی ہو۔

ضاد با خاء

ضخیم ع فربہ بدرگ جثہ لمبا چوڑا جسم۔

ضاد با را

ضرغام ع شیر درندہ جنگل کا شیر۔
ضرام ع ہیزم باریک ریزہ جیسے آگ جلانین یعنے تیلی کڑیان

ضاد با عین

ضعیم ع گزندہ و درندہ جانور مثل شیر و گرگ وغیرہ۔

ضاد با میم

ضمیم ع شامل کیا گیا ہوا ملایا گیا متصل کیا گیا جوڑا گیا

ضاد با یا

ضئیم ع گزندہ و شیر درندہ کاٹنے والا جانور۔
ضئیم ع کسیکا نقصان کرنا ظلم کرنا تعدی روا رکھنا۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف

اور اخیر مین میم ہے

طا با الف

طارم ع خانہ چوبین وخانہ بلند و بالاخانہ یہ لفظ ترکی کی تینون حرکات سے پڑھا جاتا ہے۔

طا با را

طرفدار نجم ز ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے۔

طا با عین

طعم ع مزہ ولذت جو انسانکو کھانیسے حاصل ہوتی ہے۔

طعم و طعام ع کھانے کی چیز لذت دار چیز۔

طا با لام

طلسم یونانی لفظ ہے اور یہہ ایک عمل کا نام ہے کہ خزائن و دفائن پر بترکیب اجزاے ارضی وسمائی کے مین کہ کوئی غیر شخص اور سیر دخل نہ پاسکے مجازاً جسمین تعجب کی بات ہو

طا با میم

طمع عام ف امید بھی بات کی جو کبھی ہو اور کبھی نہو اور کسی شخص کی امید پر

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ظا اور اخیر مین میم ہے

ظا با الف

ظالم ع ظلم کرنیوالا جور و تعدی پسند کرنیوالا نا انصاف۔

ظا با لام

ظلم ع ستم و جور و جفا نا انصافی ناحق پسندی۔

ظلم ع تاریک اور تاریک ہونا نا انصاف ہونا۔

ظلم ع جمع ظلمت کی یعنے بہت سی تاریکیان اور اندھیریان

ظلوم ع سخت ظالم نہایت ظلم کرنیوالا بے انصاف آدمی۔

ظلام ع تاریکی اول شب یعنے پہلی رات کا اندھیرا۔

ظلام ع جمع ظلمت یعنے بہت سی تاریکیان اور اندھیرے۔

ظلوم ع نہایت ظالم اور سخت بے انصاف آدمی۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین میم ہے

عین با الف

عاصم ع بازدکھنیوالا نگاہ رکھنیوالا ایک قاری کا نام ہے جو قراءت کے علم مین یگانہ تھا۔

عالم ع صاحب علم دانا خبردار ہشیار آدمی۔

عالم ع جہان و انواع مخلوقات و عالم کائنات۔

عام ع ضد خاص یعنی ہر ایک شخص اور ہر ایک چیز۔

عام ع سال برس۔

عازم ع ارادہ کرنیوالا قصد کرنیوالا مستعد کسی کام پر۔

عین با جیم

عجم ع اعراب و حروف اور نقطہ دینا حروف پر۔

عجم ع گنوار نادان و باشندگان ملک عجم۔

عجم ع وہ ملک جسمین عرب کے سوا اور لوگ رہتے ہون خصوصاً ایران و توران و روم غیر عرب یعنے عجم کے معنی گونگے کے بھی ہین اسلئے کہ عجمی زبان خراب ہوتی ہے

عین با دال

عدم ع نابودگی و نابود چیز جو موجود نہو۔

عدیم ع ناپیدا کیاب یعنے جو چیز پیدا نہو سکے۔

عین با را

عرض عام ایک عرض جس مین مختلف پیدائش شامل ہون جیسے چلنا اس مین انسان گائے گھوڑے وغیرہ شامل ہین۔

عرم ع روضہ خانہ اور وہ دیوار جو پانی کی بندش کے لیے بانی کی آگے بناتے ہین ہند مین اسکو باندہ کہتے ہین۔

عَرَم ع لشکر کروفر جمعیت دانبوہ آدمیون کا۔

عین بارہے

عزم ع ارادہ قصد جو کسی کام کو حاصل کرنے کے لیے ہو۔

عَزائم ع افسون اور دعائین جو جنون کی حاضری وسفائے بیمار کے لیے پڑھتے ہین۔

عین باصاد

عصادم ع برابری کی مشک وبندوق وغیرہ ایک قسم کا۔

عین باظاء

عظم ع استخوان یعنی ہڈی انسان یا حیوان کے جسم کی

عُظم ع بزرگی عزت وعظمت رتبہ وآبرو وبڑائی۔

عِظَم ع کلان ہونا بڑا ہونا بڑہنا عزت وآبرو پانا۔

عِظام ع جمع عظیم بزرگان وکلانان وجمع عظم بمعنی استخوان ہڈی حیوان وانسان۔

عُظَماء ع بزرگان وامیران ودولتمندان۔

عَظیم ع برابر صاحب عظمت وعزت وآبرو اور یہ لفظ خدا کے نام کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

عین باقاف

عَقیم ع بے اولاد عورت ہو یا مرد یعنے وہ عورت جو بچہ نہ جنے اور وہ مرد جسکا نطفہ ناکارہ ہو۔

عین بالام

علت عالم ع عقل اول ونور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم۔

عَلَم ع رایت ونشان مشہور معروف یعنی جس چیز کو کہ دیکھا جاتا ہو

عِلم ع آگاہ ہونا جاننا خبردار ہونا۔

عُلوم ع بہت سے علم مثل علم حدیث وتفسیر وصرف ونحو وغیرہ۔

علی الدوام ع ہمیشہ ہر روز ہر وقت ہر حال

عَلیم ع صاحب علم خبردار واگاہ یہ نام خدا تعالے کا ہے نہ مخلوق کے

علم کلام ع وہ علم جسمے معقد تائقلی کو بدلائل عقلی ثابت کرین

عَلّام ع بڑا دانا وصاحب علم باخبر آدمی۔

عَلَی الرغم ع برخلاف وبرعکس یعنے برضد ابی۔

عین باسیم

عُمر حیات ع نام ایک سرکا ہے جو عوب مین رہتا ہے

عُمّ ع بمعنی چچا جسکو ہندی مین چچا کہتے ہین۔

عُمُوم ع زیادتی وبطریق عام اسکے ساتھ اور سب کے برابر۔

عَمیم ع تمام وبہرہ یعنے تمام وکمال پورا پورا۔

عَمائم ع جمع عمامہ دستار یعنے پگڑیان جو سر پر باندہتے ہین۔

عین باواو

عوالم ع جمع عالم یعنے جہان اور بہت سے جہان۔

عوام ع جمع عامہ ہر طرح کے لوگ جو خاص نہ ہون

عَوّام ع عوام اسپ سرکش ہوا رتیز رفتار گھوڑا۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین میم ہے

عین بارہے

عُرم ع عربی مین نادان بچے زبردستی سے کسی چیز کو مشدہ کہا معاوضہ لینا اور فارسی مین پیش کو ہی یعنی نہاری بہتر جو مشہور چار پایہ ہے۔

غَرام ع حرص وعشق وشیفتگی وہلاک عذاب

غُرم ع تاوان زدہ یعنے جسمے تاوان لیا جائے

عین بارہے

غرم فا انگور تازہ وپختہ جو لذیذ وشیرین ہو۔

عین بالام

غلام ع لڑکا خدمتگار مجازاً مملوک وزرخرید آدمی۔

عین باسیم

غمام ع ابر وسحاب یعنے بادل جسسے بارش ہوتی ہے

غمائم ا بر اجمع غمامہ یعنے بہت سے بادل۔
غم غمم ف دلگیری و پریشانی و فکر و اندیشہ۔
غموم ع جمع غم کی یعنے بہت سے فکر و اندیشے۔

عین با نون

غنم ع بز و گوسپند جو مشہور جانور ہے۔
غنائم ع بکریان جمع غنم کی لفظ کی۔
غنیم ع غارت گر دشمن لوٹیرا لوٹنے والا۔

عین با واو

عوائم ع موئے سر و پیشانی یعنے سر اور پیشانی کے بال۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا
اور اخیر مین میم ہے

فا با الف

فاعم ع زنگ دلون و صورت جیسی ہو۔

فا با ہاء

فحم و فحم ع زغال و اسکے جیسے کوئلا آگ کے جلانے کا۔

فا با را

فرجام ع انجام و انتہا و آخر و لائق و سزاوار۔
فراہم ف جمع کرنا اکٹھا کرنا یکجا کرنا کسی چیز کو۔

فا با سین

فاستقم ع استوار باش قائم ہو ٹھہرا رہو۔

فا با طاء

فطام ع دودھ چھوڑنا بچے کا دشکتگی و مفارقت و جدائی

فا با میم

فم ع دہان یعنے منہ انسان یا حیوان کا۔

فا با واو

فوم ع سیر ہندی اسن ہوا ایک شہور بودار چیز ہے۔

فا با ہاء

فہم ع دانستگی سمجھنا خیال مین لانا کسی بات کا۔
فہیم ع دانا سمجھنے والا خیال مین لانے والا۔
فہام ع بہت سمجھنے والا اور خیال مین لانے والا۔
فہوم ع جمع ہی فہم کی یعنے بہت سے فہم۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف
اور اخیر مین میم ہے

قاف با الف

قائم ف ایک جانور کا نام ہی جسکے پوست کی پوستین بناتے ہین
قائم ع ٹھہرا ہوا قیام پکڑا ہوا کھڑا ہوا۔
قاسم ع بانٹنے والا قسمت کرنے والا حصہ کرنیوالا۔

قاف با ہاء

قبۃ الاسلام ع لقب شہر بخارا کا ہی یعنے اسلام کا گنبد

قاف با تاء

قتام ع گرد و غبار و اندھیری اور خاک کا اوڑھنا۔

قاف با دال

قدم ع قدیم ہونا پرانا ہونا ہمیشہ ہونا۔
قدیم ع پرانا اور نام خداوند تعالیٰ کا۔
قدام ع ہمیشگی اور کہنہ پن اور پرانا پن ہونا۔
قدام ع آگے چلنے والا آگے نکل جانے والا۔
قدام ع آگے اور سامنے اور روبرو۔
قدم ع پاؤن جسے انسان و حیوان چلتا ہی۔
قدوم ع سفر سے آنا روبرو آنا اور بہت سے قدم۔
قدوم ع تیشہ نجاران یعنی ترکھانون کا تیشہ۔

قاف با رای

قرام ف باریک و رنگین و نقش پردہ۔
قرم ف شتر نر و مہتر قوم و سرگروہ و سردار۔
قرا قرم ف ایک شہر ترکستان مین ہے۔

قاف با سین

قسم ف سوگند جسکو عرب ایمین کہتے ہین۔
قسم ف بہر بخشش و نوع و طرح و طریق۔
قسم ف بانٹنا تقسیم کرنا حصہ کرنا۔
قسیم ف بانٹنے والا و شریک و ہم حصہ و خویش۔

قاف با ضاد

قضیم ف خوراک جو چارپایون کو کہلاتے ہین

قاف با لام

قلزم ف نام موضع درمیان مصر و مکہ جو نکد و قصبہ بحر محیط کے کنارہ پر ہے سمندر کو بھی بحر قلزم کہتے ہین۔
قلم ف کاٹنا ترا شنا ناخن اوتارنا۔
قلم ف خامہ ترا شیدہ اور ہر چیز ترا شی ہوئی۔

قاف با میم

قمقام ف کارواں سرائے دریا و مہتر قوم و کنکھجورا بیچھو و سانپ جسکے جون جو کر کیڑون کی طرح بالون مین پڑ جاتی ہین
قمم ف جمع قمہ ہر چیز کا مجازاً بلندیان اور اونچائیان۔
قمر ف بخیر یعنے اونٹھ اور کھڑا ہو جا۔
قمم ف نام شہر متعلق اصفہان کے۔
قمہ ف گھر کو جاروب دینا صفا کرنا مکان کو۔

قاف با واو

قوام ف راستی و عدل و درستی و نشو و خوبی و بھلائی۔
قوام ف اصل چیز کا و بقا اور کھڑا ہونا قائم ہونا۔
قوائم ف جمع قائمہ یعنے ستون و بانی آدمی و رکن کسی چیز کا۔
قویم ف راست و استوار و درست و بہتر و اچھا۔
قوم ف گروہ آدمیون کا۔

قاف با یای

قیام ف قائم ہونا کھڑی ہونا و رسے ہونا ٹھہرنا۔
قیم ف جمع قیمہ یعنے قیمتین اور مول کئی چیزون کے۔
قیوم ف زیادہ قائم ہونیوالا اور نام خدا تعالے کا۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین میم ہے

کاف با الف

کام ف مراد مقصود اور تالو انسان کا۔
گام ف قدم دہ و قریہ دیگانو۔
کام نا کام ف جانا جار ضرورتاً۔
کاظم ف غصہ کرنیوالا اور لقب امام موسیٰ بن جعفر صادق کا ہو ساتوین امام بارہ امامون مین سے تھے۔
کالم ف عورت منکوحہ بخلاف باکرہ کہ ایسی خاوند والی عورت۔
کاوم ف کرنیوالا اور وہ چیز جو ایک طرف سوتی اور دوسری طرف سے بلتی ہو۔

کاف با تاے

کتم ف پوشیدگی اور پردہ اور چھپانا کسی چیز کو۔
کتم ف ایک گھاس کا نام ہے جسے خضاب کرتے ہین۔
کتم ف چھپانا اور برگ نیل یعنے نیل کے پتے جسے خضاب کرتے ہین
کتام ف چھپانا اور پردہ ڈالنا کسی چیز پر۔

کاف با جیم

کجیم ف گھوڑے کا بچہ۔

کاف با دال

گدام ف کونسا اور اطلاق ہکاذی روح پر ہے ـ

کاف بارای

گرم ف کیڑا جو کسی چیز مین پڑجاوے ـ
گرم ع درخت انگور کا جو مشہور درخت ہے ـ
گرم ع مروت سخاوت مہربانی بخشش داد و دہش ـ
گرم ع غم واندوہ و فکر و اندیشہ و پریشانی ـ
گرام ع جمع کریم بزرگان یعنی بہت سے بزرگ و سخی ـ
گروم ع درختان انگور و غمہا و اندوہ و پریشانیہا ـ
گرشم ع گرشمہ یعنی نازو ادا جو معشوق کرتی ہے اور تو کبھی پسند
گرگم ع و ز غضنفر کی مشہور جنس ہے جسکو ہند مین کلیر کہتے ہین ـ
گرزم ع یہہ ایک قسم کی گھاس ہے جسسے خوشبو آتی ہے
گریم ع بزرگ سخی بامروت اور نام خداوند تعالی جلشانہ کا ـ
گرگ سجادم ف صبح جسکی روشنی بھیڑی کی دم کی طرح ہوتی ہے
گرم ف جلد و شتاب اور تتا ـ
گرزم ف نام برادر اعیانی اسفندیار کا جو مشہور پہلوان ہے
گرسنہ چشم ف حریص طماع آدمی جسکی آنکھ سیر نہو ـ

کاف بازای

گزدم ف بچھو جو مشہور زہردار جانور ہے ـ
گزم ع ایک قسم کا سبزہ ہی ـ
گزم ف نام درخت جسکا سدہ نام ہی اور عربی مین تمیر ہندی
اور پشہ غال ترکی مین اسکو کہتے ہین ـ
گزم ف درخت گز جسسے جہاز جو مشہور درخت ہے ـ

کاف باسین

گستہم ف نام پسر نوذن بن منوچہر اور نام ایک ایران
کے پہلوان کا ـ

کاف باضاد

گظم ع غصہ کہانا غضب کو دبا لینا ـ

گظیم ع غصہ کہانیوالا اور غضب دبا لینے والا ـ

کاف بالام

گلام ع بولنا سخن کہنا بات چیت کرنا ـ
گلام مستدام ع قرآن شریف جو قدیم کلام ہے ـ
گلم ع خستہ و مجروح کرنا زخمی کرنا کسیکو ـ
گلم ع سخنہا و کلامہا یعنے بہت سی تقریرین ـ
گلوم ع جراحت ہا یعنے بہت سے زخم ـ
گلیم ع کلام کرنیوالا اور تقریر سنی ہی کاہی جو خدا سے کلام کرتا تھا
گل چشم ف جسکی آنکھ مین گل ہو یعنے بہولا ہو ـ
گل اندام ف خوبصورت حسین آدمی ـ
گلزار ابراہیم ف ابراہیم کی آگ جو گلزار ہوگئی تھی
گلیم ف گودڑی فقیرون کی مشائخ کا خرقہ ـ
گلیم ف قسم لحن موسیقی یعنی راگ کے ایک تال کا نام ہے ـ

کاف بامیم

گمان رستم ف کنایہ قوس قزح جو ابر مین نمودار ہوتا ہے
گم عربی مین گمشدہ ہوا اور فارسی مین تہوڑا ـ
گم ع شناختم اور تم لوگ ـ
گم ع مقدار کسی چیز کا اندازہ کسی شے کا ـ
گم ع آستین جو مشہور چیز ہے ـ
گم ع غلاف سگوفہ کا اوپر کا پردہ ـ
گم نام ایک تالاب کا جو کشمیر مین ہے ـ
گم ف بیخبر جسکا نشان باقی نہو ـ
گم گم ف نقیب لگانیکی آواز دیوار کہودنیکی آواز ـ
گمنام ف جسکو کوئی شناسے ناچیز آدمی وناکارہ ـ

کاف بانون

گنام ع چارپایون کے رہنے کی جگہ و آشیانہ مرغان

کاف باواو

لورچشم ف اندھا اور بدچشم آدمی۔

کاف با یاے

لیف ف کم و کسطرح اور کتنا اور کس قدر۔

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف لام اور اخیر مین میم ہے

لام با الف

لالامی ف مرد کمبخت غدار اور سکی بیاہی کے کہ لالا کہتی غلام کو کہتے ہین اور وہ سیاہ ہوتا ہے

لالم ع علامت کرنیوالا برا بولنے والا۔

لاعلم ع نادانی و نادان بیخبر و جاہل آدمی

لام ع جمع لامہ زرہا اور نام ایک حرف کا الف کی طرح

لامی ف ایک قسم کی ٹوپی نمدی جو فقرا پہنتے ہین۔

لاجرم ع ناگزیر بالضرور ناچار۔

لازم ع ضرور۔

لاکلام ع قبول نکنیم ہم نہین مانتے۔

لاؤ نعم ع نہین اور ہان انکار و اقرار۔

لاکلام ع بیشک

لام با تاے

لتیم ع توڑنا منہ باندہنا خون آلودہ کرنا۔

لام با ثا

لجام معرب لگام جو گھوڑے کے منہ مین دیکر سوار ہوتے ہین۔

لام با جا

لحم ع گوشت حیوان کا جو کھانے مین آتا ہے

لام با حاے

لزوم ع لازم ہونا کسی چیز کا کسی کو۔

لام با خا

لطیم ع سیدھا خوردہ شخص یعنے جسنے کسی کی کبھی نہ مانی ہو

لام با واو

لوایم ع جمع ہے لائمہ کی

لوازم ع جمع ہے لازم کی

لؤم ع علامت کرنا کسیکو برا کہنا۔

لولوشم ف نام گل یعنے ایک پھول کا نام ہے۔

لوح طلسم ف قسم تعویذ جو لوح نقرہ پر لکھتے ہین۔

لام با یاے

لئیم ع بدبخت جمع اسکی لیام ہے۔

لئیم ع کباڑہ بخیل کانزم اور سست۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین میم ہے

میم با الف

ماثم ع گنا بہا جمع ماثم جو مصدر میمی یعنے اثم کرنے ہے

ما لا کلام ع جس بات مین کلام نہو درست و صحیح بات۔

مام ف مادر جسکو عربی مین ام اور ہندی مین ماتا کہتے ہین

ما دام ع تا وقتیکہ جب تک کہ۔

ماتم ف غم واندوہ و پریشانی جو کسیکی مرگ پر ظاہر کیجائے

میم با باے

مبرم ع محکم و استوار و مضبوط جو دور نہو سکے۔

مبہم ع پوشیدہ و فروبستہ اور چھپا ہوا۔

مبتسم ع تبسم کرنیوالا ہنسنے والا۔

میم با تا ء

مُتَقَدِّم ع آگے بڑھنے والا۔ پیشدستی کرنے والا۔
مُتَخَاصِم ع خصومت کرنے والا۔ دشمن۔ عداوتی۔
مُتَأَلِّم ع دردمند و دردناک۔ غمگین و پریشان۔
مُتَلَاطِم ع دریا تھپیڑ مارتا ہوا۔ دریا موج۔
مُتَرْجَم ع ترجمہ کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔
مُتَرَجِّم ع ترجمہ کرنیوالا۔ ایک زبان سے دوسری میں۔
مُتَبَسِّم ع آہستہ ہنسنے والا۔ تبسم کرنے والا۔
مُتَرَاکِم ع ہجوم و انبوہ کرنے والا۔
مُتَکَلِّم ع بولنے والا۔ کلام کرنے والا۔ بات کرنیوالا۔
مُتَوَہِّم ع وہم کرنیوالا۔ وہم میں پڑنے والا۔ شخص۔
مُتَّہَم ع تہمت والا۔ صاحب بدنامی کا۔
مُتَرَسِّم ع نقش کرنے والا۔ رسم ڈالنے والا۔
مُتَظَلِّم ع داد خواہ۔ فریادی۔ داد چاہنے والا۔
مُتَسَنِّم ع داغ کیا گیا۔ نشان کیا گیا۔
مُتَحَتِّم ع واجب و لازم اور استوار کرنا۔
مُتَعَلِّم ع شاگرد۔ تعلیم پانیوالا۔ علم پڑھنے والا۔
مُتَرَنِّم ع سرود کرنیوالا۔ راگ گانے والا۔
مُتَشَوِّق ع مشتاق و دردمند و عاشق۔
مُتَمِّم ع تمام کرنے والا۔ کامل کرنے والا۔ پورا کرنیوالا۔
مُتَنَعِّم ع صاحب نعمت و آسودہ حال و دولتمند۔

میم با جیم

مُخْدَج ع کوہڑا یعنے جسکو کوڑھ کی بیماری ہو۔
مُخَجَّج ع قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ یقین کیا گیا۔

میم با حاء

مُحْتَشِم ع واجب کیا گیا۔ حکم کیا گیا۔
مُحْتَشِم ع صاحب حشمت و خدمتگاران و لشکر۔
مُحَرَّم ع حرام کیا گیا۔ حرام کہا گیا اور نام ماہ اول سال قمری سے کہ اوس مین جنگ حرام تہا۔
مُحْرِم ع جسنے احرام حج کا باندہا ہو اور حرم مین جانیوالا
مَحْرَم ع وہ شخص جسسے نکاح عورت کا حرام ہو مثلاً باپ بیٹا وغیرہ مجازاً دوست بے تکلف و آشنائی راز واقف حال
مُحْتَرَم ع عزت کیا گیا باآبرو و عزت دار۔
مَحْرُوم ع رد کا گیا نامراد۔
مَحْکُوم ع حکم کیا گیا تابعدار فرمانبردار۔
مُحْکَم ع مضبوط و استوار جو ٹوٹ نہ سکے۔

میم با خاء

مَخَادِیم ع جمع مخدوم بہت سے صاحب مالک۔
مَخْدُوم ع خدمت کیا گیا بادشاہ آقا وغیرہ۔
مُخَیَّم ع جسجگہ خیمہ کہڑا ہو یعنے خیمہ کی جگہ۔
مُخَیَّم ع بروزن معظم جسجگہ خیمہ استادہ ہو۔
مُخْتَصِم ع خصومت کرنیوالا عداوت کرنیوالا۔
مَخْتُوم ع مہر کیا گیا مقفل و بند کیا گیا۔
مُخْتَتَم ع مہر کیا گیا بند کیا گیا قفل لگایا گیا۔
مَخَاتِیم ع جمع مختوم بہت سی مہر کی ہوئی چیزیں۔

میم با دال

مُدَبِّر الْمُہِمَّات ع مختار کل ہر کام پر صاحب اختیار
مُدَثَّر ع نام غلام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
مُدَغَّم ع ادغام کیا گیا ایک حرف دوسرے حرف ہمجنس پر آیا ہوا اور گہوڑا لگام دیا ہوا اور چہپا ہوا۔
مُدَام ع شراب اور ہمیشہ رکھا گیا اور ہمیشہ۔
مُدْلَہِمّ ع سخت سیاہ و تاریک و نہایت کالی چیز۔
مَدِینَۃُ الْاِسْلَام ع لقب کوفہ کا جو شہر مشہور ہے۔
مَدِینَۃُ الْعِلْم ع علم کا شہر لقب آنحضرت کا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذات میں فرمایا ہے
انا مدینۃ العلم وعلی بابہا۔

میم با ذال

مذموم ع بدگوئی کیا گیا مذمت کیا گیا برا کہا گیا۔

میم با رای

مرسوم ع رسم کیا گیا دو ماہہ و روزینہ جو کسی کا مقرر ہو

مراسم ع رسمیں و طریق جو بہت سے ہوں۔

مزجوم ع رندہ و سنگسار کیا گیا مردود شخص

مرخوم ع رحمت کیا گیا بخشا گیا۔

مزبوم ع پیدا ہونے کی زمین و وطن۔

مرقوم ع لکھا گیا تحریر کیا گیا۔

مرتسم ع نقش پکڑنے والا نقش ہونیوالا۔

مرام ع مراد و مطلب مشتق روم سے جسکے معنی طلب اور ڈھونڈنے کے ہیں۔

مردم ف ایک آدمی اور بہت آدمی و مرد ملک و سپاہی چشم جو نظر کا مقام ہے۔

مرحم ع نرم کیا ملایم کیا گیا۔

مراحم ع جمع مرحمت کی مہربانیاں و محبتیں و الفتیں۔

مراہم ف جمع مرہم کی یہ مشہور لفظ ہے۔

مرہم ف وہ دوا جو زخم پر لگاتے ہیں۔

میم با زے

مزاحم ع ٹکر کرنیوالا رنج پہونچانیوالا حق دخل دینے والا

مزدحم ع ازدحام و ہجوم کیا گیا انبوہ کیا گیا۔

مزدحم ع انبوہ کرنیوالا ہجوم کرنے والا۔

میم با سین

مستہام ع سرگشتہ و حیران و پریشان و غمگین و نشانہ

مسموم ع زہر کہایا گیا یعنے جسکو زہر دیا گیا

مساہم ع شریک و انباز و حصہ دار کسی چیز میں۔

مستحکم ع محکم مضبوط و سخت و پختہ۔

مستکرم ع طالب بخشش کا مہربانی چاہنے والا۔

مسام ع باریک سوراخ جو انسان کی جلد میں ہیں

مسامم ع جمع مسم صیغہ اسم ظرف سم سے یعنے سوراخ

مسم ع سوراخ جو کسی چیز میں ہو۔

مستقیم ع راست سیدھا اور کھڑا ہوا قایم و محکم۔

مستخدم ع خدمت چاہنے والا خدمت مانگنے والا

مستخدم ع جسے خدمت چاہیں یعنے خدمتگار۔

مستدام ع ہمیشہ و ہمیشگی چاہنے والا۔

مستلزم ع لازم پکڑنے والا۔

مسلم ع صاحب سلام جو شخص دین محمدی پر ہو

مسلم ع سلامت رکھا گیا سپرد کیا گیا۔

مستنیر ع روشنائی چاہنے والا۔

مستتم ع اتمام چاہنے والا انجام مانگنے والا

مستنشم ع سونگھنے والا کسی بو کو۔

میم با شین

مشام ع مقدم دماغ جسکو سونگھنے کی قوت حاصل ہے

مشعر الحرام ع جای نزدیک جو حج کے بعد کرتے ہیں

مشئوم ع بروزن معشوم منحوس نامبارک

مشموم ع سونگھی ہوئی چیز جسکو سونگھیں

مضموم ع وہ حرف جسپر حرکت پیش کی ہو۔

میم با ظاء

مظالم ع جمع مظلمہ ستم ہا جا ہائے عدالت

مظلم ع تاریک مقام اور تاریک جگہ۔

مظلوم ع ظلم کیا گیا یعنے جس شخص پر کسی نے ظلم کیا ہو

میم با عین

معتصم ع جای دست بخن یعنی ساعد جہاں کڑی پکڑی

معجم ع حروف حروف ابجد حروف منقوطہ جو نقطہ دار ہو

مُعَمَّم ع صاحب عمامہ و دستار یعنے پگڑی والا آدمی۔
مُعَزِّم ع عزیمت خوان افسون گر جادوگر منتر یا۔
مَعْصُوم ع نگاہ رکھا گیا گناہ سے بچا ہوا نیکوکار
مَعْلُوم ع جانا گیا کنایۃً مال فرد سامان اسباب
مَعَالِم ع عالم و جہان و موجودات و کائنات دنیا
مُعْتَصِم ع پنجہ مارنیوالا پناہ پکڑنیوالا کسیکی حمایت میں آنیوالا
مُعَلَّم ع شاگرد سکھلایا گیا علم پڑھایا گیا۔
مُعَلِّم ع سکھلانیوالا استاد ادیب علم پڑھانیوالا
مُعَالَم ع نقش و داغ و نشاندار یعنی جس چیز کو کوئی نشان ہو
مُعَظَّم ع صاحب عزت و حرمت و صاحب عظمت آدمی
مَعْدُوم ع نابود جسکا کوئی پتا و نام و نشان نہو۔

میم با عین

مَغْمُوم ع غمناک دلگیر اندیشہ مین۔
مُغْتَنِم ع غنیمت جانا گیا وقت یا زمانہ وغیرہ۔

میم با فاء

مُفَخَّم ع بزرگ رکھا گیا۔
مَفْهُوم ع سمجھایا گیا واضح کیا گیا کوئی مضمون یا حال۔

میم با قاف

مُقَام ع مصدر ہے کھڑے ہونا ٹھہرنا قایم ہونا۔
مُقَاوِم ع برابری کرنیوالا ہمسری کرنیوالا برابر کا شخص
مُقْدَام ع بہادر و شجاع و پہلوان و جانمرد دلاور آدمی
مَقْسُوم ع بانٹا ہوا حصہ کیا ہوا قسمت کا لکھا۔
مُقِیم ع رہنے والا مقام کرنیوالا کسی مکان مین۔
مَقَام ع کھڑے ہونے کا مقام جاے قیام سکونت کی جگہ
مُقَدَّم ع واپس آنا اور قدم رکھنے کی جگہ ٹھیرنیکا مقام
مُقَدِّم ع آگے چلنے والا دلیر و گوشہ چشم بطرف بینے
مُقَدَّم ع مبتیں کرنیوالا خبر کرنیوالا شخص۔
مُقَدَّم ع پیش کیا گیا گانو کا چودہری و نمبردار۔
مَقْسِم ع جاے تقسیم یعنے بانٹنے کی جگہ۔
مُقَرَّم ع استر زین بکلاف شتر مادہ کے
مُقَتِّم ع ظالم و غالب و مختار و حاکم با اختیار۔
مُقَحَّم ع کسی چیز مین ڈالا گیا درمیان مین لایا گیا۔
مُقَوِّم ع قیمت کرنیوالا ٹھیرانیوالا کرنیوالا

میم با کاف

مُكْتَسِم ع پوشیدہ جو چیز پردہ کے اندر ہو۔
مُكْرَم ع عزت دیا گیا صاحب آبرو کیا گیا۔
مَكَارِم ع نوازشین و مہربانیان و سخاوتین و بخششین
مَكْتُوم ع پوشیدہ بات اور راز جو دل کے اندر ہو

میم با لام

مَلَكُ الْكَلَام ع لقب ملک قمی ظہوری کا جو مصنف ہمشیر
سلطان ابراہیم عادل شاہ کا تہا ولایت دکن مین۔
مَلْثُوم ع بوسہ دیا گیا چوما گیا۔
مُلْتَثِم ع چوما گیا بوسہ دیا گیا۔
مُلْتَثِم ع زخم اچہا ہوا ملا ہوا زخم جسکو مرہم کی حاجت نہو
مُلْتَثِم ع چوما گیا بوسہ دیا گیا۔
مُلَحَّم ع قسم پارچہ ابریشمی جو نہایت ملایم ہوتا ہے۔
مُلْتَزَم ع کعبہ مین ایک مقام کا نام ہے نزدیک رکن یمانی کے
کعبہ وہ مقام اجابت دعا ہے۔
مَلُوم ع ملامت کیا گیا یعنے جسکو ملامت کی گئی ہو۔
مُلَازِم ع نوکر و مصاحب و ہمجلیس و ہمنشین پاس رہنے والا
مَلَام ع ملامت زیادہ ملامت یعنے جگہہ پر ملامت ہو
مُلْهِم ع الہام کرنیوالا دل مین ڈالنیوالا خبر دینے والا
مُلَايِم ع نرم اور جمع ہونیوالا موافق و مناسب و مطبوع و دلپسند
مَلَام ع ملامت کرنا کسیکو برا کہنا کسی بات پر۔

مُلتحم ع زخم انگور لایا ہوا جو چھڑ ہونیکے نزدیک ہو۔
مُلتقم ع لقمہ کھانیوالا نوالہ لینیوالا طعام کا۔

میم بالون

مَنام ع خواب گاہ سونے کی جگہ بستر بچھونا کا مقام۔
مَنہوم ع حریص و گرسنہ چشم و خام طمع آدمی۔
مُنعم ع مساحب نعمت مالدار دولتمند غنی آدمی
مَناعم ع جمع نعمت کی یعنے بہت سی نعمتین
منجم ع نجومی ستارہ شناس آدمی۔
منعدم ع فنا و نابود بے نام و نشان۔
منقسم ع تقسیم کیا گیا بانٹا گیا۔
منہضم ع ہضم کیا گیا کہانا بیٹ مین۔
منعام ع بہت بخشش کرنیوالا انعام دینے والا۔
منتسم ع خوشبو لینیوالا عطر و پھول وغیرہ کی۔
مُنہزم ع جنگ سے بھاگنیوالا مرد بزدل آدمی۔
منہدم ع ویران و مسمار ہونیوالا گرنیوالا مکان وغیرہ۔
منسجم ع پانی اور اشک رواں ہونیوالا آنسو بہنیوالا
منتجم ع روشن و ہویدا و ظاہر و چمکتا ہوا
منخرم ع بینی بریدہ اور کان سے جھیدا ہوا آدمی۔
منتقم ع بدلا لینے والا عوض لینے والا کسی سے۔
منتظم ع راست اور درست ہونیوالا بندوبست کرنیوالا
منتصم ع ہمیشہ رہنے والا و آئندہ رہنیوالا ہوا۔
مَناظم ع جای نظم و ترتیب و بندوبست کا مقام۔
مُنہم ع سخن چینی کرنیوالا کسیکی بات مین عیب نکالنے والا
منعدم ع نابود ہونیوالا بے نام و نشان ہونیوالا
مَنظوم ع پرویا گیا نظم کیا گیا کوئی قصیدہ یا غزل
منفصم ع ٹوٹا ہوا ختم کیا گیا بند کیا ہوا۔

میم باواو

مُوہم ع وہم مین ڈالنیوالا شک مین ڈالنیوالا۔
موہوم ع وہم کیا گیا شک کیا گیا۔
مَوسوم ع نام رکھا گیا نشان قایم کیا گیا۔
مُولم ع رنج پہونچانیوالا دکھ دینے والا کسیکو۔
مُوثم ع گنہگار و مجرم و تقصیری و خطادار۔
موسم ف وقت کسی چیز کا و بہار کسی پھل کی
مُوسم ع اسم کیا گیا نام رکھا گیا نشان قایم کیا گیا۔

میم باہاء

مہموم ع مناک فکرمند اندیشہ مین۔
مہزوم ع شکست دیا گیا ہٹکایا گیا۔
مہضوم ع ہضم کیا گیا کوئی کہانا خوراک
مَہالم ع جمع مہم کارہاے مشکل و دشوار امور۔
مُہم ع امر عظیم ماخوذ ہم سے جسکے معنے غم کے ہین۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف نون اور اخیر مین میم ہے

نون باالف

نام ف مشہور لفظ ہے جسکا کوئی اسم مقرر ہو۔
ناعم ع غیر کے قلبون سے ایک قلعہ کا نام ہے۔
نائم ع سویا ہوا آدمی نیند مین بے خبر خواب کی حالت مین
ناظم ع پرونے والا بندوبست کرنیوالا صاحب انتظام
نافہم ع بیوقوف نادان جاہل بے سمجھ آدمی
نامحرم ف ناواقف غیر آدمی جو گھر مین نہ آسکے
ناتمام ف ناقص بے وہ چیز جو ابھی پوری نہو۔
نامُلایم ف نامناسب بدوضع و ناپسند فاسد طبع

ناکام ف نامراد و ناچار و بالضرر بحالت ناچاری
نادم ع پشیمان یعنی جو شخص بد کام کرکے پشیمان ہو۔
نافِ عالم فسکہ معظمہ و خانہ بیت اللہ یعنے کعبہ۔
نامردم ف ناکس و بیکار و کم ذات و کم عزت آدمی
نافرجام ف بد انجام جسکا آخیر اچھا نہو۔

نون با جیم

نجم ع ستارہ اور بیل کسی درخت کی مثل کد وغیرہ۔
نجوم ع ستاری جو آسمان پر ہین جمع نجم کی۔

نون با خاء

نخل مریم ع وہ درخت جسکے نیچے عیسے پیدا ہوئے تھے
نخل موم ف وہ درخت جو موم سے بنائے ہین۔

نون با دال

ندم ع پشیمان و دلگیر و غمگین و فکرمند۔
ندیم ع مصاحب و ہم نشین ہم صحبت بادشاہ کا مصاحب

نون با رائے

نرم ف آہستہ خلاف سخت لفظ کے۔
نرم نرم ف آہستہ آہستہ کم کم ٹھہر ٹھہر کر آہستگی سے

نون با زائے

نشیم ف وہ شجار جو سردیون مین ہوا مین پیدا ہوتا ہے
سندھی مین کوہل نام ہے۔

نون با سین

نسیم ع ہوا نرم و بوئی خوش جمع اسکی نسایم ہے۔

نون با شین

نشیم ف نشیمن آشیانہ و آرامگاہ اور سکونت کی جگہہ۔

نون با ظاء

نظم ع پرونا موتیونکا و کلام موزون یعنے اشعار کا۔
نظام ع ایک حکیم معتزلہ کا نام ہے جسکے مسایل علمائے سنت نے رد کئے ہین

نظام ع پرشتہ جواہر و آراستگی و درستی و زیب و زینت و بندوبست و نام وزیر ملک شاہ سلجوقی جو برائیکہ اوسنے اصفہان و بخارا تہا اور خطاب صدیقی دکن کا جو شاہ دہلی کیطرف سے تہا۔

نون با عین

نعم ع جمع نعمت یعنے بہت سے نعمتین و دولتین و خوبیان۔
نعم ع ہان کلمہ ایجاب و قبول عربی مین ہے اور نعم بمعنے چارپایہ
نعم ع تازگی و نرمی و نکوئی و خوبی مال و دولت۔
نعیم ع نیک و خوب اچہا رہنے خوش۔
نعائم ع منازل قمر سے بیسوین منزل و جمع نعامہ جسکے معنی شتر مرغ کے ہین۔
نعیم ع بہشت و نعمت و نیکی و دسترس و ناز۔

نون با غین

نغم ع جمع نغمہ کی بہت سے سرود اور راگ جو گائے جائین

نون با فاف

نقطہ موہوم ع باریک نقطہ جو نظر نہ پڑی۔

نون با میم

نموم ع بہت غمازی کرنیوالا چغل بدگو خیانت کرنیوالا
نمام ع سخن چین و غماز و نم گیاہ خوشبودار۔
نمکحرام ف بدخواہ اپنے مالک کا اور وہ شخص جو کسیکا کیا نہ مانے
نم ف تری یا نمی کی جو کسی چیز مین موجود ہو۔

نون با واو

نون والقلم ع دوات قلم و نام سورۂ قران۔
نوم ع خواب یعنے نیند۔
نور چشم ف مجازاً بیٹا یعنے آنکہون کی روشنی

نون با ہاء

نیام ع جمع نوم جسکے معنی نیند کے ہین و جمع نیام جسکے معنے ہوئی کے ہین و خلاف کارد و شمشیر اور تلوار کا میان۔

نیّر اعظم ع آفتاب کو ہندی مین سورج کہتے ہین۔
نیلم ع نام جوہر جو نیلگون ہوتا ہے۔
نیم ف نصف آدھا یعنے دو مین سے ایک۔

چہبیوین فصل
اون لغات کے بیان مین کہ جنکی اول حرف او اور اخیر مین میم ہے

واو با الف

وآم ف قرض رنگ و لون کسی نمکین چیز کا۔
واہم ع وہم کرنیوالا شک کرنے والا کسی بات مین۔

واو با جاء

وخم ع ناگوار ناسازگار ناپسند نامطبوع
وزیم ع دشوار دگران اور بوجھل و بھاری چیز

واو با رای

ورم ع سوج جانا دم کرنا کسی عضو کا۔

واو با سین

وسم ع نشان و عیب داغ و رنگ و لون۔
وسیم ع خوبصورت و جمیل و نشان کیا گیا داغ درخت

واو با ہاء

وہم ف گمان و شک جو کسی کی طبیعت مین پڑ جائے۔

ستائیسوین فصل
اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف ہا اور اخیر مین میم ہے

ہا با الف

ہاضم ع وہ چیز جو طعام کو ہضم کرے۔
ہادم ع عمارت کا گرانیوالا ویران کرنیوالا اسمار کرنیوالا
ہائم ع سرگردان و شیفتہ عشق مین اور تشنہ یعنے پیاسا
ہاشم ع نام جد رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے۔

ہاے با جیم

ہجوم ع انبوہ اور مجمع لوگون کا مجازاً فوج و لشکر

ہاے با دال

ہدم ع مسمار و ویران کرنا گرانا کسی دیوار یا مکان کو۔

ہاے با رای

ہرم ع پیری و ضعیفی و ناتوانی و کمزوری و ناطاقتی
ہرم ع مرد پیر و ضعیف و ناتوان و کمزور۔
ہرہم ع نام شہر اور پہلوان کا جو بڑا جوانمرد تہا۔

ہاے با زای

ہزدہ ہزار عالم ف تمام مخلوقات جو اٹہارہ ہزار قسم دیکہی گئی

ہاے با صاد

ہضم ع ہضم ہونا طعام کا معدہ مین۔
ہضیم ع ستم رسیدہ مظلوم غمگین ناشگفتہ زن یا رنگ شکم

ہاے با فاء

ہفت امام ف سات امام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی امام شافعی
امام مالک امام احمد حنبل امام ابو یوسف امام
محمد امام زفر۔
ہفت لای چشم ف سات پردے آنکہ کے۔
ہفت پردہ چشم ف سات طبقے آنکہ کے۔
ہفت قلم ف سات طرح کے خط جو لکہے جاتے ہین
ہفت اندام ف سات عضو سر و سینہ و دست راست
دست چپ پاے راست و پشت و شکم پائین و
دل جگر و ضمیر و شش زہرہ معدہ۔

ہفت اقلیم ف شاہ لاسپہ ج ستارون کے نام متعلق ہین

ہاے بالام

ہیلم ع بیا آ صیغہ امر ہے-

ہاے بامیم

ہم ع غم واندیشہ وفکر جو انسان کی طبیعت مین ہو-
ہیم ع مرد نہایت ضعیف وکمزور ونا توان وناطاقت
ہم ف بہی کلمہ عطف جانچہ زید آمد وہم عمر-
ہموم ع اندوہہا واندیشہ ہا یہ لفظ جمع ہم کی ہے-
ہمدم ف دوست ورفیق وہم صحبت وہم جلیس-
ہمیم ع جمع ہمت یعنے بہت سی جتین ودلیرین-
ہمام ع مرد بزرگ وسہتر قوم وسردار وسرگروہ-

ہاے بانون

ہنگام ف وقت وزمانہ-

ہاے باواو

ہوام ع حشرات الارض مثل مار وگزدم وغیرہ جمع ہامۃ کی
لفظ کی جسکے معنی مار گزدم وغیرہ کے ہین-

ہاے باہاء

ہیکل الروم ع نام بت خانہ جو روم مین تہا-
ہیم ع سرگشتگی وپریشانی وذلت وخواری-
ہیم ع بیاہی معروف مشتر یعنے اونٹ-
ہیم ف بیاہی مجہول لکڑی جلانی کی یعنے ہیمہ سوختنی-
ہیزم ف چوب خشک سوختنی جلانے کی لکڑی
ہیضم ع شیر درندہ جو شہور جانور ہے

اٹہارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف
یاے اور اخیر مین میم ہے

یاے باالف

یام ویامہ ف ۔۔۔ گہوڑے جو ڈاک پر بہیجے جائین

یاے باتا

یتیم ع طفل ہر مردہ یعنے وہ لڑکا جسکا باپ مر گیا ہو
یحموم ع دود ہ سیاہ یعنے کالا دہوان-

یاے باشین

یشم ف ایک قسم کا پتہر قیمتی ہوتا ہے

یاے باکاف

یاک حشیم ف کنایۃ آفتاب او ر جو آدمی ایک آنکہ رکہتا ہو
یتک قلم ف تمام وکمال او ر سیوقت دبالکل فی الفور-

یاے بامیم

یم ع دریا پانی کا بہاؤ اجرا پانی کا
یمام ع کبوتر صحرائی یعنے جنگلی کبوتر-

یاے باواو

یوم ع وقت روز یعنے دن بخلاف لیل یعنے رات کے

پچیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین
حرف نون ہی اور پہلے حروف برحالت
حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے
جاتی ہین اس مین اٹہائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول
حرف الف اور اخیر مین نون ہے

الف با باء

آبتین ف بوزن آستین نام پدر فریدون بادشاہ کا۔
ابن ع بیٹا جو اپنے لفظ سے ہو۔
آبستن ف حاملہ عورت پیٹ والی عورت
آبا دنیدن ف سراہنا تعریف کرنا صفت کرنا۔
آبسالان ف باغ و بوستان سبزہ۔
آبستان ف آفتاب یعنے کوزہ پانی کا۔
آبان خ نامہا شمسی جو آٹھوان مہینا ہے اور نام فرشتہ کا جو اسپر موکل ہے۔
آبدان ف تالاب یا چہیل جسمین پانی موجود رہے۔
آب آتشین ف شراب انگوری باعتبار اوسکی سرخی کے
آب حیوان ف آبحیات جسکے پینے سے انسان نہین مرتا۔
آبشتن ف زندہ ہونا اور شرمندہ و شرمسار ہونا۔
آبان ع ہنگام دوقت و زمانہ و موقع۔
ابوریحان نام اوستاد علم ہیئت کا۔
ابن سیرین نام ایک شخص کا جو علم تعبیر مین اوستاد تہا

الف با تاء

آتشہزن ف نام مرغ جسکو قفنس کہتے ہین اور وہ آگ دیکھا کیتا ہے اور چقماق
آتش زبان ف مرد فصیح الکلام و تیز زبان
آتون ف معلمہ جو لڑکیون کو تعلیم دے
اتیان ع آنا اور فارسی مین آمدن۔
آتان ع مادہ خر یعنے گدہیا
آتشدان ف انگیٹھے جس مین آگ رکہتے ہین۔
اتقان ع استواری و محکمی و مضبوطی۔

الف با ثاء

اثنین اثنان ع دو عدد حساب مین
اثمان ع جمع ثمن قیمتہا یعنے بہت سے مول اور قیمتین

الف با جیم

اجر غیر ممنون ع ثواب بے نقصان و مردود کبھی نہ ہارے
اجفان ع آنکہہ کی پلکین آنکہہ کے پردہ کی بال۔

الف با حاء

احسن ع خوب بصورت نیک خوے نیک افعال نیک کردار۔
احسان ع نیکی کرنا خوبی کے ساتہہ پیش آنا۔
احاسن ع خوبیان و نیکیان و احسان
احزان ع غمناک کرنا دلگیر کرنا اندیشہ مین ڈالنا۔
احزان ع جمع حزن اندوہ یعنے بہت سے غم و اندیشے
احصان ع استوار کرنا نگاہ رکہنا نکاح کرنا منصوبہ کرنا
احتضان ع بغل مین لینا چہاتی سے لگانا کنیکو۔
احیان ع جمع حین وقتہا یعنے بہت سے زمانی

الف با خاء

اخوان ع جمع اخ برادران یعنے بہت سے بہائی۔
اخون ف معلم داوستاد علم پڑہانے والا۔
اختان ع جمع ختن جسکے معنی داماد کے ہین
اخدان ع جمع خدن جسکے معنی دوست کے ہین
اخبر شم ف بیدار ریہنارات کو نسونا۔
اختسان ف نام بادشاہ جو ممدوح خاقانی و نظامی کا تہا
آختن ف کھینچنا تلوار کا جنگ کے وقت۔

الف با دال

ادیان ع جمع دین کی بہت سے مذہب طریق۔
ادون ع بہت کمینہ و فقیر و زبوں تر۔
ادکن ع خاکستر رنگ یعنے جس رنگ کا تاک خاکستری ہو۔
ادمان ع ہمیشہ کرنا کام کا ہمیشگی کرنا۔

الف با ذال

اِذعان ع فرمانبرداری و اطاعت و متابعت
آذربایجان و آذربادگان نام ملک جسکا حاکم سلطنت تبریز مشہور شہر ہے۔
اُذن و اُذُن ع گوش یعنی کان
اِذن ع حکم و فرمان و اجازت و رخصت
آذان ع جمع اُذن گوشہا یعنے بہت سے کان۔
اَذقان ع جمع ذقن ٹھوڑیان۔
اَذان ع بانگ جسکے ذکر کے وقت باواز بلند کہتے ہین
آذین ع آرایش و آئین بندی و درستی و صفائی۔

الف بارا

آرغنون و ارغنون ع نام ایک ساز کا جسکو افلاطون نے ایجاد کیا تہا۔
اِرمن و ارمن ع ایک ملک کا نام ہی جو درمیان ایران و روم و فرنگ کے واقع ہے۔
آرمان ت آرزو و امید و طمع و حرص۔
آربعین ع عدد چہل یا بعون کی بہی یہی معنی ہین۔
آرزن عربی مین نام درخت فارسی مین نام غلہ جسکو چینا کہتے ہین و نام موضع متصل شیراز۔
آرد وان کج نام ایک بادشہ کا جسکا نوکر اردشیر بابکان بادشاہ ابتدا مین تہا اوسکو مار کر بادشہ ہوا۔
آرسان نام ولایت جہان چاندی سونے کی کان ہے۔
آرسلان ت شیر درندہ و بندہ و غلام و خدمتگار۔
آرکان ع جمع رکن یعنی ستون کسی عمارت کے۔
آرغوان ع نام درخت جو بہار کی موسم مین سرخ یا بنفشی ہوجاتے ہین۔
اردشیر بابکان نام ایک بادشاہ جو مشہور بادشاہ ہی
ارزان ف سستا کم قیمت مال و منفعت۔
ارزیدن ف قیمت پانا لائق ہونا سزاوار ہونا۔

آزوین امتحان آزمایش کسی چیز کی۔
آزوغیدن ف دکانداری کاروبار کرنا۔
آزمغان ع تحفہ و پیشکش و نذر امتر جو دیا جاے۔
آرضین ع جمع ارض زمینین اور دہرتیان۔
آراستن ف خوشنما کرنا آراستہ کرنا سنوارنا

الف بازای

ازمان ع کہنہ ہونا پرانا ہونا۔
ازاردن ف دوکہ دینا رنج پہونچانا۔
آزردن ف حسولی چبانا پچینہ لگانا۔

الف باسین

استردن ف صفا کرنا سر مونڈنا پاک کرنا۔
استرون ف عورت عقیمہ بے اولاد عورت۔
استخوان ف ہڈی اور ایک قسم کا گز
اساطین ع جمع اسطوانہ بمعنی ستون۔
اسنان ع جمع سن بہت سے دانت
استخسان ع پسند کرنا آفرین کرنا شاباش کہنا۔
آسمان ف فلک مرکب لفظ آس و مان جسے یعنے آس کے معنی جگہ اور مان کے معنی مانند ملحوظ کرکے۔
آستین افشاندن ف رونگرنا منع کرنا۔
آستین مشہور لفظ ہی یعنی قبا وغیرہ کی آستین
آسان ف سہل ہولا بے وزن۔
آستان ف دہلیز دروازے کی لکڑی۔

الف باشین

آشیان ف خانہ جانوران جس مین وہ رہتے ہین۔
اشنان ع ایک نہال کا نام ہی جسکو جلاکر سجی بناتے ہین۔
آشختن ف بہنے پاشیدن پانی چہڑکنا۔
آشامیدن ف پینا پانی یا شراب وغیرہ کا۔

آشفتن ف پریشان و غضبناک ہونا۔
اشراقیان ع گروہ حکما مثل فلاطون وغیرہ بسبب روشنی باطن کے
اونکو اشراقی کہتے ہین۔

الف باصاد

اصفہان ف ایران مین ایک شہر مشہور ہے۔

الف باطا

اطمینان ع تسلی و دلاسا و خاطر جمع

الف باعین

اعلان ع ظاہر کرنا اشتہار دینا مشہور کرنا۔
اعلن ع بہت ظاہر و ہویدا سب کے روبرو۔
اعوان ع مددگاران و نوکران و داران و حامی لوگ۔
اعیان ع آنکھین بزرگان و امیران و دولتمندان۔

الف باغین

آغاز یدن ف شروع کرنا ابتدا کرنا۔
آغالیدن ف بھڑکانا جوش دلانا۔
اغصان ع جمع غصن بمعنی شاخ درخت
آغشتن ف ملانا تر کرنا گودنا کسی چیز کو۔

الف بافا

آفلین ف نیچے جانا ڈوبجانا چھپجانا۔
اُفتادن ف گر پڑنا۔
افراختن ف بلند کرنا۔ افراشتن کے بھی یہی معنے ہین
آفراختن ف روشن کرنا بھڑکانا۔
آفریدن ف پیدا کرنا موجود کرنا۔
آفریدگان ف پیدا کی ہوئی چیزین۔
آفرین ف شاباش تحسین مدح پیدا کرنے والا۔
افزودن و افزائیدن ف بڑھانا زیادہ کرنا۔
افزون ف زیادہ اور بڑھا ہوا
افسردن ف مرجھانا پژمردہ ہونا۔
افشان ف بوندین قطرے ذرے۔
افشاندن ف جھاڑنا پاک کرنا۔
افسون ف منتر جادو۔
افشردن ف نچوڑنا کسی چیز کو۔
افکندن ف ڈالنا گرانا پھینکنا۔
افلاطون ع نام حکیم جو سکندر رومی کا ہم عہد تھا۔
افیون ف افیم تریاک مشہور چیز ہے۔
اُفتیدن ف تعجب کرنا اچنبھی مین آنا۔
آفاقین ع درخت کی شاخین و برگ ہا و انواع سخن
آفتان ع بمعنی شاخ۔
افسان ف وہ پتھر جس پر چھری و تلوار تیز کرتے ہین
افغان ف آہ و زاری اور نام قوم۔
افتتان ع فتنہ انگیزی فتنہ مین پڑنا۔

الف باقاف

اُقحوان ع بابونہ جو مشہور دوا ہے۔
اقران ع نزدیکان و ہمسایگان اور نزدیک ہونا
اقتران ع نزدیک ہونا پاس ہونا۔

الف باکاف

اکنون ف اب سوقت ابھی۔
اکوان ع نام دیو جسنے رستم کو دریا مین ڈالدیا تھا اور پھر
مارا گیا اور عربی مین جمع کون بمعنے موجودات
آگندن ف بھرنا پر کرنا۔
اکنان ع جمع لفظ کن بمعنے پردہا و پوششہا۔
اکسون ع قسم دبہاے سیاہ۔
آگین ف جو چیز قسم بمعنے پر مرغ کو پکڑ مین پر کرین۔

الف بالام

آلوان ع جمع لون کے بہت سے رنگ۔
آلودن ف ٹھہرنا آلودہ ہونا۔
آلون ت زرد رنگ و نام زن ملغان شاہ و بمعنے کنیز۔
آلحان ع خوشخوانی و خوشنوائی و خوش آوازی۔
آلحان ع آواز ہا یعنے بہت سے آواز ہیں۔
آلکن ع وہ شخص جسکی زبان بالو نہین پہلتی ہے۔
آلان ع نام ایک ملک کا ممالک روس سے۔
آلآن ع اکنون یعنے اب اس وقت ابہی۔
الب ارسلان ت شیر دلیر و نام بادشاہ کا۔
الی آلآن ع ہنوز تا اکنون ابہی۔
آلسن ع جمع لسان زبانہا یعنے بہت سی زبانین۔
آلفتن ف اشفتن بکہڑنا پریشان ہونا یا کرنا۔

الف با میم

آمن ع بیخوف ہونا کسے دشمن سے۔
آمان ع بیخوفی و پناہ و حمایت۔
آمین ع امانت دار خزانچی جسکے پاس روپیہ رکہا جاوے
آمعان ع غور کرنا متوجہ ہونا۔
آم الصبیان ع ایک بیماری جو لڑکون کو ہوتی ہے۔
آم غیلان ع ویرانہ جنگل یا مقام غولان و غیلان۔
آماسیدن ف سوجہنا ورم کرجانا کسے عضو کا۔
استحان ع آزمانا از مالیش کرنا کسیکی
امتنان ع احسان رکہنا ممنون کرنا۔
آمودن ف بہرنا پر کرنا لبالب کرنا۔
امکان ع ہوسکنا کسے امر کا ممکن ہونا۔
آمرزیدن ف بخشنا عفو کرنا گناہ کا۔
آموختن ف سیکہنا اور سکہلانا علم و ہنر کا۔
آمین ع قبول کن دعا را دعا قبول کر۔

آمون ف ایران و توران مین ایک نہر کا نام ہے۔

الف با نون

اندکان و اندجان سمرقند اور چین مین ایک شہر ہے
انسان ع آدمی اور مردمک چشم یعنی انکہہ کے تلے
انسان عین پتلے انکہہ کے و مردمک چشم۔
انجمن ع مجلس جسمین آدمی بہت ہون۔
انگاردن و انگاشتن جاننا پہچاننا کسی چیز کو۔
اندائیدن ف کبہگل کرنا کسے دیوار یا چیت کو۔
اندوہگین ف غمگین و دلگیر و اندیشہ ناک۔
آنین ف نالہ اور نالہ کرنا رونا زاری کرنا۔
انجیدن ف ستوہ مارنا رنڈکری کرنا۔
انجیدگان ف زخمی لوگ مجروح لوگ۔
آنیران ف نیسوان روز ماہ شمسی کا۔
انشیان انمشین ع بردو یعنے دونو
انباشتن ف پوست پختہ و زنبیل فقیران۔
انباشتن و انباردن ف پاٹنا ڈہیر کرنا۔
اندختن ف ڈالنا پہینکنا۔
انجامیدن ف آخر ہونا تمام ہونا۔
اندرون ف درمیان و اندر۔
اندوختن و جمع کرنا اکٹہا کرنا۔
انگیختن ف اوٹہانا برانگیختہ کرنا۔
اندیشیدن ف سوچنا فکر کرنا کسی بات مین۔
اندودن ف لپٹنا۔
اندوہگین ف غمناک و فکرمند اندیشناک۔
انگلیون ت انجیل عیسےٰ و نام کتاب مانی نقاش کا اور
نیز جامہ ہفت رنگ اور ہر شے عجیب۔
آن ع عربی مین بمعنے وقت و ہنگام اور بہوا وقت

اور فارسی مین بمعنی مال و ملکیت بلفظ اشارہ۔

الف باو او

اُوثنان ف جمع وثن بمعنی بت جسکو کفار پوجتے ہین۔
اُوردن ف لانا۔
اُوفتادن ف گرنا۔
آویختن ف لٹکنا اور لٹکانا۔
اوطان ف جمع وطن کی یعنی بہت سے وطن۔
آوان ف ایوان و کوشک و قلعہ و ہنگامہ۔
اوّلین ف سخت و سخنین بہلی چیز۔
اوّرن صیغۂ امر واحد مین سے لینے ڈال۔
اولان ۔ بمعنی ہونے والا اور ممکن بات۔
آوان ف جمع اوان بمعنی وقت اور زمانہ۔

الف با ہا

آہیختن ف کھینچنا تلوار کا میدان کے موقع مین۔
آہن سرد کوفتن ف کوشش بیفایدہ کرنا۔
اہرمن ف شیطان اور باعتقاد مجوس خدا دو قسم ہے ایک یزدان جو نیکوئی کرتا ہے دوسرے اہرمن فاعل بدی کا۔
آہن ف لوہا خوشہو رنگ ہے۔
آہنین ف لوہے کی چیز اور نہایت سخت

الف با یا

ایمن ع امالہ آمن مرد بیخوف و بی دہشت امن کی حالت مین
آیمن ع بہت مبارک و جانب راست یعنے دہنی طرف۔
ایوان ع محل و کوشک و مکان بلند اونچا محل
ایگین ف بمعنی لوہ یعنے ہوا اور سوگند۔
ایسان ع گونہ زمین مین شرق و شمال کے۔
آیدون ف اب ایسا اسوقت ابہی۔
ایران ف مرد طینلی جو مہمان کے ساتھ آئے یا بعضے مصاحب یا بعضے

حسرت و ندامت و عار یعنے ماتم کرنا۔
ایقان ع یقین کرنا تسلی کر کہنا کسی بات پر۔
ایمان ع امان دینا بیخوف کرنا پناہ مین لینا۔
آیمان ع سوگند یا قسمین جو لوگ کہاتے ہین۔
اتیگین ف نام غلام ترک یعنے ترک کے ملک کا غلام
ایان ع کس وقت اور کس موقع پر کس زمانہ مین۔
ایران ف نام ملک جس مین عراق و خراسان و طبرستان و فارس و مہران و آذر آبادگان و کرمان وغیرہ شامل ہین۔
ایستادن ف کھڑا ہونا قائم ہونا کسی مقام پر۔
ایشان ف وہ لوگ یہہ لوگ اور تم لوگ۔
آئین ف قاعدہ طریقہ طرز و روش۔
آنین ع کجا اور کراں ع کس وقت اور کہان۔
ایسوان ف نام ایک شہر کا ہے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف با اور آخر مین نون ہے

با با الف

بان ع نام درخت خوشبو جو عرب مین ہوتا ہے اور فارسی مین رنگ و بو اور بمعنی دارندہ مثل فیلبان و مہربان وغیرہا
وقسم آتشبازی۔
باستان ف کہنہ یا قدیمی گلے زمانہ کا۔
بابنہ ف سیم کی ہوسنے کی
بازرگان ف سوداگر مخفف بازارگان۔
باقلان ع ایک مقام کا نام۔
بابکان ف منسوب بہ بابک جو نام ایک بادشاہ کا تھا
بادنجان باذنجان ف ترکاری ہیگن بتاون

باردان ف جوال وخرجی وگون۔
باغستان ف جس جگہ باغ بہت ہون۔
بافتن ف بننا کپڑے وغیرہ کا۔
بالیدن ف بڑہنا درخت وغیرہ کا۔
بالین ف وہ ٹوکری جس مین عورتین روئی رکہہ کر کاتتی ہین
بالین ف تکیہ جو سر کے نیچے رکہتے سوتے ہین
بامداد ان ف صبح کا وقت فجر کا وقت۔
بادبان ف پہنکہا اور جہاز کی پال
بادیان ف سونف جو مشہور دوا ہے
باران ف مینہہ برسنا بارش کا ہونا۔
باریدن ف برسنا مینہہ کا بارش کا ہونا۔
باطن ف پیٹ اور اندر اور دل اور ضد ظاہر کی۔
بازیدن ف کہیلنا کسی بازی کا۔
بادیافتن ف پانا حاصل کرنا کسی چیز کا۔
بادزن ف بادبان یعنی پنکہا جسسے ہوا لیتے ہین۔
پاسبان ف چوکیدار محافظ کسی چیز کا۔
پاشیدن ف چھڑکنا پانی وغیرہ کا۔
پایان ف منتہا ہر چیز ہین جسکو اہل ہند کہتے ہین۔
پایاب ف دانستہا ولد خبر کسی چیز کا۔
پائین ف نیچی اور منزل زیرین۔
پاختن ف کہیلنا کسی بازی شطرنج وغیرہ کا۔
پاکوفتن ف رقص کرنا ناچنا کود اوجد کی حالت مین۔
پالائیدن ف صاف کرنا میل نکالنا درست کرنا۔
پاربجن ف خلخال پانو کا زیور جسکو جہانجر کہتے ہین
پالودن ف صاف کرنا فضلہ نکالنا کسی چیز سے۔
پارکین ف حوض کوچک جسمین گہندہ پانی جمع ہو۔
پائیدان ف جو تیوں کا مقام جہان جوتیان اوتارین۔
پاریدن ف اوڑنا بلند چڑہنا اوپر کو جانا۔
پالان ف پلاسی جو گدے پر باندہتے ہین۔
پائیدن ف پائیداری کرنا مضبوطی وپختگی کرنا۔
پاگرفتن ف قائم ہونا کہڑے ہونا مضبوط ہونا۔

باہا حاء

بحرین ع رود دریا بحر روم وفارس نام شہر کا۔
بحران ع وہ حرکت طبیعت کا بیماری تپ مین اور چند روز تک

باہا خاء

بخشودن وبخشیدن ف بخشنا گناہ معاف کرنا
پختن ف پکانا کسی طعام وغیرہ کا۔
بخیہ از روی کار فتادن ف راز ظاہر ہونا بہید کہل جانا
برملا ہونا۔

باہا دال

بدن ف آدمی کا جسم۔
بدون ف سوائے وبغیر
بدرود شدن ف وداع ہونا رخصت ہونا۔
بدخشان ف ایک ملک کا نام ہے جو مشہور ہے۔

باہا رائے

برون ف مخفف بیرون باہر گہر سے باہر
برزن ف کوچہ یعنی گلی
برہان ع دلیلین اور حجتین اور اسناد وثبوت۔
برہان ع دلیل حجت وسند وثبوت۔
برین ف برتر بلند اور اونچا مکان۔
برگستوان ف گہوڑی کا لحاف یعنے پاکہر
برشن ع نام قبیلہ گوشت چارپایہ وچیتکال شیر
وچیتکال ہر جانور۔
برہمن ف مشہور قوم ہے۔
برزین ف نام آتش کدہ مجازاً آگ۔
برامدن ف باہر آنا نکلنا
برّان ف کاٹنے والا
براوردن ف اٹھانا
برگشتن ف موڑنا۔
برخستن ف کودنا کسی مقام سے۔

برجیدن ف چگنا کسی چیز کا
برخاستن ف اوٹھنا بخلاف نشستن کے۔
برواشتن ف اوٹھانا کسی چیز کا۔
بردن ف لیجانا۔
برسیدن ف پہونچنا آگ مین
برسیخن اسکا تھہ کا زیادہ کسی چوڑی
برگشتن ف پھر جانا۔
بریان ف بھونی ہوئی چیز جو آگ مین تھوڑی ہوئی ہو۔
بریدن ف کاٹنا قطع کرنا کسی چیز کو۔
پراگندن ف تتر بتر ہونا۔
پرداختن ف بسنوارنا خالی کرنا۔
پرسش و پرسیدن ف پوچھنا بندگی کرنا۔
پرسیدن ف پوچھنا۔
پرسیدان ف پوچھنے والا۔ جو کچھہ بات پوچھے۔
پرسخن خوشنما و لفظ جو ایک مشہور قصہ ہے۔
پرشکان ف گلگلوڑی نقرہ کی۔
پرغلیدن ف کسی کو جنگ پر تیز کرنا۔
پرکاسیدن ف کسی عضو کو منتا لش کرنا۔
پرکردن ف روشن کرنا ظاہر کرنا۔
پرگین ف کانٹون کی باڑ جو گھیر کے گرد یا زراعت کے گرد بناتے ہین۔
پرہیزیدن ف بچنا۔
پریدن ف بھرنا۔
پریدن ف اوڑنا۔
پریشان ف پراگندہ اور بکھرا ہوا۔
پرداختن ف مشغول ہونا فارغ ہونا خالی کرنا ترک کرنا تمام ہونا آراستہ کرنا۔
پریدن ف فخر و تکبر کرنا اور پھر کنا عضو کا۔
پرتابیان ف تیر اندازان جو تیر چلاتی ہین۔
پرنیان ف حریر جنی جو منقش ہوتی ہے۔
پروین و پروین ف ثریا پھہ ستارے چھوٹے جو آپس مین ملے ہوئے ہوتے ہین۔
پروزن غزال بیٹے چنلنی آٹا چھاننے کی

باب ز

پزیدن ف پچانا۔
پزانیدن ف پکوانا۔
پزمردن ف مرجھانا پژمردہ ہونا۔
پزان ف لفظ مفرد شہوت زنان
بزم سنگین ف بڑی مجلس جس مین بہت لوگ جمع ہون۔
پژمان ف بے رونق و غمگین صورت پریشان شکل و مرد غمگین و ہر چیز افسردہ و بے رونق۔
پژوہیدن ف ڈہونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔

باب س

بسیجیدن ف ارادہ کرنا
بستن ف باندہنا پیوند کرنا بنا کرنا تعمیر کرنا۔
بستان ف معرب بوستان باغ۔
پستان ف عورت کی چھاتیان
پسندیدن ف پسند کرنا
پسین ف پچھلا اخیر کسا۔
پساتین ف جمع بستان بہت سے باغ۔
پشدین ف مرجان مشہور چیز ہے جسکو گلی کہتے ہین
پسرشدن ف اخیر ہونا انجام پانا۔
پسان ف مانند یہہ لفظ تشبیہ ہے۔

باب ش

بشولیدن ف خراب کرنا پریشان کرنا بکھیرنا۔
بشخودن ف خراشیدن یعنی چھیلنا کسی چیز کو۔
بشکولیدن ف چالاکی کرنا کسی بات مین۔
پشین نام پسر کیقباد جو شہر بادغیس کا
پشتیبان ف مددگار و حمایتی اور قوت دینے والا
پشیمان ف پچھتاوا سوالا اور ندامت کی حالت مین۔
پشین ف نام ایک مقام اور سرزمین کا ہے۔

باب باطاء

بطن ع شکم جسکو ہندی مین پیٹ کہتے ہین۔

بطین ع تصغیر بطن نام منزل دوم منازل قمر سے۔

بطین ع بزرگ شکم یعنے جسکا بڑا پیٹ ہو۔

بطون ع پوشیدگی وجمع بطن یعنے بہت بیٹے۔

بطلان ع ناچیز ہونا ضایع ہونا خراب وتلف ہونا۔

باب باعین

بعد المشرقین ع مسافت دو مشرق باعتبار فرق زمین ایک کنارہ سے دوسرے کنارے تک۔

باب باکاف

بگران ع تہ دیگی یعنے جو طعام دیگ کے تہ مین ہوتا ہے

بکتیان ف بروزن سکندان نام قوم سلاطین

باب بالام

بلاسکستن ف محروم کرنا ناامید کرنا مایوس کرنا۔

بلگان ف نردبان چوبی یعنے لکڑی کی پوڑی۔

بلاگردان ف صدقہ وقربان وتصدق۔

بلدان ع بہت سے شہر اور بستیان ودیار آبادیان

بلبان ف نام ایک ساز کا جسکو مہنہ چنگ کہتے ہین اور مہنہ سے بجاتے ہین۔

بلسان ع نام درخت جو سوائے قریہ عین الشمس علاقہ مصر کے کہین پیدا نہین ہوتا اور روغن اوسسے نکلتا ہے

باب بانون

بنایان ف معماران یعنے راج جو عمارت بناتے ہین۔

بن ع بیٹا جو کسیکے لفظ سے ہو۔

بنہ بستن ف سفر کرنا رخصت ہونا۔

بند بستن ف امید وار ہونا امید رکھنا کسی سے۔

بنون بیٹے اور اولاد اور نسل وکنبہ۔

بنین ع بیٹے اور اولاد ہوتے اور پوتے۔

بنگران ف تہ دیگی جو طعام ہنڈیا کی تہ کے ساتھ لگ جاتا ہے

بنیان ف بنیاد خانہ نیو دیوار کی آغاز کام کا۔

بنان ع سرہائی گلستان یعنے انگلیون کے سر۔

بن ف بیخ درخت کی اور ابتدا اور اصل ہر چیز کا۔

بنیامین ع بروزن اسمٰعیل نام پسر یعقوب پیغمبر علیہ السلام برادر حقیقی یوسف علیہم السلام ونام شاعر جو عرب مین تھا تھا۔

بنہان ف پوشیدہ چھپا ہوا یعنے جو چیز پردہ مین ہو۔

بنبہ ودہان ف گم گو وکم سخن جسکی عادت خاموشی کی ہو۔

بنبہ کردن ف نرم وعاجز کرنا پامال کرنا۔

بنگان ف وہ کٹورا سی جسکو پانی مین رکھکر اندر بیٹھ کر کاکریتے ہین اور اوسکے نیچے سوراخ ہوتا ہے

پنج ارکان ف پنج رکن مسلمانی کے یعنے کلمہ وپنج نماز وروزہ وحج وزکوۃ۔

پنج نوبت زدن ف اظہار جاہ وجلال کرنا اپنے آپکو دولت مند مشہور کرنا۔

باب باواو

بوقلمون ع قسم دیبائی رومی جو ہر لحظہ نیا رنگ کہلاتا ہے مجازاً رنگا رنگ۔

بواطن ع جمع باطن کے لفظ کی۔

بودن ف ہونا ٹھہرنا۔

بوئیدن ف سونگھنا کسی بو کا۔

پوشیدن ف پہننا۔

پوشانیدن ف پہنانا۔

پویدن ف دوڑنا تلاش کرنا۔

پوزیدن ف عذر خواستن یعنے عذر چاہنا۔

بوستان ف باغ وخوشبو کا مقام۔

پوغدان ف کاہ گیاہ کی جس میں فقیر گدائی کے ٹکڑے رکھتے ہیں۔
پوستین ف قبا جو پوستی جس کے اوپر بال ہوں۔
پوست کندن ف ظاہر کرنا کسی چھپی ہوئی بات کا۔
پوشیدن ف چھپانا چھپنا پردہ میں لانا کسی چیز کو۔
پوسیدن ف پرانا ہونا گھسا ہوا ہونا ناکارہ ہونا۔

باب ہائے

بہمین ف بہت بہتر بہت مناسب بہت اچھا۔
پہلوان ف بہادر زور آور جسیم و فربہ و جوانمرد۔
پہلستان ف نام ایک ملک کا جسکو پہلسہ بھی کہتے ہیں۔
پہرام چوبین ف نام ایک امیر کا جو ہرمز بن نوشیروان کے دربار میں تھا
سب لشکر جسکے ادسکو چوبین کہتی ہیں۔
پہاران ف موسم بہار کا جب سبزہ تازہ پھوٹتا ہے
پہرمان ف گل مصفر یعنے کسنبہ جسسے کپڑے رنگتی ہیں وقسم
تافتہ ابریشمی وقسم یاقوت سرخ۔
پہترین ف بہت بہتر بہت مناسب بہت اچھی چیز۔
پہتان ع افترا اور جھوٹ باندھنا کسی پر۔
پہمن ف نام ماہ و نام بادشاہ بن اسفندیار و نام اژدہا جو پہمن
سرخ و پہمن سفید مشہور ہے اور نام راگ کا و نام
فرشتہ ایک جو ایک فرشتہ ہے
پہن ف فراخ اور چوڑی چیز یا چوڑا میدان۔
پہلو تہی کردن ف الگ ہونا جدا ہونا کسی بات سے۔
پہلو زدن ف برابری کرنا ہمسری کرنا برابر ہونا۔
پہلو دادن ف مدد کرنا حمایت کرنا پناہ دینا۔

باب یائے

پیران ف نام پہلوان لشکر توران خواہر زادہ رستم جو منیژہ
دختر افراسیاب پر عاشق تھا۔
پیابان ف جنگل بے آب و بے دانہ جہاں پانی نہو۔
بے چون ف بے مانند ضد اتفاق جسکے ہم شکل کوئی چیز نہیں ہے
بے ستون ف نام کوہ جسکو فرہاد نے کاٹا تھا۔
پیلقان ف نام شہر کا ہے۔
بیت الحزن ف گھر غم کا نام جو یعقوب علیہ السلام جہاں یوسف کے غم میں
بیگانان ف نادوقت و وقت شب بے موقع
بیقرین ف بے مثل بے نظیر و بے مانند۔
بے سکون ف بیقرار و طناز و شوخ و چلبل
پیران ف نام وزیر افراسیاب بادشاہ کا ہے۔
بین ع درمیان ما بین بیچ کسی چیز کے۔
بین ع ظاہر و آشکار اور نام ایک ساز کا۔
بیان ع ظاہر کرنا کسی پوشیدہ بات کا تقریر کرنا۔
بیلدار ف زمیندار مزدور محنتی مٹی کھودنے والا۔
بیا خالیدن ف ملانا ملانا اور غذا کسی کو۔
بیس القرین ع مصاحبت و ہمنشین ناکارہ۔
بید مجنون ف نام درخت مشہور ہے جسکی شاخیں سرنگوں
ہوتی ہیں۔
بیرون ما بر زیادہ اندازہ سے۔
بینی زدن ف انکار کرنا ناک ٹھراکے بات کرنا۔
بیضہ افکندن ف ڈر نا خوف کرنا دہشت میں آنا۔
بیچیدن لپٹنا اور لپیٹنا مروڑنا بات پڑھانا۔
پیرمغان ف آگ کا پوجاری
پیزیدن ف چھانتا آٹا وغیرہ کا۔
پیشین ف اگلا پہلا زمانہ اور وقت جو گزر چکا ہو اور پچھلی حالت
اور ایام و پیشہ جو سب کے آگے چلے۔
پیشینیان ف اگلے لوگ جو گزر چکے ہیں۔
پیکان ف تیر کا پھل جو لوہے کا ہوتا ہے۔ کیتہ ہیں
پیلبان ف ہاتھی چلانے والا جسکو مہاوت بھی کہتے ہیں

پیمودن ف ماپنا اندازہ کرنا۔
پیوستن ف ملنا وصل ہونا۔
پیراستن ف کم کرنا کاٹنا آرائش دنیا سنوارنا۔
پیرامون ف گرداگرد چاروں طرف
پیرامن ف مخفف پیرامون آس پاس۔
پیش بین ف دانا تامل اندیش آدمی۔
پیختن ف جانچنا صاف کرنا کسی چیز کا۔
پیر کنعان ف یعقوب علیہ السلام کا خطاب ہے۔
پیمان ف قول اقرار وعہد جو کسی سے کیا جائے۔
پے کردن ف عاجز کرنا سراغ ڈھونڈنا تعاقب کرنا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان میں جن کا اول حرف تا اور اخیر میں نون ہے

تا با الف

تابین ف کسی چیز کے درپے ہونا اور پیروی کرنا۔
تابدان ف روشندان جو کسی حجرہ میں ہو۔
تازیان ف دوڑنے والا تیز چلنے والا۔
تابعین ع جماعۃ تابعدار رسول مقبول علیہ السلام۔
تابان ف چمکتا ہوا روشن چمکدار چیز۔
تابستان ف گرمی کا موسم مقابل زمستان کے۔
تابیدن ف چمکنا روشن ہونا چمکارہ دینا۔
تاختن ف دوڑنا تیز رفتاری سے چلنا۔
تازیدن ف دوڑنا تیز چلنا حملہ کرنا۔
تافتن ف تپنا چمکنا روشن ہونا۔

تا با باء

تبیان ع روشن وہویدا وظاہر وبرملا۔
تبین ع خشک تیز اور گھاس و خشک لکڑی وغیرہ۔
تبیین ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی مضمون کا زبان سے۔
تبرخون وتبرخون ف قسم جب جو سرخ رنگ ہوتا ہے بعض کے نزدیک ہیں نام صندل سرخ کا ہے۔
تباین ع فرق وجدائی ومخالفت وضد وعداوت۔
تبرزین مخفف تبرزوجوزین میں کہہ لیتے ہیں۔
تبیدن ف گرم ہونا اضطراب وبیقراری وجوش غضب۔

تا با تاء

تتن ترکی میں تنبا کو کو کہتے ہیں جسکا دھواں لوگ پیتے ہیں

تا با جا

تخزن ع غمناک ہونا فکر واندیشے میں پڑنا۔
تحسین ع آفرین کہنا شاباش کہنا نیک کہنا۔
تحصن ع حصار میں ہونا قلع بند ہونا۔
تحنن ع مہربانی کرنا رحم کرنا نرمی کرنا۔

تا با خاء

تختیدن ف بلند بیٹھنا سے اونچے مکان میں رہنا۔
تخت سلیمان ف نام کوہ جو کشمیر میں ہے۔
تخمین ع اندازہ کرنا کسی چیز کا وزن یا شمار میں۔

تا با دال

تدفین ع دفن کرنا زمین میں دبانا کسی مردے یا خزانہ کو
تدوین ع جمع کرنا تالیف کرنا مجموعہ بنانا۔
تدین ع دیندار ہونا نیک راستی پر چلنا۔
تدہین ع روغن ملنا چرب کرنا کسی چیز کو تیل کی طرح چیز پر کرنا۔

تا با راے

ترشدن ف شرمندہ ہونا عرق عرق ہونا شرمندگی کی حالت میں
تردامن ف بدکار وفاسق وفاجر وگنہگار۔

ترزبان ف فصیح زبان و تیز زبان و مرحصا تقریر۔
ترقیدن و ترکیدن ف پھٹنا شگافتہ ہونا۔
ترجمان ف زباندان ترجمہ کرنیوالا ایک زبان کی دوسری مین
ترکمان ت نام قوم ترک جو بڑے جوانمرد ہوتے ہین۔
تحریر قین ع سطرون کو پاس پاس لکھنا بغیر مدّ بین السطور کے
آرایش دینا و خضاب کرنا زنگنا اصلاح دینا۔
ترکن ف گل نسرین جسکو چمیلی کہتے ہین۔
ترنگبین ت ترنجبین مشہور دوا ہی اور شیرین ہوتی ہے
تردیدن ف بمعنے کشیدن و رسیدن یعنی کھینچنا اور پہونچنا
ترکان لقب خان ترک یعنے ترکی عورتون کا خطاب
ترک چین ف آفتاب باعتبار اسکے کہ وہ چین کی طرف نکلتا ہے
ترشیدن ف چھیلنا کاٹنا تراشے کرنا۔
تراویدن ف ٹپکنا قطرہ قطرہ ہوکر گرنا۔
ترنجبین ع مشہور دوا ہے اسکو ترنگبین بھی کہتے ہین۔
ترازوی پولاد سنجان ف نیزہ پہلوانون کا۔
ترخان فرودہ شخص جسکو بادشاہ نے موروثی عطا کیا ہو
تخم کیا ہو قسم پودینہ کا اور نام قوم چغتائی درویش
وسردار وسرکردہ۔

تا با ذے

تزئین ع زینت دینا سنوارنا شگار کرنا خوبصورت بنانا۔

تا با سین

تسخین ع گرم کرنا آگ پر ہونے غیرہ سے۔
تسخین ع پاپوش یعنی کفش
تسمین ع فربہ کرنا روغن کھلانا
تساوی الطرفین برابر ہونا دو نو طرفون سے۔
تسعین ع عدد نوے نوے۔
تسکین ع تسلی دینا آرام دینا خاطر جمع کرنا۔

تا با شین

تشرین ت زبان رومی نام ماہ کا نام کا ہے۔
تشئین ع شان یا عزت و آبرو یا ناصاحب رتبہ ہونا۔

تا با ضاد

تضمّن و تضمین ع قبول کرنا ضامن کرنا اپنی پناہ مین لانا
اور دوسرے شاعر کے شعر کو اپنے شعر مین لانا۔

تا با عین

تعیین ع معین کرنا خاص کرنا مقرر کرنا۔
تعقّن ع بدبو جو مردار وغیرہ سے آئے۔
تعدیل الارکان ع اچھی طرح نماز پڑھنا بادے قیام و
رکوع وسجود وقعدہ۔
تعاون ع مدد گاری کرنا حمایت کرنا کسی کی۔
تعیّن ع مخصوص ہونا مقرر ہونا کسی بات پر۔

تا با غین

تغابن ع نقصان و زیانکاری مین ڈالنا رنج و محنت پہونچانا
مجازاً افسوس و حسرت۔

تا با فاء

تفنن ع گونہ گونہ شاخ شاخ ہونا طرح طرح کی حالتون مین ہونا
تفسیدن ف و تفسّیدن ف کرم ہونا غضب مین آنا۔
تفسان ف گرم اور گرمی کی حالت مین۔
تفتان ف جو چیز آفتاب مین گرم ہوا اور قسم نان یعنی
جسکو بُرا اٹھا کہتے ہین۔

تا با کاف

تگین ت نام بادشاہ یا سلطان محمود غزنوی جو مشہور بادشاہ ہے
تگین ت پہلوان آتش وحوض خورد پانی کا تالاب۔
تکفین ع کفن پہنانا مردہ کو پردے مین لانا۔
تکوّن ع ہوجانا وجود یا ہستی مین آنا۔

تلوین ع ہمیشہ اکرنا وجود دینا ظاہر کرنا بنانا۔

تا با لام

تلقین ع سمجھانا تعلیم دینا خود لقن سے بمعنی فہمیدن۔
تلوین ع رنگا رنگ کرنا طرح طرح کا بنانا۔
تلوّن ع رنگا رنگ ہونا طرح طرح کا ہونا۔
تلخ خراج کافرستان یعنے ناشکر لوگ۔

تا با میم

تمرستان ف باغ خرما جس باغ میں کھجور کے درخت ہوں
تمکین ع قرار پانا ٹھہرانا مجازاً قدر و منزلت و عزت و رتبہ
تمکّن ع جگہ پکڑنا قائم ہونا سکان لینا۔
تمن ف دس ہزار آدمی اور دس ہزار فوج کا دستہ۔
تمدّن ع شہر مین بود و باش کرنا شہر مین رہنا
تمرّن ع نرم ہونا عادت کرنا کسی کام پر عادی ہونا۔

تا با نون

تن زدن ع خاموش ہونا دل چرانا علیحدگی کرنا۔
تنبان ت پاجامہ غرارہ کمر سے لپٹنے کا کپڑا۔
تنیدہ ریسمان ف اٹیا سوت کی۔
تن ف بدن و تنخواہ اور امر تنیدن سے۔
تنوین ع نون پیدا کرنا دو حرکتون کے ساتھ۔
تنین ع اژدہا بڑا سانپ اور قسم بڑے سانپ کا۔
تنانین ع جمع تنین یعنے بہت سے سانپ اژدہا۔
تنیدن ف کپڑا بننا پیدا کرنا گرد پہرا اور سوت کاتنا۔
تن دردادن ف قبول کرنا مان لینا کسی بات کا۔
تنگ ترکان ف نام مقام

تا با واو

تواماں ف بروزن نوجوان وہ بچہ جو ایک حمل سے پیدا ہوں
تورانی نام ملک بہت مشہور و معروف ہے۔
توسن ف چالاک گھوڑا اور تیز رفتار۔
توختن ف حاصل کرنا جمع کرنا ادا کرنا گزارنا۔
توشقان ت مرغوش جو شہور جانور ہے۔
تولیدن ف بمعنی زیدن یعنے بیاگنا۔
توہین ع اہانت کرنا کسی کو برا کہنا عزت کو نا۔
تون ف بچہ دان حمام و سوراخ حمام و کلخن و جا سرگین۔
تومان ت دس ہزار رز نقد و گروہ و پرگنہ۔
توان ف زور و قوت و طاقت
توقان ع شہوت و آرزو و خواہش۔
توشدان ف تہیلا خوراک کہنے کا۔
توطن ع وطن اختیار کرنا سکونت کرنا۔
توزین ع وزن کرنا تولنا کسی چیز کو۔
توانستن ف سکنا طاقت رکھنا کسی بات پر۔
توپ زمان ف توپ چلانے والا نشانہ لگانے والا۔
توپ زدن ف توپ چلانا گولا مارنا۔

تا با ہا ے

تحسین ع ذلیل کرنا ذلت و خوار رکھنا کسیکو۔
تہمتن ف بمعنی رستم کا ہے۔
تہاون ف خوار و ذلیل رکھنا بے عزت رکھنا۔
تہ نشین دب جانیوالا نیچے بیٹھ جانے والا۔

تا با یا ے

تین ع انجیر جو درخت و میوہ مشہور ہے۔
تیمّن ع بابرکت ہونا مین بھلا ہونا۔
تیروان ف ترکش جس مین تیر رکھتے ہین۔
تیقن ع یقین کرنا تسلی پانا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ثا اور اخیر مین نون ہے

ثا با الف

ثانی اثنین ف مثل مانند و نظیر و تشبیہ

ثامن ع آٹھوان اور آٹھوان حصہ یعنے آٹھ مین سے ایک

ثا با خاء

ثخین ع محکم و مسطر و مضبوط و قوی و پر قوت۔

ثخن ع حجم و مسطری و مضبوطی و موٹاپن کسی چیز کا۔

ثا با عین

ثعبان ع بڑا مانپ یعنے اژدہا جو ایک قسم کا مشہور بڑا سانپ ہے

ثعامین ع بڑے سانپ یہ لفظ ثعبان کی جمع ہے۔

ثا با قاف

ثقلین ع دو گروہ عالم جن و انس مجازاً دو جہان۔

ثا با لام

ثلثان ف دو حصے تین حصون مین سے یعنے جو تین مین سے جاہ

ثلاثین و ثلاثون ع تیس عدد مین جسکو فارسی مین سی کہتے ہین

ثا با میم

ثمن ع قیمت اور مول اور بہاو کسی چیز کا۔

ثمان ع آٹھ ۸۔ عدد مین جسکو فارسی مین ہشت کہتے ہین

ثمن و ثمن ع آٹھوان حصہ کسی چیز کا یعنے آٹھ مین سے ایک

ثمین ع گران قیمت چیز جو ارزان نہو۔

ثا با واو

ثوران ع جوش و فتنہ اور غبار اور دھنا اندھیری آنا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف جیم اور اخیر مین نون ہے

جیم با الف

جان ع نام ابوالبشر کا یعنے توم جن و پری کا بڑا باپ جسکو آدم نوع انسان کا باپ ہے۔

جان ف روح و قوت و طاقت و دل اور وہ قوت حیوانی جسسے انسان جیتا ہے۔

جان جان ف ذات ربانی جسکے متعلق ہر ایک شی جان کی زندگی ہے۔

جام جہان بین ف جام کیخسرو جسسے از روی نجوم کے حال ایک سال آیندہ کا معلوم ہو جاتا تھا کہ آیا آیندہ سال مین کون کون واقعہ و قوع مین آنے والا ہے۔

جانان ف معشوق بہت پیارا اور محبوب جسکے ساتھ محبت ہو

جانشین ف قائم مقام و مسند نشین و وارث کسیکے مال و ملک کا

جانمین ع ہلاک ہونیوالی حرکت ہونیوالی مرجانیوالے لوک

جانبین ع دونو طرف آگے پیچھے داہنی بائین

جان کندن ف جان توڑنا نزع کی حالت مین ہونا۔

جاودان ف ہمیشہ اور نت اور مدام۔

جامیدن ف شاشیدن بول کرنا پیشاب کرنا۔

جامین ف بول و راز نگہنا موتنا۔

جانیدن ف فریاد کرنا نالہ و زاری کرنا۔

چاکران ف نوکر لوگ خدمتگار لوگ۔

چارپنکیر گفتن ف تارک ہونا جنازہ پڑہنا۔

چاہیدن سر و دندن یعنے سر دہونا ٹھنڈا ہونا۔

چارزبان ف پرگو آدمی فضول گو شخص۔

چارمیخ شدن ف محکم ہونا مضبوط ہونا۔

چارخوان ف چار جوی بہشت جو بہشت میں جاری ہیں۔
چارطوفان ف یعنے طوفان آب قوم نوح پر اور ہوا کا طوفان قوم ہود پر اور طوفان آگ کا قوم لوط پر وطوفان خاک کا قوم صالح پر۔
چارارکان ف اربعہ عناصر آگ پانی خاک ہوا۔
چاہ کن ف ظلم اور بدی کرنے والا۔

جیم با با

جنین ع بچہ پیٹ ماتہا انسان کا۔
جنین ع بچہ اور سنپولی دودہ کی جو پانی سے الگ کیجائے
اور بزدلی یعنے لڑائی سے ڈرنا بزدلی۔
چپیدن یا چفیدن۔ بیوستن بچیزی یعنے ملنا اور پیوند یا کسی چیز کے ساتہہ۔
چکن ف انگرکہہ جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔
چپیدن ف سیل کرنا بجانب چپ اور ایک طرف سے دوسری طرف پہیرنا
چنان ع بدول و مرد دل یعنے ضد بہادر۔
چنان ع صحرا و جنگل و ویرانہ زمین۔

جیم تا تاء

چترزن ف کشتی گیروں کی ایک قسم کی ورزش کا نام ہے۔
چترسیمین ف چودہویں کا چاند جس رات چاند پورا ہوتا ہے
چترعنبرین ف کنایہ زلف جسکو فارسی میں سنبل اور عربی میں [illegible]

جیم با ثاء

چثمان ف بدن و تن و جسم آدمی کا۔

جیم با جاء

چچیدن ف۔ یا چفیدن کوشش و سنیزہ کرنا سے و تکلیف کرنا

جیم با دال

چدران ف جمع جدر دیوار کا یعنے بہت سی دیواریں
چدیدان روز و شب دن رات۔

جیم با ذال

چذلان ع خوش و خرم و خوشی کی حالت میں۔

جیم با رے

چرین ع جس جگہہ کھجوروں کو خشک کریں۔
چریان و چریاں ع جاری ہونا پانی کا و نام مرض ہے
چریدن ف غالب آنا فتح پانا۔
چرخ کمان ف حلقہ کمان کا جسپر چلہ ہوتا ہے۔
چرمدان ف کیسہ چرمی۔
چرانیدن ف چرانا گہاس کا۔
چرب زبان ف خوشامدگو
چرخ زرین ف چوتہا آسمان و مقام آفتاب۔
چرخ زدن ف ناچنا رقص کرنا
چرگین ف سیلاو خراب۔

جیم تا سین

چستن ف کوہنار غند مارنا۔
جستن ف ڈہونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔
چشانیدن ف چکانا۔
چسپیدن ف چکنا پیوند ہونا۔

جیم با شین

چشن ف مجلس شادی کی محفل کا مقام۔
چشم رسیدن ف نظر لگنا۔
چشم سیاہ کردن ف حسد کرنا کسی کا مال و دولت کو دیکہہ کر
چشم سرخ کردن غضبناک ہونا غصہ کرنا۔
چشم بندان ف ساحران جادوگران۔
چشیدن ف چشانیدن ف چکہنا چکہانا کسی ذائقہ اور چیز کا

جیم با عین

چغیدن ف کہینچنا دم مارنا۔
جغرافیان ف واقفان علم ہیئت و اشکال ارضو

جیم با فاء

جفتہ زدن ف غلام کرنا جفت کے معنی سرین کے ہین۔
جفت شدن ف جماع کرنا ہم صحبت ہونا۔
جفت ران ف ہل چلانیوالا کھیتی کرنے والا۔
جفتن ع آنکھون کی پلکین اور پردے آنکھون کے۔
جفن ع تلوار کا میان جو تلوار کے اوپر ہوتا ہے۔
جفان کا سا ہے بزرگ و شاخہاے انگور۔
جفیدن و جفسیدن ف بمعنی جسپیدن یعنے چپکنا ملنا اور پیوند یا ناکسی کے ساتھہ۔

جیم با کاف

جگربند پیش زانو نہادن ف اختیار کرنا محنت و بلا کا مشقت کرنا۔
جگر داشتن ف تاب طاقت رکھنا کسی بات پر قائم رہنا
جگر باختن ف ڈرنا خوف کرنا دہشت مین آنا۔
چکیدن ف ٹپکنا پانی وغیرہ کا قطرہ قطرہ ہوکر۔
چکان ف ٹپکنے والا قطرہ قطرہ ہوکر گرنے والا۔
چکن ف قسم جامہ کا اور ایک طرح کا کشیدہ کپڑا۔

جیم با لام

جلاوطن ف پردیس جانا اپنا وطن چھوڑنا۔
جلجان ع کشنیز یعنے دھنیان۔
جلبان ع ماش سبز یعنے مونگ جو ایک قسم کا غلہ ہے
جلیدن ف مصلحت سزاوار ہونا لائق ہونا یہہ لفظ فارسی
جلستان ف دست ہے آرنے مین جیسے دقت دوبانہ۔

جیم با میم

چمیدن ف خرامیدن یعنے ٹہلنا کر چلنا اکڑ کر چلنا
چمان ف ناز سے چلتا ہوا اکڑ کر چلنے والا۔
چمن ف جاے خوامیدن مجازاً باغ و گلزار جس جگہہ لوگ سیر کو جائین۔

چمین ف بول فائط جہاڑ پیشاب۔
چمان ع مروارید یا چاندی کے موتی مصنوعی۔

جیم با نون

جنان ع جمع جنت جسکے معنی بہشت کے ہین۔
جنبیدن ف ہلنا جنبش کرنا۔
چندین ف کسی قدر کسی مقدار تک۔
جن ع اسم جنس قوم پری جو مشہور پیدائش ہے
جنن ع سپر یعنے ڈہال جو مشہور ہتہیار ہے۔
جنین ف وہ بچہ جو ماں کے پیٹ مین ہو۔
چندان ف کسی قدر کسی مقدار تک۔
چنان ف کلمہ اشارت ہے
چنین ف اسطرح اسمل مین چونین تہا۔
چنگیز خان نام بادشاہ ظالم جو ملاحدہ مذہب تہا۔
چنبر جہاندن ف گرد اگرد پہرا مانیرہ پہرانا۔
چناچن ف آواز تیر کی جو چلانیکے وقت نکلتی ہے۔
چندن ف صندل یہہ لفظ فارسی و ہندی مین شترک ہے

جیم با واو

جوزن ف جادو گر ساحر ساز آدمی۔
جولستان ف ہموار جنگل جہان نشیب و فراز نہو۔
جوان ف گبرو بالغ آدمی۔
جوشاندن ف جوش دینا۔
جوعان ع بہوکہا گرسنہ۔
جویان ف ڈہونڈنے والا۔
جوئیدن ف ڈہونڈہنا جستجو کرنا۔
چوبین ف لکڑی کی چیز جو لکڑی سے بنائی گئی ہو۔
جوشن ف سینہ زرہ و نوع لباس حلقہ۔
جولان ف دوڑنا دوڑانا گھوڑا دوڑانا اور گرد پھرنا اور

وہ زنجیر جو قیدیوں کو پہناتے ہیں۔
چوپان ف گلہ بان یعنی گوسفندی کو چرانے والا شخص۔
جوشیدن ف غضب میں آنا اُبلنا اور بلا ناجوش دینا۔
چوشیدن ف جوش سنا کسی چیز کو۔
چوبک زن ف پاسبان چوکیدار اور نقارہ بجانیوالا۔
چون ف جب جبوقت مانند مثل
چوخیدن ف لغزیدن یعنے پھسلنا کسی مقام سے۔
چوگان ف صولجان یعنی گیند کی وہ لکڑی جسکا سر خمیدہ ہو

جیم با ہاء

جہانیدن ف کودانا اور جہلانا دنیا گھوڑے کو۔
جہانیان ف جہان کے لوگ تمام مخلوقات۔
جہان ف کودنے والا اور زمانہ۔
جہار رکن فہ چار رکن کعبہ یعنے منیار شامی دیکھنے والے عراقی و خراسانی
چہل تنان ف چہل ابدال وہ چالیس اولیاء جو حضرت علی نے پاسبانی تمام سرزمین کی اون کے متعلق کی ہے۔

جیم با یاے

جیحون ف نام ایک دریا ہے نزدیک بلخ کے۔
جیران ع جمع جار ہمسایگان دیوار بدیوار
جیلان ع نام ایک ملک کا ہے جسکو گیلان بھی کہتے ہیں
چیدن ف چننا
چیستان ف معمّا پہیلی۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان میں جنکی اول حرف حا اور اخیر میں نون ہے

حا با الف

حال گردیدن ف متغیر ہونا ایک حالت سے دوسری حال میں

حال گردن ف وجد کرنا رقص کرنا مستی کی حالت میں

حا با باء

حبل المتین ف رسن استوار مجازاً قرآن مجید کلام ربانی

حا با دال

حدثان ع حوادث وقوع میں آنے والے حادثہ۔
حداثت سن ع نوجوانی و خوردسالی۔

حا با راے

حرمین ع دو حرم ایک کعبے دوسرے روضۂ رسول۔
حرمان ع ناامیدی محرومی بے نصیبی کم قسمتی تنگی و افلاس
حرّان ع مردشنہ نام شہر شام میں جو مولد ابراہیم آتش پرست تھا۔
حرامیان ف چور و رہزن یعنی ڈاکو لوگ جو راستہ لوٹتے ہیں
حرون ع سرکش نافرمان و شوخ و تنگ مزاج آدمی۔
حرف زدن ف سخن کہنا بات چیت کرنا تقریر کرنا۔

حا با زاے

حزین ع غمناک جو کسی اندیشے و فکر میں ہو۔
حزیران رومی زبان میں ماہ اساڑھ کا نام ہے جو شہر جون میں پڑتا ہے
حزن و حزین ع غم اندوہ و فکر و اندیشہ۔

حا با سین

حسن ع خوب نیکو نام امام دوم از ائمہ اثنا عشر جو حضرت علی کے بڑے بیٹے تھے اور پیغمبر صلعم کے فرزند علی المرتضے کے تھے
حسن ع خوبی و نیکوئی و بہتری۔
حسین ع تصغیر حسن نام امام سوم از ائمہ اثنا عشر جو حضرت علی کے بیٹے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے فرزند علی المرتضے کے تھے
حسن بسن ع بہت نیک نہایت اچھا بہت خوبصورت۔
حسان ع بہت خوبرو نام شاعر جو رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا تھا۔

حُسبان ع شمار کرنا اندازہ کرنا وعذاب۔
حِسبان ع پندا شتن جاننا پہچاننا۔
حساب نگرفتن ف معتبر سمجھنا حساب نہ لینا۔

حا با صاد

حِصن ع قلعہ وجائپناہ وچار دیواری سخت ومضبوط۔
حُصن ع عفت زن یعنی عورت کے پارسائی وشرم جانی۔
حُصُون ع قلعہ اپنے بہت سے قلعی جمع حصن کی۔
حَصُون ع مرد پرہیزگار وصاحب عفت و پارسا۔
حَصِین ع محکم ومستوار وقدیمانہ ومضبوط نخان۔
حِصان ع اسپ نر جسکی نسل رکھی جاتی ہے گھوڑا نسل رکھنے کا

حا با قاف

حقن ع بازرکھنا بند رکھنا ٹھہرا رکھنا۔

حا با کاف

حکمت العین ع نام کتاب جو علم حکمت میں ہے۔
حکمران ف حاکم بادشاہ فرمانفرما عدالتی۔

حا با لام

حملان ع بچہ بزوگوسپند جو شہور جانور ہے۔
حلقہ بر در زدن ف آگاہ کرنا خبردار کرنا۔
حلوان ف بکری کا بچہ جسکا گوشت نہایت نرم ہو۔

حا با میم

حمدان وحمدون ع آلت تناسل مذ طلاحا۔

حا با نون

حَنِین ع آزومندی گریہ ونالہ اور چلا کر رونا نوحہ کرنا۔
حُنین ع نام معاصیان مکروہ یعنی جو نہایت سپر رہے نام مرد علامہ نام مرد کفش دوز۔
حَنّان ع بخشنے والا رحمت کرنے والا اور نام خدا کا۔

حا با واو

حواریان ع دوستان عیسی علیہ السلام دگازران یعنی دھوبی لوگ۔
حُور یان ع خوبان پیکر صورت پیدائش بہشت میں ہے۔
حُورُ العین ع قسم حور بہشت جو نہایت خوبصورت ہے۔

حا با یا

حِین ع وقت اور زمانہ جو ماضی یا حال واستقبال کے متعلق ہو۔
حَین ع مرگ موت ہلاکت۔
حَیوان ع زندہ ہونا مجازاً ہر شخص زندہ وجاندار۔
حِیطان ع چار دیواری مکان جمع حائط جسکے معنی عالم کے ہیں
حِیتان ع جمع حوت ماہیان یعنے مچھلیاں دریائی۔
حیز بون ت زن پیر یعنے بوڑھی عورت نہایت ضعیف وکم طاقت عورت۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان میں جنکی اول حرف خا اور اخیر میں نون ہے

خا با الف

خافقین ع دو طرف مشرق ومغرب شرق ودرو دست اور انتہا
خاتون ت بی بی یعنی عزتدار عورت امیر کی بی بی شاہزادی
خان ف ت اصل سکا قاآن تھا لقب بزرگان دبادشاہان وامیران قوم مغول تھا۔
خان ومان ف گھر بار خاندان گھر کے تعلق لوگ وسامان۔
خایۂ غلامان ف ایک قسم کا انگور کابل میں ہوتا ہے۔
خاطر نشان ف تسلی اطمینان وخاطر جمع۔
خازن ع خزانچی جسکے پاس روپیہ اور نقد مال رہے۔
خاقان ت بادشاہ بزرگ لقب بادشاہ چین وترکستان۔
خاندان ف بڑا گھر بڑا خاندان امیر کا گھر اور گھر کے لوگ
خائن ع خیانت کرنے والا بخلاف امین کے۔

خاکدان ف کنایۃ زمین و جہان اور تمام دنیا۔
خارقان ف نام موضع نزدیک شہر بسطام کے۔
خانہ کن ف کھجا جادو کھالا ویران کرنیوالا اپنے آپ کو
خاریدن ف کھجلانا خارش کرنا۔
خاستن ف اوٹھنا کھڑا ہونا قایم ہونا۔
خاصدان ف ضروری چیزین رکھنے کا برتن۔
خاصان ف خاص لوگ شستہ دار لوگ۔
خان خانان ف یہہ ایک بادشاہی خطاب ہے۔
خانسامان ف دارو غہ جو کسی کام پر مختار ہو۔
خائیدن ف چبانا طعام کا دانتون سے کھانے کھانیکے
خارچین ف کانٹونکی باڑ جو کھیتی کو گرد اگرد سے حفاظت کی لگاتے ہین
خایہ نہادن بیضہ دینا جانور کا انڈا دینا آدمی کا کسی مصیبت سے

خا با ء

ختن ع کپڑے مین چین ڈالنا سی کرنا تہ کرنا کسی جامہ کا۔

خا با تا ء

ختن ت نام شہر کا جو حدود چین مین واقع ہے۔
ختن ع داماد یعنی لوکا خدا لڑکا محبوب اور شخص جو دختر کا شوہر ہو

خا با دال

خدایگان ف بادشاہ وخداوند و مالک و ولی نعمت۔

خا با دال

خذلان ب نصیبی خرابی دوبرائی و کم قسمتی۔

خا با رے

خرمن ف تودہ غلہ جسمین ابھی بھوسہ باقی ہو و غلہ کو بھی
جدا بھی حوشہ مین ہو۔
خراشیدن ف چھیلنا کسی چیز کو۔
خرامیدن ف ناز سے چلنا شوخ ترچلنا۔
خرچین ف چارجامہ کا تھیلا۔
خروشیدن ف شور کرنا فریاد کرنا چلانا رونا۔
خریدن ف مول لینا کسی چیز کو دام دیکر۔
خراسان ف نام ایک ملک کا جو شہور ہے۔
خرامان ف خوش رفتار آدمی۔
خرا طین ع خرا تین ف کرم دراز جو زمین نمناک مین ہوتے ہین
خرزن ف تازیانہ جسسے گھوڑے کا چابک۔

خا با ز ے

خزائن ع جمع خزانہ یعنے بہت سے خزانے دولت کے
خزیدن ف گھسنا چیرنا مقام مین۔
خزان ف موسم زمانہ بہار جاڑے کا موسم
خزران ج نام ولایت کا جو قریب ترکستان کے ہے۔

خا با سین

خسران ع زیان و نقصان جو کسی تجارت مین واقع ہو۔
خساندن و خسانیدن ف فرکرنا داڑھی کو دانتونمین
خسپیدن ف سونا آرام کرنا۔
خستن ف توڑنا زخمی کرنا پارہ پارہ کرنا۔
خسیدن ف دانتونمین چبانا کسی چیز کا درمیان سے کہانے کے

خا با شین

خشن پلاس یعنے ٹاٹ اور عربی مین ہر چیز سخت
اور زخم بیماری جسسے چمڑا سخت ہو جاتا ہے۔
خشمگین ف غضبناک و غصہ کی حالت مین۔

خا با صاد

خصین ہر جسسے لکڑیان چیرنے مین بندہی کو ٹاڑا

خا با ضاد

خضر خان ف ایک شاہ ہند کا نام ہے جو شاہ تیمور کا نائب تھا

خا با طاء

خط ریحان ف ایک قسم کا خط مستعلیق کا نام ہے
خط کشیدن ف ترکیب کرنا درکرنا محو کرنا۔

خطر برآب کشیدن ف بے فائدہ کام کرنا اور وہ کام کرنا جو ناپائیدار ہو۔

خا با فا

خفقان ع گھبرانا دل کا دھڑکنا چھاتی کا۔
خفقان ع جاڑہ سیاہیان جسکو جلتہ کہتے ہین۔
خفتن ع سونا آرام کرنا نیند مین ہونا۔

خا با لام

خلجان ع تردد و تفکر و آغلیط نفسی
خلاشان ع حاسدان و دشمنان عیوبی لوگ
خلقان ع جامہ پوسیدہ کہنہ جمع خلق کی
خلع بدن اپنا قالب جو دیکر روح کو دوسرے قالب مین لے جانا جو ایک عمل جوگیون کا ہے نام اس عمل کا سیمیا ہے۔
خلان ع دوستان جمع خلیل کے لفظ کی ہے۔
خلانیدن ف چبانا کسی کا سنٹے یا نشتر کا۔
خلیدن ف چبھنا کسی کانٹے یا نشتر کا۔

خا با میم

خموشیدن ف چپ رہنا بات چیت کرنے سے
خمیدن ف ٹھہرا ہونا کوزپشت ہونا کبڑا ہونا۔

خا با نون

خندیدن ف تالی بجانا نمایان ہنسنے کے وقت
خندان ف وہ شخص جو ہنستا ہو۔
خندیدن و خندہ بدن ف ہنسنا اور ہنسانا۔

خا با واو

خوش عنان ف گھوڑا کہ رفتار جسکی ہموار مسکت تیز ہو
خوشیدن ف خشک ہونا بے آب ہو جانا یا سوکھ ہونا۔
خوشانیدن ف خشک کرنا بے آب بے رونق کرنا۔
خوستن ف ساس مرد یا عورت کی۔
خوان ف خواہ کچھ طعام کا جسمین بہت سے کھانے رکھے ہون
خواستن ف چاہنا طلب کرنا خواہشمند ہونا۔
خواندن ف پڑھنا کسی کتاب و خط کا۔
خورجین ف چمڑے کا تھیلا جسمین اسباب رکھا جاوے
خوردن ف کھانا طعام وغیرہ چیزون کا۔
خویشتن ف آپ اور اپنا۔
خویشان ف رشتہ دار قریبی لوگ۔
خوانین ج جمع خان کے لفظ کی بہت سے سردار۔
خواقین ج جمع خاقان یعنے بہت سے بادشاہ۔
خواتین ف بی بیان جمع خاتون کے لفظ کی ہے۔
خوردان ف بچے اور لڑکے جو کم عمر ہون
خوردنیدن ف کھانا کسی چیز یا طعام کا۔
خورستان ف نام ملک جو فارس کی ولایت مین واقع ہے
خولنجان ف نام دوا یعنے برگ تنبول پان کے پتے ہندی مین کاچن اسکا نام ہے۔

خا با یاء

خیابان ف جمن کیاری جو باغون مین بناتے ہین۔
خیون ف گرد و غبار گھوڑے و لشکر وغیرہ۔
خیسیدن ف بھیگنا تر ہونا کسی چیز کا پانی سے۔
خیزران ف ایک قسم درخت بید کا ہے۔
خیروان ف نام قصبہ جائے ظہور امام مہدی علیہ السلام۔

آٹھوین فصل

دون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف دال اور اخیر مین نون ہے

دال با الف

دائن ع قرض دینے والا جو کسیکو قرض دیوے۔
دادن ف دینا بخلاف گرفتن کے۔
داجن ع ابر گھٹا گھنگور پوشیدہ کرنیوالا سایہ دار۔
دارالامان ع خانہ کعبہ اور بہشت اور امان کا گھر
دارین ع دونو جہان مین دونیا زندگی موت۔
داشتن ف رکھنا کسی چیز کا اپنے قبضہ مین۔
دانستن ف جاننا علم حاصل کرنا آگاہ ہونا خبردار ہونا۔
دامن و دامان ف کنارہ کپڑے کا انچل
داستان ف قصہ حکایت و سرگذشت کسی کا۔
والالان ف مشہور لفظ ہی اگر کوئی جسمین سے آدمی بیٹھ سکین
دامغان نام ایک شہر کا ہے۔
دامن افشاندن ف ناز کرنا ترک کرنا انکار کرنا کسی بات سے
دامن چیدن ف کنارہ کرنا الگ ہونا تارک ہونا۔

دال بار

دلبستان ف حامی ادب بیٹے بکتے دلبستان کا اصل ہے۔

دال خاء

دخان ع دود یعنی دہوان جو آگ سے نکلتا ہی
دخن ع غلہ ارزن جسکو جنا کہتے ہین

دال رائے

درمان ف علاج بیماری کا معالجہ کسی درد کا۔
دزن ف زلو یعنے جونک مشہور کرم سیاہ ہے
دزدن ف سوزن اصل مین ف بند تہا ہندی سوئی
درخشیدن ف چمکنا جلوہ گر ہونا روشن ہونا۔
درودن ف کاٹنا لکڑی اور کھیتی کا
درخشان و درفشان ف روشن اور چمکتا ہوا۔
درازشدن ف سونا لیٹ جانا۔
دربان ف چوکیدار دربا سبان و محافظ۔

درامدن ف آنا کسی مقام سے
دراویختن ف لٹکانا لٹانا دشمن سے۔
درباختن ف ضائع کرنا کھیلنا ہار دینا۔
درماندن ف عاجز ہونا کمزور ہونا رہ جانا۔
درمیان ف بیچون بیچ دو حصے کے بیچ مین۔
دریدن ف پہاڑنا پارہ کرنا کسی کپڑے یا کاغذ یا چمڑے کو
درون ف درمیان اور اندر کسی چیز کے
درائیدن ف آواز کرنا جرس کا اسکے بجنے کے وقت
دروغ زن ف جھوٹا آدمی کاذب
دربوست افتادن و در پوستین افتادن ف
کسکی عیب جوئی مین غور کرنا عیب لگانا۔

دال زائے

دژن ف ہر چیز جسکا مزہ تلخ ہو ہر ایک مزے مین۔
دزدیدن ف چورا سرقہ کرنا کسی چیز کا۔
دژمان ف افسوس حسرت و دریغ۔
دژروئین نام قلعہ جو بہت مضبوط ہے۔

دال باسین

دستان ع نام بدر رسم جسکو زال بہی کہتے ہین فکر و
حیلہ و فریب و سرود و نغمہ۔
دست برنجن ف کنگن عورتون کے پہننے کا جو مشہور زیور ہے
دسترخوان ف سفرہ خوانچہ و خوان طعام
دست شستن ف ناامید ہونا ماتہ دہونا۔
دست یافتن ف غالب ہونا حاصل کرنا کسی چیز کا۔
دست افشاندن ف ترک کرنا الگ ہونا کسی چیز سے۔

دال باشین

دشمن ف مشہور لفظ ہی جسے عداوت ہو اور صاحب بغض و عداوت

دال باواو

دفن ع زمین مین چھپانا دینا کسی چیز کو۔
دَفائن ع جمع دفینہ یعنے بہت خزانی دبے ہوے۔
دَفینہ ع زمین مین گڑا ہوا مال دفن کیا ہوا مردہ۔
دَفتین ع جولاہے کی کہنگی اور نقاشون اور کاتبون کا مقوہ جسپر کاغذ رکھکر لکھتے ہین۔

دال باکاف

دُکان دُکان مشہور لفظ ہے وہ مکان جس مین بیٹھکر سودا فروخت کرین۔
دکاکین ع جمع دکان کے لفظ کی ہے
دکن ہند مین ایک ملک کا نام ہے۔

دال بالام

دلقین ع ایک رستم کی جلی ہے جسکا یہ نام ہے۔

دال بامیم

دَمیدن ف پھونکنا پیدا ہونا نکلنا کسی جگہ پوشیدہ سے
دماغ سوختن ف محنت کرنا ریاضت مین مصروف رہنا۔
دمِ سیاوشان ف ایک سرخ رنگ دوا کا نام ہے۔
دَمان ف جوش کرنے والا غضبناک سخت سانس لینے والا یہ لفظ اکثر بیل اور دہاڑ وغیرہ کی تعریف مین لکھا جاتا ہے۔
دمن ع سرسبز اور شجر دار جگہ جہان سبز گھنی خوشنما گھاس کا جم ہو۔
دم خوردن ف فریب کھانا کسیکے دانو مین آنا۔
دم بستن ف چپ رہنا خاموشی اختیار کرنا۔
دماغ بیہودہ یافتن ف محنت ناحق کرنا ایسے کام مین جس سے فائدہ کی امید نہو۔

دال بانون

دَن ف خم بزرگ وخم دراز نیل گران جسکو زمین مین گاڑ کر کام کرتے ہین ہندی مین مٹکا۔
دِن ترکی مین لفظ سے کے معنی دیتا ہے جیسے کہ فارسی مین از

ادھر بی مین من وتن۔
دندان بکام فرو بردن ف کامیاب ہونا غضب مین آنا غصہ کرنا جوش مین آنا۔
دندان تیز کردن ف طمع اور کینہ کرنا غضب کیلئے آمادہ ہونا۔
دندان ف دانت جسے کہ کہا سنا جاتے ہین۔
دندان نمودن ف ہنسنا اور لاجواب ہونا کسیکی تقریر سے

دال باواو

دودمان ف خاندان قبیلہ اور گھرانا ہم قوم لوگ۔
دوان ف دوڑتا ہوا تیز رفتاری کی حالت مین
دوانیدن ف دوڑانا کسی گھوڑے وغیرہ کو۔
دواوین ع جمع دیوان کی بہت سی کہریان۔
دوربین ف ایک دوربین جسے دور کی چیز دیکھ لیتے ہین
دوکان ف مشہور لفظ ہے جسمین بیٹھکر سودا بیچین
دوختن ف سینا کسی کپڑے وغیرہ کا۔
دویدن ف دوڑنا تیز چلنا۔
دوجہان ف دین ودنیا زندگی موت بھلا برا انتہا ابتدا
دوکدان ف چرخہ سوت کاتنے کا۔
دوشیدن ف دوہنا جانوران شیر دار سے
دُون کمینہ وخسیس سفلہ وسوای کے معنی عربی مین
دُونان ف کمینے لوگ خسیس آدمی سفلے۔
دوزبان ف منافق جو منہ پر دوست اور دل مین دشمن ہو۔
دوران ف گردش آسمان وگردش سپہر مجازاً زمانہ۔

دال باہا

دہقان ع معرب دہگان جسکے معنی جاٹ کے ہین
دہانیدن ف دلانا کسی چیز کا کسی کو۔
دہاقین ع جمع دہقان کی یعنی بہت سے زمیندار لوگ۔
دِہستان ف ایک ملک کا نام ہے۔

دَہَن و دَہان ف مہمل سے بولتے ہین۔
دُہَن ع تیل و گھی وغیرہ چیزین۔

دال با یا ی

دَیّان ع بدلا دینے والا قہر کرنے والا حساب لینے والا
اور یہہ نام خدا کے ناموں مین سے ہے۔
دَیْدَن ع خو و عادت۔
دِیدَن ف ملاقات کرنا دیکھنا ایک دوسرے کو۔
دیگدان ف چولہ طعام پکانے کا جسپر ہنڈیا رکھتے ہین
دَیُون ع جمع دین یعنی قرض جسکو اردو مین کہتے ہین
دِین ع مذہب بمعنے طریق اور فارسی مین نام جمعیتین
تاریخ ماہ شمسی کا۔
دَیْن ع دام یعنے وہ قرض جسکے ادا کرنے کیلئے میعاد مقرر
ہوا درنہ بے میعاد کی لیے قرض نام ہے۔
دیدبان ف جاسوس حال دیکھنے والا خبر گیر۔
دیرمان ف دیر تک رہنے والا ٹھہرنے والا۔
دیدان ع جمع دود جسکے معنی کرم کے ہین۔
دیوان ف کچہری کی جگہ دواوین دفتر یا وہ صاف کچہری کی کتاب
غزلہا اصلی معنی ایسے جمع کرنے کے ہین اور بمعنے مکاتیب بھی ہے

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف
ذال اور اخیر مین نون ہے

ذال با الف

ذات الیمین ع مقدمۂ دست یعنی وہ شخص وکیل جو دونو کے درمیان ہو
ذات الیمین ع جانب دست راست یعنے مردان صالح

ذال با قاف

ذقن ع زنخدان جسکو ٹھوڈی کہتے ہین۔

ذال با لام

ذلق بیان ف فصیح و بلیغ آدمی جسکی کلام مین کوئی عیب نہو

ذال با واو

ذو النون ع لقب یونس پیغمبر و نام مرد ولی جو مصر مین تہا۔
ذو القرنین ع لقب سکندر رومی جو شرق سے غرب تک گیا۔
ذو النورین ع لقب عثمان رضی اللہ عنہ کا جسکے نکاح مین دو
لڑکیان پیغمبر صاحب کی آئین۔
ذو المنن ع صاحب جسکے انہا نام خدا و ذات لے۔
ذو الیزن نام ایک بادشاہ یمن کا ہے۔
ذو فنون ع صاحب ہنر و فن۔
ذو بان ع گدا ہنس یعنے گلا نا و بقراری۔

ذال با ہا ی

ذِہن ع فہمیدگی و ہوش و ادراک۔
ذہین ع دانا یا درکھنے والا صاحب حافظہ و عقل و ہوش۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف
رای اور اخیر مین نون ہے

رای با الف

رائی مذ مرد دانا صاحب عقل و ہوش و ادراک۔
رائیگان ف مفت بے عوض اور وہ چیز جو راستہ مین گری پڑی
مل جاے اصل مین یہہ لفظ راہگان تہا۔
راز دان ف محرم دوست بہید کا واقف۔
راس السرطان ع وہ نقطہ جب آفتاب سرحد پہونچتا ہے
گرمی شروع ہو جاتی ہے۔

راہن ع گرو رکھنے والا جسنے کوئی چیز گرو رکھی ہو۔
راہ داون ف اجازت دینا رضامند ہونا کسی کام مین
راہ بریدن ف سفر کرنا راستہ چلنا کسی کے کام مین حارج ہونا
راندن ف چلانا ہانکنا بیل وغیرہ کا۔
رائی العین ع آنکھ دیکھی بات جو روبرو گذری ہو۔
رامین ع نام عاشق اور نام ایک چنگ نوازنے کا۔
رامنین ف عابر شلوار جسکو ازار بھی کہتے ہین۔
راستن ع نام گیاہ جو خوشبودار لطیف ہوتا ہے۔
ران ف عضو معروف انسان وحیوان کے پٹھے سے ہے

راے با بار

ربودن ف لیجانا زبردستی سے چھین لینا کسی چیز کا۔
ربع مسکون ع آبادی زمین کی جو چہارم حصہ ہے اور تین حصے دریاؤن اور پہاڑون کے نیچے ہے۔

راے با حیم

رجم شیاطین ع چلانا شیطان یعنی جھوٹا ستارہ کا۔
رجحان ع زیادتی وفوقیت وبلندی وعزت۔

راے با جا

رحمان ع بخشنے والا یہہ نام خدا تعالے کا ہے۔

راے با خا

رخشان ف روشن اور چمکتا ہوا سورج وچاند وغیرہ۔
رخیدن ف دم تندلینا بسبب دوڑنے کے ہانپنا
رخت بستن ف سفر کرنا رخصت ہونا کسی جگہ سے۔
رخشیدن ف چمکنا جلوہ دینا روشن ہونا۔
رخت افگندن ف مقیم ہونا ٹہرنا مقام کرنا۔

راے با زا

رزین ف محکم واستوار ومضبوط وسخت چیز۔
رزیدن ف رنگنا۔

راے با سین

رسیدن ف پہنچنا پختہ ہونا میوہ کا حال کو پہونچنا۔
رسانیدن ف پہونچانا کسی کو کسی مقام تک۔
رستن ف چھوٹنا خلاص ہونا۔
رستن ف پیدا ہونا اوگنا بڑہنا۔
رسن ف رسی جو مونج وسوت وغیرہ سے بانکر کام مین لائین
رسان پہونچنے والا کسی رستے ومقام کو۔

راے با تین

رشتہ زدن ف ماپنا اندازہ کرنا کسی چیز کا۔
رشتہ دراز دادن ف مہلت دینا فرصت دینا۔
رشکین ف صاحب رشک چنانچہ چرکین صاحب چرک۔
رشتن ف کاتنا اور بانٹنا سوت وغیرہ کا۔

راے با ظا طا

رضوان ع خوشنودی ونام فرشتہ جو موکل بہشت ہے۔

راے با طا

رطل گران پیمانہ رنگ جسسے کوئی چیز غلہ وغیرہ کا اندازہ کرین۔

راے با فا

رفتن ف جانا مرنا گذرنا کسی مقام سے۔
رفتن ف جھاڑ جھاڑ دینا صاف کرنا کسی جگہ یہ مقام کا۔
رفیع الشان صاحب جاہ ودولت وعزت وآبرو صاحب رتبہ ومرتبہ۔

راے با کاف

رکیدن ف خود بخود قہر مین آکر بولنا جوش مین آنا غضبناک ہونا
رکون ع آرام کرنا میل کرنا رغبت ہونا آسایش مین آنا۔
رکن ع خویش وقریب وجزو اعظم ہر چیز وپارہ کوہ وقوت وگوشہ دیوار وحجاز استون۔
رکین ع محکم واستوار ومضبوط وسخت صاحب قدر ومنزلت
رگ جان ف شریان جو ملنے سے رگ جسم انسان وحیوان مین ہے

اور اسیسے حرکت سے بیماری کا حال معلوم ہوتا ہے۔

رائے باتیم

رتان ا ج ایک شہور و معروف قصبہ ہے۔

رہائیدن ف بھاگنا نہ ہمت دلانا کسی دشمن کو۔

رسیدن ف بھاگنے کسی شے کے مقابلے سے لڑائی میں

رمضان ع نام ماہ صیام اصلی معنے سنگ جلنے کے ہیں کیونکہ یہ مہینہ گناہوں کو جلا دیتا ہے یا مستی رمض سے جسکے معنی جلنے کے ہیں یا سب سے گرم ہونے زمین یا تپہ دن کے بعض کے نزدیک شہان گرم تپہ کے معنی رکھتا ہے۔

رائے باواو

رنجانیدن ف دکھ دینا رنج پہونچانا آزردہ کرنا۔

رنجیدن ف آزردہ ہونا رنج پانا۔

رنگین ف رنگ کیا ہوا کپڑا یا کوئی اور چیز جسکو رنگ دیا گیا ہو۔

رنج ف مخفف رنج مشقت و محنت و درد و کوفت آزردگی۔

رنگ بر رو شکستن ف ڈرنا خوف کرنا۔

رائے باواو

روان ف سیوفتہ بندی و جاری و جان و روح۔

روح الامین ع جبرئیل علیہ السلام کا نام ہے

روداشتن ف جائز رکھنا کسی بات کا۔

روبان ف خاکروب جو جگہ صاف کرے۔

روبیدن ف جھاڑو دینا جگہ کو صاف کرنا۔

روغن ع تیل گھی وغیرہ اشیاء جو جمائی جاسکیں ہوا در گھی جو دودھ سے نکالا جاتا ہے

روگردانیدن ع انکار کرنا بیزار ہونا ماننا کسی خواہش کا۔

رویدن ف اوگنا کسی پودا درخت کا زمین سے اور سر نکالنا۔

روئین ع سخت و مانند کسی شے کی خیرہ و عمارت جو مضبوط ہو۔

روحانیان ف فرشتگان جنکی پیدائش نور سے ہے۔

روشن ف تابان و درخشان چمکتا ہوا ستارہ وغیرہ۔

روشنائی ف سیاہی کے تابدان جسمیں سیاہی سکھان میں ڈالی جاتی ہے۔

روشنان ف ستارگان آسمانی جو چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

روشندان ف تابدان عمارت جسمیں روشنی کے لئے۔

واقیان ف نام حکائی سلف و طبابت کے موجد ہیں اور طب کا علم انہیں سے نکلا۔

روئین ع نقاب سفید یا جسکے پردہ پر اپنا چہرہ ایسا بنا رکھا ہو کہ دیکھنے والے کو گمان ہو کہ گویا چہرہ ہی ہے

روئین ع بھیڑیا جیسے کہ بھیڑ کی رنگ میں رنگا ہوا سکا شرح ہوتا ہے

روزن ف سوراخ دیوار و دریچہ جو دیوار میں رکھا جائے۔

روازن ف جمع روزن کی بہت سے دریچے اور سوراخ۔

رائے باواو

رودادن ف توجہ کرنا متوجہ ہونا رغبت کرنا۔

رائے بامیم

رمان گروہ غبار جو سب دوڑنے گھوڑے کے اوٹھے۔

رہن گرو دار و گرو کرنا کسی چیز کو بعوض دوسری چیز کے۔

رہائیدن ف خلاص کرنا رہائی دینا قید سے۔

رہیدن ف خلاص ہونا رہائی پانا قید سے۔

رہبر ف ڈاکو جو بستہ میں مسافر کو لوٹ لیتے ہیں۔

رہین ع گرو کیا گیا کوئی اسباب یا مکان وغیرہ۔

رہنمان ع عابدان ترسایان جن کے لفظ کی

رہ نشین ف جو شخص منتظر کسی آنے کے واسطے ہو۔

رائے بایاے

ریگ ریختن ف خراب کرنا ویران و برباد کرنا۔

ریگ روان ف زمین ریگستان جو ہوا سے اوڑتی رہتی ہو۔

ریحان گل نازبو و ہر ایک پھول خوشبودار۔

ریاحین ف جمع ریحان کی بہت سے پھول نازبو کے۔

ریان ع سیراب تر و تازہ و آباد اور سرسبز۔

زمین ع غیبت و گم ہونا بدکردار و بد افعال ہونا۔

ریزن ع گرنا ایسی جگہ میں جو نکلنا وہاں سے میسر ہو۔

ریحان آغاز ہر چیز خصوصاً آغاز جوانی کا۔

ریدن ف مکھنا جھاڑے پہننا۔

ریشیدن ف ملنا رنگ کرنا کسی چیز کو۔

ریسیدن ف سوت کاتنا۔

ریسیدن مکھنا جھاڑے پہننا مکنوبین کے اندر آنا بال بنانا وغیرہ کرنا

ریسمان ف سوت کاتنا اور کاتا ہوا سوت۔

ریختن ف ڈالنا بچھانا پانی وغیرہ کو زمین پر۔

ریزان ع گرتا ہوا ڈالتا ہوا بیٹھتا ہوا۔

ریمن ف چرک آلود سرکش مکار و دغاباز و فریبی۔

ریم آہن لوہے کا میل جو آگ میں ڈالنے کے وقت نکلتا ہے

ریمین ف چرک آلود و میلی چیز گندہ و خراب۔

ریب المنون ف حوادث روزگار زمانے کی سختیاں۔

گیارہویں فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف زاے
اور اخیر مین نون ہے

زاے بالف

زابلستان ف ملک سیستان کا نام ہے۔
زادن ف جنا بچہ کا اور پیدا ہونا اولاد کا۔
زاریدن ف عاجزی کرنا زاری کرنا۔
زائیدن ف جنا بچہ کا پیدا ہونا اولاد کا
زانوزدن ف ادب سے بیٹھنا

زاے با باے

زبان ف عضو ناطقہ جیبہ اور بولی ہر قسم کی۔
زبرجد ف ماہ تمام کاغذ سپید نام ایک اصحاب کا۔
زبون ف خوار ضعیف و شکستہ دل یعنی لات مارنوالا اونٹ
زبانیان ف مردان سرکش و بدزبان و فرشتگان موکلان دوزخ
زباندان ف مرد مضبوط و بلیغ جسکی کلام مین کوئی علمی تقصیر نہو
